نہیں جانتی ہوں لیکن جو بھی یہاں آتا ہے ان کا ہی ہو جاتا ہے جیسے میں اور جیسے آپ یعنی کہ ان کا اخلاق اور پیار دیکھ کر کسی کا بھی واپس جانے کو جی نہیں چاہتا ہے میں بھی آپ کی طرح ہی آئی مگر باس نے مجھے بہنوں کی طرح رکھا ہے اور کبھی نہ تو بری نظر سے دیکھا نہ کسی کو دیکھنے دیا میں تو یہاں آ کر ان کی ہو کر رہ گئی ہوں آپ اتنی خوش نصیب ہیں کہ آپ کی بیٹی کی قسمت جاگ گئی ہے جیسے باس نے اپنے لیے چنا رونہ کئی آئیں اور گئیں ہر آپ کی بیٹی خوش قسمت ہے جیسے باس جیسا ساتھی ملا اور پھر تانیہ میڈم کو بھی باس پسند آ گئے اب بہت جلد انکی خوشیاں پورے جنگل میں اس بنگلے میں گونجنے والی ہیں۔

میں اسکی باتیں سن کر ایسے محسوس کر رہی تھی کہ جیسے میری بیٹی کسی محل کی ملکہ بن گئی ہو ہاں وہ واقعی ہی ملکہ بن گئی ہے اس محل کا مالک اب پوری زندگی اس کا ہاتھ نہیں چھوڑے گا ابھی میں سوچ ہی رہی تھی کہ تانیہ آئی۔

ماں جی آپ کو مالک بلا رہے ہیں جائیں ان کی بات سن لیں وہ آپ سے کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

کیا کہنا چاہتے ہیں میں نے پوچھا۔

پتہ نہیں تانیہ نے سر ہلا کر کہا لڑکی کو بولی۔

امی جان کو باس کے کمرے میں لے جائیں میں آتی ہوں۔ میں گئی تو وہ بہت ہی ادب سے مجھے دیکھ کر کھڑے ہوئے مجھے سلام کیا بیٹھنے کو کہا پھر احترام سے بولے۔

ماں جی آپ کو تانیہ نے سب کچھ بتا دیا ہے میرے بارے میں اب میں آپ سے تانیہ کا ہاتھ مانگتا ہوں کیونکہ ہم شادی کرنا چاہتے ہیں۔

مگر بیٹا اگر آپ دونوں خوش ہیں تو مجھے اعتراض نہیں میں بھی اپنی بیٹی کی خوشیاں دیکھنے کو بہت بے تاب ہوں اسے پوری زندگی دکھوں اور غربت کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا نہ ہی میں اسے کوئی خوشی دے سکی ہوں جب سے میرا بیٹا بچھڑا ہے میں تو بار بار مرتی آئی ہوں اور میرے ساتھ وہ بھی دکھوں کی چکی میں پستی رہی تھی مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے بیٹا پر میری ایک التجا ہے اور ایک ڈیمانڈ ہے۔ میں نے سوچتے ہوئے کہا۔

وہ کیا ماں جی۔

وہ یہ کہ میں اپنی بیٹی کو کچھ دے نہیں سکتی۔

اوہ ماں جی یہ کیا بات کر دی مجھے کسی چیز کی کمی نہیں ہے خدا کا دیا سب کچھ ہے اب ایسا مت سوچنا یہ جو کچھ ہے تانیہ کا ہے اب اپنی خواہش بتائیں۔

بیٹا ایک بیٹی کی ماں ہوں یہ خواہش ہر ماں کی ہوتی ہے۔

کیا ماں جی۔

یہ کہ میری بیٹی پوری زندگی خوش رہے۔ کیا تم میری بچی کو ہمیشہ خوش رکھو گے اسے کبھی کوئی دکھ تو نہیں دو گے اس کی آنکھوں میں آنسو نہیں آنے دو گے اس کا ہمیشہ خیال رکھو گے۔

ماں جی آپ ان باتوں کی ٹینشن نہ لیں اب وہ کبھی مایوس نہیں ہوگی نہ ہی اس کے گلاب جیسے چہرے پر کبھی شکن آنے دوں گا میرے پاس جو کچھ ہے سب اس کا ہے یہ بنگلہ ساری دولت نوکر گاڑیاں یعنی ہر چیز کی وہ مالک ہوگی دوسری بات آج چوہدری کے گھر کی عورتیں آ رہی ہیں ان کے ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے بیٹا چوہدری نے میرا شوہر میرا سرتاج مجھ

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے چھین لیا ہے میری زندگی کو عذاب بنادیا ہے میں نے جس طرح زندگی گزاری ہے یہ میں ہی جانتی ہوں اور میں چاہتی ہوں کہ میں اس سے ایسا بدلہ لوں کہ اس کی آنے والی نسلیں تک یادرکھیں اسے معلوم ہو کہ کسی کی ماں بہن کے ساتھ ایسا کچھ بھی نہیں کرنا چاہیے جیسے اس نے ہمارے ساتھ کیا ہے۔اس کے ظلمات کو محسوس کرتی ہوں تو کانپ کررہ جاتی ہوں یہ انسان نہیں ہے درندہ ہے۔انسان کے روپ میں درندہ۔

ٹھیک ہے ماں جی ابھی میرے آدمی ان سب کو لے کر آتے ہی ہوں گے میں اس کی ساری فیملی کو اپنے پاس رکھ کر چوہدری کو بھیجوں گا وہ سب زمینوں کے کاغذات لے کر آئے گا پھر تانیہ کے باپ کے قتل کے بدلے اور آپ کے بیٹے اور شوہر کے بدلے جو کچھ چاہو گے وہ آپ کے نام کردونگا۔

مگر بیٹا ایسا کوئی کام نہ کرنا جو قانون کے خلاف ہو۔میں ایسا کچھ بھی نہیں چاہتی ہوں۔

ماں آپ اس بات کی فکر نہ کریں بس حکم دیتی جاؤ آگے میرا کام ہے آپ کے حکم کے مطابق میں کام کروں گا جو بھی کروں گا۔

یکدم ایک آدمی اندر آیا۔باس ہم چوہدری کی پوری فیملی کو لے آئے ہیں۔

ٹھیک ہے تم جاؤ میں ابھی آتا ہوں۔

وہ آدمی باہر نکل گیا اور وہ مجھے لے کر کمرے سے باہر نکل آیا اور چوہدری کے پاس چلا گیا اور میرے سامنے ہی اس نے کہا۔

دیکھ چوہدری اب تمہاری ساری فیملی میرے پاس ہے اور میں انکے ساتھ جو بھی چاہو کر سکتا ہوں لیکن میں تم کو ایک موقع دیتا ہوں تم اپنے گھر جاؤ اور جا کر زمینوں کے کاغذات لے کر آجاؤ۔

یہ تو کیا کہہ رہا ہے چھوکرے میں یہ کام نہیں کروں گا وہ تقریباً گرجتے ہوئے بولا۔

ابھی تو میں پیار سے اور آرام سے کہہ رہا ہوں اور شاید تو یہ نہیں جانتا کہ میں یہ کام کسی بھی طرح کچھ بھی کر کے کروا سکتا ہوں سوچ لو کہ کیسے کرنا ہے خود کرو گے یا پھر میں کرواؤں۔

اس کی باتیں سن کر وہ پریشان ہو گیا اور سوچنے لگا پھر اس کو ہار ماننا پڑی اور پھر کچھ ہی دیر میں کچھ آدمی آئے اور چوہدری کو اپنے ساتھ لے گئے اور تقریباً دو گھنٹے بعد وہ لوگ چوہدری سمیت واپس آئے چوہدری کے ہاتھوں میں زمینوں کے کاغذات تھے اور اس کی فیملی کے سامنے ہی چوہدری سے دستخط اور انگوٹھے لگوائے گے یہ تانیہ کے باپ کی موت کے بدلے ہوا تھا۔

دیکھ چوہدری وقت انسان کو کیسے کیسے رنگ دکھاتا ہے مجھے یاد ہے کہ ایک بار میں نے تمہارے گھر سے دودھ لینے گئی تھی اور تو نے مجھ پر ظلم کیا تھا اور میرے دل سے ایک بددعا نکلی تھی جو شاید تم نے تو نہ سنی تھی مگر وہ میری دعا خدا نے ضرور سن لی تھی جس کا صلہ آج شاید تمہیں ملنے والا ہے میرے بچے پورا دن روتے رہتے تھے اور میں تیرے گھر میں کام کیا کرتی تھی تب تمہیں یہ یتیم بچے نظر نہیں آتے تھے تیری بری نظریں مجھ پر ہوتی تھیں۔یاد ہے تم کو سب کچھ جب میں تیرے قابو نہ آئی تو تو نے میرے شوہر کو ماردیا اور پھر ظلمات کے پہاڑ توڑنے لگا ایک ایک بات مجھے یاد ہے اور شاید تمہیں بھی یاد ہو گی۔آج مجھے دلی سکون ملا ہے میں نے ایک سرد سی اور خوشگوار آہ بھرتے ہوئے چوہدری کی طرف دیکھا۔ وہ بے بس بیٹھا ہوا تھا اس کے لہجے میں التجا تھی وہ بولا۔

مجھ سے میرا سب کچھ لے لو جو لینا ہے لے لو لیکن میرے بچے مجھے واپس کر دو میری بیوی مجھے واپس کر دو۔

ہاں ہم ایسا ہی کریں تمہارے بچے تمہیں واپس کریں گے لیکن اتنی جلدی نہیں جو مکان تم نے تانیہ

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اوراس کی ماں سے چھینا ہے وہ جا کر ان کو بنو کر دو تب تک تمہارے بچے ہمارے پاس رہیں گے اسے لے جاؤ باس نے آدمیوں کو حکم دیا اور پھر کچھ دنوں میں ہمیں پتہ چلا کہ ہمارا مکان بن رہا ہے اور چوہدری خود یہ مکان بنوا رہا ہے۔ اور پھر ہمیں پیغام ملا کہ گھر تیار ہے تانیہ اوراس کی ماں آ کر رہ سکتی ہے۔ میں نے خدا کا شکرادا کیا۔

ماں آپ لوگ تیار ہو جاؤ میرے آدمی تم لوگوں کو تمہارے گھر چھوڑ دیں گے اور میں کل خود آؤں گا تمہارے گھر جہاں میں تانیہ کو اپنی دلہن بناؤں گا پورے گاؤں کو پتہ چلے گا کہ تانیہ کی شادی ہو رہی ہے۔ جتنی چاہے رقم ساتھ لے جاؤ اگر چوہدری نے کچھ بھی ڈرامہ کرنے کی کوشش کی تو مجھے کال کر دینا میں اسی وقت پہنچ جاؤں گا۔

بیٹا میں تم پر بہت خوش ہوں تم نے جو کچھ کیا ہے شاید ہم لوگ کبھی بھی نہ کر پاتے۔ ہمیں ہر وہ چیز دے دی جو ہم سے چھین لی گئی تھی۔

ماں جی۔ اب تم گھر جاؤ اور اپنا اور تانیہ کا دھیان رکھنا۔

ٹھیک ہے بیٹا تم بھی اپنا دھیان رکھنا۔ بیٹا جب سے تمہیں ملی ہوں تمہارے ساتھ رہی ہوں میں اپنے بیٹے کو بھول گئی ہوں مگر بیٹے تو مر کر بھی نہیں بھولتے ہیں مگر میرا بیٹا تو کہیں نہ کہیں زندہ ہوگا میں جانے سے پہلے تم سے ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔

جی ماں جی کریں۔

وہ آپ اور تانیہ کی شادی سے پہلے میں بتانا چاہتی ہوں کہ تانیہ میری اپنی بیٹی نہیں ہے میری ہونے والی بہو تھی محسن میرا اکلوتا بیٹا تھا۔ تانیہ اوراس کی بچپن میں منگنی ہوگئی تھی آج تک مجھے اور تانیہ کو اس کا ہی انتظار تھا تانیہ اس کی امانت تھی مگر جب سے تمہیں دیکھا ہے وہ میرے محسن کو بھول گئی ہے آخر کب تک وہ اس کا انتظار کرتی اسے اپنی زندگی کا فیصلہ کرنا تھا سو اس نے تمہیں دیکھ کر کر لیا۔ بے شک میں نے بہو سمجھ کر نہیں پالا اسے بلکہ اپنی بیٹی سمجھ کر اس کی پرورش کی ہے وہ محسن کا انتظار کر کر کے تھک چکی ہے اور میں اس کی حفاظت کرتے کرتے تھک گئی تھی وہ اتنی خوبصورت اور جوان تھی ہر کوئی اس پر نظر رکھے ہوئے تھا۔ لیکن ماں اب اس پر کوئی بھی بری نظر نہیں رکھے گا وہ میری بات کاٹ کر بولا میں نے کہا۔ بیٹا میرا مطلب ہے کہ اگر میرا بیٹا محسن آ گیا تو وہ مجھ سے اپنی امانت تانیہ کے بارے میں پوچھے گا سوال کرے گا میں اسے کیا منہ دکھاؤں گی۔

ماں اس کی شادی مجھ سے نہیں اب بیٹے محسن سے ہی سمجھنا باقی باتیں پھر کریں گے اس نے مجھے ایک الجھن میں ڈالا میں سوچوں میں ڈوبی ہوئی چلی جارہی تھی اور تانیہ کے چہرے پر خوشی تھی وہ اپنی زندگی کا جیون ساتھی پا کر بہت خوش تھی مگر مجھے بے چینی تھی کہ اگر محسن آ گیا تو میں اسے کیا منہ دکھاؤں گی۔

تانیہ نے جذبات میں اتنا بڑا فیصلہ کرلیا تھا اگر ٹھکراؤں تب بھی میں غلط اگر اپناؤں تو تب بھی میں غلط تانیہ کو خوش دیکھنا چاہتی تھی، خیر مجھے میرے گھر کی خوشی ہو رہی تھی کہ اس لڑکے نے چوہدری کو اس کے کئے کی سزا بھی دے دی اور ہم کو ہمارا حق بھی لے دیا۔ لیکن کوئی بات نہیں جب میرا محسن آئے گا میں اس کو سب کچھ سمجھا دوں گی کہ تمہارا انتظار کرتے کرتے تھک گئی تھی تب میں نے تانیہ کی شادی کر دی ہے اور پھر اسے لے کر تانیہ کی نظروں سے ہمیشہ کے لیے دور چلی جاؤں گی میرے ذہن میں ہر طرح کے سوال اٹھ رہے تھے جن کے میں خود ہی جواب دے رہی تھی میں سوچوں میں اس قدر ڈوبی ہوئی تھی کہ راستے میں یا سفر میں پتہ ہی نہیں چلا ہم گاؤں میں آ گئے مجھے میرے نئے گھر میں دیکھ کر گاؤں کے لوگ حیران تھے میں نے گھر میں قدم رکھا۔ چوہدری کی قہر انگیز نظر مجھ پر پڑی جب وہ لوگ ہمیں چھوڑ کر چلے گئے تب

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

چوہدری نے مجھ سے اور تانیہ سے معافی مانگی اور بولا بیٹا اب مجھے احساس ہوا ہے کہ ہر ایک کو اپنی زندگی گزارنے کا پورا پورا حق ہے ہم جیسے لوگ واقعی ہی دولت کے حوض میں غریبوں کا حق بھول جاتے ہیں آج کے بعد میں بھی کسی سے ناانصافی نہیں کروں گا تم میرے گھر والے مجھے واپس لادو اب ہم سب تانیہ بیٹی کی شادی کریں گے میں واقعی ہی اپنے رب کو بھول بیٹھا تھا میری خودغرضی نے میرا خاندان آدھا نہیں چھوڑا ہے اب میری دولت میرے خونی رشتے ہیں میں نے دولت کی خاطر عزت بھی کھودی ہے بیٹے بھی اور نا جانے کتنے لوگوں کی جان تک لے لی اب ایسا کبھی نہیں کروں گا خدا کی لاٹھی بے آواز ہے وہ کسی وقت بھی آ کر لگ جاتی ہے شاید تم لوگوں نے میرا سویا ہوا ضمیر جگا دیا ہے بیٹی سکینہ مجھے اپنے رشتہ داروں سے زیادہ تم جیسی صابر عورت کو دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ تم نے اپنا شوہر بیٹا دونوں کھو دیئے مگر عزت نہیں میں بہت خوش ہوں تم پر اگر ہو سکے تو اپنے شوہر کے مجرم کو معاف کر دینا بیٹی آپ نے میری آنکھیں کھول دی ہیں چوہدری کی باتیں سن کر مجھے غصہ بھی آیا اور خوشی بھی ہو رہی تھی کہ کسی ماں کی نیک اولاد ہے وہ جس نے اس جیسے انسان کے دماغ میں عقل ڈال دی ہے چوہدری کو یوں معافی مانگتے ہوئے دیکھ کر پورا گاؤں حیران ہو رہا تھا پھر چوہدری نے پورے گاؤں میں کہہ دیا کہ اب اس گاؤں میں امن و امان ہوگا کوئی کسی کو تنگ نہیں کرے گا نہ کسی اور نہ ہی کسی سے ناانصافی ہوگی ہر کسی کو انصاف ملے گا گاؤں کے لوگ بہت خوش تھے۔

اب ہم لوگوں کو اسی لڑکے کا انتظار تھا وہ آیا تو چوہدری کو اپنا منتظر پایا چوہدری بولا۔ میں تیرا ہی انتظار کر رہا تھا بیٹا اب میں تمہارا شکر گزار ہوں کہ تم نے اس گاؤں کو برباد ہونے سے بچا لیا ہے جس گاؤں کے منصف ہی خوف غرض ہوں اس گاؤں کو انصاف کیا ملے گا اب یہ گاؤں والے لوگ کبھی کوئی شکایت لے کر باہر نہیں جائیں گے اب میری فیملی کو واپس بھیج دو اب میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں ہو کہ گاؤں کے غریب اور بے سہارا لوگوں کا خیال رکھوں گا یہ سب سن کر گاؤں والوں نے چوہدری کا نعرہ لگایا تو اس لڑکے کا دل خوش ہو گیا وہ مسکرا دیا۔ آج وہ پہلی بار اس انداز سے مسکرایا تھا اتنے دن میں اس کے پاس رہی تھی وہ ایک دن بھی مسکرایا نہ تھا آج وہ مسکرایا تھا اور مجھے اس کی یہ مسکراہٹ جانی پہچانی سی لگی تھی میں نہ رہ سکی اور اس سے سب کچھ پوچھ لیا۔ میرے دل میں برسوں پرانی بیٹے کی تڑپ ابھرنے لگی تھی۔ ایسی کیا بات تھی میں خود بھی نہ جان پا رہی تھی اور پھر اتنے دنوں میں میں اس سے اس کا نام بھی نہ جان سکی تھی صرف اتنا جانتی تھی کہ وہ پاس ہے بس اس کے آگے میں نے جاننے کی کوشش نہ تھی لیکن اب جبکہ میں نے اپنی بیٹی اسے دینے کا فیصلہ کر لیا تھا تو میرے دل میں یہ بات قدرتی آ گئی کہ میں نے اس لڑکے کا نام بھی نہیں پوچھا ہے۔ تب میں نے کہا

بیٹا میں تمہارا نام تک نہیں جانتی ہوں یہ بھی نہیں جانتی ہوں کہ تم کون ہو تمہارے ماں باپ کون ہیں۔ میں ہر بات سچ سچ جاننا چاہتی ہوں اگر تم نے جھوٹ بولنے کی کوشش کی تو میں ہو سکتا ہے کہ اپنی بیٹی کا رشتہ تم کو نہ دوں میں سچ سننا چاہتی ہوں۔ میری یہ باتیں پورا گاؤں سن رہا تھا تانیہ میرے قریب ہوئی اور بولی۔

ماں یہ تم کیا کہہ رہی ہو۔

بیٹی تم چپ رہو یہ فیصلہ بڑے لوگ کرتے ہیں بڑوں کے فیصلہ کرتے وقت بچے نہیں بولا کرتے میری باتیں سن کر تانیہ اندر کمرے میں چلی گئی۔ وہ لڑکا چپ چاپ میری باتیں سنتا جا رہا تھا وہ حیران ہو رہا تھا کہ مجھے یہ کیا ہو گیا ہے میں ایسے سوال اس سے کیوں کر رہی ہوں اور بیٹی نہ دینے کا فیصلہ کیوں کر لیا ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ میری باتوں کے جال میں پوری طرح پھنسا ہوا تھا نہ اٹھ کر جا سکتا تھا اور شاید نہ ہی وہ اپنا راز بتانا چاہتا تھا لیکن پھر وہ چپ نہ رہ سکا اور بول پڑا۔
ماں میں ہی ہوں جس کے لیے تم اتنے سال روتی رہی ہو مجھے دیکھ غور سے دیکھ میں تیرا محسن ہوں۔
کیا کیا تو میرا محسن ہے میں جیسے بے یقین ہو گئی تھی مجھے جیسے اس کی بات پر یقین نہ آیا تھا۔
ہاں میں تیرا محسن ہوں میں ابھی اپنا حلیہ درست کرتا ہوں تا کہ تو مجھے پہچان سکے اتنا کہہ کر اس نے کسی سے نائی کو بلوانے کو کہا اور پھر جلد ہی نائی آ گیا اس کے چہرے سے داڑھی صاف کی گئی اس کے حلیہ کو درست کیا گیا اور میں دیکھ کر حیران رہ گئی تھی مجھے اس کے چہرے میں اپنے بیٹے کا چہرہ نظر آنے لگا وہی بیٹا جس کے لیے میں نے ایک طویل عرصہ جدائی میں گزارا تھا
تو میرا محسن ہے ناں۔ میں پاگل سی ہو گئی۔
ہاں ماں میں تیرا محسن ہوں اب پہچان مجھے۔
میں نے آگے بڑھ کر اسے گلے سے لگا لیا۔ میری آنکھیں بہہ نکلیں یہ خوشی کے آنسو تھے۔ دکھوں کے ملنے والی خوشی پر مجھے یقین نہیں ہو رہا تھا لیکن مجھے یقین کرنا پڑ رہا تھا۔ میرا بیٹا میرے سامنے کھڑا تھا۔ میرا انتظار ختم ہو گیا تھا مجھے میرا بیٹا مل گیا تھا۔ میں بھی رو رہی تھی وہ بھی رو رہا تھا۔ گاؤں والے حیران ہو رہے تھے اور قدرت کے اس کھیل پر خوش ہو رہے تھے کہ کئی سالوں سے بچھڑا بیٹا مل گیا تھا۔ میں جیسے پاگل ہو گئی تھی۔
گاؤں والو دیکھو میرا بیٹا مجھے مل گیا ہے میرا محسن مجھے مل گیا ہے۔ اب میں اکیلی نہیں ہوں میرا محسن میرا بیٹا میرے پاس ہے تانیہ بیٹی کہاں ہو تم دیکھو میرا بیٹا ہے تیرا محسن آیا ہے میں یوں بول رہی تھی جیسے مجھے زمانہ بھر کی خوشیاں مل گئی ہوں۔ میں پورے چار دن بعد اپنی بیٹی تانیہ کی شادی اپنے محسن سے کرنے والی

ہوں میں نے پورے گاؤں کے سامنے اعلان کر دیا ہر طرف خوشیاں مناؤ۔ تانیہ جو شاید سب کچھ جانتی تھی آج میری حالت دیکھ کر وہ مسکرائے جا رہی تھی۔ محسن چلا گیا اور ہم لوگ شادی کی تیاریوں میں مصروف ہو گئے چوہدری کی حویلی کو دلہنوں کی طرح سجایا گیا ہر طرف جگمگاہٹ تھی ہر طرف رونقیں تھیں وہ دن بھی آ گیا جب میرا بیٹا میرا محسن دلہا بنا ہوا تھا اور میری تانیہ دلہن بنی بیٹھی تھی اور میری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھا میری ویران زندگی میں آج کئی سالوں بعد خوشیاں اور بہاریں آ گئی تھی دھوم دھام سے ان کی میں نے شادی کر دی۔ ہر کوئی میری اس خوشی میں شریک تھا شادی کے بعد وہ تانیہ کو اپنے بنگلے میں لے گیا۔ ہفتے میں وہ دو تین بار گاؤں کے چکر لگاتے تھے کہ کوئی گڑ بڑ تو نہیں ہو رہی تھی لیکن ہر طرف سکون ہی سکون تھا چوہدری بھی مطمئن تھا وہ جان گیا تھا کہ غریبوں کو تنگ کرنے کی ایک دن ضرور سزا ملتی ہے اس نے سچے دل سے توبہ کر لی تھی وہ بہت ہی اچھا ہو گیا تھا ہر کوئی اس سے خوش تھا۔ اور مجھے وہ سب کچھ مل گیا تھا جس کا میں عرصہ سے انتظار کر رہی تھی آج مجھے کوئی بھی پریشانی نہیں ہے میں اپنے پوتوں کے ساتھ کھیلتی ہوں ان کی مسکراہٹیں سنتی ہوں تو دل خوشی سے اچھل جاتا ہے۔ مجھے میرا کھویا ہوا مقام مل گیا ہے میں بیوہ ضرور تھی لیکن بے سہارا نہیں تھی میرا سہارا ایک بیٹے کے روپ میں میرے ساتھ تھا۔ خدمت کرنے والی میری بیٹی میری بہو میرے ساتھ تھی۔ مجھے کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔
قارئین کرام یہ تھی سکینہ کی کہانی جو میں نے ویسی ہی لکھ دی ہے جیسی اس نے سنائی تھی قدرت کے کھیل واقعی نرالے ہوتے ہیں جب بچھڑے ہوئے آپس میں ملتے ہیں تو پھر وہ کیسی خوشی ہوتی ہے یہ وہی جانتا ہے جس اس منزل سے گزرا ہو۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ویران گلشن

تحریر۔ حکیم ایم جاوید نسیم چوہدری۔ فیصل آباد۔ لاہور۔ قسط نمبر۲

0345.5453286

شہزادہ بھائی۔ اسلام وعلیکم حسب وعدہ ایک بار پھر ایک طویل کہانی بعنوان۔ ویران گلشن۔ لے کر جواب عرض کی دکھی بزم میں حاضر ہوں یہ کہانی مجھے میرے ایک دوست اور بھائی ڈاکٹر محمود نے دنیا پور سے ارسال کی ہے ادارے کی پالیسی کے مطابق نام ومقامات تبدیل کر دیئے ہیں میری کہانی غموں کی اداس وادی پر جن بہن بھائیوں نے کالز کر کے میرے غموں کو اپنا سمجھ کر مجھے اپنے مفید مشوروں سے نوازہ میں ان سب کا مشکور ہوں خاص کر پنڈ دادن خان سے زوہا خان۔ موچی والا سے رعنا ملتان سے عائشہ میر پور آزاد کشمیر سے مہناز بہن لودھراں سے نورین بدوملہی سے کرن چوہدری مانانوالہ سے شمع لاہور سے آسما خان سیالکوٹ سے عائشہ رائے ونڈ سے خالدہ باجی۔ اسلام آباد سے ثناء خوشاب سے عائشہ ندا سیالکوٹ ملائکہ جہلم سے سحر لیہ میمونہ ننکانہ صاحب سے ثانیہ کراچی سحر سانگلہ ہل حنا گوجرانوالہ۔ ساجدہ باجی گوجر خان۔ صبا راولاکوٹ آزاد کشمیر۔ ثمینہ بھوانہ۔ نازیہ چکوال۔ فرزانہ کرک۔ ماہم چنیوٹ۔ نازیہ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ شازیہ جلال پور پیروالا۔ شوکت علی باقر ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد یوسف رحیم یار خان۔ محمد اکبر بھیرہ قندرانی۔ محمد امین چلاس۔ عجب گل کاغان۔ اشرف چنیوٹ۔ عطاءاللہ جھنگ۔ شہزاد شارجہ۔ شہزاد سلطان کیف کویت۔ امجد برطانیہ۔ عثمان مظفر آباد۔ طارق جدہ سعودی عرب۔ رانا حبیب الرحمن سنٹرل جیل لاہور۔ پرنس پشاور۔ نام تو بہت ہیں میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں آئندہ بھی اپنی رائے سے آگاہ کرتے رہنا۔ جن بہن بھائیوں نے اپنی کہانیاں مجھ کو ارسال کی ہیں مل گئی ہیں اب اپنی اپنی باری کا انتظار کریں سب کی کہانیاں ضرور شائع ہوں گی۔ آج کل میری مصروفیات کچھ بڑھ گئی ہیں اپنے مطب پر بھی ٹائم دینا ہوتا ہے اگر آپ کوئی بھی مشورہ کرنا چاہیں تو رابطہ کر سکتے ہیں سب دوستوں کے لیے میرا آٹو گراف ہے کسی کی خاموشی کو تکبر نہ سمجھیں ہو سکتا ہے کہ وہ خود اپنی ذات سے جنگ کرنے میں مصروف ہو اس کے ساتھ ہی اجازت چاہوں گا اپنی رائے دینا نہ بھولئے گا آخر میں سب دوستوں اور قارئین کو خلوص دل سے سلام قبول ہو۔ آپ سب کا اپنا۔ حکیم ایم جاوید نسیم چوہدری۔ فیصل آباد۔

خیالات میں گم تھی کہ اس نے سب کچھ لٹا کر حسن علی کی محبت کو پالیا ہے اور آخری کاغذ پر بھی دستخط کر دیئے اس کے جا چانے کاغذات کی فائل بند کر دی اور چائے کا کپ اٹھالیا اور خاموشی سے چائے پینے لگا چائے پینے کے بعد صغیر نے کہا الینا بیٹی اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بتا دینا مجھے اور تم جو کچھ بھی خریدنا چاہتی ہو آج خرید لو اس کی ضرورت نہیں ہے صغیر اگر مجھے ساری عمر تیری خریدی ہوئی چیزوں کے بغیر گزارنی پڑی تو میں گزار لوں گی میرا خیال ہے کہ اب تمہارا مقصد پورا ہو گیا ہے اب تم جا سکتے ہو الینا نے چلا کر کہا ہاں میرا مقصد پورا ہو گیا ہے اب تم ہماری ذمہ داری ہو۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

شگفتہ بھابھی اسے کل تیار کر دینا میں اسے منیر کے ہمراہ لینے آؤں گا کیونکہ اتنے کیونکہ اتنے چھوٹے گھر میں منیر کی بارات نہیں آسکتی کیا مطلب آپ کا الینا نے چلا کر کہا مطلب یہ ہے کہ اب تم میری بہو ہو اور اب تم منیر کی بیوی بن چکی ہو یہ دیکھو نکاح نامے پر تمہارے اور تمہاری ماں کے دستخط ہیں جو تم دونوں نے خود کیے ہیں صغیر نے کاغذات کے نیچے سے نکاح نامہ نکالا جس پہ الینا اور اس کی ماں کے دستخط تھے جو صغیر نے دھوکے سے کروالیے تھے الینا چکرا کر رہ گئی اتنے صغیر کو گریبان سے پکڑ لیا تم بے غیرت انسان ہو الینا دھوکے باز ہو الینا کے منہ میں جو آیا بکتی رہ صغیر کھڑا اس کی بے بسی پر مسکرا رہا تھا پھر اس نے ایک زوردار تھپڑ صغیر کے منہ پر مار دیا پھر اس نے بھی اس کے منہ پر ایک تھپڑ مار دیا تو وہ چکرا کر رہ گئی اور زمین پر گر پڑی پھر صغیر نے اسے بالوں سے پکڑ لیا اور ایک زوردار تھپڑ اور مارا صغیر شگفتہ جو ابھی تک خاموش تماشائی بنی ہوئی تھی شیر کی طرح دھاڑی اور صغیر نے الینا کو چھوڑ دیا تو وہ صوفے پر گر گئی صغیر فرعون نہ بنو اتنا اکھڑ اور غرور اچھا نہیں ہے خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے پھر صغیر نے ایک زوردار تھپڑ شگفتہ بیگم کے منہ پر مارا تو وہ بھی الینا کے اوپر گر گئی تم لوگوں نے کیا سوچا تھا کہ ہم اپنی عزت ڈاکٹر کو دے دیں گے بڑی مکار ہے تو مجھے عدالتوں میں لانے کے لیے آسرا ڈھونڈھ رہی تھی یاد رکھنا کل تک میرا گارڈ تم لوگوں کی نگرانی کر رہا ہے اگر تم لوگوں نے کوئی بھی چالاکی کرنے کی کوشش کی تو تمہارے ساتھ ساتھ وہ ڈاکٹر بھی مارا جائے گا صغیر نے غصہ سے کہا اور باہر نکل گیا۔ ادھر حسن علی دو تین دن سے بہت خوش تھا وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ شادی کی تیاریوں میں مصروف تھا وہ ہر وقت اپنے فیوچر کی پلاننگ بناتا رہتا اور الینا کے خیالوں میں کھویا رہتا وہ اسے تصور میں ہی ہر قدم پر اپنے ساتھ ساتھ رکھتا اور کبھی بیٹھے بیٹھے اس کی جھیل جیسی آنکھوں کو کاغذ پر بنانے لگتا مگر وہ کوئی مصور یا شاعر تو نہیں تھا مگر پھر بھی وہ ان چیزوں میں دلچسپی لینے لگا تھا اکثر اس کے کانوں میں الینا کی مترنم آواز گونجتی رہتی تھی حسن علی اگر ہم نہ مل سکے تو الینا کبھی کبھی یہ سوال کرتی ایسا ہونا ناممکن ہے الینا ہم تو بنے ہی ایک دوسرے کے لیے ہیں اس نے ہاسپٹل سے چھٹیاں لے لیں اور صرف پروفیسر دانیال کے ساتھ ہی دو گھنٹے کلینک پر بیٹھا رہا پروفیسر دانیال بھی اسے اپنا بیٹا سمجھتا تھا وہ اکثر حسن علی کو سمجھاتے رہتے تھے اور اس کی ہر قسم کی مدد بھی کرتے تھے ان دنوں وہ بہت مصروف رہنے لگا تھا کیونکہ صرف دو دن ٹائم تھا کل اس کا نکاح تھا وہ صبح صبح اٹھا ناشتہ کرنے کے بعد ڈریس پہن کر بازار کی تیاری کر کے نکلا آج اس نے جیولری وغیرہ اٹھوانی تھی لان سے گزرنے لگا تو نظر اس پودے پر پڑی جیسے وہ الینا سے مشابہت دیتا تھا پودا بالکل سوکھ کر زرد ہو گیا تھا۔

مالی بابا ذرا ادھر آنا یہ پودا کیوں سوکھ گیا ہے اس میں دوائی اور کھاد نہیں ڈالی کیا اس نے پریشان ہوتے ہوئے پوچھا۔

حسن علی میں نے بہت کوشش کی مگر اسے سوکھنے سے نہیں بچا سکا اس کی جڑوں میں دیمک لگ گئی ہے۔

اب یہ ہرا نہیں ہو سکتا مگر تم کیوں پریشان ہو میں اور پودا لا کر لگا دوں گا۔

کچھ نہیں مالی بابا حسن علی نے پریشانی کے عالم میں سر کو جھٹکا اور پھر موبائل نکال کر الینا کا نمبر ڈائل کیا شہر میں آج بہت بڑا سیاسی جلسہ تھا جس کی وجہ سے تمام ٹیلی فون سروس بند تھی اور آج تو شاید مارکیٹ اور روڈ بھی بند ہو جائیں گی وہ جلدی سے گاڑی لے کر نکلا اور بار بار موبائل سروس کی طرف دیکھ کر پریشان ہو رہا تھا۔

صغیر تیرا ایکسیڈنٹ ہو جائے تو کہیں مارا جائے۔

الینا دل ہی دل میں بددعائیں مانگ رہی تھی اس کی ماں بھی باہر لان میں گم سم بیٹھی ہوئی تھی موبائل سروس

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

بند ہونے کی وجہ سے وہ حسن علی کو کچھ بھی نہیں بتا سکتی تھی لیکن وہ اس کو بتاتی بھی کیا کہ وہ منیر کی ہو چکی ہے یا پھر صغیر کی بہو بن چکی ہے اس کے پاس بتانے کے لیے رہ بھی کیا گیا تھا۔

حسن علی میں بہت جلد تیرے پاس آؤں گی اور پھر ہم دور بھی نہیں ہوں گے کہ ہوا بھی ہم دونوں کے درمیان سے گزر سکے اور میں ہمیشہ کے لیے تیری ہو جاؤں گی الینا ابھی کل ہی حسن علی سے فون پر بات کر رہی تھی حسن علی میں اپنا سب کچھ لٹا کر تمہیں پانے کے لیے آ رہی ہوں بس تھوڑا سا انتظار کر لو الینا نے آہستہ سے کہا۔

اب مجھ سے زیادہ انتظار نہیں ہو سکتا الینا مجھ پر ایک ایک سیکنڈ ایک ایک صدی سے زیادہ لمبا لگ رہا ہے حسن علی نے بے قراری سے جواب دیا حسن علی میں تجھے کیا بتاؤں کہ میں اپنا سب کچھ لٹا کر بھی تجھے نہ پا سکی اور سب کچھ لٹا کر خود بھی لٹ چکی ہوں اس کی خشک اور ویران آنکھوں میں آنسو آ گئے پھر وہ سوچنے لگی کہ کیوں نہ گھر سے بھاگ کر حسن علی کے پاس چلی جاؤں الینا نے سوچا۔

دیکھو شگفتہ اگر کوئی چالاکی کرنے کی کوشش کی تو تم دونوں کے ساتھ ساتھ وہ ڈاکٹر بھی مارا جائے گا صغیر کا آخری جملہ اس کے کانوں میں گونجا۔۔نہیں نہیں حسن علی میں تجھ کو مروانا نہیں چاہتی میری دعا ہے کہ تمہیں کوئی اچھا جیون ساتھی مل جائے جو میری یاد کو ہمیشہ کے لیے بھلا دے آج اگر سیاسی جلسہ نہ ہوتا تو صغیر اسے ساتھ ہی لے جاتا لیکن آج جلسے میں بڑے بڑے لوگ آ رہے تھے اور خاندانی سربراہی کی پگڑی صغیر کے سر پر رکھی جانی تھی اس لیے وہ الینا کو چھوڑ گئے تھے الینا کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ اس کی سوچیں بہت گہرائی میں کھوئی تھیں اور دماغ سن ہو رہا تھا۔ حسن علی اگر میں تیری نہ بنی تو ایک ہی فقرہ اس کے ذہن میں گونج رہا تھا آج وہ بہت بڑا فیصلہ کرنے جا رہی تھی۔

امی جی مجھے آج اکیڈمی نہیں جانا اور ہاں اگر جاؤں گی تو اسی حلیئے میں جاؤں گی شاہین اپنی بات پر بضد تھی بیٹا تم کو کب عقل آئے گی۔ تھوڑا چینج کر لو اور تھوڑا سا میک اپ کر کے سٹوڈنٹ والا حلیہ تو کر لو سب لوگ تیرا مذاق اڑائیں گے نسرین نے سمجھانے کے انداز میں ڈانٹتے ہوئے کہا۔

مگر امی جی اگر میں کالج یا سکول ایسے جا سکتی ہوں تو اکیڈمی جانا بھی کوئی مشکل کام نہیں ہے اب لوگ آپکے زمانے کے نہیں ہیں کہ ایک دوسرے کے کپڑوں اور جوتوں پر تبصرے کر کے اپنا قیمتی ٹائم ضائع کریں شاہین نے پھر فضول سی تقدیر کر ڈالی۔

تمہاری عمر کی لڑکیاں روز نت نئے فیشن کرتی ہیں اور ایک تم ہو کہ اچھے کپڑے بھی پہن کر نہیں جاتی ہو۔

وہ اس لیے امی جی کہ مجھے پتہ ہے کہ آپ میرے فیشن افورڈ نہیں کر سکتیں اور مجھے سب حالات کا پتہ ہے الینا نے سنجیدگی سے کہا تو اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور وہ اپنی ماں کے گلے لگ گئی۔

بیٹی میں نے جیسے بھی وقت گزارہ جس طرح بھی حالات کا مقابلہ کیا مگر میں نے تجھے کسی چیز کی کمی نہیں آنے دی اور نہ ہی آنے دوں گی نسرین نے تھپکی دیتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے امی جی میں کپڑے چینج کر کے چلی جاتی ہوں پھر وہ واش روم میں چلی گئی اور تھوڑی سی تیاری کر کے اکیڈمی کی طرف روانہ ہو گئی۔

ڈاکٹر حسن علی اپنے بابا عبدالرحیم اور اپنی امی جی کے پاس بیٹھا ہوا تھا وہ سب تیاری مکمل کر چکے تھے صبح ڈاکٹر حسن علی کا نکاح تھا سارا دن نیٹ ورک آف تھا اس لیے الینا کے گھر والوں سے رابطہ نہ ہو سکا یونہی نیٹ ورک کھلا تو پھر الینا کے گھر سے کوئی بھی فون ریسو نہیں کر رہا تھا وہ سب لوگ پریشان ہو گئے کہ کیا کریں بابا جی میں

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ایسے کرتا ہوں کہ ان کے گھر جا کر پتہ کرتا ہوں کہ کیا مسئلہ ہے حسن علی نے کہا۔
نہیں بیٹا روڈ بند ہیں اور شہر میں جلوس نکل رہے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا کوئی نقصان ہو جائے اور پھر الینا کے گھر تک پہنچنا بہت مشکل ہو گا کچھ نہیں ہو گا۔
بابا جی آپ مجھے مت روکیں مجھے ہر حال میں جانا ہے۔
بیٹا ٹھیک ہے ایسا کرو تم اپنے ساتھ گارڈ کو بھی ساتھ لے جاؤ اور بہت زیادہ محتاط ہو کر گاڑی چلانا وہ گاڑی لے کر نکلے تو شہر کی اکثر سڑکیں بند تھیں اور جو کھلی تھیں وہاں پر رش بہت زیادہ تھا وہ پچاس منٹ کا سفر دو گھنٹے میں طے کر کے وہاں پہنچے حسن علی جلدی سے گاڑی سے اترا اور دروازہ کھٹکھٹانے لگا تو دروازہ کھلا تھا وہ سیدھا اندر چلا گیا گھر میں کافی اندھیرا تھا آنٹی۔ آنٹی۔ الینا۔ الینا۔ کہاں ہو آپ لوگ۔ وہ آوازیں لگانے لگا۔ اور آگے بڑھتا جا رہا تھا اچانک اس کا ہاتھ ایک بٹن پر پڑا تو بلب آن ہو گیا وہ سیدھا الینا کے کمرے میں چلا گیا تو دیکھا تو گھر میں کوئی بھی نہیں تھا اس نے کمرے کی لائٹ آن کی تو دیکھا کہ سارا سامان الٹ پلٹ ہوا پڑا تھا اور الینا کے بیڈ پر ایک کاغذ پڑا ہوا تھا اس نے وہ کاغذ اٹھایا تو تحریر کچھ اس طرح لکھی ہوئی تھی پیارے حسن علی اس نے ابھی اتنا ہی پڑھا تھا کہ اس کے موبائل کی گھنٹی بجی تو یہ پروفیسر دانیال کا فون تھا جو کہہ رہے تھے ہیلو حسن علی جلدی سے ہسپتال پہنچو الینا کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہے جلدی آؤ اور رابطہ کٹ گیا وہ دوڑتا ہوا گاڑی کی طرف آیا خط اس نے جیب میں رکھ لیا ڈرائیور فورا ہسپتال پہنچو جلدی سے ڈرائیور گاڑی کو تیز چلانا چاہتا تھا مگر رش زیادہ ہونے کی وجہ سے بہت لیٹ ہو رہے تھے ڈرائیور تیز چلاؤ پلیز حسن علی چیخ رہا تھا سر رش بہت زیادہ ہے کیسے چلاؤں وہ آہستہ آہستہ سے جا رہے تھے ہسپتال سے ایک کلومیٹر دور تک روڈ بند تھا حسن علی کو یاد آیا کہ جب الینا پیپر کی وجہ سے پیدل بھاگ رہی تھی وہ بھی گاڑی سے اتر کر پیدل ہی بھاگ پڑا ڈرائیور اور گارڈ روکتے رہ گئے وہ پاگلوں کی طرح بھاگ رہا تھا وہ دس منٹ میں ہسپتال پہنچ گیا وہ سیدھا بھاگتا ہوا ایمرجنسی وراڈ میں گیا دروازے پر الینا کی ماں پریشان کھڑی تھی ماں جی کیا ہوا الینا کو اس نے پھولی ہوئی سانس میں پوچھا۔ بیٹا میری الینا کو بچا لو اس کی حالت بہت خراب ہے پلیز میری الینا کو بچا لو وہ ہاتھ جوڑ کر پاگلوں کی طرح رو رہی تھی حسن علی سیدھا ایمرجنسی روم میں چلا گیا الینا ایمرجنسی میں بیڈ پر لیٹی تڑپ رہی تھی پروفیسر دانیال بڑی تیزی کے ساتھ الینا کا بلڈ پریشر چیک کر رہے تھے بطور ہیلپر ڈاکٹر آکاش انجکشن لگا رہے تھے وہ جلدی سے آ کر ڈاکٹر دانیال کے پاس آیا سر کیسی ہے طبیعت اس کی پلیز کچھ کریں سر جی وہ بھی پاگل ہو چکا تھا بلڈ پریشر بہت کم ہے حالت بہت سیریس ہے اللہ ہی بچانے والا ہے کوشش جاری رکھو پروفیسر نے کہا انجکشن بھرنے لگے یہ تم نے کیا کیا الینا کیوں کیا تمہیں میرا خیال کیوں نہ آیا کہ میں تم بن ادھورا ہوں پلیز آنکھیں کھولو الینا نے آنکھیں کھولیں اور کچھ کہنے کی کوشش کرنے لگی مگر بول نہ سکی پھر اس نے حسن علی کے ہاتھ بڑی مضبوطی سے پکڑ لیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اس کی سانسیں اکھڑ گئی الینا کیا ہوا پلیز بولو الینا کیا ہوا ہے بتاؤ نہ سر پلیز کچھ کریں سے کیا ہو رہا ہے حسن علی ایک ڈاکٹر ہوتے بھی چلا رہا تھا الینا نے اپنے دونوں ہاتھ اس کے آگے جوڑ دیئے جیسے وہ معافی مانگ رہی ہو حسن علی نے اس کے ہاتھ پکڑ لیے نہیں الینا نہیں مجھے بتاؤ کہ تمہیں کیا دکھ ہے تم نے ایسا کیوں کیا پلیز ایک بار مجھے بتاؤ میں ساری دنیا سے ٹکرا جاؤں گا مگر الینا کی گرفت ڈھیلی ہو گئی آنکھیں حسن علی کو دیکھتے دیکھتے ایک جگہ پر ٹھہر گئیں پروفیسر دانیال نے اس کی آنکھیں بند کر دیں اور ڈاکٹر حسن علی کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے گلے سے لگایا اور کہا بیٹا آئی ایم سوری میں سے نہ بچا سکا یہ تو قدرت کے کھیل ہیں اس میں ہم لوگ دخل اندازی نہیں کر سکتے نہیں سر

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

ایسا نہیں ہوسکتا وہ مجھے چھوڑ کر نہیں جاسکتی نہیں جاسکتی وہ مجھے چھوڑ کر وہ چلا رہا تھا اور رو رہا تھا اب اسکے پاس رونے کے سوا کچھ نہیں بچا تھا الینا تم نے اچھا نہیں کیا تم نے مجھے تنہا کر دیا ہے مجھے چھوڑ کر بہت دور چلی گئی ہو اس دنیا میں جہاں سے کوئی بھی تو واپس نہیں آتا بتاؤ میں کیا کروں ادھر ڈاکٹر آکاش ڈیتھ سرٹیفکیٹ بنا کر باہر گئے نسرین بی بی ہم آپ کی بیٹی کو نہیں بچا سکے یہ لیں ڈیتھ فائل مگر نسرین دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر سامنے دیکھ رہی تھی آنٹی جی ڈاکٹر آکاش نے اسے کندھے سے پکڑ کر جھنجھوڑا وہ ایک طرف لٹک گئی فوراً اس کو بھی ایمرجنسی میں لے جایا گیا مگر وہ ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے فوت ہوگئی اور اپنی بیٹی کے پاس چلی گئیں ڈاکٹر حسن علی دیوار کے ساتھ لگا پاگلوں کی طرح دونوں کو گھور رہا تھا اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا ہوا ہے کیوں ہوا ہے کیوں ہوگیا ہے۔

منیر کی آج دستار بندی تھی وہ جلسے میں جا رہا تھا انکو الینا کی موت کی خبر مل چکی تھی وہ پریشان تھا کہ یہ سب کیسے ہوگیا ہے۔

دیکھو تم جلدی سے ہسپتال پہنچو میں فارغ ہو کر آتا ہوں اور ہاں اگر اسے کچھ ہو جائے تو کسی کو پتہ نہ چلے کہ وہ منیر کی کچھ لگتی ہے صغیر نے چلاتے ہوئے کہا۔ ہر طرف افراتفری پھیلی ہوئی تھی اسے لگ رہا تھا کہ وہ آج جلسہ نہ کر سکے گا اس نے ڈرائیور سے کہا کہ وہ گاڑی کو یہاں سے لے جائے گاڑی کو تیز چلاؤ اس نے ایک زوردار تھپڑ ڈرائیور کے منہ پر دے مارا ڈرائیور کا سر چکرا گیا اور گاڑی اس کے کنٹرول سے باہر ہوگئی اور سیدھی ٹرک سے جا لگی ٹرک اس قدر زور کی تھی کہ اس میں موجود سب ہی افراد موت کے منہ میں چلے گئے کسی کی بھی آواز نہ نکل سکی۔ ہسپتال میں ایک ہی خاندان کی پانچ لاشیں پڑی تھیں تین لاشوں کو بڑے اہتمام کے ساتھ دفن کیا گیا منیر صغیر اور کوثر بی بی کو مگر دو لاشوں کو لاوارثوں کی طرح الینا اور اس کی ماں کو دفنا دیا گیا۔ لیکن سب کا ٹھکانہ ایک ہی تھا جیسے زمین میں قبر کوثر بی بی منیر صغیر کی بنی تھی اسی طرح الینا اور اس کی ماں کی بنی تھی مگر ساری جائیداد مال و زر ادھر ہی رہ گیا تھا۔

ڈیئر حسن علی جب تمہارے ہاتھ میں یہ خط ہوگا اس وقت میں تیری دنیا چھوڑ چکی ہوں گی موت میرے لیے بہت چھوٹی سزا ہے مجھے معاف کر دینا کہ میں وفاؤں کے سفر میں تیرے ساتھ نہ چل سکی شاید میری قسمت میں تمہارا ساتھ نہ تھا میں نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ اگر زندہ رہی تو تیری ہی رہوں گی اور اگر تیری نہ ہو سکی تو میں مر جاؤں گی لیکن میں اپنا وعدہ نہ نبھا سکی۔ میں زندگی میں کسی اور کی ہو گئی تھی میں تمہارا اور آنے والے حالات کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی اس لیے اس دنیا کو خیر باد کہنے کا سوچ لیا حسن علی اگر میری جگہ کوئی اور لڑکی ہوتی تو وہ بھی ایسا ہی کرتی اس دنیا والوں نے میرا سب کچھ لوٹ لیا ہے حتیٰ کہ میرے جینے کا حق بھی حسن علی تیرے ذہن میں بہت سے سوالات ہوں گے مگر ان کے جوابات میرے پاس نہیں تھے بس دنیا والوں کی طرح تم بھی مجھ سے نفرت کرنا اور آپ میرے جیسی موت نہ مرنا حسن علی تم کو میری قسم ہے تم شادی ضرور کر لینا اور اپنی بیوی کو اس کے پورے پورے حقوق دینا ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا آپ کی اپنی الینا۔

حسن علی کمرے میں اکیلا بیٹھا تھا اور اس کی آنکھوں میں بے شمار آنسو تھے تین چار دن کے بعد اسکی طبیعت کچھ سنبھلی تھی اس نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈالا تو الینا کا آخری خط تھا جو اسے لگ رہا تھا کہ یہ خط الینا خود اس کے پاس بیٹھ کر اسے سنا رہی ہو وہ اس کی خوشبو محسوس کر رہا تھا وہی معصومانہ انداز تھا اس کا الینا تم نے کتنی آسانی سے کہہ دیا تجھے اتنا بھی پتہ نہیں تھا کہ جو تیری ایک منٹ کی بھی جدائی نہیں سہہ سکتا تھا وہ تیرے بغیر کیسے جی سکتے گا

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

الینا میں ساری دنیا سے لڑ لیتا دنیا کا ہر دکھ جھیل لیتا مگر تیری جدائی برداشت نہیں ہو رہی ہے یہ پہلا پل اور پہلا لمحہ ہے جب مجھے اپنے آپ سے بھی نفرت سی ہو رہی ہے مجھے ہر پل ہر لمحہ تیری آہٹ سنائی دیتی ہے کاش تم ایک بار مجھے مل جاتیں کاش حسن علی خط ہاتھ میں پکڑ کر رو رہا تھا اور اپنے ارد گرد کے حالات سے ناواقف اونچی آواز میں بول رہا تھا اسے اتنا بھی پتہ نہیں چلا تھا کہ اس کے بابا جی عبدالرحیم پیچھے کھڑے ہیں بیٹا حسن علی کیا ہوا عبدالرحیم نے پیار سے اس کو اپنے گلے سے لگا لیا حسن علی اور زیادہ رونے لگا جیسے کوئی بچے کی کوئی بہت قیمتی چیز گم ہو گئی ہو بس کر میرا بیٹا بس صبر کر میرے بیٹے عبدالرحیم اس کے اس طرح رونے سے تڑپ اٹھے بیٹا حسن علی اگر رونے سے کوئی واپس آجاتا تو میں تجھے کبھی رونے سے نہ روکتا بیٹا جو قسمت میں ہوتا ہے وہ تو ہو کر ہی رہتا ہے صبر کر میرے بیٹے صبر کر عبدالرحیم اسے چپ کرواتے ہوئے خود بھی رو رہے تھے باباجی میں اپنے آپ کو بھی معاف نہیں کروں گا حسن علی نے کہا نہیں بیٹا اس میں تمہارا کیا قصور ہے تم نے اسے بچانے کی بہت کوشش کی ہے مگر اس کی زندگی ہی اتنی تھی بیٹا یہ اللہ تعالیٰ کا نظام ہے جو آیا ہے اس نے واپس جانا ہے یہ دنیا ہے جو صرف چار دن کا میلہ ہے جو یہاں ظلم کرے گا سزا بھی اسی دنیا میں ملے گی دیکھو ان لوگوں نے الینا کے ساتھ ظلم کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے مجرموں کو فوراً اس دنیا میں سزا دی ہے ان کا کیسا حشر ہوا ہے اچھا بیٹا اب تم آرام سے سو جاؤ کیوں کہ تمہاری طبیعت خراب ہے عبدالرحیم نے اسے لٹاتے ہوئے کہا اور کمرے کی لائٹ اف کر کے اپنے کمرے میں چلے گئے بظاہر تو وہ لیٹ گیا لیکن نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی اسے ایک پل بھی چین نہیں تھا کبھی اپنے آپ کو مجرم سمجھتا اور کبھی الینا کے شکوے اسے بے چین کر رہے تھے اسے گھٹن محسوس ہو رہی تھی وہ اٹھ کر کھڑکی کے پاس چلا گیا اور کھڑکی کھول کر سامنے چودھویں کے چاند کو دیکھنے لگا جو پوری طرح چمک رہا تھا ہر چیز اس کی چمکتی روشنی میں مکمل اور واضح دکھائی دے رہی تھی سامنے لان تھا جس میں ہر طرف رنگ برنگے پھول کھلے ہوئے تھے مگر اس پودے کی جگہ خالی تھی اسے ایک بار پھر اسے محسوس ہوا جیسے اس کا دل سینے سے نکال دیا ہو اس کی آنکھوں میں پھر سے آنسو تیرنے لگے تھے اسے اتنے سارے پھولوں سے کوئی مطلب نہیں تھا جب اس کا پیار ا پودا ہی دکھائی نہ دے رہا تھا اسے وہ اجڑا ہوا ویران گلشن دکھائی دے رہا تھا جو اب صرف ویران تھا بالکل ویران گلشن۔

شاہین نارمل انداز میں تیار ہو کر اکیڈمی کے لیے چل پڑی اکیڈمی سے اس کے گھر کا فاصلہ صرف پندرہ منٹ کا تھا وہ بہت بااعتماد اور سادہ سی لڑکی تھی اسے اچھے ڈریس یا فیشن سے کوئی دلچسپی نہیں تھی کتابوں میں بھی وہ بہت کم ہی دلچسپی لیتی تھی وہ بس ہر وقت ناول رسالے یا پھر اخبار ہاتھ میں لیے پڑھتی یا پھر کیبل پر کرکٹ میچ یا دوسرے پروگرام دیکھتی رہتی تھی ایسی لڑکی تھی کہ جس نے سب کچھ قسمت پر ڈال کر خود زندگی سے بے پرواہ ہو گئی تھی کالج میں اگر کوئی سمپل اور لاپرواہ تھی تو وہ شاہی تھی اس وجہ سے لڑکیوں سے بہت کم دوستی تھی لڑکے تو اسے خدائی مخلوق سمجھتے تھے پہلے دن اکیڈمی میں قدم رکھا تو وہ بڑے لاپرواہ طریقے سے اندر داخل ہو رہی تھی تو اچانک ایک لڑکے زور سے ٹکر ہو گئی اس کی کتابیں ہاتھ سے نیچے گر گئیں اس کے منہ سے ایک زوردار چیخ نکلی مگر اس کا ہاتھ لڑکے نے تھام لیا تھا اور زور سے اپنی طرف کھینچا تھا تو وہ سنبھلتی سنبھلتی لڑکے کے کندھے سے جا لگی تھی تھوڑی دیر تک وہ اسی حالت میں رہنے کے بعد سنبھل گئی اور پیچھے ہٹ گئی۔

اوہ سوری ٹکرانے والے نے کہا۔

کیا سوری پہلے موقع تلاش کرتے ہو لڑکیوں سے ٹکرانے کا پھر گرتے ہوئے کو زبردستی گلے لگاتے ہو پھر

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

سوری کہتے ہو واہ بھئی واہ میں جانتی ہوں یہ سب لڑکوں کے ڈرامے ہوتے ہیں شاہین غصہ سے کہا اور کتابیں اٹھانے کے لیے نیچے جھکی تو لڑکا بھی اس کی مدد کے لیے جھکا تو دونوں کے سر آپس میں ٹکرا گئے۔

اف کیا بدتمیزی ہے۔شاہین غصہ سے چلائی۔

اوہ سوری جی۔لڑکے نے اس کی کتابیں دیتے ہوئے کہا۔

کیا سوری سوری لگا رکھی ہے ادھر دو میری کتابیں شاہین غصہ سے کتابیں پکڑ کر چل پڑی اس کو اس لڑکے کے سامنے کھڑا ہوا مشکل ہو رہا تھا اور وہ غصہ تو جان بوجھ کر دکھا رہی تھی اسے اپنی امی جی کی بات یاد آ رہی تھی کہ امی جی کے کہنے کے باوجود اتنے گندے حلیے میں کیوں آئی اس کے سامنے کھڑا اتھری پیس میں ملبوس خوبصورت لڑکا اسے غور سے دیکھ رہا تھا اسے ایسے محسوس ہوا جیسے وہ کسی اور دنیا کی مخلوق ہو۔

حسن علی بیٹا اٹھ جاؤ پلیز اس کی ماما جی چائے لیے اس کے سامنے کھڑی تھی الینا کی موت کے بعد وہ بستر پر ہی لگ گیا تھا۔اس کا ذہن ماؤف ہو چکا تھا سارا دن الینا کے لوٹ آنے کا خیال ہی اس کے دل میں رہتا تھوڑی سی آہٹ پر الینا الینا پکارنا شروع کر دیتا صبح اٹھ کر وہ الینا کی قبر پر جاتا ڈھیروں شکوے کرتا ڈھیروں پیار بھری باتیں کرتا اور کوئی جواب نہ پا کر واپس لوٹ آتا اور اس کے آنے کا انتظار کرتا معمولی سی آہٹ پر چونک جاتا پھر کہتا۔

کوئی نہیں کوئی نہیں کوئی نہیں اے دل۔۔۔۔۔دروازہ فقط تیز ہواؤں سے کھلا ہے

الینا کی پکی قبر کے ساتھ ہی صغیر اور منیر اور کوثر بی بی کے کتبے لگے ہوئے تھے صغیر تم نے جائیداد کے لالچ میں سب کو مار دیا زمین تو ابھی بھی پڑی ہے لیکن تم نہیں ہو کیوں میری الینا کی جان لی تم نے کہتے اپنی شان وشوکت کو کہ تجھے مرنے سے بچا لیتی مگر نہیں سب کا ٹھکانہ ایک ہی ہے تجھے تیرے گناہوں کی سزا ملی ہے صغیر کی قبر پر کھڑا ہو کر حسن علی اس سے جھگڑا کرتا تھا کتنا بے بس ہو گیا تھا سارا دن گلیوں میں آوارہ پھرتا اور رات کو لوٹ آتا اسے دنیا کی کوئی پرواہ نہیں تھی اور رات کو کبھی تنہا چاند سے باتیں کرتا اور کبھی اپنے ویران گلشن سے مگر پھر بھی اسے سکون نہ تھا تو پھر سجدے میں سر رکھ کر روتا رہتا اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کس کے لیے کیا مانگے رو رو کر آنکھیں بھی خشک ہو جاتی تھیں تو بستر پر لیٹ جاتا اور پھر نیند کی گولیاں کھا کر سو جاتا صبح وہ اپنی مرضی سے اٹھتا تھا اس کے بابا جی اور ماں جی اس کی اس حالت سے سخت پریشان تھے اسی پریشانی کے عالم میں وہ اسے بہت سمجھاتے تھے لیکن سب فضول تھا اسے بھی کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے آج بھی اس کی امی جی اسے جگانے آئی تھی بیٹا جلدی اٹھو اور نہا کر نیچے آ جاؤ اور ناشتہ کر لو نہیں امی جان مجھے بھوک نہیں ہے حسن علی نے کہا۔دیکھو بیٹا آج کوئی بہانہ نہیں چلے گا پروفیسر دانیال اور ہم سب تمہارا انتظار کر رہے ہیں وہ نہ چاہتے ہوئے بھی نہانے لگا وہ اپنے آپ کو پروفیسر دانیال کے سامنے فریش ظاہر کرنا چاہتا تھا وہ نہا کر کپڑے تبدیل کر کے باہر نکلا تو ناشتے کے ٹیبل پر سب اس کا انتظار کر رہے تھے وہ بھی سلام کر کے بیٹھ گیا اور ناشتہ کرنے لگا۔

شاہین اکیڈمی سے آئی تو کچھ پریشان تھی نسرین بی بی کے پوچھنے پر سر درد کا بہانہ بنا کر اپنے کمرے میں آ کر لیٹ گئی اور اس ٹکرانے والے لڑکے کے بارے میں سوچنے لگی وہ کون تھا لڑکا بہت زیادہ سنجیدہ اور ہینڈسم تھا وہ بڑے غور سے دیکھ رہا تھا اس کی آنکھیں بہت خوبصورت اور دلکش تھیں شاہین کو اپنا آپ بہت کم تر لگ رہا تھا۔ وہ اٹھی اور کتابیں اٹھا لیں آج لیٹ جانے کی وجہ سے بائیو کا پیریڈ بھی مس ہو گیا تھا باقی کتابیں اٹھا کر زندگی میں پہلی بار سوالات تیار کرنے لگی تھی پہلے وہ صرف پیپروں کے دونوں میں ہی مشہور مشہور سوال یاد کیا کرتی تھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور پاس مارکس لے کر اگلی کلاس میں چلی جاتی تھی آخر وہ کون تھا وہ کتاب کھول کر بھی اسی کے بارے میں سوچ رہی تھی اس نے کتاب بند کی اور کپڑوں کی الماری کھولی اور کل کے لیے سوٹ نکالنے لگی اسے کوئی سوٹ بھی پسند نہیں آرہا تھا حالانکہ اس سے پہلے نسرین بی بی جو بھی سوٹ نکال کر دیتی تھیں وہ خاموشی سے پہن لیتی تھی آج تک کسی نے اس کو اتنا متاثر نہیں کیا تھا جتنا آج اس لڑکے نے کیا تھا آخر اس نے کالے رنگ کا سوٹ اور اسکارف نکالا اور اچھی طرح استری کرنے لگی استری کرتے ہوئے بھی ذہن اسی لڑکے کی طرف ہی تھا۔

پروفیسر دانیال کے بار بار اصرار پر وہ ہسپتال اور شام کو کلینک پر جانے لگا ہر موڑ پر پروفیسر دانیال اسکے لیے روشنی کا چراغ تھے وہ بھی پروفیسر دانیال کی بہت عزت کرتا تھا کلینک سے فارغ ہوتے ہی وہ آوارہ سڑکوں پر یا پھر قبرستان چلا جاتا تھا رات گئے گھر آکر سب سے تھوڑی سی گپ شپ لگا کر اپنے کمرے میں آکر اپنی پرانی یادوں میں کھو جاتا یا پھر کھڑکی کے پاس آکر کھڑا ہو جاتا اس کے لیے اب رات گزارنا بہت مشکل ہو گیا تھا وہ اکثر الینا کے ہوتے ہوئے ساری رات فون پر اس سے باتیں کرتا تھا۔ اب بھی الینا کی آواز اسکے کانوں میں گونجتی تھی حسن علی اگر میں تجھے نہ مل سکی تو وہ اکثر سوال کرتی اس کی جھیل جیسی گہری آنکھوں میں پانی آجاتا اور ایسے لگتا تھا جیسے وہ کسی کنویں کی گہرائی سے بول رہی ہو بے تاب سا ہو کر وہ اٹھ جاتا نہیں الینا نہیں ہمیں کوئی جدا نہیں کر سکتا وہ کھڑکی میں کھڑا اپنے لان کی طرف دیکھ رہا تھا لان میں ہر طرح کے پھول تھے ہر طرف خوشبو ہی خوشبو بکھری ہوئی تھی لیکن ان میں اس کا پیارا پودا نہیں تھا وہ جگہ اب بھی خالی تھی اسے وہ جگہ ویران گلشن ہی لگ رہی تھی وہ واپس اپنے بیڈ پر آیا اور حسب عادت اس نے والیم کی گولی کھا کر سونے کے لیے لیٹ گیا گولیاں کھانے کے باوجود بھی اسے نیند نہیں آرہی تھی وہ کروٹیں لے رہا تھا حسن علی آپ دن بھر مصروف رہتے ہو رات کو جلدی سو جایا کرو کیا تم کو نیند نہیں آتی الینا اکثر سوال کرتی تھی مجھے نیند سے پیاری تم ہو الینا جب تم مجھے مل گئی تو پھر سکون سے نیند پوری کروں گا حسن علی پیار سے جواب دیتا بہت بدتمیز ہو آپ پہلے جان بوجھ کر لڑکیوں سے ٹکراتے ہو اور پھر سوری کرتے ہو اسے اچانک آج والی لڑکی کی ٹکر یاد آگئی وہی الینا جیسا چہرہ وہی آنکھیں وہی آواز وہ اسے غور سے دیکھتا رہ گیا تھا ان ہی خیالوں میں اسے نیند کی دیوی نے اپنی آغوش میں لے لیا فرق بس چہرے کے تل کا تھا وہ بالکل الینا کی ہم شکل تھا۔

شاہین آج خلاف عادت بہت جلد اٹھ گئی تھی نماز پڑھنے کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کی اور کتابیں لے کر بیٹھ گئی اور سب کتابوں کا سبق یاد کرنے لگی اسے خود پتہ نہیں تھا کہ اسے کتابوں میں دلچسپی کیسے پیدا ہو گئی تھی سبق یاد کرنے کے بعد وہ کچن میں اپنی امی جی کے پاس چلی گئی۔

خیر تو ہے نا بیٹی تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے ناں نسرین نے بڑے تعجب سے پوچھا۔

جی امی جی میں بالکل ٹھیک ہوں بس اکیڈمی سے کام ملا تھا وہ یاد کرنا تھا اس لے جلدی اٹھ گئی سبق یاد کیا اور سوچا کہ آپ کی کچھ مدد کر دوں شاہین نے صفائی پیش کرتے ہوئے۔

اچھا بیٹی آج بڑا خیال آیا تجھے کتابوں کے سبق یاد کرنے کا اور میری مدد کرنے کا سب بولو کیا بات ہے کیا کوئی ناول تو نہیں منگوانا چاہتی مجھ سے اس کی ماں نے حیران ہوتے ہوئے کہا۔

نہیں امی جی نہیں کچھ نہیں منگوانا ہے مجھے ویسے اکیڈمی کے ٹیچر بہت سخت ہیں تھوڑی سی غلطی پر بہت سزا دیتے ہیں شاہین نے اپنی ماں جی کو مطمئن کرنے کے لیے جھوٹ بولا۔

ناشتہ کرنے سے پہلے وہ نہانے کے لیے واش روم میں گئی نہا کر کالے رنگ کے کپڑے پہن کر ہلکا سا میک

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اپ کیا اور کالا اسکارف لے لیا اور وہ بار بار شیشے کو دیکھ رہی تھی آج شیشہ بھی شاید اس کی تیاری کو دیکھ کر حیران ہو رہا تھا وہ یہ سوچ کر مسکرائی اور پھر ناشتہ کرنے لگی۔
شاہین ایک سلجھی ہوئی لڑکی تھی ہر کسی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بڑے اعتماد سے بات کرنے والی لڑکی تھی لیکن آج وہ اتنا تیار ہونے کے باوجود بھی مطمئن نہیں ہو رہی تھی اس نے اپنے دائیں رخسار پر ہلکا سا تل بنا لیا جس نے اس کے چہرے پر چار چاند لگا دیئے اور پھر کتابیں اٹھا کر اکیڈمی کی طرف چل پڑی وہ اسی لڑکے کے بارے میں سوچتے جا رہی تھی گلی کا موڑ مڑتے ہی اسے پتہ نہ چلا کہ آگے سے گاڑی آگئی اور ٹکرا کر گر گئی اور اس کی کتابیں بکھر گئیں۔
ڈاکٹر حسن علی صبح اٹھا اور نماز ادا کرنے کے بعد دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے کچھ دعائیں الینا کے لیے اور کچھ اپنے لیے مانگ رہا تھا اور ساتھ ہی کچھ شکوے بھی کر رہا تھا الینا کی وفات کے بعد اب وہی ذات تھی جس سے وہ ہر بات کر لیتا تھا ہر شکوہ ہر شکایت صرف اللہ تعالیٰ کی ذات سے کرتا تھا یہ سب کچھ کرنے کے بعد وہ سکون محسوس کرتا تھا اس کا اگر الینا کے بعد ہمراز تھا وہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات تھی دعائیں کرنے کے بعد وہ اٹھا اور ناشتے کی ٹیبل پر ہمیشہ کی طرح اس کے بابا جی اور امی جی انتظار کر رہے تھے۔
سوری میں لیٹ ہو گیا آپ لوگ میرا انتظار نہ کیا کرو آپ لوگ ناشتہ کر لیا کریں وہ سنجیدگی سے بولا۔
بیٹا بچپن سے لے کر آج تک ہم نے تیرا انتظار کیا ہے اب یہ عادت نہیں جا سکتی اس کے بابا نے کہا اس کی آواز میں ایک دکھ تھا ایک کرب تھا ایک مایوسی تھی ان سے اپنے بیٹے کا دکھ برداشت نہیں ہو رہا تھا۔
اچھا بیٹا اب کیا پروگرام ہے تمہارے آگے بہت بڑی زندگی پڑی ہے اکیلے تو نہیں رہا جاتا اس کی امی جی نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔
امی جی میں اکیلا کہاں ہوں آپ لوگ میرے ساتھ ہیں ہسپتال میں میرے بہت سے دوست ہیں اور کلینک پر پروفیسر دانیال ہیں اکیڈمی میں بہت سارے میرے کلاس فیلوز ہیں میری زندگی اچھی گزر رہی ہے حسن علی نے تفصیل سے جواب دیتے ہوئے کہا۔
لیکن بیٹا ان سب کے ساتھ زندگی بھر نہیں جی سکتے آخر تمہیں شادی کرنی ہے اس کے بابا نے کہا۔
بس بابا جی میری زندگی بہت اچھی گزر رہی ہے مجھے اور کسی کی ضرورت نہیں ہے یہ کہتے ہوئے وہ اٹھ گیا اور سیدھا اپنے کمرے میں آگیا اس کی آواز کا دکھ اور آنکھوں میں امڈتے ہوئے آنسو اس کے ویران سے نہ چھپ سکے وہ کمرے میں آ کر بیڈ پر گر گیا اور بے آواز زار و قطار رونے لگا اس بچے کی طرح جس کی کوئی بہت قیمتی چیز گم ہو گئی ہو اس کے آنسو رکنے کا نام نہ لے رہے تھے پھر وہ تیار ہو کر ہسپتال جانے لگا وہ اپنے آپ کو نارمل ظاہر کرنا چاہتا تھا لان سے گزرنے لگا تو مالی بابا اس پودے کی جگہ پر اس جیسا اور پودا لگانے میں مصروف ہو گیا تھا مالی بابا یہ کیا کر رہے ہو یہ پودا کیوں لگا رہے ہو۔
بڑے صاحب نے کہا تھا۔
وہ پھیکا سا مسکرایا۔
بیٹا میں نے بتایا بھی تھا کہ یہاں سے زمین خراب ہو گئی ہے شاید یہ پودا ہرا ہو جائے مالی بابا نے اپنے خیال میں کھوئے ہوئے بتایا۔
مالی بابا: یک بار زمین بنجر ہو جائے پھر اسے زرخیز کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے وہ یہ کہتا ہوا گاڑی میں

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جا بیٹھا پت جھڑ کا موسم تھا درخت اپنے پتے گرا رہے تھے۔

آج اسے پھر الینا کی یاد شدت سے آ رہی تھی وہ ہسپتال جانے کی بجائے قبرستان کی طرف جا رہا تھا اسے صرف دو جگہوں پر ہی سکون ملتا تھا یا تو قبرستان میں یا پھر الینا کی قبر پر یا پھر اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں جا کر اس نے راستے میں سے پھول خریدے الینا کے لیے وہ ہمیشہ جہاں سے پھول خریدتا تھا وہی ہلکے رنگ کے گلابی پھول الینا کے گالوں جیسے الینا تم میں اور ان پھولوں میں کوئی فرق نہیں ہے وہ اکثر جذبات میں کہتا تھا پھول خرید کر وہ قبرستان کی طرف چلا گیا اور الینا کے پاؤں کی طرف پھول رکھ کر بیٹھ گیا پھر وہی شکوے وہی شکایت اور سوالات کی بارش جن کا آج تک کوئی جواب نہ ملا تھا شام تک وہ وہاں بیٹھا رہا اسے وقت گزرنے کا کوئی احساس نہیں ہوا تھا اسے ایسے محسوس ہوتا جیسے وہ الینا کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اچانک فون پر بیل بجی تو اس نے موبائل نکالا تو سکرین پر عدنان کا نمبر تھا اس نے نمبر کو مصروف کر دیا الینا کے زندہ ہوتے ہوئے بھی جب وہ الینا کے پاس ہوتا تھا تو کوئی بھی فون کال اٹینڈ نہیں کرتا تھا اور اب تک اس کی وہی عادت تھی عدنان بھی بار بار مصروف کرنے کے باوجود بھی فون کر رہا تھا شاید اسے کوئی ضروری کام تھا اس نے تھوڑا دور جا کر فون کال کو اٹینڈ کیا۔

ہیلو۔ اس کی آواز غمزدہ تھی۔

ہیلو۔ حسن علی کہاں ہو آپ۔ آج ذرا اکیڈمی جلدی آجانا تھوڑا کام ہے۔ اور ہاں فون کیوں اٹینڈ نہیں کر رہے تھے خیر تو ہے ناں۔ اچھا جلدی آنا پلیز۔

یہ کہتے ہوئے اس نے کال کاٹ دی اللہ حافظ الینا اس نے وہیں سے کہا اور گاڑی کو اکیڈمی کے راستے میں ڈال دیا اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور راستہ بھی دھندلا دھندلا دکھائی دے رہا تھا اچانک گلی کے موڑ موڑتے ہوئے اک لڑکی گاڑی سے ٹکرا گئی تھی ٹکر زیادہ زور کی نہیں تھی پھر بھی لڑکی گر گئی اور اس کی کتابیں بکھر گئیں وہ جلدی سے گاڑی سے نکلا تو وہی لڑکی تھی کل والی جس سے اکیڈمی میں ٹکر ہوئی تھی اس کا اسکارف اتر چکا تھا اور وہ کھڑی ہو گئی تھی ڈاکٹر حسن علی دھنگ رہ گیا وہی چہرہ وہی جھیل جیسی آنکھیں وہی سنہری زلفیں اور وہی چہرے پر تل وہ اس کی طرف بڑے غور سے دیکھ رہا تھا وہ آنکھیں جھپکانا بھی بھول گیا تھا اس کے چہرے پر دکھ اور حیرانی کے واضح جذبات تھے۔

الینا۔۔ اس نے آہستہ سے کہا۔

نہیں آئی ایم شاہین۔ شاہین نے فل اعتماد سے کہا۔

شاہین۔۔ حسن علی نے حیرت سے کہا۔ اس کی زبان اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی وہ بڑے غور سے اسے دیکھ رہا تھا۔ اسے اس میں الینا ہی کا چہرہ دکھائی دے رہا تھا جیسے وہ شاہین کو نہیں الینا کو دیکھ رہا ہو جیسے اس کو یقین ہی نہ آ رہا ہو کہ اس کے سامنے الینا زندہ ہو کر آ گئی ہو۔ یہ کوئی اس کا خواب نہ تھا حقیقت تھی حقیقت میں وہ الینا جیسے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔ اس کے بعد کیا ہوا یہ سب جاننے کے لیے آئندہ شمارہ ضرور پڑھیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ابھرتی ہوئی شاعرہ گلشن ناز، ٹھٹھہ قریشی

دردجدائی

تیڈی درد جدائی مار گئی ساکوں
ساڈی وسدے جھوک اوجاڑ گئی
کیا سوچیا ہاے دل دار بجن
نہ جیوں ہک دوجے توں بغیر بجن
توں یاد تاں کراخاں گالیں کوں
کیویں آدھا ہویں یار بجن
ہنڑتاں نندراں وچ تیڈی یاد آندی
ہے
جیہڑی ساڈے دل کوں تڑپاندی ہے
اکھیاں رو رو کے تھک ویندن
تئیں سنگ دل کوں میں کیویں
آکھاں
سا آندے ویندے رک ویندن
ہک واری جو دل آویں ہا
میں روندی کوں ہنساویں ہا
ساڈی اجڑی جھوک ہک واری
بجن دل وساویں ہا

دل داحال

ایں مکھڑے توں پردہ ہٹاویں ہا
ذرا ہن شباب دکھاویں ہا
بندی متھے اوتے چمکاویں ہا
ونڑی چگی اج ونگاں چھنڑکاویں ہا
پیراں جھانجھر چاندی دی پاویں ہا
پیار ساڈے کوں آزماویں ہا
موری وانگوں نور ہے تیڈی
ساکوں لیئزی نور سکھاویں ہا
جیہڑے دل تے تیر چلیندے ہن
اتھاں اکھیاں وچ کجلا پاویں ہا
ساڈے ویڑھے پھیرا پاویں ہا
ہک واری بجن ساکوں دل دا حال
سڑاویں ہا

پاگل سی لڑکی

کہتے ہیں لوگ مجھ کو پاگل سی لڑکی
کبھی دن کو رات اور رات کو دن بتاتی
ہوں
کبھی خیالوں میں کھو جاتی ہوں تو
کبھی
خودخیال ہوجاتی ہوں کبھی ہنستے ہنستے
رونے لگتی ہوں تو کبھی روتے ہوئے
ہنس دیتی ہوں
کہتے۔ ہیں لوگ مجھ کو پاگل سی لڑکی
کبھی سپنوں میں کھو جاتی ہوں اور
کبھی
جاگتی آنکھوں سے خواب دیکھتی ہوں
کبھی دل کا حال چھپاتی ہوں سب
سے
تو کبھی سو جاتی ہوں خود سے باتیں
کرتے
کرتے کبھی اڑتی تتلیوں کے پیچھے
بھاگتی ہوں
تو کبھی جگنوؤں کو ہتھیلی پہ نچاتی ہوں
کہتے ہیں لوگ مجھ کو پاگل سی لڑکی
تلاش کرتی ہوں کبھی ہاتھوں کی
لکیروں میں
نام اس کا تو کبھی تقدیر کے ہاتھوں
مجبور ہو جاتی ہوں
سوچتی ہوں کہ کبھی وہ مل پائے گا مجھے
تو کبھی اس خوف سے دور بھاگتی ہوں
کہتے ہیں لوگ مجھ کو پاگل سی لڑکی

جانے وہ کون تھا اجنبی

جانے وہ کون تھا اجنبی
ہر روز جو خوابوں میں آتا تھا
مجھے نیند سے جگاتا تھا
پھر خود کو میرا اپنا کہہ کر
ہاتھ مجھ سے ملاتا تھا
جانے وہ کون تھا اجنبی
میں جب بھی روتی
وہ مجھے ہنساتا
میری بھیگی پلکوں سے
وہ آنسو چراتا
اور دھیرے سے
کانوں میں یہ کہہ جاتا
پگلی میں ہوں تیرا اپنا
تیرے دکھ سکھ کا ساتھی
تیری خوشیوں کا رکھوالا
تیری آنکھوں کا تارا
تیرے جیون کا سہارا
توں ہے ساحل
میں ہوں کنارا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہائے محبت

۔۔۔تحریر: ایم عاصم شاکر چوک مبتلا۔ 0301.4883844

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ہائے محبت۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

دکھ سکھ تو انسان کی زندگی کا حصہ ہیں دکھ بھی ایک انمول خزانہ ہیں اور جو دکھ محبت میں لے انکا کیا کہنا محبت میں ملنے والے دکھوں کا بھی اپنا الگ مزہ ہوتا ہے جب محبت میں دکھ مقدر بنتے ہیں تو انسان تنہائی کے عالم میں بس یہ ہی کہتا ہے۔
ہائے محبت میں نے تجھے کیوں اپنا سمجھا تجھے کیوں اپنایا کاش مجھے تیرے امتحانوں کا پہلے پتہ ہوتا تو تجھے قریب سے بھی نہ گزرنے دیتا لیکن یہ انسان کا وہم ہوتا ہے محبت تو کب کہاں کس جگہ کسی سے ہو جاتی ہے پتہ ہی نہیں چلتا۔
قارئین کرام آج میں جواب عرض کی دکھی نگری اور آپ کی خدمت میں جو تحریر لے کر حاضر ہوا ہوں یہ میری ایک سکول لائف دوست کی ہے جس کے کردار میں اور اس کی بربادی میں میرا ہاتھ ہے یہ وہ کہتی ہے۔
مگر فیصلہ آپ قارئین نے کرنا ہے کہ کیا واقعی میرا قصور ہے یا نہیں۔ اسکی زندگی میں ایک ایسا موڑ آیا کہ اس کے اپنے اس سے بچھڑ گئے اس کی خوشیاں خاک میں مل گئیں دکھ مقدر بن گئے تنہائی اس کے حصہ میں آئی دکھوں نے اس کے گرد اپنا گھیرا وسیع کر لیا۔ وہ ہجر کی ویران راتوں میں تنہا تڑپنے لگا جسے وہ اپنا سمجھتی تھی وہ جدائی کی سوغات دے گیا جب کوئی ایسا انسان جا ہو جسے انسان اپنی زندگی سے زیادہ چاہتا ہو اسے محبت کرتا ہو تو پھر وہی جی بھی نہیں سکتا نہ مر سکتا ہے وہ ایک زندہ لاش کی مانند ہوتا ہے۔
قارئین یہ ان دنوں کی بات ہے جب میری

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

امی شدید بیمار تھیں وہ ملتان ہسپتال میں زیر علاج تھیں ہم وارڈ میں تھے میں ایک دن گلشن پر گیا وہاں ایک نقاب پوش لڑکی بھی آئی تھی وہ بھی شاید کسی مریض کے ساتھ آئی تھی۔

وہ مسلسل میری طرف دیکھ رہی تھی لیکن مجھے اس سے کوئی غرض نہیں تھی کئی دن تک اس کا یہی حال تھا جہاں بھی سامنا ہوتا وہ مجھے بڑے غور سے دیکھتی ایک دن میں جا رہا تھا اس نے مجھے آواز دی بوٹا بھائی میں اجنبی کے منہ سے اپنا نام سن کر حیران تھا میں اس کی آواز پر رک گیا وہ میرے پاس آئی۔

دکھی بھائی کیا حال ہے۔

جی شکر ہے اللہ کا مگر محترمہ آپ کون ہیں۔

میں نازیہ آپ کی کلاس فیلو تنزیلہ کی بہن ساتھ ہی اس نے اپنا نقاب اتار دیا۔

اچھا نازیہ تم یہاں کیسے میرے اس سوال پر اداس سی ہوگئی اس کا چہرہ اتر سا گیا۔

آپی تنزیلہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے ہم ایک ماہ سے اسی نشتر ہسپتال میں ہیں۔

کیا ہوا ہے تنزیلہ کو۔

بھائی آپ ہمارے پاس آنا پھر بتاؤں گی۔

اوکے میں ٹائم نکال کر ضرور آؤں گا اور دوسری بات میرا نام اب بوٹا دکھی نہیں ہے بلکہ ایم عاصم بوٹا شاکر ہے۔ میں نے اپنا درست نام بتایا۔

اوکے بھائی عاصم بوٹا جی۔ مگر آپ یہاں کیسے

میری امی داخل ہیں ان کو لے کر آیا ہوں۔

اب کیسی ہیں خالہ جان۔

ٹھیک ہیں لیکن تنزیلہ کو کیا ہوا۔

بھائی ٹائم نکال کر ہمارے پاس آنا آپ کو ساری تفصیل بتائیں گی کہ آپ کی زندگی میں کیا طوفان آیا اور طوفان لانے والا آپ کا دوست مدثر ہے قارئین کرام آپ کو بتاتا چلوں کہ تنزیلہ اور نازیہ میں اور مدثر چاروں ایک ہی کلاس کے سٹوڈنٹ تھے لیکن کلاس روم الگ الگ تھے ہمارے سکول میں لڑکیوں کی عمارت علیحدہ اور لڑکوں کی علیحدہ تھی لیکن ہماری سکول بس ایک ہی تھی یہ سکول کی ہی گاڑی تھی آدھی گاڑی میں لڑکیاں اور آدھی میں لڑکے ہوتے تھے لڑکے کیا بچے ہوتے تھے بڑی کلاسوں کے ہم چار لڑکے ہی تھے میں بشیر یحیٰ اور مدثر اوکے ٹھیک ہے آؤں گا وہ چلی گئی میں امی کے پاس آ کر بیٹھ گیا سوچوں نے مجھ چاروں طرف سے گھیر لیا تھا مختلف سوچیں آ رہی تھیں نہ جانے تنزیلہ کو کیا ہوا ہے کیسی طوفان آیا ہے اس کی زندگی میں کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے وہ آج مرگ بستر پر پڑی ہوئی ہے سوچتے سوچتے عشا کی اذان ہوگئی میں نے عشا کی نماز ادا کی اور کھانا کھا رہا تھا کہ ڈاکٹر نازیہ آگئی ہیو عاصم کیسے ہو جی بہتر ہوں پھر اس نے امی کا حال احوال پوچھا میں نے اس کو کھانے کی آفر کی تو اس نے دو چار لقمے لیے اور نرسنگ روم میں چلی گئی قارئین آپ کو بتاتا چلوں کہ ڈاکٹر نازیہ سے میری ملاقات پانچ سال پہلے جواب عرض کی معرفت ہوئی تھی اس وقت میں ایک حادثے میں زخموں سے چور ہو کر اسی ہسپتال میں گیا تھا چند ماہ کے بعد نازیہ یہاں سے نشتر چلی گئی تھی یہاں جب نازیہ سے ملاقات ہوئی تو وہ بہت خوش ہوئی اس نے میری امی کا پوری طرح خیال رکھا امی کے لیے کھانا گھر سے لے کر آتی تھی وہ نرسنگ اسٹیشن میں چلی گئی اس کے پیچھے میں بھی چلا گیا۔

ہیلو نازیہ جی ایک کام ہے۔

جی عاصم جی کہو کیا کام ہے آپ کو میرے ساتھ

وارڈ نمبر دو تک جانا ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کیوں عاصم خریت تو ہے۔

ہاں خیریت ہے میری ایک کلاس فیلو کی طبیعت کافی ناساز ہے اور وہ وارڈ نمبر دو میں ہے۔

او کے چائے پی کر چلتے ہیں۔ پھر اس نے دو کپ چائے منگوائی ہم نے چائے پی اور وارڈ نمبر دو میں چلے گئے بیڈ نمبر سات پر تنزیلہ نظر آئی اس کے پاس ایک نازیہ اور ایک بوڑھا شخص بیٹھے ہوئے تھا وہ اس کا والد تھا ہم اس کے پاس گئے۔ میں نے ان کو سلام کیا اور کہا کیسے ہیں انکل۔

جی ٹھیک ہو بیٹا۔ تم یہاں کیسے۔

تنزیلہ کے والد مجھے جانتے تھے میں کافی بار ان کے گھر جا چکا تھا۔

انکل جی امی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے میں انہیں لے کر یہاں آیا ہوں آج گلشن میں نازیہ سے ملاقات ہوئی تھی اس نے بتایا کہ تنزیلہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے سوچا چلو حال احوال پوچھ لوں۔

ٹھیک ہے بیٹا آپ بیٹھو میں نماز پڑھ کر آتا ہوں انکل نماز کے لیے چلے گئے تو میں نے اپنا رخ تنزیلہ کی طرف کیا۔

اف خدایہ تجھ کیا ہوا تم تو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنی ہوئی ہو۔ میرے سوال پر تنزیلہ کی آنکھوں سے بے اختیار انسو نکل آئے میں نے رومال سے اس کے آنسو صاف کیے اس نے اٹھ کر بیٹھنا چاہا مگر اس میں اتنی ساکت نہیں تھی کہ وہ خود بخود اٹھ کر بیٹھ سکے میں نے اس کے کندھوں سے پکڑ کر اسے بیٹھایا اور سہارا دیا۔

کاش مدثر بھی مجھے یوں سہارا دیتا تو یوں بستر مرگ پر نہ ہوتی اس نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا بوٹا جی اگر تم میرا ساتھ دیتے تو شاید آج میرا یہ حال نہ ہوتا اتنے میں نازیہ نے کہا۔

باجی بھائی کا نام اب بوٹا دکھی نہیں ہے ایم عاصم بوٹا شاکر ہے۔

اچھا جی عاصم ہی سہی عاصم جی تم نے میری محبت کو قبول نہیں کیا تو کیا مدثر سے دل لگا بیٹھی مگر اس نے مجھے برباد کر دیا مجھے کہیں جینے کا نہیں رہنے دیا تھا یہ لمبی داستان ہے ابو آنے والے ہوں گے صبح ابو گھر جائیں گے پھر آنا آپ کو مکمل داستان سناؤں گی کہ میں کیسے برباد ہوئی تنزیلہ کی حالت مجھ سے دیکھی نہیں جا رہی تھی اس کی آنکھوں سے مسلسل آنسو جاری تھے پھر میں نے اس کو لیٹا دیا اور اس کو حوصلہ دیا اور تسلیاں دیتے ہوئے واپس آ گیا جب نرسنگ روم میں آیا تو ڈاکٹر نے پوچھا عاصم یہ کیا کہہ رہی تھی تم نے بھی اس کی محبت کو ٹھکرایا تھا کیا وجہ تھی نازیہ جی یہ میری کلاس فیلو ہے ہم ملتان کے ایک سکول میں پڑھتے تھے میرا گھر کافی دور تھا گاڑی ایک ہی تھی ہم میٹرک میں تھے کہ ایک دن اس نے مجھے ایک لیٹر دیا جس کی تحریر کچھ یوں تھی۔

مصنف ہو اگر تم تو کب انصاف کرو گے عاصم

مجرم ہوں اگر میں تو سزا کیوں نہیں دیتے

بوٹا دکھی جی کیسے ہو امید ہے کہ عافیت ہو گی بوٹا جی آج میں تم سے کچھ کہنا چاہتی ہوں پلیز مائنڈ نہ کرنا۔ بوٹی جی میں آپ سے پیار کرنے لگی ہوں مجھے آپ کی عادتیں اچھی لگتی ہیں آپ کی خاموشی اور تنہائی نے میرا دل جیت لیا ہے آپ مجھے سب سے اچھے لگتے ہیں مجھے آپ سے پیار ہو گیا ہے پلیز میرے پیار کی لاج رکھنی اور محبت بھرے لیٹر کا جواب محبت سے دینا میں زندگی کے ہر موڑ پر آپ کا ساتھ دوں گی آپ کو کبھی تنہا نہیں کروں گی آپ کے جواب کی منتظر۔ تنزیلہ۔

نازیہ جی یہ تھا اس کا لیٹر پڑھنے کے بعد پریشان ہو گیا تھا کہ اسے کیا جواب دوں کیونکہ

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میرے دل کی رانی میرے سپنوں کی شہزادی نہ کوئی اور تھی میں کسی اور کے ساتھ عہد وپیان کر چکا تھا کسی اور کا ساتھ دینے کی قسمیں کھا چکا تھا میں کیا کرتا میری سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا کسی کا دل توڑوں اور کس کا جوڑوں میری زندگی کی کشتی ایک عجیب مقام پر آکر رک گئی تھی میں کوئی فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا میں جس سے محبت کا اظہار کر چکا تھا اس کے سنگ بیتے ایک ایک پل یاد آرہے تھے اگلی میٹھی میٹھی باتیں اس کی شرارتیں سبھی یاد آرہی تھیں اس کی محبت اس کی چاہت اور اس کے کئے عہد وپیان اس کے ساتھ کھائی قسموں کے ساتھ جینے مرنے کے لیے کئے وعدوں کو دیکھتے ہوئے میں نے تنزیلہ کو ایک لیٹر لکھا جس کی تحریر کچھ یوں تھی تنزیلہ جی کیس ہو امید ہے عافیت ہوگی آپ کا محبت پیار و چاہت اعتماد سے بھرا لیٹر وصول ہوا پڑھ کر بہت خوشی ہوئی میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس بندہ ناچیز کو اس قابل سمجھا کہ اظہار محبت کر دیا مگر مجھے بہت افسوس ہے کہ آپ نے اظہار محبت کرنے میں بہت دیر کر دی ہے میں ایک سال سے کسی اور سے عہدوں پیان کر چکا ہوں کسی اور کی زلفوں نے مجھے اپنا اسیر بنالیا ہے میں کسی اور کے ساتھ جینے مرنے کے وعدے کر چکا ہوں اب میرا پیار میری چاہت محبت میری جان بس وہی ہے میں معذرت چاہتا ہوں کہ تمہاری محبت کو ویلکم کہہ نہیں سکتا۔ کیونکہ کسی کو دھوکہ دینا جھوٹ بولنا میری فطرت نہیں ہے پلیز ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا میں آپ کو جھوٹ بول کر کسی غلط فہمی میں مبتلا نہیں رکھ سکتا۔ میں نے آپ سے کوئی وعدہ نہیں کیا ہے اس لیے آپ کی محبت سے انکار کر رہا ہوں مگر اس کو دھوکہ نہیں دے سکتا کیونکہ میں اس کے ساتھ جینے مرنے کے وعدے کر چکا ہوں زندگی بھر اس کا ساتھ دینے کی قسمیں کھا چکا ہوں میں اس کا دل نہیں توڑ سکتا۔ والسلام۔

میں نے یہ لیٹر اس کو دیا تو کئی دن وہ سکول نہ آئی پھر آنا شروع کر دیا چند دنوں کے بعد امتحان شروع ہو گئے امتحان ختم ہوئے نہ ہم بھی جدا ہو گئے لیکن قسمت نے آج چھ سالوں کے بعد پھر ملن کرا دیا لیکن دیکھو آج ہم کسی حال میں ملے اس نے بھی پیار کیا میں نے بھی پیار کیا اس کا ساتھی بھی بچھڑ گیا میرا بھی بچھڑ گیا۔

لوگ مجھے کہتے ہیں کہ تم پتھر دل ہو عاصم
کچھ لوگ ایسے تھے کہ جو اسے بھی توڑ گئے

ڈاکٹر نازیہ نے کہا عاصم تم نہ چھپے رستم نکلے ۔کیا تم نے بھی محبت کی تھی میں نے ایک ٹھنڈی آہ بھری اور کہا ہاں کی تھی مگر میری محبت کو لوگوں کی نظر لگ گئی میری محبت نے صرف چند دن ہی میرا ساتھ دیا پھر مجھے تنہا کر دیا وہ اپنے نرم و ملائم بستر پر سو نے گئی اور میں ہجر کی ویران راتوں میں دسمبر کی اداس شاموں میں تنہائی کے لمحوں میں صحرا کی تپتی ریت پر اکیلا تڑپنے لگا دکھ میرا مقدر بن گئے تنہائی مجھے اذیت دینے لگی یادوں کے سانپ ڈسنے لگے زندگی سے نفرت ہونے لگی موت کی خواہش بڑھنے لگی دن تو گزر جاتا مگر رات ہر ایک لمحہ میرے لیے عذاب بننے لگا نازیہ جی مجھے جس نے تنہا کیا وہ کوئی غیر نہ تھی میری اپنی تھی کزن تھی وہ میری جان تھی میری دھڑکن تھی میرے جینے کا سہارا تھی اس کی خوشی میں میری خوشی تھی وہ میری آرزو تھی میرے جینے کا مقصد تھی میری منزل تھی میری جستجو تھی کاش وہ میرے پیار کو سمجھ پاتی میرے پیار کی گہرائی دیکھ سکتی

اوہو سوری قارئین کرام آپ بھی سوچتے ہوں گے کہ میں اپنی محبت کو کہاں سے بیچ میں لے کر آ گیا کیا کروں جب کسی کا دکھ لکھنے لگتا ہوں تو اپنے زخم تازہ ہو جاتے ہیں دل خون کے آنسو رونے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

لگ جاتا ہے آنکھیں آنسو برسانا شروع کر دیتی ہیں قلم خود بخود میری محبت کا تذکرہ لکھنے لگ جاتا ہے دوسرے دن میں صبح ہی صبح ہی تنزیلہ کے پاس چلا گیا وہ آرام سے میٹھی نیند سو رہی تھی انکل گھر چلے گئے تھے نازیہ اس کے پاس بیٹھی ہوئی تھی جب میں گیا تاں نازیہ نے اسے اٹھانا چاہا مگر میں نے منع کر دیا نازیہ نے کہا بھائی قسم سے آج آپی کافی دنوں کے بعد سکون کی نیند سوئی ہے جب سے آپ اسے مل کر گئے ہو اسے ایک سہارا مل گیا ہے رات کو آپ کے جانے کے بعد اس نے کھانا بھی کھایا ورنہ پہلے صرف دو چار لقمے لیتی تھی بھائی میرے خیال میں آپ کو دوائی سے زیادہ آپ کے سہارے کی ضرورت ہے پلیز بھائی آپی کو بچالو اسے سہارا دے دو نازیہ آپ فکر نہ کرو اب چند دنوں تک تنزیلہ بالکل ٹھیک ہو جائے گی ویسے آپ ادھر کب سے ہو بھائی ہمیں ایک ماہ ہو گیا ہے آپی طبیعت میں ذرا بھی فرق نہیں آیا ہماری سرگوشی شاید تنزیلہ نے بھی سن لی تھی اس نے بھی آنکھیں کھول کر میرے دل پر اپنے الفاظوں کا تیر چلا دیا کہ نازیہ تم اسے نہ کہو کہ مجھے سہارا دے دو یہ پتھر دل انسان ہے مجھے اب موت کا انتظار ہے اس کے سہارے کا نہیں اس کی باتیں میرے دل کو تیر بن کر گھائل کر گئیں میرے منہ سے نہ جانے یہ الفاظ کیسے نکل گئے بکواس نہ کر تنزیلہ صبح صبح تو اچھی بات کر لیا کرو نازیہ نے کہا آپی مجھے بھی پتہ ہے بھائی کے ملنے کی آپ کو خوشی ہے اس لیے رات کو جی بھر کر کھانا کھایا ہے اور ساری رات میٹھی میٹھی نیند سوتی رہی ہیں اب کہتی ہو کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے تنزیلہ نے کہا

سو چلو اے دل اور کتنا اس کے لیے جاگو گے
اسے کیا پتہ اس کیلئے رات بھر کوئی جاگتا ہے

اچھا عاصم سناؤ خالہ کا کیا حال ہے۔

بس ٹھیک ہیں اور تم سناؤ یہ کیا حالت بنا رکھی ہے تم نے تمہیں اپنے ماں باپ بہن بھائیوں کا خیال نہیں کیا۔

بس عاصم جی کیا کروں میں نے ایک لہراتی شاخ کو زندگی سمجھ لیا لیکن اس کا گرتا ہوا پتہ مجھے ویرانی کا سبق دے گیا وقت نے میرا بہت بڑا امتحان لے کر مجھے سبق سکھایا ہے کاش وقت بھی استاد کی طرح سبق دے کر امتحان لیتا تو کتنا اچھا تھا کاش ایسا ہوتا تو کسی کا دل نہ ٹوٹتا کوئی برباد نہ ہوتا کسی کے ارمان کرچی کرچی نہ ہوتے کسی کی حسرت کا جنازہ نہ اٹھتا مگر وقت بے رحم ہے وقت کو کسی کا احساس نہیں اسے گزرتا ہے بس گزرنا ہے چاہے کوئی روئے یا ہنسے کسی کا دل ٹوٹے یا کسی کی عزت خاک میں ملے کسی کی خوشیوں کا گلا دب جائے یا کسی کو غموں کے طوق نصیب ہوں کسی کے گھر شہنائی بجے یا کسی کے گھر ماتم ہو کوئی مرے یا جئے کوئی دسمبر کی راتوں میں تنہائی کے عالم میں سسکیاں بھرے آہیں لے یا کوئی ان راتوں کو انجوائے کرے کسی کا دل روئے یا کسی کا مسکرائے بس وقت کو کسی کی کوئی پرواہ نہیں ہے وقت کا گھوڑا تو ہر حال میں محو پرواز رہتا ہے میری زندگی میں بہت بڑا طوفان آیا میرا سب کچھ برباد ہو گیا ایک ایسا سیلاب تھا جو میرا سب کچھ بہا کر لے گیا وقت کی تیز آندھی میں میں اجڑ گئی میری خواہشات کا گلا دبا دیا گیا میں کیا کروں کدھر جاؤں کود کو دھرتی پر بوجھ محسوس کرتی ہوں جو عزت عورت کا زیور ہوتی ہے اسے اپنے ہاتھوں خاک میں ملا چکی ہوں مجھے تو زندگی سے نفرت پیار و محبت سے نفرت میٹھی میٹھی باتوں سے نفرت جھوٹے دلاسوں سے نفرت ہو گئی ہے مجھے دنیا کی ہر حسین چیز سے نفرت ہو گئی ہے عاصم جب دل ہی ٹوٹ جائے دل مردہ ہو جائے تو انسان کو یہ لہراتے ہوئے درخت

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

دھاڑتی ہوئی موجیں ڈھاریں مارتا سمندر دسمبر کی اداس شامیں کسی کی خوش کب اچھی لگتی ہیں یہ سب تو تب اچھا لگتا ہے جب دل زندہ ہو میرا دل تو مردہ ہو چکا ہے۔

کیا تم ہمیشہ یوں مایوسی کی زندگی گزارو گی میں نے کہا تو وہ خاموش ہوگئی

تنزیلہ آپ کی باتیں تو سچ ہیں مگر مجھے مکمل داستان محبت سناؤ یہ سب کیسے ہوا ہے۔

کیا کرو گے میری داستان سن کر۔

میں آپ کی داستان آپ کے ساتھ ہوئے ظلم کو جواب عرض کی نظر کروں گا تا کہ کوئی آپ کی طرح برباد نہ ہو۔

کیا مطلب تم رائٹر ہو۔

آپ کو بھی تو پتہ ہی ہے یہ شوق تو مجھے تب سے ہے جب سٹوڈنٹ تھے۔

ہاں مگر اس وقت تم صرف پڑھتے تھے۔

جی ہاں پڑھتا تھا لیکن بعد میں میری محبت نے مجھے رائٹر اور شاعر بنا دیا میں شاعری بھی کرتا ہوں۔

ٹھیک ہے تو پھر سنو عاصم جی میں کیسے برباد ہوئی

آیئے قارئین کرام میرے ساتھ آپ بھی اس کی آپ بیتی سنیے۔

بہت سارے لوگ آئے گئے تمہاری زندگی میں

پھر بھول نہ پاؤ گے ہمارے ساتھ گزرے دو پل

میرا نام تنزیلہ ہے ہماری رہائش ملتان میں میری ایک بہن ہے اور تین بھائی ہیں دو بھائی باہر ہوتے ہیں اور تیسرا اس وقت آرمی میں ہے میرے بھائی ہم دونوں بہنوں سے بڑے ہیں بچپن میں ہی ماں جیسی عظیم ہستی کا سایہ سر سے اٹھ گیا میں تین سال اور نازیہ ایک سال کی تھی جب امی جان ایک رات اچانک اللہ کو پیاری ہوگئی اس طرح ہمیں ماں کا پیار نہ مل سکا مگر بھائیوں نے ہمیں ماں کی کمی محسوس نہ ہونے دی ہماری ہر خواہش کو پورا کیا ہماری دیکھ بھال اور کھانے پکانے کے لیے ایک عورت رکھ لی وقت گزرتا چلا گیا پھر میں سکول جانے لگی ہمارے ہر سو خوشیاں ہی خوشیاں تھیں غموں کا کہیں کوئی نام ونشان تک نہیں تھا یہاں تک کہ میں میٹرک میں آگئی اب جوان ہو چکی ہوں خدا نے مجھے خوب حسن دے نوازہ تھا ان دنوں مجھے کسی سے محبت ہوگئی میں اس کے خواب دیکھنے لگی آخر ایک دن اس سے اپنے پیار کا اظہار کر دیا دوسرے دن اس کا لیٹر ملا اس نے معذرت چاہی تھی کہ مین کسی اور سے محبت کرتا ہوں اس کا جواب پا کر میں بہت مایوس ہوگئی سپنے بکھر گئے ارمان ٹوٹ گئے کاش وہ میری محبت کو قبول کر لیتا تو آج میں برباد نہ ہوتی۔

یہ تو تم تمام گلے شکوے مجھ پر ہی ڈال رہی ہو

ہاں سمجھدار ہو سمجھ گئے ہو۔

عاصم جب تم نے میری محبت کو تسلیم نہ کیا پہلے تو کئی دن خاموش رہی پھر میں نے ایک دن سوچا کہ عاصم نے میرے ساتھ کوئی دھوکہ فریب نہیں کیا اس لیے مجھے سچ بتایا چلو کسی کو اپنی زندگی بنا چکا ہے تو ہم بھی کسی اور کو دل دے دیتے ہیں پھر مدثر مجھے اچھا لگنے لگا میں کئی دن تک اسے دل ہی دل میں پیار کرتی رہی اسے دیکھ کر مجھے خوشی محسوس ہوتی کئی بار اظہار محبت کرنا چاہا مگر پھر ڈر جاتی وہ بھی نہ انکار کر دے پھر ایک دن میں نے بہت ہمت کر کے اسے لیٹر دے دیا۔ جس کی تحریر کچھ یوں تھی۔

میری چاہت کی انتہا دیکھنی ہے
تو دل سے دل ملا کر دیکھ اے دوست
تیرے دل نے دھڑکنا چھوڑ دیا

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

تو میری چاہت کو ٹھکرا دینا عاصم

سلام الفت سلام چاہت سلام محبت سلام وفا کے بعد عرض ہے کہ میں تم سے محبت کرتی ہوں پلیز مدثر جی میری محبت کو نہ ٹھکرانا مجھے اظہار محبت کسی خاص الفاظ میں کرنا نہیں آتا۔ اس لیے عام سے الفاظ میں بس یہی کہہ سکتی ہوں کہ میں تم سے پیار کرتی ہوں اور کرتی رہوں گی زندگی کے ہر موڑ پر تیرا ساتھ دوں گی چاہے خوشیوں کی کرنیں ہوں یا غموں کے گہرے بادل پلیز مجھے میرے لیٹر کا جواب جلدی دینا۔ فقط آپ کے لیٹر کی منتظر تنزیلہ مدثر۔

عاصم جی میں نے لیٹر تو اسے دے دیا مگر دل خوف کے مارے دھڑک رہا تھا سکول سے گھر آئی تو عجیب سی اداسی چھائی ہوئی تھی میرا کسی کام کو دل نہیں کر رہا تھا نجانے اس کا صبح کیا جواب ہوگا وہ میری محبت کو تسلیم بھی کرے گا یا نہیں کہیں پھر دل نہ ٹوٹ جائے اگر اب کی بار بھی دل ٹوٹ گیا تو کیا کروں گی کدھر جاؤں گی یہ سوچیں مجھے کھائے جا رہی تھیں اداس سے دل کے ساتھ کھانے کے دو چار لقمے لیے اور لیٹ گئی پر عشا کی اذان ہو گئی میں نے وضو کیا اور رب کے حضور سجدہ ریز ہو گئی رب سے رو رو کر دعا مانگی اے میرے مالک مدثر میرے محبت کو تسلیم کر لے مجھ میں مزید دکھ سہنے کی ہمت نہیں دل تو پہلے ہی ٹوٹ چکا ہے اگر اب ٹوٹ گیا تو پھر شاید کبھی جڑ نہ پائے گا اللہ تو مدثر کے دل کو نرم کرنا تا کہ میری محبت کو قبول کرے نماز پڑھ کر بستر پر لیٹ گئی سونے کی لاکھ کوشش کی مگر نیند تو مجھ سے روٹھ گئی تھی۔

رات دیر تک بیٹھی رہی تیری دہلیز پر میری آنکھیں

خود نہیں آنا تھا تو کوئی خواب ہی بھیج دیتے

میں آنکھیں بند کر کے لیٹ گئی کہ نا جانے کب نیند کی آغوش میں چلی گئی صبح اٹھی نماز پڑھی ناشتہ کیا سکول جانے کے لیے سٹاپ پر آ گئی جب گاڑی آئی میں سوار ہو گئی کہ گیٹ کے ساتھ خالی سیٹ پر مدثر بیٹھا تھا مجھے دیکھتے ہی وہ مسکراتے ہوئے سب سے نظر بچا کر اس نے مجھے ایک لیٹر دیا میں نے کلاس روم میں جا کر لیٹر کھولا تو اس کی تحریر کچھ یوں تھی۔

اسلام وعلیکم۔ تنزیلہ جی کیسی ہو آپ نے مجھے پیار بھرا لیٹر لکھا کیا بات ہے میں تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ تم مجھ سے اپنی محبت کا اظہار کرو گی چلو اگر تم نے اظہار کر ہی دیا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے میں زندگی بھر آپ کا ساتھ دوں گا زندگی کے کسی بھی موڑ پر آپ کو تنہا نہیں چھوڑوں گا لیکن جان ایک بات کا خیال رکھنا تیری میری محبت کا کسی کو پتہ نہ چلے اپنی محبت کو ایک راز رکھنا اور یہ نمبر میرا ہے ہو سکے تو رابطہ کرنا۔ فقط آپ کا مدثر

لیٹر پڑھ کر میں بہت خوش ہوئی چلو مجھے میری محبت مل گئی لیکن مجھے کیا پتہ تھا کہ میری محبت عارضی ثابت ہو گی یہ مجھے چند دن ہی خواب دکھائے گا اس کے بعد جدائی کی سوغات دے جائیگا۔ خیر میں نے رات کو اسے کال کی تو اس نے اٹینڈ کی میری کافی دیر تک اس سے بات ہوتی رہی اس کے بعد ایک دوسرے کو الوداع کہہ کر نیند کی آغوش میں چلے گئے اسی طرح ہماری محبت چل نکلی اور اپنی محبت ہم نے آپ سب سے راز میں رکھی۔

ہماری محبت کو ایک سال کا عرصہ بیت گیا اسی دوران ہماری کافی دفعہ ملاقات بھی ہوئی ہماری ہر ملاقات ایک مخلصانہ ہوتی تھی گھر میں ہم دونوں بہنیں ابو ایک کام کرنے والی خالہ ہوتی تھی ابو اپنے کمرے میں ہوتے تھے سردیوں کے دن تھے میں نے ایک دن اسے کال کی۔

مدثر میں تم سے ملنا چاہتی ہوں آج رات کو تم

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہمارے گھر آنا۔

آپ کے گھر۔

ہاں میرے گھر۔

مگر انکل بھی تو ہوں گے۔

آپ انکل کی فکر نہ کریں۔ اس کا بندوبست میں کرلوں گی کام کرنے والی خالہ کو میں نے بتادیا ہے کہ ہمارا ایک دوست ملنے آرہا ہے تم نے ابو کو بتانا نہیں ہے۔

او کے ٹھیک ہے۔ اس نے کہا۔

اسی طرح مدثر رات کے دس بجے آ گیا میں اس کے ساتھ بیٹھک میں آ گئی ہماری رات کو یہ پہلی ملاقات تھی اس سے پہلے شہر میں دن کو ملتے تھے ہم نیچے کلین پر بیٹھ کر باتیں کرنے لگے باتیں کرتے ہوئے جذبات کی آگ کی جھلس میں جھلسنے لگے اور ہم شرافت کی تمام حدیں پار کر گئے اس میں اس کا ہی نہیں بلکہ میرا بھی قصور تھا میں نے ہی جو اسے رات کو بلایا تھا صبح ہوتے ہی مدثر چلا گیا اس کے بعد ہماری پاکیزہ محبت ختم ہوگئی اور ایک مطلبی محبت رہ گئی شروع شروع میں مدثر ہفتے میں ایک دوبارہ آتا پھر ہر رات ہی آنے لگا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ میں پریگنیڈ ہوگئی بروقت پتہ چلنے پر ہم نے کام کرنے والی خالہ کی مدد سے یہ مسئلہ حل کروایا۔

اسی دوران نازیہ مجھے بہت سمجھاتی رہی مگر ہم محبت کی ہر حد پار کر چکے تھے اب کسی کی بات کا ہم پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا نجانے میں نے اس میں کیا دیکھا تھا کہ اس کی ہر ضد پوری کر دیتی تھی اور اس پر فدا ہو کر رہ گئی تھی اس کی ہر بات آنکھیں بند کر کے مانتی چلی گئی پھر ہماری محبت کو کسی کی نظر لگ گئی ہوا کچھ یوں کہ ایک دن مدثر مجھ سے ملنے آیا اور کافی پریشان لگ رہا تھا۔ میں نے اس سے پریشانی کی وجہ پوچھی تو وہ یہ کہتے ہوئے چلا گیا۔

آپ کو پتہ چل جائے گا کہ میں کیوں پریشان ہوں۔

اس کے چلے جانے کے بعد اس کا نمبر آف ہوگیا میں مسلسل کال کرتی رہی مگر اس کا نمبر بند تھا منٹ گھنٹوں اور گھنٹے دنوں میں گزرنے لگے یہاں تک کہ ایک ماہ گزر گیا اس کا نمبر بند رہا مجھ سے اس کی جدائی نہیں برداشت ہورہی تھی ایک ایک پل مجھے صدیوں کے برابر لگ رہا تھا اس دوران میں آپ کا نمبر مسلسل ڈائل کرتی رہی مگر آپ کا نمبر بھی بند ہوتا تھا میں اپنی زندگی سے تنگ آ گئی اور موت کی طرف قدم اٹھالیا اور سپرے پی لی مگر موت نے مجھے اپنانے سے انکار کردیا مجھے بروقت ہسپتال میں لایا گیا اور میں زمانے کی باتیں سننے کے لیے آج پھر زندہ ہوں ایک ماہ ہوگیا ہے اس ہسپتال میں میرا ایک گردہ بھی فیل ہوچکا ہے دل میں سوراخ ہے عاصم کیا کروں سمجھ نہیں آتا میں اس کے بغیر کیسے زندہ رہوں گی۔

قارئین تنزیلہ اپنی بربادِ محبت کی داستان سناتے ہوئے مسلسل رو رہی تھی ہسپتال کے تمام مریضوں اور نرسنگ ڈاکٹر ہماری طرف متوجہ تھے میں اس کو چپ کروانے کی لاکھ کوشش کررہا تھا مگر وہ مسلسل روئے جارہی تھی یہاں تک کہ اس نے میرے گلے لگ کر رونا شروع کردیا تھا اور ساتھ ساتھ مجھے بھی کوس رہی تھی۔

عاصم میری بربادی کی وجہ تم ہو نہ تم میری محبت سے انکار کرتے اور نہ ہی میں آج برباد ہوتی۔

تنزیلہ پلیز چپ ہوجاؤ میں نے رومال سے اس کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا حقیقت میں میری آنکھوں سے بھی آنسو بغاوت کر چکے تھے میں بھی روئے جارہا تھا۔

بھولنا چاہتا ہوں بھول نہیں پاتا
پاگل ہے دل سمجھ نہیں پاتا

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ تو خوش ہے اپنے گلستان میں
میں خوش رہنا چاہتا ہوں رہ نہیں پاتا
جنون عشق میں نکل چکا ہوں
لوٹنا چاہتا ہوں لوٹ نہیں پاتا
کاش وہ سمجھ جائے میرے پیار کو
میں پیار دینا چاہتا ہوں وہ لے نہیں پاتا
تم ہی بتاؤ اس کو میرے پیار کی حقیقت
میں بتانا چاہتا ہوں وہ سن نہیں پاتا
میں اس سے محبت کرتا ہوں کرتا رہوں گا
یہ سمجھنا چاہتا ہوں وہ سمجھ نہیں پاتا
بھولنا چاہتا ہوں بھول نہیں پاتا
پاگل ہے دل سمجھ نہیں پاتا

میں خود کو اس کا مجرم سمجھ رہا تھا میں نے اس کو تسلی دی کہا۔

تم فکر نہ کرو میں مدثر کو ڈھونڈوں گا اسے پھر تمہاری زندگی میں لاؤں گا ہوسکتا ہے کہ وہ کسی مجبوری کی وجہ سے دور ہوا ہو۔

تنزیلہ نے نا امیدی سے کہا ٹھیک ہے عاصم تم کوشش کرلو اسے میری زندگی میں لانے کیا گر لاسکتے ہو مگر بہت مشکل ہے مجھے تو تنزیلہ میں اسے ہر صورت میں آپ کی زندگی میں لاؤں گا بشرط زندگی چلو اب اپنا موڈ ٹھیک کرو اور مسکرا کر مجھے اجازت دو ہم تو امی کو صبح گھر لے جائیں گے کیا خالہ ٹھیک ہو گئیں ہیں۔

جی ہو گئی ہیں تنزیلہ کہنے لگی۔

جانے سے پہلے مجھے خالہ سے ضرور ملاقات کرانا میں نے کہا۔

ٹھیک ہے پھر اس نے برائے نام مسکرا کر مجھے اجازت میں واپس آ گیا اور اسے کہا کہ وہ خود کو سنبھالے پھر تنزیلہ نے ایک ہلکی سی مسکراہٹ سے مجھے یہ غزل سنائی۔

دل اسی وقت سنبھل جائیگا
اس کی نفرت بھی محبت ہوگئی
میرے بارے وہ سوچے تو سہی
اس کے قدموں میں بچھادوں آنکھیں
وہ میری بستی میں آئے تو سہی
تم نہ کرو میری فکر عاصم
میں سنبھل جاؤں گی وہ آئے تو سہی

یہ تھی تنزیلہ کی داستان محبت جسے سن کر مجھے بہت دکھ ہوا بس اکثر تنہائی میں یہ ہو سوچتا ہوں کہ اے میرے رب اگر تو نے دو دلوں میں محبت ڈالی ہے تو اس میں نفرت کا درخت کیوں لگایا اگر کوئی ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی قسمیں کھا لیتے ہیں تو پھر ان کے درمیان جدائی کیوں ڈال دی ہے۔

شام کو پھر تنزیلہ کے پاس گیا اور اسے امی کے پاس لے کر آیا کافی دیر امی کے پاس بیٹھی رہی تنزیلہ پہلے سے کافی بہتر ہو چکی تھی تنزیلہ نے امی کا حال احوال پوچھا۔

امی نے پوچھا بیٹا یہ کون ہے۔

میں نے جھوٹ بولا کہ میرے دوست کی سسٹر ہے کافی دیر کے بعد تنزیلہ کو اس کے وارڈ میں چھوڑ کر آیا رات کو بھی اکثر اس کے پاس جاتا رہا کچھ دیر گپ شپ لگا کر واپس آجاتا۔

دوسرے دن واپس آ گئے امی کی طبیعت کچھ بہتر ہوئی تنزیلہ نے میرا نمبر لے لیا تھا روز فون پر رابطہ ہوتا رہتا۔ گھر آنے کے تین چار دن بعد میں مدثر کے گاؤں گیا اس کا پتہ کیا تو پتہ چلا کہ اس کی کسی کو کوئی خبر نہیں اس کا گھر میں جھگڑا ہوا تھا بس اسی دن سے غائب ہے کال کرتے ہیں تو اٹینڈ نہیں کرتا۔

میں نے اس کے ایک دوست سے اس کا نمبر لیا کال کی تو اس نے بیزی کردیا تین چار دن میں مسلسل کال کرتا رہا مگر اس نے بات نہ کی پر میں نے میسج کیا کہ مدثر بھائی بات سنو میں آپ

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کا کلاس فیلو ہوتا دکھی ہوں سکول چھوڑنے کے بعد مدثر سے بھی ملاقات نہیں ہوئی تھی میں نے تین چار میسج کیے پھر اس نے کال کی حال احوال پوچھا میں نے کہا۔

بھائی کہاں ہو اس نے بتایا کہا لاہور فلاں جگہ ہوں میں نے کہا۔

گھر کب آنا ہے مجھے آپ سے ملنا ہے۔ اس نے کہا۔

بھائی میرا تو کوئی گھر نہیں ہے البتہ آپ کے پاس ضرور آؤں گا۔

پھر میں نے اسے بتایا کہ ہم اب ملتان میں نہیں چوک میتلا ہیں وہاں عاصم پائپ فیکٹری کے نام سے میری شاپ ہے کسی سے بھی پوچھ لینا یا کال کر لینا میں آپ کو ریسو کرلوں گا ٹھیک ہے بھائی میں اگلے ہفتے آؤں گا۔

ٹھیک ہے ان چند باتوں کے علاوہ اس وقت اس سے کوئی بات نہ ہوئی اور نہ ہی میں نے کرنا مناسب سمجھا میں اگلے ہفتے کا انتظار کرنے لگا اور دوسرے دن تنزیلہ کے پاس گیا اسے مدثر کے بارے میں بتایا بہت خوش ہوئی میں اس کے پاس بیٹھا تھا کہ میں نے ایک ڈاکٹر نے آواز دی میں گیا تو وہ مجھے اپنے ساتھ ایک روم میں لے گیا اور کہنے لگا۔

بیٹا آپ اس مریض کے کیا لگتے ہیں میں اس کے سوال پر پریشان ہو گیا لیکن پھر بتایا۔

میں اس کا دوست ہوں اور تقریبا سکول لائف کے بعد چھ سال بعد ہماری ملاقات ہوئی ہے۔ ڈاکٹر نے بتایا۔

اس پر کوئی دوائی اثر نہیں کر رہی تھی لیکن جب سے آپ آنے لگے ہو یہ خوش رہتی ہے اور آپ کے لیے خوشخبری یہ ہے کہ اس کا دل کا سوراخ کا جو مسئلہ تھا وہ اب بالکل ٹھیک ہے جتنا ہو سکے اس کو خو

ش رکھو خدا خیر کرے گا۔

او کے ٹھیک ہے میں نے کہا اور پھر یہ خوشخبری میں نے تنزیلہ اور اس کے ابو کو بھی بتائی کافی دیر اس کے پاس بیٹھا رہا پھر واپس آ گیا۔

وقت گزرتا رہا اور وہ دن بھی آ گیا جب مدثر کی کال آئی بھائی میں آپ کے شہر فلاں جگہ پر ہوں مجھے لے جاؤ میں جلدی جلدی گیا اسے مل کر بہت خوشی ہوئی بلکہ خوشی کے مارے میری آنکھوں سے آنسو نکل آئے آخر اتنی مدت کے بعد جو ملے تھے خوشی تو ہونی تھی۔

آنسو بہا بہا کر بھی ہوتے نہیں کم
کتنے امیر ہوتے ہیں غریب کے آنسو

پھر ہم گھر آ گئے کھانا وغیرہ کھایا ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں پھر شام کو کھانے سے فارغ ہو کر میں اصل موضوع کی طرف آیا۔

مدثر بھائی آپ نے تنزیلہ سے اچھا نہیں کیا

کیا کیا تنزیلہ سے اچھا نہیں۔

کیا۔ وہ چونکا۔

ہاں مجھے سب پتہ چل چکا ہے مدثر خاموش ہو گیا مدثر آپ نے اس سے بے وفائی کیوں کی کیوں اس کی زندگی برباد کر کے اس کو تنہائی کی سوغات دی اس نے آپ کی وجہ سے خودکشی کرنے کی کوشش کی زندگی ختم کرنے کی کوشش کی مگر موت نے اسے اپنانے سے انکار کر دیا وہ آج ہسپتال میں ہے اس کے ساتھ میں نے ساری تفصیل بتائی تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے وہ میرے گلے سے لگ کر رونے لگا اس کے آنسوؤں نے میرا کندھا تر کر دیا میں نے بھی چپ نہ کروایا نہ جانے وہ کب سے کسی کندھے کی تلاش میں تھا جس پر وہ سر رکھ کر اپنے دل کا غبار نکالے آج شاید اسے بڑی مشکل سے وہ کندھا نصیب ہوا تھا جس کی اسے تلاش تھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ مجھ سے سارے رشتے توڑ کر چلے گئے
بس یہ کہہ کر
میں تو تم سے محبت سیکھنے آیا تھا
کسی اور کے لیے

ہاں بھائی عاصم میں اس کا مجرم ہوں میں گنہگار ہوں مگر بے وفا نہیں ہوں۔

عاصم بھائی میرے ساتھ حالات نے بہت برا کیا وقت نے میرا بڑا امتحان لیا ہے میں نے جن کا ہمیشہ بھلا سوچا آج انہوں نے ہی مجھے بے گھر کر دیا جنکی بھلائی چاہی انہوں نے ہی مجھے برا بنا دیا بھائی میں تنزیلہ کو کسی حال میں چھوڑنا نہیں چاہتا تھا مگر کیا کروں مجبوری تھی میرے پاس تو اپنا سر چھپانے کے لیے چھت بھی نہیں رہی تھی میں اس کو کہاں رکھتا میں نے ہمیشہ رشتوں کا احترام کیا رشتوں کا احساس کیا اپنے خون کو خون سمجھا مگر میرے رشتے داروں نے صرف پیسے کو ترجیح دی انہوں نے صرف پیسے کو دیکھا پھر میں نے پیسے کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ تو انہوں نے مجھے گھر سے بے داخل کر دیا۔

میرے ابو کو میرے بارے میں جھوٹ بول بول کر میرا اخبار میں عاق نامہ لگا دیا گیا بھائی ہم بچپن میں ہی گاؤں کو چھوڑ چکے تھے اور شہر آ گئے تھے ابو شہر میں ملازمت کرتے تھے میرے ابو چار بھائی اور تین بہنیں تھیں میرا چھوٹا چاچو آرمی میں تھا باقی دو چاچو گاؤں میں رہتے تھے ہماری زمین بھی انکے پاس تھی میرے ابو اور چاچو فوجی نے کبھی ان سے زمین کا ٹھیکہ نہیں مانگا تھا ہمارا شہر میں کرائے کا مکان تھا ابو کی تنخواہ سے گھر کا خرچہ چل رہا تھا۔

وقت گزرتا چلا گیا ہم بڑے ہو گئے اخراجات بھی بڑھ گئے آمدنی کم ہونے لگی پھر ابو اور چاچو نے ان سے ٹھیکے کا مطالبہ کر دیا وہ ٹھیکہ آدھا دینے لگے۔

دوسری کی نسبت اب گاؤں والے چاچو کی اولاد بھی جوان ہو رہی تھی ہم شہر میں تھے شہر کے اخراجات اتنے تھے کہ ہم اپنی جگہ نہ لے سکے ہم ابھی تک کرائے کے مکان میں رہتے تھے ہم جب بھی گاؤں جاتے بڑے تو بڑے ان کے بچے بھی باتیں کرتے تم اتنے بڑے ہو گئے ہو اپنی جگہ نہیں لے سکے ویسے گاؤں زمین کے ساتھ ساتھ ذاتی مکان بھی تھا جو خالی پڑا ہوا تھا۔

ان کی باتیں سن کر مجھے بڑا غصہ آتا کہ ایک تو ہمارا کھا رہے ہیں دوسرا ہمیں ہی باتیں کرتے ہیں میں نے غصہ میں آ کر اپنی پھوپھو سے چند باتیں کی مجھے اس پھوپھو پر بہت بھروسہ تھا میں نے سوچا یہ ان کو سمجھائے گی مگر اس نے سمجھانے کی بجائے میرے چاچو کو میرے خلاف بھڑکا دیا پھر دونوں نے مل کر میرے ابو کو فون کیا اور میرے خلاف اتنا کچھ کہا کہ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا اور ایسی ایسی باتیں کی جو میں نے ان سے کی ہی نہیں تھیں ابو نے مجھ سے کچھ پوچھے بغیر ہی ملتان خبریں اخبار میں میرے عاق نامہ کا اشتہار دے دیا میں ان دنوں بلڈنگ میٹریل کی دکان پر کام کرتا تھا جب مجھے پتہ چلا تو میں بہت رویا۔

کاش ابو مجھ سے ایک بار پوچھ لیتے کہ مدثر تم نے یہ بات کی ہے کہ نہیں میں نے دو دن تک کچھ نہیں کھایا بس ہر وقت روتا رہتا اب نام نہاد دوست بھی مذاق کرتے ہیں میں غصہ میں تھا میں چاچو کو مارنے تک چلا گیا۔

میں ان کو مارنے کا مکمل بندوبست کر لیا پھر میرے چاچو اور آنٹی نے میرا ساتھ دیا ان کے کہنے پر میں نے اپنا ارادہ ترک کر دیا یہ سب کروانے میں میری اور پھوپھو کے بیٹے نے بھی خوب کردار ادا کیا تھا خیر میں نے آنٹی کی بات مان کر خدا پر سب کچھ چھوڑ دیا اور رب سے دعا کی کہ اللہ تو

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بہتر جانتا ہے کہ سچ کیا ہے تو بہتر انصاف کرنے والا ہے رب سے ہر دعا مانگ کر میں دوستوں کے طعنوں سے تنگ آ کر لاہور جاب پر چلا گیا اپنے نمبر بند کر دیئے پھر میرے خدا نے مجھے صبر کا پھل دیا پھوپھو کے بیٹے کا ایکسیڈنٹ ہو گیا کافی دن بستر پر پڑا رہا چلنے کے قابل تو ہوا پھر سیڑھیوں سے گرا کافی چوٹیں جب زخم ماند پڑے تو پھر موٹر سائیکل سے گر گیا کافی چوٹیں آئی آج بھی چار پائی پر ہے اور جس چاچو نے اپنا کردار ادا کیا تھا اس کی بیگم روٹھ کر میکے چلی گئی ہے اس کا سسر گھر آ کر اس کی بے عزتی کر کے گیا ہے بچے آدھے ماں کے ساتھ اور آدھے اس کے پاس ابو کو بھی اب حقیقت کا پتہ چل گیا ہے علاقے کے بہت سارے لوگ ابو کو کہہ رہے ہیں کہ عاق نامہ واپس لو بھائی میری امی ان دنوں شدید بیمار ہیں اور میں کبھی کبھی چوری چھپے جا کر اس سے مل آتا ہوں ماں اور بہنوں سے ملنے کے لیے گھر جاتا ہوں بھائی میں تو اس عید پر بھی گھر نہیں گیا ہوں مجبور ہوں ورنہ کون چاہتا ہے کہ وہ اپنی بیمار ماں کو چھوڑ کر پردیس میں جائے کون چاہتا ہے کہ وہ عید پر پردیس میں کمرے میں جب بھی گھر جاتا ہوں ماں مجھے گلے لگا کر بہت روتی ہے بھائی میں تو سب دشمنوں کو مار کر خود بھی مرنا چاہتا تھا مگر پھر ماں اور معصوم بہنوں کا خیال آتا ہے تو میری ماں مجھے لاکھوں دعائیں دیتی ہیں ہاں آخر ماں ہوتی ہے وہ ہر حال میں اولاد کا ساتھ دیتی ہے

اپنے ہوتے ظلموں کی داستان سناتے ہوئے مدثر مسلسل رو رہا تھا۔ میں نے اسے گلے سے لگا لیا بس میرے دوست بس آپ نے اب رونا نہیں ہے خدا خیر کرے گا پھر مدثر نے روتے ہوئے کہہ دیا۔

بھائی مجھے صبح تنزیلہ کے پاس لے چلو میں نے کہہ دیا۔

ٹھیک ہے کہ میں تم کو لے جاؤں گا۔

رات کو میں نے تنزیلہ کو کال کر کے سب کچھ بتایا وہ بہت خوش ہوئی کہ مدثر صبح اس کے پاس آ رہا ہے میں نے کہا۔

تنزیلہ گلے شکوے اس سے ضرور کرنا مگر اتنا خیال رکھنا وہ آپ سے زیادہ دکھی ہے تنزیلہ نے کہہ دیا۔

ٹھیک ہے میں اس کو کچھ نہیں کہوں گی آپ اسے ضرور لے کر آنا دوسرے دن میں مدثر کو لے کر تنزیلہ کے پاس چلا گیا تنزیلہ نے سے دیکھتے ہی ایک غزل سنا کر سارے گلے شکوے کر دیئے۔

زندگی کی راہوں میں تم جب چھوڑ گئے آخر
بڑے ہمدرد بنتے تھے دل توڑ گئے آخر
تم پر تو بڑا مان تھا میری محبت کو
اب کسی سے گلہ کرو تم ہی منہ موڑ گئے آخر
لوگ تو چلو لوگ جو کیا سو کیا
بھری دنیا میں تنہا چھوڑ گئے تم بھی آخر
تم تو کہتے تھے ہم وہ نہیں جو چھوڑ دیں اپنوں کو
اپنی قسمیں اپنے وعدے خود ہی توڑ گئے آخر
وار کیا پیار نبھایا تم نے آخر
ہم کو راہ محبت میں روتا چھوڑ گئے آخر

پھر دونوں ایک دوسرے سے ملے اور تنزیلہ میری طرف مشکور نگاہوں سے دیکھنے لگی میں اور نازیہ دونوں کو چھوڑ کر ڈاکٹر کے پاس گئے ڈاکٹر نے چھٹی لکھ دی ساتھ کچھ ادویات بھی پھر ہم گھر آ گئے سب بہت خوش تھے دو دن بعد میں مدثر کو لے کر اس کے ابو کے پاس گیا اس کے ابو نے مدثر کو معاف کر دیا ہ نے ساری تفصیل اس کے ابو اور تنزیلہ کے ابو کو بتائی پھر دونوں گھرانوں میں رضامندی اور خوشی سے دو نومبر کو مدثر اور تنزیلہ کی شادی ہو گئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اب دونوں اپنے گھروں میں بہت خوش ہیں میری اللہ پاک سے دعا ہے کہ ان کو ہمیشہ خوش رکھے آمین۔

قارئین کرام یہ تھی تنزیلہ کی داستان محبت آپکو کیسی لگی اپنے رائے سے ضرور نوازیے گا خاص کر یہ ضرور بتانا کہ تنزیلہ کو اتنے زیادہ دکھ سہنے پڑیں گے کیا ان میں قصور میرا بھی ہے یا نہیں ہر قارئین کی رائے تنزیلہ اور مدثر تک جائے گی اب انشاءاللہ وہ بھی جواب عرض کی دکھی نگری میں شامل ہونے والے ہیں۔

آخر میں جن دوستوں سے نمبر بند ہونے کی وجہ سے رابطہ ختم ہوا تھا ان سب سے گزارش ہے کہ دوبارہ اس نمبر پر رابطہ کریں جن میں کرن بہاولپور سونیا گوجرہ سعدیہ بشیر ہیڈ راجگاں نور فاطمہ کویت نورین سعدیہ رضوان ابوبکر ریحان ذیشان تمام دوست رابطہ کریں۔

ایک پیغام اپنے جاننے والوں کے نام۔

آج سے دو سال پہلے میں نے آپ کے لیے اتنا کچھ کیا اپنوں کو ٹھکرایا ان سے جھگڑا کیا سب کا سامنا کیا سب سے کہا کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں جس کا آپ کو بھی پتہ چل گیا مگر یہ بات تم سے نہ کہہ سکا۔ اور تم بھی پتھر دل نکلی تم ہی میرے ساتھ اسی موضوع پر بات کرلیتی تم غیر تو نہیں تھی اپنی تھی میری کزن تھی تم ہر خوشی غمی میں اکٹھے ہوتے تھے خیر جو ہوا سو ہوا میری اب دعا ہے کہ خدا آپ کو خوش رکھے میرے حصہ کی خوشیاں بھی آپ کو مل جائیں غموں کے بادل کبھی آپ کے پاس سے نہ گزریں آمین۔ آپ کی رائے کا منتظر رہوں گا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

جنت کے بدلے نصیب

---تحریر: حاجی محمد انور لانگ۔ جھنگ۔ 0345.7091441

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آپ پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔ جنت کے بدلے نصیب۔ کے ساتھ حاضر ہورہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

میری کہانی کاش یہ خواب ہوتا ماہ دسمبر کے شمارہ میں شائع ہوئی میں نے جس انداز و تسلسل میں کہانی لکھی میں نے اپنی توانائی صرف کر دی مگر چھپنے کے بعد کہانی کا حلیہ عجیب شکل میں ملا آگے کے حالات بعد میں اور بعد کے حالات شروع میں لگا دیئے گو پڑھنے والوں نے اسے پسند تو کیا مگر میری محنت رائیگاں گئی میں اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گیا اور دل ناتواں کو بے شمار گالیاں کہہ گیا کہ خواہ مخواہ پنگا لینے سے کیا حاصل۔ لیکن یہ لکھنا اور پھر چھپنا نئی سوچ کے ساتھ پروان چڑھتا ہے ایک بات چلتے چلتے سچ لکھ دیتا ہوں جب کوئی رائٹر بنتا ہے میرا مطلب ہے قلم سنبھالتا ہے کہانی کی ابتدا کرتا ہے اسی روز اس کے اندر ایک چھوٹا سا شیطان جنم لیتا ہے تمام رائٹرز سے معذرت کے ساتھ جوں جوں وہ لکھاری تجربہ حاصل کرتا جاتا ہے شیطان بھی جوان ہوتا جاتا ہے اور اس کا ناک بھی عقل کی طرح موٹا ہوتا جاتا ہے اور ہم لوگ اکثر بہک جاتے ہیں اور دل ہتھیلی پر رکھ کر شکار کرتے ہیں لیکن براہ کرم میری بات کا برا نہ مانیے خواتین لڑکیاں جب جواب عرض میں کہانی پڑھتی ہیں تو وہ ایک رائے قائم کر لیتی ہیں اور رابطوں کا سلسلہ چل نکلتا ہے مجھے تجربہ حاصل ہوا کہ بس فوراً رائے قائم کر لینا اور بریک نہ لگانا لڑکیوں کی غلطی عظیم غلطی بن جاتی ہے پلیز پلیز رائٹرز کو فون پر اپنی رائے مت دیں جواب عرض میں لکھ دیں جو کچھ کہانی پر کہنا ہے۔

ایک دو روز پہلے فیس بک پر ملتان کی دو لڑکیوں نے دوستی کی اور دوستی میں چلتے چلتے وہ دو لڑکوں کے ساتھ راولپنڈی جا پہنچی خبر ہے اغوا ہو گئیں مگر میری ناقص رائے میں اپنی مرضی سے گئیں لڑکوں پر پرچہ درج ہوا اور وہ راولپنڈی سے برآمد ہوئیں مگر خدا جانے عزت بچ پائی یا شیطان نے عید

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

منائی۔

بہت سی لڑکیاں سمجھدار بھی ہوتی ہیں وہ شروع میں ہی انکل کا خطاب دے دیتی ہیں اور کچھ بچاری عمر شادی شدہ بیوی بچے پوچھتی رہ جاتی ہیں اور ہم بھی ان سے پھر اسی انداز میں سوال جواب کرتے ہیں بھلا سچ بتا کر رائٹر نے پھنسنا ہے اسی لیے غیر ضروری سوالوں سے اجتناب کریں اور انکل کہہ کر اپنا دامن بچالیں۔

لالیاں کی نور صاحبہ بہت سمجھدار ہیں درازی عمر کی دعا دیتا ہوں قصور کی سارہ صاحبہ بہت سیانی اور سمجھدار ہیں انکے دل میں کوئی سوراخ نہیں ہے میں نے جھانکنے کی کوشش کی ان کا میں معترف ہوں اور جڑانوالہ کی مس صنم صاحبہ جنھوں نے الف بے انکل سے شروع کی اور ایکس وائے زیڈ ابا ریاض حسین شاہد پر ختم کی صنم نے اپنے محبوب کو پانے کے لیے مٹی کا تیل اپنے معدے میں اتار لیا مگر قسمت اچھی تھی بچ گئی وہ ظالم فون پر وعدے دعوے کرتا رہا اور جب محبت اثر کر گئی تو بے وفا بن گیا۔ان کی کہانی بڑی دلدوز ہے جسے لکھنے کے لیے صنم کے پاس وہ اصلی دل نہیں ہے کبھی اس کہانی کبھی آپ پڑھیں گے اسی دوران میں نے صنم سے یہ کہانی حاصل کی جو زیر مطالعہ ہے یہ میں نے فون پر پیچ لگا کر وقفے وقفے سے حاصل کی۔ گو اس کہانی میں محبت کا رنگ موجود تو ہے جسے میں بہت کم بیان کروں گا اصل موضوعی کہانی لکھنا ہے اور اس کردار کے جذبے اور حوصلہ کی داد دینا ہے جو اس بے حس دنیا میں اپنا وجود سمیٹ کر بچوں کو پال رہی ہے۔اور اپنے نشے میں مست دھت خاوند جو فیصل آباد کی کسی نہ کسی فٹ پاتھ پر سردراتیں سے بے پرواہ خاک دھول بطور آکسیجن کے طور پر لیے جی جا رہا ہے مجھے یہ جان کر حیرت ہوئی کہ وہ جو در در بھیک مانگی ہوئی صنم کے گھر ایک روز داخل ہوئی اور وہ وہاں اپنی کہانی

چھوڑ گئی۔۔۔۔جو صنم نے اس بوجھ کو میرے ناتواں کندھوں پر ڈال دیا۔وہ لڑکی پھر بھی حالات کا مقابلہ کر رہی ہے اور زمانے کی ستم ظریفوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئی ہے کہتے ہیں لعل گودڑیوں میں بھی لعل رہتے ہیں وہ ہر موسم میں تازہ دم خوبصورت اور پیارے ہی لگتے ہیں گھروں سے روٹی اور آٹا مانگنے والی لڑکیاں پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے کیوں پھرتی ہیں کبھی جھانک کر دیکھئے تو پتہ چلے گا وہ کتنے نشیب وفراز کے ادوار جھیل چکی ہیں ایسی ہی ایک حسین جمیل لڑکی جڑانوالہ کی سر سبز زمین پر پیدا ہوئی اس کی ماں نے بھی خوشی منائی تھی کہ وہ ایک پیاری تتلی تھی کہ نرم نازک وجود والی اس کے سینے میں بھی ایک خوبصورت دل تھا جو بچپن سے بے شمار خواہش رکھتا تھا خدا تعالیٰ نے اس لڑکی کو جیسے خود اپنے ہاتھوں سے بنایا تھا آپ خود تصور کیجئے کہ خوبصورتی کیا ہوتی ہے میں کوئی ناک آنکھ نقشہ بیان نہیں کروں گا آپ کا دل بھی مجھے اور آنکھیں بھی ہیں اور دماغ بھی ہے آپ کے سامنے خوبصورتی کا کیا معیار ہے بس وہی معیار ذہن میں تصور کر لیں اور سمجھ لیں یہ لڑکی آپ کے اس معیار سے بھی آگے ہے غریب گھرانے میں جنم ہوا اور گودڑیوں میں رلتی پلتی جوان ہوگئی میں اس کے بچپن پر محیط سالوں کا حساب نہیں لگاؤں گا پھر جوانی میں کیسے قدم رکھا اس قصے کو بھی چھوڑیے ماں باپ بہت غریب تھے مانگ کر گزر بسر کرتے تھے مانگنے والے کچھ حیادار بھی ہوتے ہیں وہ کبھی صدائیں نہیں لگاتے دروازے پر پہنچ کر صدا لگائی اگر مل گیا تب بھی دعا دے کر چل دیئے اور نہ بھی در کھلا تب بھی دعا دے کر چل دیئے۔خدا نے صبر کا حصہ ہر انسان کو تقسیم کر دیا ہے لیکن ہم لوگ مشکل وقت میں صبر کو گرہ میں نہیں باندھ سکتے اس لڑکی کا نام پروین سمجھ لیں یہ صبر کا حصہ لے کر گھروں میں جاتی ہے مانگتی ہے جو در سے مل جائے اپنا نصیب سمجھ لیتی ہے۔ہر

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

لڑکی ایک روز صنم کے گھر جاتی ہے صنم اسے دیکھ کر حیران رہ جاتی ہے صنم نے مجھے بتایا کہ وہ کتنی خوبصورت ہے ہم مرد لوگ تو جس لڑکی پر نگاہ ڈالتے ہیں وہی ہمیں خوبصورت لگتی ہے مگر لڑکیاں کسی کو خوبصورت مان لیں تو وہ خوبصورت ہی ہوگی مس صنم نے بتایا کہ میری خوبصورتی اس کے سامنے ہیچ ثابت ہوئی اور میں اس کے سامنے نوکرانی لگنے لگی حالانکہ بقول صنم کے وہ بھی خوبصورت ہے تبھی تو ایک لڑکا اس پر لٹو ہوا تھا اور نے بھی ایک بد دماغ لڑکے سے محبت کی تھی قسمیں وعدے عہد و پیمان کر کے وہ لڑکا بے وفا نکلا اور رحیم یار خان سے باہر ایک قدم بھی نہ نکال سکا ایسے مرد بزدل اور اپنی ذات کے گرد ایک خول چڑھائے تلاش محبت میں جیتے ہیں مگر جب بھی محبت ملتی ہے تو وہ بزدلی کا خول نہیں اتار سکتے یہی دسمبر کا مہینہ جدائیاں دے گیا اور صنم آج بھی منتظر ہے کہ آئے گی رلیحہ کی بارات مگر یہ کہانی الگ ہے۔

صنم نے پروین کو بلایا اسے چارپائی پر بیٹھایا پہلے ایک لسی کا گلاس دیا بعد میں اٹھ کر اندر گئی اور ایک سو روپے کا نوٹ نکال کر لائی اس کی ہتھیلی پر رکھ دیا اور وہ بھی ایک بوتل میں ڈال دیا اس کے نرم و نازک نومولود بچے کے لیے صنم نے پوچھا کہ تم کیوں مانگتی ہو خوبصورت ہو گھر بسالو اور سکون سے زندگی گزارو۔ پروین نے اپنے کندھے پر لٹکتا ہوا پیوند شدہ تھیلا درست تو کرلیا مگر آنسوؤں نے ہمت کمزور کردی اور پھر تھیلا کندھے سے سرک گیا پروین نے اتنا کہا کہ بہنا گھر تو بسایا تھا یہ معصوم سی جان اس گھر بسانے کی نشانی ہے صنم دم بخود رہ گئی وہ شاید اس کی چھوٹی بہن کی نشانی سمجھ رہی تھی پروین نے اتنا ہی کہا کہ بہن جی اگلی دفعہ آئی تو اپنی توانائی بحال کرتے ہوئے کچھ کہہ پاؤں گی اور پروین اپنی چپل گھسیٹتے ہوئے دروازے سے باہر نکل گئی اور بہت سی دعائیں اس گھر کے در و دیوار میں چھوڑ گئی۔

صنم کہتی ہے کہ وہ میرے گھر سے باہر نکلی دوبارہ آنے کا کہہ گئی میں چاہتی تھی کہ وہ ابھی اگلے پل ہی واپس آجائے گی اور وہ مجھے سب کچھ سنادے جو کچھ اس کے دل میں ہے یا جو کچھ اس کی زندگی سے جڑا ہوا ہے مگر پروین نے کتنے گھر اور بھی جانا تھا خدا جانے وہ مشرق سے آئی تھی یا مغرب کی سمت چلی گئی مجھے اس کا پتہ نہیں۔

میں نے صنم کو کہا کہ آپ مجھے اس کے بارے میں ایک ایک لفظ کھول کر بتائیں کہ وہ کہاں سے آئی اور کیوں اس کی آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے آخر کچھ تو ہوگا خدا نے چند روز بعد پروین کو دوبارہ اسی محلہ میں بھیج دیا خدا جانے پروین کو صنم کا گھر یاد تھا یا نہیں۔ مگر وہ پھر اسے پہلے والے انداز میں صنم کے گھر کے باہر آواز لگائی تو صنم بھاگ کر گئی اور اسے پکڑ کر اندر لے آئی۔ اس روز صنم نے کہا کہ آج تو کہیں اور سے مانگنے نہ جائے گی میں تمہیں سب کچھ دے دوں گی تو یہ اپنا تھیلا اتار کندھے سے اور چارپائی پر بیٹھ جا میں تیرے لیے لسی کا گلاس لاتی ہوں تو ابھی کچھ سانس لے لے۔ پروین بیٹھ گئی صنم لسی کا گلاس لائی اس نے ایک ہی سانس میں گلاس گلے سے نیچے اتار دیا دوپٹے کے پلو سے ہونٹ صاف کئے جب اس نے ہونٹ صاف کئے تو ایسے لگا کہ اس نے قلو پطرہ کی لپ اسٹک لگا رکھی ہو ہونٹوں کی اوٹ سے موتیوں جیسے دانت چمک اٹھے صنم نے اس کی یہ سادہ سی ادا بیان کی اور اس کی کہانی سنائی۔

پروین کہتی ہے کہ میری خوبصوتی نے مجھے مار دیا اور ایک لڑکے سے عشق ہو گیا عشق نے ایسا دماغ گھمایا کہ میں اس کی دیوانی ہوگئی دیوانگی انتہا کو جا پہنچی اور اس نے ایک قسم کھائی کہ وہ کسی اور کے ساتھ شادی کرنے کو توہین سمجھتی تھی بلکہ گنہگار مانتی تھی پروین کی اس لڑکے کے ساتھ شادی ہوگئی وہ اپنے محبوب کے گھر سدھار گئی پروین کو جیسے ساری کائنات مل گئی اس

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا پروین کو ایک بعد خدا نے ایک لڑکی عطا کی جو گونگی اور بہری تھی مگر اس نے خدا سے پھر بھی کوئی گلہ یا شکوہ نہ کیا۔

اگلے سال پھر پروین کو خدا نے ایک اور لڑکی عطا کی تاکہ پروین پہلی بیٹی کے غم بھول جائے۔ دوسری بیٹی کیسی تھی پروین چپ ہوگئی۔ پروین کا خاوند جو مجازی خدا تھا اور چاہنے والا تھا نشے میں گرفتار ہوگیا اور اسے نشے نے ایسا برباد کیا کہ جہیز سمیت برتن حتیٰ کہ گھر کی ہر چیز ایک ایک کر کے بیچ کر نشے میں اڑادی پھر اسی دوران خدا نے پرون کو صبر کے بدلہ ایک خوبصورت سا بیٹا عطا کیا یہ تیسری روح پروین کے ناتواں کندھوں پر بوجھ بن گئی۔ مگر پروین نے ہمت اور کس لی دن رات چار روحوں کو سنبھالنے میں کمر بستہ ہوگئی۔ اس کے برعکس اس کے خاوند کو اتنا بھی ہوش نہ تھا کہ وہ اپنے بیٹے کا ماتھا چوم کر پروین کی خوشی میں ایک چھوٹی سی کرن کا اضافہ کر دے یا اتنا ہی کہہ دے کہ پروین میرے بیٹے کا نام فلاں رکھ دے مگر اس کے باوجود پروین کے جذبے میں اور فرائض میں ذرا بھی کمی نہ ہوئی جب سارا گھر کا سارا سامان نشے کی نذر ہوگیا اور گھر میں کچھ بھی نہ بچا سوائے کم سن اولاد کے یہ منظر دیکھ کر پروین کے ابو غربت کے باوجود بھی اپنے گھر دوبارہ لے آئے تاکہ وہ نواسوں کو کچھ سنبھال سکے اور پروین کا بوجھ کچھ ہلکا ہو سکے والدین چاہے کتنے ہی غریب کیوں نہ ہوں اپنی اولاد پر ہر چیز قربان کر دیتے ہیں۔

پروین کا والد جو بوڑھا اور ضعیف تھا ایک تھرماس میں چائے بنا کر بھر لیتا اور تین چار پیالیاں کپ اپنی کانپتی ہوئی انگلیوں میں ڈال کر باہر مارکیٹ کی فٹ پاتھ پر گرم چائے گرم چائے کی آوازیں لگاتا اور جب تھرماس خالی ہو جاتا چند روپے لا کر پروین کی ہتھیلی پر رکھ کر سکون سے سو جاتا مگر خدا کو اتنی سی خدمت بھی پسند آگئی اور ایک روز بابا چائے والا تھرماس پکڑے سڑک پر جا رہا تھا کہ پیچھے سے ایک ٹرک کی ٹکر لگنے سے اپنے مالک حقیقی کو جان دے دی اور مالک حقیقی سے جاملا۔ اس کی جیب میں نہ تو کوئی شناختی کارڈ تھا نہ اتہ پتہ کہ یہ لاش کس بابا کی ہے کیا نام ہے اور اس کا ٹھٹھراتی سردی میں پوری رات اس کی لاش سڑک پر پڑی رہی ٹرک والا بھاگ گیا مسلمان کی یہی پکی نشانی ہے ہلکا سا جو ایمان تھا حادثہ ہونے سے وہ بھی چلا گیا اور بابا کا خون چند منٹوں بعد سڑک پر جم گیا اگلی صبح پولیس نے لاش کو اٹھایا اور لاوارث قرار دے کر منوں مٹی ڈال دی کون بابا کو تلاش کرتا پروین یا اس کا خاوند۔ وہ تو فیصل آباد کی فٹ پاتھ کی گرد میں اتا پڑا تھا نہ جانے کہاں پر پروین کو اتنا بھی معلوم نہیں تھا کہ وہ رات اٹھ کر کسی سڑک پر جا کر بابا کو آوازیں لگاتی بابا کہاں ہو کس سمت ہو یہ آخری سہارا بھی پروین کے سر سے اٹھ گیا پروین جو بابا کے سہارے گھر آئی تھی جب وہ سہارا ہی نہ رہا تو پھر مجبوراً مانگنے نکل پڑی۔

پروین کی ماں تو پہلے ہی اللہ کو پیاری ہو چکی تھی اک بھائی تھا بھائی تو بہنوں کا مان اور سہارا ہوتے ہیں اس کا بھائی بھی پسٹل کی صفائی کے دوران اچانک گولی چلنے سے معذور ہو گیا تھا ایک زندہ لاش اس کا بھائی مرنے سے بچ گیا مگر اس کا بھی بوجھ پروین کے ناتواں کندھوں پر آن پڑا پروین کہتی ہے کہ میں آج بھی اپنے خاوند کے حق میں بیٹھی ہوں اگر میں اپنے خاوند کے پاس ٹھہرتی جسے اب ہوش ہی نہیں وہ مجھے بھی اور بچوں کو بھی بیچ کر کسی نہ کسی سڑک کے گرد آلود فٹ پاتھ پر سسک رہا ہوتا میری قربانی بھی اسے نشے سے باہر نہ لا سکی بھی تو بابا نے مجھے قربان ہونے سے بچا لیا مگر خود کو نہ کچھ اور دنوں کے لیے نہ بچا سکا۔

صنم نے سوال کیا کہ کملی تو اپنے خاوند سے طلاق لے کر دوسری شادی کر لے تو آج بھی اتنی خوبصورت ہے کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا کہ تو شادی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

شدہ ہے اور تیرا بوجھ بانٹنے والے تو بہت سے مل جائیں گے پروین نے پہلے روز کی طرح دوپٹے کے پلو سے آنکھیں صاف کیں کہنے لگی۔

کیوں طلاق لوں وہ تو میری محبت ہے میں تو اپنی محبت پر قربان بھی ہو جاتی مگر بابا نے ایسا نہیں ہونے دیا اب اس گھر میں میرے بابا کی روح شام کو ضرور آتی ہوگی میں یہ در چھوڑ دوں میں یہ برداشت نہیں کر سکتی اب مجھے اپنے بابا کی محبت کچھ اور کرنے نہیں دیتی میری محبت زندہ تو ہے اور ابھی میری سانس چل رہی ہے وہ مر گیا تو اس کی قبر پر بچوں کو لے کر بیٹھ جاؤں گی وہاں کہیں بابا بھی موجود ہوں گے طلاق تو بہت گندہ لفظ ہے خدا تعالیٰ چاہنے والوں کو کبھی جدا نہ کرے کسی نے سچ کہا ہے کہ کسے دا یار وچھڑے

جب یہ پروین نے کہا تو صنم کی غم زدہ آنکھوں میں نمی تیرنے لگی اور پروین کے سامنے پلو کا سہارا نہ لیا اتنا کہہ کر پروین قدرے خاموش ہوگئی اتنا کہنے کے بعد پروین کہنے لگی۔

نہیں جی خدا جانے زندگی اور کتنی ہے میں اب ایک ماں ہوں اور خدا نے میرے قدموں میں جنت رکھ دی ہے جانتی ہیں ناں کہ ایک ماں کے قدموں تلے جنت ہوتی ہے اگر کوئی مجھے کہے کہ اگر تم سے جنت واپس لے لی جائے اور اس جنت کے بدلے تم کیا مانگو گی تو میں خدا سے یہی مانگوں گی کہ بے شک جنت واپس لے لے اور مجھے اپنی اولاد کا نصیب خود لکھنے کا حق دے دے انکے نصیب پر بے شمار جنت اور جنت کے وسیع و عریض دودھ کی بہتی نہریں قربان۔

صنم تو دم بخود رہ گئی کہ ایک بھکارن لڑکی کی اپنی اولاد کے لیے اتنی گہری سوچ جو پڑھے لکھے انسان کے تصور سے بھی بالاتر پروین کی آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے حسب عادت دوپٹے کے پلو سے آنسوؤں کو صاف کیا اور گلے میں پھنسے غم کی تکلیف کو گھونٹ سمجھ کر پی لیا اور اپنی ٹوٹی پھوٹی چپل سے زمین کھرچنے لگی۔

صنم نے اسے گلے سے لگایا اندر اٹھ کر گئی اور سلائی کڑھائی والی جمع شدہ پونجی لا کر اس کی ہتھیلی میں رکھ دی اور کہا۔

بہن جی جب تک میں اس گھر میں ہوں اس گھر میں تیرا بھی اتنا ہی حصہ ہے جتنا میرا جب دل چاہیے آ جانا میں اپنے نصیب سے تجھے تیرا حصہ دیتی رہوں گی پروین نے اپنی بند مٹھی میں چند سو روپے لیے آہستہ سے تھیلے کے ایک کونے میں بنی پاکٹ میں رکھ دیئے اور ہلکا سا اپنے کپڑوں کو جھاڑا عقیدت سے ہاتھ ملایا اور دروازے سے باہر نکل کر اوجھل ہوگئی پروین کی زندگی کے اوراق کتنے اور ان دیکھے ہیں جنہیں نہ میں پڑھ سکا اور نہ ہی صنم پڑھ سکی اتنا معلوم ہے کہ وہ اب اپنے بابا کی روح کی منتظر رہتی ہے اس [illegible] ماموں کے گھر۔

معمول بن گیا میرا راتوں کو جاگنا
نیندیں میرے وجود کی اک شخص لے گیا

وہ جسے میں سمجھتا تھا زندگی میری حرکتوں کا
فریب تھا دوست مجھے مسکرانا سکھا کے میری روح تک کو رلا گیا

.... محمد فاروق۔رحیم یار [illegible]

مت تلاش کر میری ذات میں [illegible] سا
فقط اتنا کہہ دے کہ میں تیرے قابل [illegible]

.... ثقلین ساجد۔آ [illegible]

مجھے عشق کی کتاب نے ایسا رلایا [illegible]
نہ رہے کچھ پڑھنے کے قابل نہ رہا کچھ [illegible]

.... حافظ ابرار سانول۔حافظ آ [illegible]

جو شخص جانا نہ تھا محبت کے
وہ شخص وفا کی انتہا لکھ رہا

.... حافظ ابرار سانول۔حافظ [illegible]

تحریر میں سمٹتے کہاں ہیں دلوں کے درد [illegible]
بہلا رہی ہوں ذرا خود کو کاغذوں کے [illegible]

.... انیلا شہزادی

جنت کے بدلے نصیب

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ بے وفا

---تحریر: عائشہ بٹ۔ میر پور خاص سندھ۔

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں پہلی بار آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی وہ بے وفا۔ کے ساتھ حاضر ہو رہی ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گی کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتی رہوں میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا اسلام۔

یہ بھی اچھا ہوا اسے پا نہ سکے ہم
ہمارا ہو کے جو بچھڑتا تو قیامت ہوتی

لاہور سے مہمان آرہے تھے ان کا شدت سے انتظار ہو رہا تھا تیاریاں ہر طرح سے مکمل ہو چکی تھیں دھند کے باعث ٹرینیں بہت لیٹ تھیں سب بے چینی سے انتظار کر رہے تھے بچے شور وغل میں مشغول تھے لڑکیاں ساری کچن میں جمع تھیں خواتین نے ڈرائنگ روم میں ڈیرا جمایا ہوا تھا اتنے میں بچے کا شور اٹھا، مہمان آگئے مہمان آگئے۔ سارے ایک دم دروازے کی طرف لپکے کاشف کے ہاتھ سے بیگ لے لو عائشہ کی اماں نے آواز لگائی عاشی بیگ لینے آگے کو بڑھ تو ایک خوبصورت حسین نوجوان کھڑا تھا جو مسکرا رہا تھا اس کا ہاتھ میرے ہاتھ سے ٹچ ہوا میں نے گھبرا کر دیکھا تو وہ مسکرا دیا۔ میرے چہرے پر بھی مسکراہٹ پھیل گئی۔

یہ سب کچھ درانی ہاؤس میں ہو رہا تھا جس کے سربراہ کمال حسن ہیں جن کی بیوی حسینہ بیگم اپنی نام کی طرح حسین ہی نہیں بلکہ بہت نیک پروین بھی ہیں انہوں نے اپنے بچوں کی تربیت بہت جانفشانی سے کی ہے جن میں سب سے بڑی ان کی بیٹی صائمہ جو کہ شادی شدہ اور ایک ننھی پری کی ماما ہے دوسری بیٹی انیلہ ہے جسے دو بیٹے ہونے کا اعزاز حاصل ہے تیسرے نمبر کی حفصہ جو کہ عبدالحمید کے پیارے سے بندھن میں بندھی ہوئی ہے اور بہنوں میں سب سے چھوٹی عائشہ جو کالج لائف انجوائے کر رہی ہے اور خاشر جو کہ بی ایس سی میں ہے عائشہ بہن بھائیوں میں سب سے زیادہ خوبصورت ہے آنکھیں بڑی بڑی اور کالی کوئی دیکھے تو ان میں ڈوب جائے پلکیں گھنی عنابی ہونٹ ستواں ناک گلابی رنگ خوبصورتی کا پیکر ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

گویا کسی شاعر کی غزل ہو جو کوئی دیکھے دیکھتا ہی رہ جائے۔ اسی وجہ سے جب کاشف نے اس کو دیکھا تو دیکھتے ہی چونک اٹھا تھا اور اس کے دل میں نرم گرم جذبے پنپنے لگے ادھر عائشہ کی بھی یہی حالت تھی کاشف بہانے بہانے سے بات کرنے کے مواقع تلاش کرتا ادھر عائشہ بھی کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتی۔

پھر اچانک ہی انہیں تنہائی میں بات کرنے کا موقع مل گیا ڈرائنگ روم کا گیٹ بجا۔

آ رہی ہوں۔ کون ہے۔ انتظار تو کرو۔ جان ہی نکل رہی ہے کیا۔۔ جیسے ہی گیٹ کھلا۔۔ اوہ آپ ہیں سوری۔ مجھے پتہ نہیں تھا کہ آپ ہیں میں سمجھی گلی کے بچے ہیں بچ میں صبح سے تنگ کیا ہوا ہے بار بار گیند لینے آ رہے ہیں پلیز اندر آئیں ناں آپ باہر کیوں کھڑے ہیں۔

آپ بلائیں گی تو میں اندر آؤں گا ناں ویسے آپ بہت بولتی ہیں۔

کون میں۔ ویسے مجھے سب بولتے ہیں کہ تم بہت بولتی ہو پر مجھے تو نہیں لگتا کہ میں زیادہ بولتی ہوں۔ پر مجھے تو نہیں لگتا ہے کہ میں زیادہ بولتی ہوں۔

اچھا ویسے آپ کون سی کلاس میں ہیں۔

میں سیکنڈ ائیر میں ہوں۔

اچھا جی گڈ میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں۔ وہ گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔

جی جی پوچھیے۔

میری نظر جب بھی آپ پر پڑتی ہے آپ مسکرا رہی ہوتی ہیں۔

آپ بھی تو مسکرا رہے ہوتے ہیں۔

آپ مسکرا رہی ہوتی ہیں۔

جی نہیں پہلے آپ مسکراتے ہیں۔

ویسے آپ بہت خوبصورت ہیں۔

میں نے چونک کر کاشف کی طرف دیکھا جو ایک دل فریب مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجائے مجھے دیکھ رہا تھا میں اچانک جھینپ سی گئی۔ تو اس نے ایک دم بات بدل دی۔

وہ آپ کے میسج میں نے اب پڑھے ہیں اصل میں میرے موبائل کی بیٹری ختم ہوئی تھی۔

ہاں میں نے آپ کو بہت میسج کیے تھے اور کال بھی۔ کیونکہ سب پریشان ہو رہے تھے پر آپ کا موبائل بند جا رہا تھا۔

عاشی عاشی بیٹا کہاں ہو۔

جی آماں ابھی آئی اور وہ مسکراتی ہوئی وہاں سے نکل گئی۔

بیٹا عاشی کھانا لگاؤ کہاں ہو تم کب سے آوازیں دے رہی ہوں۔

وہ اماں ڈرائنگ روم کی تھوڑی صفائی کر رہی تھی آج ماسی نہیں آئی ناں اس لیے بہت گندا ہو رہا تھا۔

صالحہ آپی اور انیلہ آپی نے کھانا لگایا سب ڈائننگ ٹیبل پر جمع تھے اور کاشف نے پھر مجھے دیکھ کر وہی دل فریب مسکراہٹ چہرے پر سجالی پھر میں بھی اسے دیکھ کر مسکرا اٹھی۔ سب کھانا کھا رہے ہیں۔

عاشی بیٹا تم بھی کھانا کھاؤ۔

نہیں ماما مجھے بھوک نہیں بعد میں کھالوں گی آپ لوگ کھائیں۔

مستقل سب کے اسرار سے اور کاشف کی آنکھوں کے اشارے سے مجھے بیٹھنا پڑ گیا یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ کاشف کی آنکھوں کے اشارے سے بیٹھی پھر سب نے کھانا کھایا اور کمرے میں محفل سجالی۔ اور پھر بڑے اوران کی باتوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ چل نکلا۔

کاشف یار آ جا باہر چلتے ہیں گھوم پھر کر آتے ہیں۔ حاشر نے کہا۔

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

چل یار خاشر اور کاشف گاڑی لے کر نکل گئے۔

جیسے ہی کاشف آیا میں ۔فوراً موبائل میصروف ظاہر کرنے لگی کاشف کا میسج آیا جو اس کے سامنے ہی بیٹھا تھا لیکن وہاں سب بیٹھے تھے اس لیے بات نہیں کر پا رہا تھا مجھے لگتا ہے کہ آپ میرا انتظار کر رہی تھیں۔

نہیں بھئی نہیں میں کیوں کروں گی تمہارا انتظار مجھے پتہ ہے آپ مجھ سے ناراض ہیں۔

جب میں گھر میں داخل ہوا تو تجھے دیکھ کر مسکرائی بھی نہیں اور اب مسکرا رہی ہو تم تو مجھے دیکھ کر مسکرائی رہتی ہو۔ دیکھو تو کتنا غصہ والا منہ بنا رکھا ہے۔

بس نہیں دل چاہ رہا میرا مسکرانے کو اور میں کیا پاگل ہوں جو ہر وقت مسکرائی رہوں۔

آپ ایک بار مسکرا دیں۔

جی نہیں میں نہیں مسکرا رہی۔

اور پھر کاشف کے بھرپور اصرار پر مجھے مسکرانا پڑا آخر کار وہ دن آ گیا جس دن کاشف نے جانا تھا اور سارا دن کاشف اداس رہا ابو جی کی آواز نے سب کو الرٹ کر دیا۔

جلدی کرو ورنہ ٹرین نکل جائے گی گاڑی باہر کھڑی ہے عائشہ بھی اسے گیٹ تک چھوڑنے آئی اس کے دو جانے کا سوچ کر میں کانپ اٹھی اور مسکراہٹ میرے چہرے سے کوسوں دور تھی کاشف جی بہت اداس تھا کاشف نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا۔

تیری محفل سے نکلے کسی کو خبر تک نہ ہوئی

بس تیرا پیچھے مڑ مڑ کر دیکھنا مجھے برباد کر گیا

آج کاشف کو گئے ہوئے دو دن ہو گئے تھے وہاں کاشف کا بھی دل نہیں لگ رہا تھا بہت زیادہ اداس تھا اور یہاں میں بھی۔ پر روزانہ ہماری میسج پر بات ہوا کرتی تھی ایک دن کاشف کا میسج آیا میں اپنے کمرے میں پڑھائی کر رہی تھی۔

عاشی کیا تم کسی کو پسند کرتی ہو۔

میں۔۔نہیں تو میں تو کسی کو پسند نہیں کرتی نہ ہی پیار پر بھروسہ کرتی ہوں۔

لیکن میں تو کسی کو پسند کرتا ہوں اور اس کو سچا پیار بھی کرتا ہوں اور مجھے اپنے پیار پر پورا یقین ہے۔

اوہ اچھا کس سے کرتے ہو تم پیار مجھے بھی بتا دو اس کا نام۔

نہیں وہ لڑکی مجھ سے پیار نہیں کرتی ہے اور نہ ہی پیار پر بھروسہ کرتی ہے۔

پھر بھی اس کا نام تو بتاؤ۔

اس کا نام عاشی ہے وہ حیدر آباد میں رہتی ہے۔

یعنی کہ میں۔

ہاں عاشی وہ تم ہو جس سے میں سچا پیار کرتا ہوں اور میں تمہیں پانے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہوں کیا تم مجھ سے محبت نہیں کرتی۔عاشی آئی لو یو۔ میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں۔

جواب میں میں بھی آئی لو یو کا میسج کر دیا۔ کیونکہ میں تو خود ہی اس کو پہلی نظر میں دیکھ کر گھائل ہو گئی تھی اس کے عشق میں گوڈے گوڈے ڈوب چکی تھی کاشف تو یہ میسج دیکھ کر خوشی سے دیوانہ ہو گیا پھر کیا تھا ہم ساری ساری رات لگے رہتے باتیں کرنے میں اور دن میں میسج اور میں اس کے پیار کے جال میں پھنستی چلی گئی اور وہ مجھے جھوٹے خواب دکھاتا رہا تم میری جان ہو تمہیں کھونے کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا۔تمہارے بغیر اندھیرا ہے میری جان تمہاری اور میری شادی ضرور ہو گی ہر بار وہ فون پر کہتا عاشی ایک بات

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

پوچھوں تم شادی کس سے کرو گی۔ جب میں اس کا نام لیتی تو وہ بہت خوش ہوتا اس طرح میں بی اس سے یہ پوچھتی تو وہ بھی میرا ہی نام لیتا تو میں بھی بے حد خوش ہوتی ایک دن ہمارے گھر والوں کو پتہ چل گیا کہ ہم فون پر بات کرتے ہیں تو میری اماں بہت شدید غصہ میں آ گئیں اور اس سے موبائل لے لیا اور مجھے بہت ڈانٹا ایک مہینہ ہونے کو آ گیا کاشف کی آواز ہی میرے کانوں نے نہیں سنی تھی میرا اور دو کر برا حال تھا ایک ماہ بعد جب میں نے کال کی تو جو کچھ پتہ چلا تو وہ میرے لیے نا قابل برداشت تھا۔

کاشف نے کہا۔۔ عاشی یار میرے پاس ٹائم نہیں ہے میں تم سے بات نہیں کر سکتا میں بہت مصروف ہوں اگر تم کہتی ہو تو میں پانچ منٹ بات کر لیا کرونگا۔ میرے دل پر تو گویا ماتم چھا گیا میری آنکھوں سے آنسو تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے اور پھر اس کی وہی جھوٹی محبت۔

میری جان چپ ہو جاؤ۔

کاشف تم نے میرے ساتھ ایسا کیوں کیا پہلے تم نے مجھے پیار کے جال میں پھنسایا اور جھوٹے سپنے دکھائے اور اب کہہ رہے ہو میں تم سے بات نہیں کر سکتا کبھی تو تم مجھ سے بات کیے بغیر سوتے نہیں تھے اور میں مزید کچھ نہ کہہ سکی۔

دیکھو عاشی میری ماں نہیں مانے گی تم سے شادی کرنے پر۔

تو پہلے میں نے ہی کہا تھا تمہیں کہ نہیں مانیں گی تمہاری امی تو تم نے کہا تھا میں منالوں گا میری گھر میں بہت چلتی ہے۔ میری امی ہر بات مانتی ہیں۔ میں نے جواب میں کہا۔

دیکھو عاشی اس وقت میں بہت مصروف ہوں پھر کبھی بات کریں گے۔

کاشف کیا تم کسی اور لڑکی سے پیار کرتے ہو

نہیں یار میں کسی سے پیار نہیں کرتا ہوں میری جان میں کسی لڑکی کے چکر میں نہیں ہوں۔

نہیں میرے سوال کا جواب دو۔

جواب دے دو تو دیا ہے کہ میں کسی بھی لڑکی کے چکر میں نہیں ہوں۔

لیکن میرا دل کہہ رہا ہے کہ کچھ نہ کچھ ایسا ہے جس نے تم کو بدلا دیا ہے ورنہ تم تو مجھ سے بات کیے بغیر رہ نہیں سکتے تھے۔

عاشی میری بات کو سمجھنے کی کوشش کرو میں بہت بزی ہوں مجھے ضروری کام ہیں وہ جان چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا لیکن میں اس سے وہ سب کچھ اگلوانا چاہتی تھی جو میرے دل کو پریشان کیے ہوئے تھی۔ میں نے کہا۔

کیا میری بات پر تم تنگ ہوتے ہو

نہیں ایسا کچھ بھی نہیں ہے لیکن بتایا نہ کہ میں بزی ہوں۔

اتنا کہہ کر اس نے کال کاٹ دی۔ اور بالاخر جان چھڑالی۔ اس کے بعد تو اس نے نہ میری کال اوکے نہ اور نہ ہی میسج کا کوئی جواب دیا۔ لیکن مجھے سکون کہاں تھا میں اس کے پیار کی آگ میں جل رہی تھی جو جو سپنے اس نے مجھے دکھائے تھے جو جو وعدے اس نے میرے ساتھ کیے تھے وہ مجھے بھلا کہاں سکون لینے دے رہے تھے۔ میری رات کی نیندیں اڑ چکی تھیں دن کا سکون غارت ہو کر رہ گیا تھا اس کا بدلا رویہ مجھے ایک پل بھی چین نہیں لینے دے رہا تھا۔

ایک کزن کے توسط سے پتہ چلا کہ اس کی ایک لڑکی سے دوستی ہے جس کا نام درخشاں ہے اس سے وہ ہر روز ملنے جاتا ہے اور ہر روز رات کو موبائل پر چیٹنگ کرتے ہیں تقریباً ہر روز ہی ہوٹلنگ کرتے ہیں وہ دونوں یہ سب سن کر میرے اوپر ایک قیامت گزر گئی اور کسی کو خبر تک نہ ہوئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

لاہور میں کسی کی شادی تھی تو میں بھی اپنی اماں کے ساتھ گئی پتہ چلا کہ وہ تو اپنی گرل فرینڈ سے ملنے گیا ہے پوری رات گزر گئی پر وہ نہیں آیا آخر کار پانچ بجے وہ آ ہی گیا اور میرا انتظار بھی ختم ہوا۔ جو پوری رات جاگ کر کیا تھا میں واش روم کے بہانے سے نیچے آگئی تو مجھے دیکھ کر مسکرا رہا تھا اور پھر صبح جب میں تیار ہوئی تو وہ اپنے کمرے سے نہیں نکلا جب کافی دیر بعد نکلا تو میں نے اس سے بات کرنے کی بہت کوشش کی پر وہ بات ہی نہیں کرتا اور سیدھا چلا جاتا اور اپنا دروازہ بند کر کے اسی چڑیل سے بات کرتا۔

اس نے سب میں مشہور کر دیا تھا کہ اس لڑکی سے میرا چکر تھا یہ مجھے میسج کیا کرتی تھی اور کال وغیرہ بھی میری تو جو بدنامی ہوئی سو ہوئی میری ماں کا سر بھی شرم سے جھک گیا۔

پھر اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ اس لڑکی نے جس سے وہ بات کرتا تھا اسے ایسا دھوکہ دی کہ اسے چھوڑ کر چلی گئی اور کاشف جو اس لڑکی سے سچی محبت کرتا تھا اس کے پیار میں شرابی ہو گیا اور پھر میرے پاس میسج آیا کہ مجھے معاف کر دو میں تمہارا بہت بڑا گنہگار ہوں پر میں نے کوئی جواب نہ دیا آج بھی وہ اس لڑکی کے پیار میں گرفتار ہے اور اس کی پاگلوں سے بھی بدتر حالت ہے۔

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا۔

اپنی ناکامی کا ایک یہ بھی سبب ہے فراز
چیز جو مانگتے ہیں سب سے جدا مانگتے ہیں
............نامعلوم

دعائیں ہم نے مانگی تھیں بہاریں غیر نے لوٹی
ہمیں ایک خار گزرا ہے تمہارا نوجواں ہونا
............نامعلوم

رکھتے ہیں جو اوروں کے لئے پیار کا جذبہ
وہ دل کبھی ٹوٹ کر بکھرا نہیں کرتے
............نامعلوم

بہت نام سنا تھا بچپن میں وفا کا فراز
جب ہم جواں ہوئے تو روایت ہی بدل گئی
............نامعلوم

میرا کیا ہے میں خاک بھی ہو گیا تو ایسی
ہر بار میرے ضبط کی انتہا نہ کیا کر
ہر بار دور رہ کر سزا نہ دیا کر
ممکن نہیں ہر بار جا کے لوٹ آؤں
ہر بار خود سے مجھ کو جدا نہ کیا کر
............رئیس ارشد-شہر خان بیلہ

تم صبح اور شام کی طرح
تم خوشیوں کے پیغام کی طرح
تم کو کبھی ہم نے بھلایا ہی نہیں جان
تم یاد رہے ہو۔ مجھے میرے نام کی طرح
............رئیس ارشد-شہر خان بیلہ

تم لمحوں کا حساب رکھتے ہو، زندگی کی حسین کتاب رکھتے ہو
فرصت ملے تو لکھنا بھی ارشد، کیا مجھے تم دل سے یاد رکھتے ہو
............ثانیہ کنول-کراچی

نگاہوں سے کرتے اگر وہ اشارہ
مرے دل کو مل جاتا شاید سہارا
وہ ہم کو منانے بہت دور آئے
جنہیں ساتھ چلنا نہیں تھا گوارا
............رانا محمد عمر حیات-گوجرانوالہ

ایک تیرے حضور ملتا ہے، مے کدے سا سرور ملتا ہے
چاہتوں کا خمیر خالص ہو، ملنے والا ضرور ملتا ہے
............رانا محمد عمر حیات-گوجرانوالہ

ستاروں کی محفل سے چرایا ہے آپ کو
دل سے اپنا بنایا ہے آپ کو
اس دل کو ٹوٹنے مت دینا صدام
کیونکہ دل کے ہر کونے میں چھپایا ہے آپ کو
............رئیس صدام حسین-سٹی خان بیلہ

میری ذات میں اس کا صرف اتنا حصہ رہا صدام
زندگی سے اس کو نکالا تو میرے پاس کچھ نہ رہا
............رئیس صدام حسین-سٹی خان بیلہ

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

خودغرض محبت

---تحریر: محمد یونس ناز۔کوٹلی اے کے۔0313.5250706

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔میں ایک طویل عرصہ بعد آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔خودغرض محبت۔کے ساتھ حاضر ہورہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تاکہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

ایک طویل عرصہ کے بعد جواب عرض کی نگری میں لوٹ آئے ہم کچھ بھولی بسری یادیں اپنوں کے دکھ اور وجو ہم میں نہیں ان کا دکھ مرنے والے تو مر ہی جاتے ہیں مگر جو زندہ ہیں ان کا دکھ بھی ناقابل برداشت ہی ہوتا ہے۔اب تو ماڈرن دور ہے نفسا نفسی کا عالم ہے کسی کے پاس اتنا وقت ہی کہاں ہے کہ وہ کسی کے بارے میں جان سکے سوچ سکے محبت تو ایک قصہ بن کر رہ گئی ہے سب فریب ہی نظر آتا ہے ہر کوئی مطلب کی خاطر جیتا ہے اور جب کام نکل جائے تو پھر پہنچاننا ہی مشکل ہو جاتا ہے۔

۸۔اکتوبر ۲۰۰۵ء کے زلزلے کے بعد لکھنے کا سلسلہ ہی بند ہو گیا ہے دوستوں سے رابطے منقطع ہو گئے اور بہت سے لوگ ہم سے روٹھ گئے اور جو زندہ ہیں انہوں نے بھی کبھی خبر ہی نہ لی یہ جولائی ۲۰۰۰ کا واقعہ ہے کہ رات گیارہ بجے ایک محترمہ کی کال آئی نام غلط بات کرنے کا مقصد بھی واضح نہ تھا البتہ اتنا یاد رہا کہ کوئی مجبور ہے اس کی مدد کی جائے جو کہ اخلاقی فرض تھا مگر جس کام کی بنیاد غلط ہو اس کا انجام کہاں ٹھیک ہو سکتا ہے۔

نوشین کسی گاؤں کی رہنے والی تھی کالج میں پڑھتی تھی وہ بہت ہی مجبور اور بے بس لڑکی تھی اس کا تعلق ایک غریب گھرانے سے تھا اور اپنی اس غربت کی وجہ سے وہ بہت تنگ تھی وہ چاہتی کہ اس کے پاس بھی وہی کچھ ہو جو ہر مالدار انسان کے پاس ہوتا ہے اس کی سوچ ہمیشہ ہی اونچی تھی اور اس سوچ کو پورا کرنے کے لیے وہ کچھ بھی کر سکتی تھی۔

اس کو ایک ایسے شخص کی تلاش تھی جو اس کی راہنمائی کر سکے اس کے دکھ درد کو سمجھ سکے اور اس کی ہر ممکن مدد کر سکے زمانے نے اس کو اس قدر دکھ دیئے کہ اس کا کسی پر اعتماد ہی نہ تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

دو چار دنوں میں ہی اس نے اپنی زندگی کی کتاب کھول کر میرے سامنے رکھ دی اور میں نے فیصلہ کرلیا کہ نوشین کی ہر ممکن مدد کروں گا اوراس کو ایسے مقام پر پہنچادوں گا کہ وہ یہ بھول جائے گی کہ کبھی اسکی زندگی میں کوئی دکھ نام کی چیز بھی تھی۔

جس قدر وہ سادہ نظر آرہی تھی عمر کم ضرور تھی مگر اس قدر ذہین لڑکی شاید ہی کوئی دیکھی ہو۔ میں نے ہمیشہ اس کو کہا

نوشین جذباتی فیصلے دیرپا نہیں ہوتے والدین کی عزت کا خیال رکھنا اولاد کا اولین فرض ہے۔

لیکن شاید اس کو میری ایسی باتوں کی ایسی نصیحتوں کی ضرورت نہ تھی وہ تو وہ کچھ کرنا چاہتی تھی جو وہ سوچتی آرہی تھی وہ کرنا چاہتی تھی جو اس کو نہیں کرنا چاہیے تھا۔ اس نے مجھے محبت کے جال میں پھنسانے کی ہر ممکن کوشش کی اور میں جان بوجھ کر اس کے جال میں پھنستا رہا اور اس کو آزماتا رہا نہ تو میں اس کی منزل تھا اور نہ ہی وہ میری منزل تھی دونوں ہی خود فریبی کا شکار تھے وہ مجھے بیوقوف بنارہی تھی اس کا مقصد کیا تھا یہ تو میں آج تک نہ سمجھ سکا۔

میں اس کو حوصلہ دیتا رہا اور کہتا۔

زندگی میں اگر کچھ بننا ہے تو پہلے اپنی منزل کا تعین کرنا ہے اور زندگی صرف ایک ہی بار ملتی ہے اس کو فضول کاموں میں ضائع کرنا نہیں چاہیے۔

لیکن نوشین پر ہمیشہ سے محبت کا بھوت سوار رہتا تھا وہ ایک ہی وقت میں کئی لڑکوں سے محبت کا ڈرامہ رچارہی تھی اس کی ایک ہی ضد تھی کہ میں گھر والوں سے بدلہ لوں گی کیا بدلہ اس بات کی سمجھ آج تک مجھے نہیں آئی۔

والدین کا قصور کیا ہے کیا والدین کا یہی قصور ہے کہ وہ غربت میں بھی اپنی اولاد کی خوشیوں کا خیال رکھتے ہیں کیا انسان اپنی مرضی سے غریب ہوتا ہے انسان وہی کچھ کرسکتا ہے جو کہ اس کے وسائل اجازت دیتے ہیں نوشین کے والدین غریب ضرور تھے مگر انہوں نے ہر ممکن کوشش کی کہ نوشین اپنی تعلیم مکمل کرے اور خود اپنی منزل کا تعین کرے مگر نوشین رات تو رات امیر بننے کے خواب دیکھتی تھی یہ جانتے ہوئے کہ خواب بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوتے اور محبت کے معاملہ میں اس کا نظریہ بھی الگ ہی تھا جس سے بھی بات ہو اس کے گن گانے شروع کردیتی تھی شادی میں معاملہ میں بھی اس کو جلدی بہت تھی مجھے ہمیشہ کہتی تھی۔

ناصر میری خواہش ہے کہ میری شادی تم سے ہو اور اس کی اس خواہش پر میں مسکرادیا تھا اور میں نے اس کو کہہ دیا تھا۔

نوشین میں نے اس وقت شادی کی تھی جب تم شاید اس دینا میں بھی نہیں آئی ہوگی میں صرف تمہارا استاد ہوسکتا ہوں مگر محبوب نہیں۔

مگر میں نے اس کی کبھی بھی حوصلہ شکنی نہیں کی اس کو زمانے کے نشیب وفراز سے آگاہ کرتا رہا ہوں ا سکا یہ فائدہ ضرور ہوا کہ اس نے اپنی تعلیم مکمل کرلی اور ایسی پوزیشن میں ہوگئی تھی کہ والدین کا سہارا بن سکے مگر نوشین کی ضد کہ وہ اپنے والدین سے انتقام لے گی اور ایک دن وہ ایسا کر گزرے گی میں اس کو سمجھانے کی کوشش کرتا تو وہ میری بات ہنس دیتی اس کی ہنسی میں ایک طنز ہوتا تھا جیسے اس کو میری بات بری لگی ہو لیکن میں چپ نہ رہتا میں زمانہ کو جانتا تھا زمانے کو دیکھا ہوا تھا میں جانتا تھا کہ زمانہ اس کو برباد کردے گا اس کی زندگی کو تباہ کردے گا اور میں اس کو ایک بہت بڑی بربادی سے بچانا چاہتا تھا لیکن شاید وہ خود ہی برباد ہونا چاہتی تھی خود ہی اپنی زندگی کو بدنام کرنا چاہتی تھی والدین کی عزت کو نیلام کرنا چاہتی تھی نجانے وہ کیا کیا سوچتی تھی اس پر دولت کا بھوت کیوں اترنے کا نام نہیں لے رہا تھا وہ کیوں نہیں سوچتی کہ اس کے اس کے اس اقدام پر

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اس کے شریف والدین پر کیا بیتے گی وہ کیسے زمانے کی نظروں اور باتوں سے بچ کر زندہ رہ سکیں گے۔ وہ اس بارے میں کچھ بھی نہیں سوچتی تھی اور شاید وہ ایسا سوچنا بھی نہیں چاہتی تھی۔۔۔

اس کے لیے اس نے مختلف لڑکوں سے رابطے بھی کیے اس کی ضد کے وہ شادی کرے گی۔ ہر لڑکے کو وہ شادی کی آفر کرتی مگر مسلسل ناکام رہی میری طرف سے تو اس کو کوئی جواب تسلی بخش نہ ملتا تھا البتہ میرا اس سے مسلسل رابطہ رہا۔

میں نے اس کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی اور جب بھی مایوس ہوتی اس کو حوصلہ دیتا رہا کہ اس کے ذہن سے شادی کا بھوت اتر جائے مگر نوشین ارادے کی پکی تھی وہ جو کہتی وہ کر دکھاتی آخر وہ کون سی اس کی مجبوری تھی کہ وہ جلد از جلد اس کے گھر کو چھوڑنا چاہتی بھی بعض اوقات اس کی حرکات بھی عجیب قسم کی ہوتی تھی کہ آدمی حیران رہ جاتا تھا۔

اس طرح وقت تیزی سے گزرتا گیا اور اس کے بارہ میں بھی کچھ نہ کچھ خبر ملتی رہی نوشین نہایت ہی بیوقوف ثابت ہوئی اس کے بڑے بھائی کی شادی ہوئی اور اس دوران بھابھی کی رشتہ دار کے ساتھ اس کی دوستی ہوئی اس بارے میں نوشین نے مجھے بتایا مگر میں نے اسے منع کر دیا کہ ایسے لوگوں سے دور رہا کرو کہیں تم بھی اس کی وجہ سے بدنام نہ ہو جاؤ۔

پھر یوں ہوا کہ نوشین کی نئی نویلی دوست صبا نے آ کر اپنا رنگ دکھایا۔ اور ایسا جادو کیا کہ نوشین کی سوچ تک بدل ڈالی اور اس کو بہت کچھ سکھا دیا صبا میٹرک کی سٹوڈنٹ تھی مگر اس کی حرکات کو دیکھ کر لگتا تھا کہ اس نے کسی یونیورسٹی سے ڈگری لی ہوئی ہے نوشین پر میری باتوں کا اب کوئی اثر نہ ہوتا تھا بلکہ اس نے اپنی الگ دنیا بسا لی تھی وہ آزاد طبیعت ہو چکی تھی گھر والوں کو وہ کب گھاس ڈالتی تھی کبھی کہتی۔

میں نے کزن سے شادی کر لی ہے کبھی کہتی کہ میں نے جس لڑکے سے شادی کی ہے وہ برطانیہ میں ہوتا ہے۔

پھر یوں ہوا کہ میرا اس کا رابطہ منقطع ہو گیا کیونکہ فون پر رابطہ ایسا ہوتا ہے کہ سم بند تو تمام رابطہ منقطع البتہ مجھے اس کی کوئی خبر نہ تھی اس کشمکش میں زندگی کے چھ سال بیت گئے نوشین نے دوستوں کی تعداد بڑھتی گئی اور میری باتوں کا اس پر کوئی اثر نہ ہوا مجھے یہ خوشی ضرور ہوئی کہ اس نے اپنی تعلیم مکمل کر لی سوچا تھا کہ وہ گھر والوں کی عزت کرے گی کیونکہ والدین اپنی اولاد کے مستقبل کا فیصلہ جو بھی کریں وہ اولاد کے لیے بہتر ہوتا ہے وہ بات نئی نسل کے نوجوانوں کی سمجھ سے بالاتر ہے وہ تو سوچتے ہیں کہ والدین ہی ہماری خوشیوں کے قاتل ہیں اور جب یہ بات ان کی سمجھ میں آتی ہے کہ جوانی میں کیے گئے فیصلے غلط ہوتے ہیں تو اس وقت پانی سے سر سے گزر چکا ہوتا ہے محبت کیا ہے اس کا انجام کیا ہے انسان اپنے ضمیر سے پوچھے کون کسی سے کتنی محبت کرتا ہے اور کون کسی کے ساتھ مخلص ہے اور جب آدمی یہ سمجھ لے کہ جس کام کی بنیاد ہی جھوٹی ہو اس کا انجام کیا ہوگا کوئی آدمی اس بات کے بارے میں بتا نہیں سکتا کہ دوسرا اس کے ساتھ کس حد تک مخلص ہے نوشین بھی خوابوں کی دنیا میں رہنے والی تھی وہ وقت اور حالات کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی اس کی ضد تھی کہ وہ شادی خاندان میں سے باہر کرے گی کیونکہ اس سوال کا جواب مجھے بھی نہ مل سکا اس دوران جواد حماد جمیل اسد اور کامران سے اس کا مسلسل رابطہ رہا اس کی ہر ایک کو شادی کی پیش کش ہوتی رہی آخر کوئی تو مان ہی جائیگا۔

ایک طویل انتظار کے بعد اس نے اپنے گھر سے بھاگنے کا فیصلہ کر لیا یہ سوچنا مشکل تھا کہ اس نے سب کو فون کیا کہ فلاں جگہ میرا انتظار کرنا باقی تو کوئی وقت پر نہ آ سکا کامران آ گیا حالانکہ وہ نوشین کو پسند نہ

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھا مگر اب مجبوری تھی کہ وہ گھر سے بھاگی ہوئی لڑکی تھی اور گھر واپس جانا اس کے لیے مشکل تھا اس نے اپنے دل پر پتھر رکھ کر کورٹ میرج کر لی اور گھر والوں کو بتادیا کہ میں نے شادی کر لی ہے ان کے وہم گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ نوشین اتنا بڑا فیصلہ کرے گی ہونی کو کون ٹال سکتا ہے گھر والوں نے اب کیا کرنا تھا انہوں نے استدعا کی۔

بس یہ کرنا ہماری عزت کا خیال رکھنا ہم تمہاری رخصتی اپنے گھر سے کریں گے تاکہ برادری میں ہماری عزت قائم رہے، بحرحال نوشین اپنے ماں باپ کے گھر آئی نکاح کے کچھ عرصہ بعد اس نے مجھے اطلاع دے دی کہ میں نے اپنی ضد کو پورا کر لیا ہے مجھے دکھ ہوا کہ جس لڑکی کو چھ سال سے میں نے اس بات پر قائل کرنے کی کوشش کی کہ وہ والدین کی عزت کرنا اور وہ لوگ کبھی کامیاب نہیں ہوتے جو اپنی وقتی خوشی کے لیے والدین کی امیدوں پر پانی پھیر لیتے ہیں گھر والوں نے تیاری کر کے اس کی رخصتی کر دی۔

ان دنوں میں برطانیہ میں تھا اور میں اس کی شادی میں شرکت بھی نہ کر سکا تھا شادی کیا تھا بس مجبوریوں کے آنسوؤں کیساتھ نوشین کو رخصت کیا گیا ہے۔

یہ سال ۲۰۱۲ کا واقعہ ہے اب دو سال کا عرصہ گزر گیا ماں باپ کے گھر اور سسرال کے گھر میں کوئی خاص فرق نہیں ہے بس ضد پوری کر لی۔ کبھی کبھار نوشین رابطہ کر لیتی ہے اپنی زندگی سے نہ تو وہ پہلے مطمئن تھی اور نہ اب مطمئن ہے آخر اس نے ایسا قدم کیوں اٹھایا وہ کون سی مجبوری تھی کہ اس نے اپنے غریب ماں باپ کے ارمانوں کا خون کیا صرف اپنی انا کی خاطر وہ کچھ کیا جس کا کبھی ذہن میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا ہے شاید وہ جس خوشی کے لیے اپنے ماں باپ کے گھر سے آزاد ہونا چاہتی تھی وہ خوشی شاید ہی اسے کہیں سے مل سکے۔

ایک بار سر راہ اس کو دیکھ لیا وہ بدل چکی تھی کمزور ہو چکی تھی اک تھکی ہوئی عورت کی طرح نظر آئی جو کہ نجانے کن خیالوں میں گم تھی میں کافی دیر تک اس کی طرف دیکھتا رہا مگر وہ بت بنی کھڑی تھی ہزاروں سوال اس کے ذہن میں آئے ہوں گے مگر شاید وہ کس منہ سے ان سوالوں کا جواب تلاش کرتی اس نے چھوٹی سی عمر میں خود کو مریض بنا کر رکھ دیا تھا اور اس کی یہ حالت دیکھ کر مجھے دکھ ہوا کہ میں نے اس کو کس قدر سمجھایا اس کی ہر ممکن حوصلہ افزائی بھی کی مگر سب بے سود ثابت ہوا اس کی ضد کے آگے سب کچھ جل کر راکھ ہو گیا۔

نوشین کیا تم نے سوچا کہ تمہاری اس حرکت کی وجہ سے تمہارے والدین کے دل پر کیا گزری ہوگی وہ اس معاشرے میں کیسے زندہ رہیں گے انکی پرورش میں کہاں کمی رہ گئی تھی جو تم نے یہ قدم اٹھایا ہے کبھی تنہائی میں ضرور سوچنا کہ اگر تمہاری جگہ تمہاری بیٹی ہوتی اور وہ یہ قدم اٹھاتی تو تمہارے دل پر کیا گزرتی تم نے مجھے کیا کیا یقین دلایا تھا کہ تم ثابت قدم رہو گی تمہاری محبت کیا تھی تمہارے نظریات کیا تھے تم کیا سے کیا بن گئی ہو وقت اور حالات نے تمہیں اس قدر خود غرض بنا لیا ہے کہ تمہارے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ہی ختم ہو گئی انسانوں کے اس معاشرے میں تم کیسے رہ پاؤ گی اور سسرال والے تو تمہیں کسی بھی وقت ذلیل کر سکتے ہیں گھر سے بھاگی ہوئی لڑکی پر بہت کم لوگ اعتماد کرتے ہیں یہ بھی ممکن ہے جس کے لیے تم گھر والوں کو چھوڑ آؤ وہ کسی اور کے لیے تمہیں چھوڑ دیں اس وقت تمہارا کیا ہوگا کبھی سوچنا اس کہانی کا انجام کیا ہوگا کاغذی پھولوں میں مہک نہیں ہوتی ہے کاغذ کا ٹکڑا خوشبو نہیں دے سکتا ہے اس طرح خود غرض محبت کا انجام بھی بھیانک ہوتا ہے۔

نوشین دعا کرنا کہ تمہاری کوئی بیٹی نہ ہو ورنہ وہ بھی تمہارے ہی نقش قدم پر چلے گی اور پھر تم کو احساس ہوگا کہ والدین کس قدم مجبور اور بے بس ہوتے ہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ کچھ نہیں کر سکتے ہیں سوائے رسوائی کے۔

دوستی اپنی جگہ پر تھکن سے رستہ نہ دو
ایک کو جانے دیا تو دوسرا بھی جائے گا

زندگی کے اس سفر میں محتاط رہنا سیکھو اور کبھی بھی کوئی غلطی نہ کرنا ورنہ بکھر جاؤ گی ٹوٹ جاؤ گی اور تمہارا کوئی بھی ساتھ نہ دے گا کیونکہ تم نے ایسے راستے کا انتخاب کیا ہے جہاں تم کو تنہا ہی جینا ہے اور کوئی بھی تمہارا ہمدرد نہ ہوگا۔

ہاں اتنا یاد رکھنا کہ کبھی بھول کر بھی کسی پر اندھا اعتماد نہ کرنا جو ہوا سو ہوا اس کو تقدیر کا لکھا ہوا سمجھ کر خود کو ایڈجسٹ کر لینا اور ماضی کو بھول کر نئی زندگی کا آغاز کرو جس میں تمہارا ایک نیا روپ ہو جہاں ماضی کی کوئی بھی کسک تمہارے اندر کے انسان کو بزدل نہ بنا دے۔

ہاں نوشین تم یاد رکھنا جب تم کسی منزل پر پہنچ جاؤ تو سوچنا کہ غلط کیا ہے اور صحیح کیا ہے وقت اور حالات کبھی ایک جیسے نہیں رہتے غم وخوشی زندگی کا ایک روپ ہے اندھیرے کے بعد اجالا ضرور ہوتا ہے وہی انسان کامیاب ہوتے ہیں جو ہمیشہ ثابت قدم رہتے ہیں۔

ایک شعر آپ کے لیے۔
ہم ہیں طالب شہرت ہمیں ننگ سے کیا مطلب
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا۔

کرنے کو تیرا انتظار قیامت تک کروں
مگر سوال زندگی مختصر کا ہے
✪.................. انیلا شہزادی

تیری چاہت کی عبادت میں پتھر ہو گیا ہوں
کہیں ایسا نہ ہو کہ دنیا بے جان سمجھ بیٹھے
✪.................. رئیس عثمان- آزاد کشمیر

وہ صبح صبح نہ ہو وہ شام شام نہ ہو
جس پل میری زبان پہ تیرا نام نہ ہو
✪...... .... رئیس عثمان- آزاد کشمیر

روگ محبت ہے یا کہ بدنصیبی اپنی
سکون کبھی ایک پل کو بھی ملا ہی نہیں
✪.................. رئیس عثمان- آزاد کشمیر

اس کو زندہ جاوید سمجھ
جس کو محبت خاک میں ملا دے
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

بعد مرنے کے میری قبر پہ آیا وہ میر
یاد آئی میرے مسیحا کو دوا میرے بعد
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

ایسی تاریکیاں آنکھوں میں بسی ہیں فراز
رات تو رات ہے ہم دن کو جلاتے ہیں چراغ
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

آؤ اک سجدہ کریں عالم مدہوشی میں
لوگ کہتے ہیں کہ ساغر کو خدا یاد نہیں
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

نہ چھیڑ سلیمان اس ظالم دنیا کو
اس کا کاٹا تو پانی بھی نہیں مانگتا
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

شاید صبا کے ہاتھ میں خنجر ہے ان دنوں
ہر پھول اپنے خون میں ڈوبا دکھائی دے
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

اچھا تمہارے شہر کا دستور ہو گیا
جس کو بھی دوست بنایا وہ دور ہو گیا
وادی سے کہنا اس کی کہانی سے
جو بادشاہ عشق میں مزدور ہو گیا
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

نکلے تھے ہم اس تقدیر سے کہ تمہیں کریں گے
تلاش پر تقدیر نے تو عمر بھر کا مسافر بنا دیا
✪.................. عدنان خان- ڈی آئی خان

اپنے ہی ہوتے ہیں جو دل پہ وار کرتے ہیں
ورنہ غیروں کو کیا معلوم دل کی جگہ کون سی ہے
✪.................. نامعلوم

زندگی کی خطاؤں کو معاف کرنا صنم
شاید تیری زندگی میں اب نہ آئیں ہم
✪.................. نامعلوم

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

آخر کیوں

---تحریر: ماجدہ رشید۔ لاہور۔

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں پہلی بار آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔ آخر کیوں۔ کے ساتھ حاضر ہو رہی ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گی کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتی رہوں میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

آنکھوں راز غم دل میں چھپا کر
ہم جی رہے ہیں مسکرا کے
آنکھوں میں آنسوؤں کو چھپا کر
ہم حال دل بتا دیتے ہیں مسکرا کے

ہر ایک بات میں سوال ہے میری آنکھوں میری میں جھانک کر دیکھنے کی اب میرے دوست ہمت نہیں کرتے ان پتھریلی آنکھوں میں بس ویرانی ہے جو آنکھیں کبھی خوشی سے چمکا کرتی تھیں اب کوئی نہیں ہے میں اپنے ہی غموں میں ڈوبتا چلا جا رہا ہوں لیکن پھر سب کے سامنے ہنستا مسکراتا ہوں تبھی تو سب کہتے ہیں شیری قسمت ہو تو تمہاری قسمت جیسی اور ان کی اسی بات سے میرا دل ٹوٹ کے ہزار ٹکڑے ہو جاتا ہے کہ کیسے ان کو بتاؤں کہ کتنا ٹوٹا ہوں میں تبھی تو میں سب سے تو کیا خود سے بھی روٹھا ہوا ہوں کہ کیوں میں اپنا گھر چھوڑ کر اتنی دور لاہور آیا اب تو بس یار دل میں یہ بات آ چکی ہے کہ کاش میں کبھی لاہور آیا ہی نہ ہوتا نہ یہاں آتا نہ یہ سب ہوتا یا پھر یہ سب قسمت کا کھیل ہے جب بھی میں یہ سب سوچنے بیٹھتا تو خود سے مزید الجھتا جاتا اور پھر تنگ آ کر سگریٹ پر سگریٹ سلگاتا اکثر اس کی یاد مجھے اسی طرح بے چین کرتی ہیں میں کیا کوں میں خود نہیں سمجھ پا رہا آخر میں کیا کروں اتنے سال گزر جانے کے بعد بھی اگر میں خود کو نہیں سنبھال پایا تو پھر کب سنبھال پاؤں گا۔

تین سال پہلے جب میں لاہور آیا تھا اپنی پڑھائی کے سلسلے میں مجھے پڑھنے کا بہت ہی شوق تھا اور میرے گھر والوں نے مجھے پڑھنے کے لیے لاہور بھیج دیا میں نے سی اے کرنے کا فیصلہ کیا۔

میں اپنا نام بتاتا چلوں میرا نام شہریار ہے میری دو بہنیں اور تین بھائی ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

سب مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں جب میں لاہور آیا تو شروع شروع میں تو میں بہت اداس ہوا اپنے گاؤں کے دوستوں سے اپنے گھر والوں سے پھر مجھے اپنے ہوسٹل کے کمرے میں ایک دوست مل گیا جس کا نام ذیشان تھا وہ بہت ہی اچھا تھا اس سے مل کر مجھے کچھ تسلی ہوئی پھر میں اسی کے ساتھ یونیورسٹی جانے لگا ابھی میری یونیورسٹی میں کسی سے بھی دوستی نہیں تھی ابھی بس ذیشان سے بات چیت ہوجاتی تھی ابھی بس ذیشان سے بات چیت ہوجاتی تھی۔

ایک دن جب میں کنٹین میں بیٹھا کھانا کھا رہا تھا تو میری ساتھ والی کرسی پر میری میز پر آکر ایک لڑکی بیٹھ گئی بظاہر میں اس کی صورت تو نہ دیکھ سکا کیونکہ اس نے خود کو پوری طرح بڑی سی چادر میں اچھی طرح لپیٹ رکھا تھا اور اس کا رخ بھی میری طرف ٹھیک سے نہ تھا مجھے بھی کوئی خاص تجسس نہ ہوا اس کو غور سے دیکھنے کا وہ کچھ دیر بیٹھی اور پھر چائے پی کر اٹھ گئی مجھے بھی کنٹین کا کھانا پسند نہیں آرہا تھا میں کھانے کو اپنے سامنے رکھے گاؤں کا سرسوں کا ساگ مکئی کی دیسی گھی والی روٹی کو یاد کررہا تھا اور کھانا کھائے بنا ہی اس لڑکی کے ساتھ ہی اٹھ گیا پتہ نہیں کیوں میرا دل نہیں لگ رہا تھا۔

لاہور میں یہاں ہر طرف شور ہی شور تھا گاؤں میں وہ چاندنی راتیں وہ دریا کنارے کھجوروں کے درخت پہاڑ کیا ہی نظارہ ہے میرے گاؤں کا لیکن پھر بھی مجھے اپنی پڑھائی کے لیے یہاں رہنا ہوگا ایسے ہی پھر میں اپنی پڑھائی میں مصروف ہوگیا۔

ایک دن پھر مجھے وہ لڑکی ملی بالکل ویسے ہی چادر میں لپٹی شاید وہ کافی دن بعد یونیورسٹی آئی تھی یا پھر مجھ سے ہی سامنا نہیں ہوا آج جب میں اور ذیشان یونیورسٹی کے گراؤنڈ میں بیٹھے باتیں کررہے تھے تو وہ بھی ذیشان کے پاس آگئی دعا سلام کے بعد دونوں باتیں کرنے لگے شاید وہ دونوں ایک دوسرے کو پہلے سے ہی جانتے تھے اچانک ذیشان کو میرے پاس ہونے کا احساس ہوا تو پھر میرا بھی تعارف کروایا گیا۔

شہریار یہ میری بہت ہی اچھی دوست شمائل ہے اور شمائل یہ شہریار ہے ابھی پندرہ دن پہلے پڑھائی کے سلسلے میں لاہور آیا ہے۔

اس نے ایک نظر اٹھا کر میری طرف دیکھا اس کی موٹی موٹی آنکھیں دیکھ کر تو میں دنگ ہی رہ گیا اس نے ایک نظر مجھے دیکھا اور آنکھیں جھکالیں اور پھر ایسے ہی ہم روز ملنے لگے۔

آہستہ آہستہ ہمارے گروپ میں فروا فائزہ وقاص اور فرحان بھی شامل ہوگئے اب سات لوگوں پر مشتمل ہمارا ایک گروپ بن چکا تھا ہم ہر ایک کو دکھ کو بھی بانٹتے تھے اور خوشی کو بھی دوگنا کرتے تھے چونکہ میں پڑھائی میں تھی تھا اسی لیے سب مجھ سے پڑھائی میں مدد لے لیا کرتے تھے مجھ میں ایک بری بات تھی میں پڑھتا تو بہت ہی اچھا تھا لیکن میں پڑھائی کو بہت ایزی لیتا تھا شمائل کو میری یہ ہی بات بہت بری لگتی تھی وہ اکثر کہا کرتی تھی۔

اگر میں اتنی ذہین ہوتی تو میں دن رات محنت کرکے ٹاپ کیا کرتی۔

میں اس کی اس خواہش کو پورا کرنے کے لیے اب پڑھنے لگا تھا مجھے وہ اچھی لگنے لگی تھی لیکن اس کا پہننا اوڑھنا مجھے اچھا نہیں لگتا تھا دادی اماں کی طرح ہر وقت بڑی سی چادر اوڑھے رکھتی تھی۔

ایک دن میں نے باتوں باتوں میں اس کا مذاق اڑایا۔ تو وہ بچوں کی طرح رونا شروع ہوگئی میں نے اس سے معافی مانگی اور اسے منایا لیکن وہ نہ مانی پھر میں نے فائزہ سے اس کا فون نمبر لیا اور رات کو فون کرنے کا سوچا پھر میں اپنی کلاس میں چلا گیا میرا دل پڑھائی میں نہیں لگ رہا تھا مجھے بہت برا لگ رہا تھا میں نے اسے رولا دیا تھا۔ مجھے بہت بے چینی ہونے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

لگی تھی کہ میں نے ایسا کیوں کیا لیکن میں غلط بھی نہیں تھا وہ آتی تو یونیورسٹی تھی لیکن اس کا حلیہ بڑی بی جیسا ہوتا تھا لیکن وہ بھی تو غلط نہیں تھی وہ ہے ہی اتنی معصوم میں خود سے الجھتا جا رہا تھا ان ہی سوچوں میں گم رات میں نے رات کے بارہ بجے بنا یہ سوچے کہ وہ سو رہی ہو گی یا جاگ رہی ہوں گی فون کر دیا رانگ نمبر ہونے سبب وہ میری کال کئی بار ڈراپ کر چکی تھی پھر جب میں نے ایس ایم ایس پر بتایا۔

میں شہریار ہوں۔

گیارہویں بار اس نے کال اٹینڈ کر لی۔

ہیلو شمائل۔

دوسری طرف مکمل خاموشی تھی۔

پلیز شمائل سوری پلیز مجھ سے بات کرو۔

دوسری طرف اس نے بچوں کی طرح رونا شروع کر دیا تھا۔

پلیز شمائل سوری۔

بہت منت سماجت کے بعد وہ چپ ہوئی اس کے بعد ہم میں گہری دوستی ہو گئی ہم ہر روز گھنٹوں فون کالز پر باتیں کرتے اور آہستہ آہستہ میں نے اسے اپنی پسند سے آگاہ کیا اور حیرت کی بات یہ تھی کہ وہ صرف دوستی کی خاطر خود کو میری پسند کے مطابق ڈھال رہی تھی اب وہ بڑی سے چادر کی بجائے چھوٹے سے دوپٹے میں ہوتی اور میرے کہنے کے مطابق اب وہ گہرے رنگ کے کپڑے پہننے لگی تھی مجھے تو اس سے بے حد پیار ہو گیا تھا لیکن کبھی کہہ نہیں پایا اس کا میں نہیں جانتا تھا کہ دوستی کی خاطر یہ سب کر رہی تھی کہ پیار کی خاطر۔

ایک دن میں نے اپنے دل کی بات اسے کہنے کی ٹھان لی جب اس کی رات دس بجے کال آئی تو میں ابھی کھانا کھانے لگا تھا ابھی کھانے کا پہلا نوالہ میرے ہاتھ میں تھا کہ فون کی بیل بج اٹھی اس کا نام دیکھتے ہی میں نے نوالہ وہیں چھوڑا اور فون لے کر ٹیرس پر چلا گیا اس سے پہلے وہ کچھ بولتی میں نے۔

آئی لو یو۔۔۔ بول دیا کچھ دیر وہ خاموش رہی پھر فون بند کر دیا میں نے اسے کئی بار فون بھی کیا اور میسج بھی کیے لیکن اس کا نمبر بند تھا۔

دو دن نہ مجھے کھانے کا ہوش تھا نہ یونیورسٹی شاید وہ بھی غیر حاضر تھی یونیورسٹی سے پھر تیسرے دن میں نے ہمت کی اور یونیورسٹی چلا گیا وہاں جا کر پتہ چلا کہ وہ بھی دو دن سے غیر حاضر ہے فروا سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ وہ اپنے کسی رشتے دار کے ہاں شادی پر گئی ہوئی ہے مجھے بہت غصہ آیا یہاں میں پریشانی میں مر رہا تھا اور وہ ادھر آرام و سکون سے انجوائے کر رہی تھی۔

اگلے دن جب وہ یونیورسٹی آئی تو میں نے سب دوستوں کی موجودگی میں اس بات کا اعلان کر دیا کہ میں واپس گاؤں جا رہا ہوں میرے اس فیصلہ پر سب ہی حیران تھے میں یہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا میرا اس کے سامنے رکنا بہت مشکل ہو رہا تھا میں کلاس میں چلا گیا جب واپس باہر آیا سب دوست شمائل کے گرد گھیرا ڈالے کھڑے تھے جونہی میں ان کے قریب آیا سب مجھے باتیں سنانے لگے میں سنتا بھی تو کیس کی پھر میں شمائل کے قریب بیٹھتے ہوئے اس کے آنسو صاف کیے لیکن اس نے اپنا منہ دوسری طرف کر لیا میں تڑپ گیا اور کہا۔

دیکھو شمائل جو یہاں آیا ہے اسے جانا تو ہوتا ہے اور ویسے بھی تمہیں میرے جانے سے کیا فرق پڑے گا وہ جیسے پھٹ ہی پڑی۔

فرق پڑتا ہے مسٹر شہریار تم لڑکوں کو لگتا ہے کہ ایک لڑکی جب تک اپنے پیار کا اظہار نہ کرے وہ پیار پیار نہیں کہلاتا شہریار یہ تمہاری غلط سوچ ہے۔

وہ بولے جا رہی تھی اور میں اس کی طرف حیرانگی سے دیکھے جا رہا تھا کیا وہ جو بول رہی ہے کیا وہ سچ ہے اس کی سرخ ہوتی آنکھیں مجھے تکلیف دے رہی تھیں شیری تم مجھ جیسی شمائل کی زندگی میں نہ آئے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جس نے اپنی ہر پسند کو بھول کر تمہارے رنگ میں رنگ یہاں تک کہ میرا پہننا اوڑھنا بھی تمہاری پسند کے مطابق کرنے لگی کبھی سوچا ہے کیوں۔

روتے روتے اس کی ہچکی بندھ گئی میں مزید اور نہیں سن سکتا تھا اور میں نے اس کے منہ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے اسے چپ کروایا۔

بس شمائل اتنا ہی کافی ہے میں واپس نہیں جا رہا یہاں ہی رہوں گا تمہارے پاس۔

بہت مشکل سے میں نے شمائل کو چپ کروایا پھر سبھی دوست میرے پیچھے پڑ گئے کہ اب شمائل کو منانے کے لیے تمہیں گانا گانا ہوگا اوکے یہ گانا صرف میری شمائل کے لیے ہے۔

ہمیں پیار ہوا ہے تم سے
تمہیں پیار ہوا ہے ہم سے
میرے دل کی تیز ہے دھڑکن
اور ہوش بھی ہیں کچھ گم سے
اے میت میرے
اس من کے دیوانے ہوئے
تیرے بن کے۔

یہ گانا سن کر شمائل کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی اس کو مسکراتا ہوا دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی پھر دیکھتے ہی دیکھتے دن گزرتے چلے گئے اور ہر گزرتے ہوئے دن کے ساتھ ہمارا پیار اور بھی گہرا ہوتا گیا شمائل مجھ سے اتنا پیار کرنے لگی کہ بعض اوقات وہ بے اختیار ہو کر میرے پاؤں بھی چوم لیا کرتی تھی ہم دونوں یونیورسٹی کی چھت پر پیپل کے درخت کو گھنٹوں دیکھتے رہتے جب بھی ہم ایک ساتھ ہوتے وہ میرا ہاتھ تھامے رکھتی۔

اب ہم اپنے رشتے کو آگے بڑھانا چاہتے تھے اور اس کام کے لیے مجھے گاؤں جانا تھا میرا دل نہیں چاہ رہا تھا کہ شمائل کو ایک لمحے کے لیے بھی خود سے جدا کروں مجھے ڈر بھی بہت لگ رہا تھا کہ یہ بات اپنے گھر والوں کو کیسے بتاؤں انہی سوچوں میں سفر کرتا میں گھر جا پہنچا میری ماں مجھے دیکھ کر بہت ہی خوش تھیں میں سب سے مل کر کچھ دیر ان کے پاس بیٹھا اور پھر اپنے روم میں چلا گیا اور سو گیا ساری رات کے سفر کی تھکان تھی میں بستر پر لیٹتے ہی گہری نیند سو گیا اور پھر شام پانچ بجے میری آنکھ کھلی میں روم میں سے باہر نکلا تو ماں کو صحن میں درخت کے سائے تلے بیٹھے دیکھا میں بھی ان کے پاس جا کر بیٹھ گیا میری چھوٹی بہن نے مجھے کھانا دیا میرا کھانا کھانے کو بالکل بھی دل نہ چاہ رہا تھا پھر بھی میں نے تھوڑا سا کھا لیا ماں نے پیار سے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور بولی۔

بیٹا کیا ہوا ٹھیک تو ہو ناں ٹھیک سے کھانا کیوں نہیں کھایا۔

میری آنکھوں میں نہ چاہتے ہوئے آنسو آگئے۔ میری ماں میرے آنسو دیکھ کر تڑپ اٹھی اور میرا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لے کر بولیں،

بیٹا جو بھی تمہارے دل میں ہے بتاؤ مجھے تمہارے لیے اپنی جان بھی وار دینے کو تیار ہوں۔

ماں کی یہ باتیں سن کر مجھے کچھ حوصلہ ہوا اور میں نے سب کچھ ماں کو بتا دیا سب کچھ سن کر میری ماں کے چہرے کی ہوائیاں اڑ گئیں میری ماں کو ایک چپ سی لگ گئی۔ میں نے اپنی ماں کے آگے ہاتھ جوڑے۔

پلیز ماں مجھے شمائل کے علاوہ کچھ نہیں چاہیے اس کے بعد میں بھی آپ سے کچھ نہیں مانگوں گا ماں میں خود نہیں چاہتا تھا کہ مجھ سے ایسا کچھ ہو لیکن میں تو خود نہیں جان پایا کہ کب اور کیسے وہ لڑکی مجھے میری جان سے بھی پیاری ہو گئی پلیز ماں آپ بابا کو منا لیں ورنہ میری زندگی تباہ ہو جائے گی میں مر ہی جاؤں گا

میں نہیں جانتا تھا میری یہ تمام باتیں میرے بابا کھڑے سن رہے تھے میں تو تب جان پایا جب بابا نے کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

شہر یار بھول جاؤ اسے ایسا کبھی نہیں ہو سکتا میں بابا کے قدموں میں جا گرا لیکن بابا کے دل پر میرے آنسوؤں کا کوئی اثر نہیں ہوا تھک ہار کر میں نے وجہ پوچھی کہ آخر وہ شائل کو کیوں اپنے گھر کی بہو نہیں بنا سکتے تو ان کے ان چند الفاظ نے میری روح تک کو چھلنی کر دیا۔

وہ غیر ذات ہے اور ہم اور ذات کے ہیں کبھی بھی ہمارے خاندان میں غیر ذات کی لڑکی نہیں بس سکتی میں نے بابا کو بہت سمجھانے کی کوشش کی کہ ذات پات میں کچھ بھی نہیں پڑا وہ بھی مسلمان ہیں اور ہم بھی مسلمان ہیں لیکن میری کوئی بھی دلیل کام نہ آئی لیکن میں بھی اتنی جلدی ہار ماننے والا نہ تھا آخر کار میری ساری زندگی کا سوال تھا۔

میں واپس آ گیا اور شائل کو سب کچھ بتایا اور اسے کورٹ میرج کرنے کو کہا لیکن وہ اس طرح شادی کرنے کے لیے راضی نہ ہوئی میں ہر طرف سے بے بس اور لاچار ہوتا گیا مجھے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میرے ساتھ آخر ہو کیا رہا تھا۔

شائل کے گھر والے میرے گھر والوں کی رضامندی سے شادی کروانا چاہتے تھے لیکن میرے گھر میں سے کوئی بھی مرے ساتھ نہ تھا یہاں تک کہ مجھ پر جان وار دینے والی ماں بھی نہیں میں نے خود کو ہوسٹل کے روم تک محدود کر لیا تھا نہ کھانے کا ہوش تھا نہ دنیا کی پرواہ رہی تھی پھر ایک رات بارہ بجے شائل کی کال آئی اور اس نے رو رو کر مجھ سے جدا ہو جانے کی خبر مجھے سنائی۔

اس کا رشتہ طے ہو گیا تھا اور کچھ ہی دنوں میں وہ شادی کر کے امریکہ جانے والی تھی مجھے خود بھی تو لگا کہ کچھ دن دور رہنے کے بعد وہ کورٹ میرج کرنے پر راضی ہو جائے گی وہ مجھ سے زیادہ دیر دور نہیں رہ پائے گی میں سکتے میں آ گیا نہ جانے اس نے اور کیا بولا مجھے خود کی بھی ہوش نہ رہی اس رات میں دھاڑیں مار مار کر رویا لیکن میری چیخ و پکار سننے والا کوئی بھی نہیں تھا بہت رویا ہوں میں۔

لیکن اب تو میری آنکھ پتھر ہو گئی ہے اب یہ آنکھیں خشک ہیں اب تو یہ بھی ہوش نہیں کہ بہار کا یہ موسم کب آتا ہے جب ہم ملے تھے یا دسمبر کی وہ رات کب گزر جاتی ہے جب وہ کسی اور کی ہوئی تھی میں آج بھی یہ سمجھ لینے سے قاصر ہوں کہ ایک ماں باپ صرف ذات کے نام پر اپنے بیٹے کی خوشیاں کیسے تباہ کر سکتے ہیں اور شائل کیسے مجھے چھوڑ کر کسی اور سے شادی کر سکتی ہے اس نے میرے گھر والوں کے مان جانے کا انتظار کیوں نہیں کیا یا پھر قسمت نے ہی میرا ساتھ نہ دیا۔

میں تمام ماں باپ سے یہ ہی گزارش کروں گا کہ کوئی بھی ماں باپ ذات پات کو لے کر اپنے بچوں کی خوشیوں کو تباہ نہ کریں ہم سب مسلمان ہیں اور اس سے بڑھ کر کوئی بات نہیں ہو سکتی مہربانی کر کے لاہور میں یا کسی اور جگہ کسی دوسرے شہری کو مت جنم دیں اپنے بچوں کی خوشیوں کا خیال رکھیں اور میرے لیے دعا کریں کہ میں شائل کی یادوں کے ساتھ اپنی زندگی گزار سکوں ہنسی خوشی گزار سکوں یہ تو میں نہیں کہہ سکتا اتنی ہمت مجھ میں نہیں ہے یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ ہمیشہ خوش رہے جیسے میں آج تنہا ہوں وہ تنہا نہ ہو۔

میں کس کو اپنا درد سناؤں میں کس کو آواز دوں
میرے دل کے زخم ہیں گہرے میں کیسے ان پر مرہم لگاؤں
میری آواز مجھ تک ہی لوٹ آتی ہے میں کیسے اس قید سے باہر آؤں
میری جان کیسے لوٹ کر آئے گی جو اگر میں اس کو پاس بلاؤں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

تیرے انتظار میں

---تحریر: عاصمہ انصاری۔ ضلع لاہور

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں آج پہلی بار آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔ تیرے انتظار میں۔ کے ساتھ حاضر ہو رہی ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گی کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتی رہوں گی میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

یہ زندگی بھی عجیب کھیل کھیلتی ہے کبھی خوشی تو کبھی غم کبھی پیار تو کبھی نفرت جن لوگوں کی زندگی خوشیوں سے بھری ہوتی ہے وہ اپنے آپ کو بہت کوش قسمت سمجھتے ہیں اور جن لوگوں کی زندگی میں صرف غم ہی غم ہوتے ہیں وہ اپنے آپ کو تو بدقسمت سمجھتے ہی ہیں ساتھ ہی زندگی سے بھی نفرت کرنے لگتے ہیں لیکن ہر انسان کی زندگی میں خوشی اور غم دونوں ہی آتے ہیں اسی طرح اگر زندگی میں محبت آتی ہے تو وہ اپنے ساتھ جدائی بھی لے کر آتی ہے کیونکہ محبت نام ہی جدائی کا ہے لیکنبہت کم لوگ اپنی محبت کو پانے میں کامیاب ہو جاتے ہین اور اپنے آپ کو قسمت والا سمجھتے ہیں اور کچھ تو اپنی محبت کو پانے کے لیے ترستے رہتے ہیں کچھ اپنی زندگی صرف محبت کو پانے کے انتظار میں ہی گزار دیتے ہیں ایسی ہی کہانی میں آپ کو سنانے جا رہی ہوں جو بالکل سچائی پر مبنی ہے امید ہے کہ آپ قارئین کو بہت پسند آئے گی یہ کہانی میرے ایک دوست کے ساتھ پیش آئی۔

یہ اس وقت کی بات ہے جب وہ فرسٹ ائیر میں تھی اور اپنی بڑی بہن عمارہ کی شادی کی تیاریوں میں مصروف تھی۔

ارے کیا کر رہی ہو مجھے دو فون تم جا کر سو جاؤ۔
نہیں عمارہ باجی میں نے بھی جیجا جی سے بات کرنی ہے آپ نے کہا تھا کہ ہم دونوں بات کرینگے۔
ہاں ہاں بھئی پتہ ہے مجھے میں نے کہا تھا لیکن ابھی پہلے میں بات کر لوں اور شادی میں ایک مہینہ تو رہ گیا ہے اور کل میلاد بھی ہے اسی سلسلے میں میں نے تمہارے جیجا جی سے بات کرنی ہے اسلیے پلیز مجھے تنگ مت کرو آرزو تم بعد میں بات کر لینا۔
او کے ٹھیک ہے عمارہ باجی آپلکے رہو میں آپ کو ابھی ڈسٹرب نہیں کروں گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اتنا کہہ کر آرزو اپنے روم میں آجاتی ہے اور وہ اپنی پڑھائی میں مگن ہوجاتی ہے کہ اس کے موبائل پر ایک میسج آتا ہے ارے اس وقت کس کا میسج آ گیا ہے دیکھوں تو سہی ذرا۔ اوہ جناب کو اب یاد آئی ہے ابھی میں اس سے فون پر بات کرتی ہوں۔ پھر آرزو اپنے دور کے کزن کے ساتھ فون پر بات کرنے لگتی ہے جس کے ساتھ آرزو کی بہت اچھی دوستی ہوتی ہے یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ اپنی ہر بات شیئر کرتے ہیں لیکن ان دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا نہیں ہوتا ہے۔

ہیلو۔ ہیلو کیا حال ہے نمیر جی آپ کا۔

ٹھیک ہوں آپ سنائیں کیسی ہیں آپ۔

ہم بھی ٹھیک ہیں۔۔ جناب بڑی جلدی یاد آئی ہے آپ کو۔

وہ بس کام میں تھوڑا بزی تھا۔

اچھا یہ سب چھوڑیں آپ یہ سنائیں کہ کل آرہے ہیں ناں آپ میلاد پر میں نے آپ کو دیکھنا ہے۔ آرزو نے کہا۔

کیوں جی کیوں دیکھنا ہے۔

لو جی ویسے ہی مجھے پتہ تو ہو میں جس سے پچھلے چھ ماہ سے بات کررہی ہوں وہ دیکھنے میں کیسا ہے بتائیں ناں آئیں گے ناں۔

پتہ نہیں ویسے کوشش کروں گا آنے کی۔ پھر فون بند ہوگیا۔ دوسرے دن میلاد پر سب مہمان آئے ہیں ادھر آرزو اپنی کزنوں کے ساتھ گپ شپ میں مصروف ہوتی ہے اور نمیر کا انتظار کررہی ہوتی ہے کہ اسے ایک آواز سنائی دیتی ہے۔

ارے آرزو کہاں ہو نمیر بھائی آگئے ہیں۔ وہ تو بہت ہی پیارے ہی باہر بیٹھے ہیں۔

کیا آگئے۔ واہ میں نے تو ان کو دیکھا ہے ایک منٹ مریم میں آتی ہوں۔

نہیں یار کہاں جارہی ہو تم ابھی تو وہ آیا ہے بعد میں دیکھ لینا ابھی وہ ادھر ہی ہے پھر آرزو بڑی مشکل سے اپنی کزنوں سے جان چھڑا کر آتی ہے اور بھاگ کر اور بڑی خوشی سے نمیر کو دیکھنے باہر صحن میں آتی ہے لیکن وہ وہاں نہیں ہوتا۔

اوہو یہاں تو کوئی بھی نہیں بیٹھا کہاں گیا وہ وہ آئے بھی تھے یا تم مذاق لگی ہو۔

نہیں آرزو میں نے تم سے بھلا کیوں مذاق کرنا ہے آئے ہیں نمیر بھائی لگتا ہے وہ اوپر چھت پر چلے گئے ہیں۔

کیا اوہو میں نے تو ان کو دیکھنا تھا اور اوپر چھت پر تو سارے مرد بیٹھے ہوئے ہیں۔

اوہو کیا ہوا آرزو بعد میں دیکھ لینا نمیر بھائی کو ادھر ہی تو ہیں وہ ابھی۔

او کے ٹھیک ہے میں بعد میں ہی دیکھ لوں گی۔

آرزو پھر اپنی کزنوں کے ساتھ باتوں میں مصروف ہوجاتی ہے تو پھر تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد اسے پتہ چلتا ہے کہ نمیر چلا گیا ہے۔

کیا کیا کہہ رہی ہو نمیر چلا گیا ہے لیکن میں نے تو انہیں ابھی دیکھا ہی نہیں یہ اس نے اچھا نہیں کیا

کیوں اچھا نہیں کیا اور تم نے اسے دیکھنا کیوں ہے کہیں تم۔۔ تم اس سے محبت۔

کیا کیا تم پاگل تو نہیں ہوگئی میں پیار وہ بھی اس سے جسے میں نے دیکھا ہی نہیں۔

ہاں جی تمہاری حرکتوں سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ تم نمیر سے پیار کرنے لگی ہو۔

بس یار اس دنیا میں پیار کے علاوہ بھی کوئی رشتہ ہوتا ہے نمیر بس میرا بہت اچھا دوست ہے بس اسی لیے میں اسے دیکھنا چاہتی ہوں اور وہ مجھ سے ملے بغیر ہی چلا گیا ہے میں ابھی اس سے فون پر بات کرکے پوچھتی ہوں۔ پھر وہ نمیر کو فون کرتی ہے اور غصے سے پوچھتی ہے۔

نمیر جی آپ نے یہ اچھا نہیں کیا آپ میلاد پر

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

آئے اور مجھ سے ملے ہی نہیں اور ملے بغیر ہی چلے گئے۔اس نے شکوہ کیا۔

لو جی ایک تو میں اتنا ٹائم نکال کر تمہارے کہنے پر وہاں آیا اوپر سے تم غصہ ہو رہی ہو میں تو تمہیں ہی ڈھونڈ رہا تھا لیکن تم خود ہی مجھ سے ملی ہی نہیں ہو اب اس میں میرا کیا قصور ہے

بس جی اب میں نے آپ سے بات نہیں کرنی

لو یہ کیا بات ہوئی چلو عمارہ باجی کی شادی پر دیکھ لینا۔ویسے میں اتنا بھی پیارا نہیں ہوں۔

تو کیا ہوا۔میں نے تو آپ کو دیکھنا ہے۔۔کون سا میں نے آپ کو پسند کرنا ہے

پھر ایسے ہی فون پر باتیں ہوتی رہیں دوستی بھی گہری ہو گئی تھی عمارہ کی شادی کے دن بھی قریب آ گئے تھے تو آرزو اپنی بہن کی شادی کی تیاریوں میں اتنی مصروف تھی کہ اسے نمیر سے بات کرنا بھی چھوڑ دیا تھا پھر عمارہ کی مہندی کا دن آ گیا آرزو اپنی بہن کی مہندی پر سج دھج کر تیار ہوئی ہر کسی کی نظر صرف آرزو پر ہی تھی آرزو بہت ہی پیاری لگ رہی تھی ہر کوئی اس کی تعریف کر رہا تھا۔

واہ آرزو بہت پیاری لگ رہی ہے کہیں تمہیں کسی کی نظر نہ لگ جائے۔

بس کرو مریم اپنی تعریف سن سن کر تو میں تھک گئی ہوں ویسے تم بھی کچھ کم نہیں ہو۔

اوہ اچھا جی تھینکس اچھا وہ تمہاری کلاس فیلو نایاب آئی ہے تمہیں ڈھونڈ رہی ہے وہاں وہ بیٹھی ہے

اچھا میں آتی ہوں اس سے مل کر۔اتنا کہہ کر وہ اس کے پاس چلی گئی۔۔ہیلو نایاب کیسی ہو۔

ٹھیک ہوں تم تو نظر نہیں آ رہی تھی کہاں چھپی تھی

ادھ ہی تھی میں اچھا تمہارا بھائی بھی ساتھ آیا ہے کیا میں نے اسے دیکھنا ہے اب کیسا ہے وہ آیا ہے ناں۔

ہاں ہاں آیا ہے وہ اندر کمرے میں ہے۔جاؤ مل آؤ وہ بھی تمہارا انتظار کر رہا ہے۔

اچھا ٹھیک ہے میں دیکھنا چاہتی ہوں کہ احمد پانچ سالوں بعد کیسا ہو گیا ہے۔

آرزو اور احمد ایک ساتھ کلاس میں پڑھتے تھے پھر چھٹی جماعت سے اس نے سکول چھوڑ دیا تھا آرزو نے اب احمد کو دیکھنا تھا اس لیے وہ جلدی سے بھاگ کر ڈرائنگ روم میں گئی تو وہاں بہت خوبصورت لڑکا بیٹھا ہوا تھا۔

واہ یہ احمد کتنا پیارا ہو گیا ہے میں اس سے بات کرتی ہوں لیکن یہ ماموں کے ساتھ کیوں بیٹھا ہے چلو فی الحال میں اس سے سلام لیتی ہوں وہ دل میں سوچ رہی ہوتی ہے پھر آرزو آگے جا کر اس لڑکے کو سلام کرتی ہے اور مسکرا کر باہر نایاب کے پاس آ جاتی ہے

واہ نایاب مان گئی میں تمہارے بھائی کو وہ بہت نہیں بلکہ بہت ہی زیادہ پیارا ہو گیا ہے تمہارا بھائی میں تو اسے دیکھتی ہی رہ گئی تھی۔

کیا کہہ رہی ہو آرزو کس کا بھائی کون بھائی۔ نایاب حیران ہوئی۔

ارے یار تمہارا بھائی احمد اور کون تم بتا رہی تھی ناں کہ وہ آیا ہے اور کمرے میں بیٹھا ہے۔

اوہ اچھا ہاہاہا۔وہ تو آیا ہی نہیں ہے میں تو مذاق کر رہی تھی میں تمہیں بتانے ہی لگی تھی لیکن تم جلدی سے اندر بھاگ گئی تھی تم تو بہت جلدی دوسروں کی باتوں پر یقین کر لیتی ہو ویسے تمہیں بے وقوف بنانا بہت ہی آسان ہے یار ہاہاہا۔۔

کیا۔وہ یکدم سنجیدہ ہو گئی تو پھر وہ کون تھا جس سے میں ابھی مل کر آئی ہوں۔

مجھے کیا پتہ۔کس سے مل کر آئی ہو۔ہوگا تمہارا کوئی رشتہ دار۔نایاب نے مسکراتے ہوئے کہا۔

پھر آرزو دوبارہ کمرے میں گئی لیکن وہ وہاں نہیں تھا آرزو اسے ڈھونڈنے لگی لیکن وہ لڑکا اسے نظر نہیں آیا مہندی کی رسم ختم ہو گئی تو آرزو بس اس لڑکے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بارے میں ہی سوچ رہی تھی کہ اچانک اسے نمیر کی یاد آ گئی اور اسے فون کر دیا۔

ہیلو نمیر جی کہاں غائب ہو تم مہندی پر کیوں نہیں آئے ہو۔ تم نے وعدہ کیا تھا آنے کا لیکن آئے نہیں۔ آرزو نے شکوہ کیا۔

میں تو آیا تھا لیکن تم اپنی بہن کی مہندی میں اتنی بزی تھی کہ مجھ سے ملنا تمہیں یاد ہی نہیں رہا۔

اوہ۔ وہ پریشان ہو گئی۔ ٹھیک ہے میں کل تم کو دیکھ لوں گی۔

دوسرے دن بارات پر آرزو کی نظریں سے ڈھونڈنے لگیں پھر اچانک آرزو کو وہ لڑکا نظر آ گیا جس کو اس نے کمرے میں دیکھا تھا اسے دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئی وہ اس لڑکے سے بات کرنے کی بہت کوشش کر رہی تھی لیکن قسمت اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی نہ آرزو اس لڑکے سے مل پائی نہ اس سے بات کر سکی شادی ہو گئی لیکن آرزو کے دل میں وہ اپنی گہری یادیں چھوڑ گیا اس کے دل کو کھینچ کر جیسے لے گیا اسے لگنے لگا کہ جیسے وہ اس انجان لڑکے کو پسند کرنے لگی ہے اس سے پیار کرنے لگی ہے وہ سوچ رہی تھی کہ پوری شادی میں وہ اسکو تلاش کرتی رہی تھی اس کو دیکھتی رہی تھی وہ اس کے دل میں بستا جا رہا تھا اس کے دل پر قبضہ کر رہا تھا۔ نجانے وہ کون تھا کیا نام تھا اس کا۔

وہ اسی سوچ میں تھی کہ نمیر کا مسیج آیا پھر اس نے اسے جواب دیا اور سوچنے لگی کہ ہر بات میں نمیر کو بتاتی ہوں کیوں ناں یہ بات بھی بتا دوں وہ نمیر سے فون پر بات کرتے کرتے بولی۔

نمیر میں نے تم سے ایک بات کرنی ہے لیکن مجھے ڈر لگ رہا ہے۔

ارے یار بتاؤ کیا ہے میں نے کون سے تمہاری بات کسی کو بتانی ہے۔

پھر وہ نمیر کو بتانے لگی وہ وہ عمارہ باجی کی شادی پر مجھے ایک لڑکا پسند آیا ہے میں اس سے پیار کرنے لگی ہوں لیکن پتہ نہیں ہے وہ کون ہے۔

کیوں کیوں۔ پتہ نہیں اس کا۔

ہاں نہیں پتہ۔ بس میں نے اسے دیکھا ہے۔

کیا مطلب دیکھا ہے تم اسے جانتی ہو گی۔

کہاناں کہ نہیں جانتی ہوں میں اسے۔ لیکن بہت ہی پیارا تھا بہت ہی حسین تھا۔ پھر اس نے نمیر کو اس لڑکے کا ڈریس بتایا اور وہ جگہ بتائی جہاں پر اس نے اسے پہلی بار دیکھا تھا تو نمیر آرزو کی بات سنکر خاموش ہو گیا۔

بتائیں ناں آپ جانتے ہیں اسے آپ آئے تھے ناں شادی پر آپ نے تو اسے دیکھا ہی ہو گا۔

اوہ وہ لڑکا اسے تو میں جانتا ہوں وہ تو میرا دوست ہے شادی پر ہی بنا ہے۔

اچھا۔ آرزو کا خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا۔ جلدی بتائیں اس کا نام کیا تھا۔

وہ۔ وہ نام تو اس کا مجھے یاد نہیں ہے لیکن وہ تمہاری بہت ہی تعریف کر رہا تھا۔

کیا واقعی۔ کیا کہہ رہا تھا وہ میرے بارے میں

کچھ نہیں بس یہی کہہ رہا تھا کہ یہ لڑکی بہت ہی پیاری ہے۔

کیا واقعی اس نے ایسا کہا تھا۔ آرزو نے خوش ہوتے ہوئے کہا بتاؤ ناں۔

ہاں واقعی۔ نمیر نے کہا۔

اس کا مطلب ہے کہ تم نے مجھے دیکھ لیا لیکن میں پھر بھی تم کو دیکھ نہیں سکی ہوں آپ ویسے ہی ہمارے گھر آ جائیں میں آپ کو دیکھ لوں گی۔

کیا میں نہیں نہیں۔ وہ ابھی میں بہت بزی ہوں پھر بھی آ ؤنگا۔

ٹھیک ہے میں آپ کے آنے کا انتظار کروں گی

پھر فون بند ہو گیا اور آرزو اس لڑکے کے بارے میں سوچ سوچ کر پاگل ہوئے جا رہی تھی اس

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا کہ اسے کیا ہوتا جارہا ہے کیوں اس لڑکے کا چہرہ اس کی نظروں سے ہٹتا نہیں ہے کیوں وہ اس اجنبی سے پیار کرنے لگی ہے کئی دن ایسے ہی بیت گئے ایک دن اس نے نمیر کو کال کردی اور کہا۔

نمیر آپکو پتہ ہے ناں کہ میں اس اجنبی سے بہت پیار کرتی ہوں لیکن پتہ نہیں وہ اجنبی مجھ سے پیار کرے گا یا نہیں یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ وہ اجنبی کسی اور سے پیار کرتا ہو۔

نہیں آرزو ایسی بات نہیں ہے وہ تمہاری بہت تعریف کررہا تھا مجھے یقین ہے کہ وہ تمہیں پسند کرتا ہوگا۔

کاش ایسا ہی ہو لیکن مجھے یقین نہیں آرہا ہے اور پھر میں اس کے بارے میں جانتی تو بھی کچھ نہیں ہوں پتہ نہیں وہ مجھے ملے گا بھی یا نہیں۔ میں تو اس کے پیار میں پاگل ہوتی جارہی ہوں۔

آرزو تم ایسا کیوں سوچتی ہو اگر تم واقعی اس سے سچا پیار کرتی ہو تو پھر وہ تمہیں ضرور ملے گا۔

چلو نمیر جی میں یہ بھی مان لیتی ہوں اچھا آپ کو پتہ ہے میں کالج ٹرپ پر جارہی ہوں آپ بھی وہاں آجائیں بہت مزہ آئے گا ساتھ ہی میں آپ کو دیکھ لوں گی آئیں گے ناں آپ۔

وہ نہیں آرزو جی تمہیں پتہ ہے میں کتنا بزی رہتا ہوں آج کل اس لیے سوری میں نہیں آپاؤں گا۔

چلو جیسے آپ کی مرضی او کے بائے۔

پھر کچھ دن بعد ان کی بس ٹرپ پر جاتی ہے وہاں سے واپسی پر اس کے ایگزامز شروع ہو جاتے ہیں اور آرزو نمیر سے بات نہیں کرپاتی ہے۔

آرزو بیٹا دل لگا کر محنت کرو اپنا پورا ایگزام پر دو تاکہ اچھے نمبروں سے پاس ہوجاؤ۔

ہاں ماما میں دل لگا کر ہی محنت کررہی ہوں مجھے پوری امید ہے کہ میں اچھے نمبروں سے ایگزامز میں پاس ہوجاؤں گی۔ بس آپ کی دعاؤں کی ضرورت ہے۔ آرزو نے مسکراتے ہوئے کہا۔

بیٹا تمہیں کیا پتہ میں دن رات تمہارے لیے ہی دعا کرتی ہوں بس جلدی سے امتحان دے کر فارغ ہوجاؤ پھر پتہ نہیں تمہیں تمہارے ماموں کی شادی آرہی ہے تمہارے امتحان کے ختم ہونے کے پورے ایک ہفتہ بعد۔

سچ ماما میں تو پھر ضرور جاؤں گی بہت مزا آئے گا۔

ہاں ہاں لیکن ابھی تم صرف پڑھائی کی طرف توجہ دو ماما نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

او کے ماما آپ بہت سویٹ ہیں۔

پھر جب وہ امتحان سے فارغ ہوتی ہے تو وہ اجنبی کے بارے میں سوچنے لگ جاتی ہے کہ نمیر کا آتا ہے اسے اس وقت کس کا ایم ایس ایم آگیا ہے وہ تو یہ نمیر جی کا ایم ایس ایم ہے۔ وہ مسیج کو پڑھتے ہوئے خود کو کہتی ہے اب انہیں فرصت ملی ہے میرا حال پوچھنے کی۔ لیکن میں بھی اب اسے جواب نہیں دوں گی نمیر کا پھر مسیج آتا ہے لیکن وہ اس کا پھر جواب نہیں دیتی ہے تب وہ اسے فون کرتا ہے تیسری بار فون کرنے پر وہ اس کا نمبر ریسو کرتی ہے۔

یہ تم میرا فون کیوں نہیں اٹھا رہی تھی اور مسیج کا جواب بھی نہیں دے رہی تھی کیا بات ہے تم ٹھیک تو ہوناں اس نے پہلے شکوہ کیا پھر اس کا حال پوچھا۔

کیوں آپ کو کیا لگے میں ٹھیک رہوں یا نہ رہوں۔ وہ ناراضگی سے بولی۔

تم ایسے کیوں بات کررہی ہو کیا ناراض ہو۔

جی نہیں میں بھلا کیوں ناراض ہونے لگی۔

تو پھر جواب کیوں نہیں دے رہی ہو۔

بس ویسے ہی دل نہیں چاہ رہا تھا۔

کیوں دل نہیں چاہ رہا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

پتہ نہیں جب سے اس اجنبی لڑکے سے پیار ہوا ہے تب سے کسی سے بھی بات کرنے کو دل نہیں چاہتا ہے ابھی بھی میں اسی کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی لیکن آپ نے ڈسٹرب کر دیا۔

ہاہاہا۔ تو ایسی بات ہے سوسوری۔ میں نے تمہیں ڈسٹرب کیا تو کیا آپ مجھے بتا سکتی ہیں کہ آپ اس اجنبی کے بارے میں کیا سوچ رہی تھیں۔

لیکن یہ آپ مجھے اتنے پیار سے کیوں بلا رہے ہیں ثمیر جی خیریت تو ہے ناں۔

اوہو ویسے ہی اچھا بتاؤ ناں کیا سوچ رہی تھی۔

کچھ نہیں بس یہی سوچ رہی تھی کہ کتنا اچھا ہے وہ اجنبی لڑکا میں شادی پر اس سے ملی اس سے سلام لی اس کی طرف دیکھ کر مسکرائی لیکن اس نے میری طرف ایک دفعہ بھی نہیں دیکھا کتنا شریف ہے وہ اجنبی۔

اوہ تو یہ سوچ رہی تھی تم تو اگر وہ تمہیں مل گیا پھر تم کیا کرو گی۔

اگر وہ مجھے مل گیا تو پھر تو میری خوشی کی کوئی انتہا ہی نہیں ہوگی میں اپنے آپ کو بہت ہی خوش قسمت سمجھوں گی ویسے مجھے پتہ ہے کہ اجنبی صرف میرا خواب ہے حقیقت نہیں بن سکتا وہ۔

کیوں ضی حقیقت کیوں نہیں بن سکتا۔

پتہ نہیں مجھے نہیں لگتا کہ وہ مجھے ملے گا۔

کیوں نہیں ملے گا ضرور ملے گا اور ماموؤں کی شادی ہے ناں تو مجھے لگتا ہے کہ وہ وہاں پر ضرور آئیگا۔

اوہاں میں تو بھول ہی گئی تھی کہ ماموں کی شادی آ رہی ہے ویسے آپ کو کیوں لگتا ہے کہ وہ وہاں ضرور آئیگا یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ وہ ہماری فیملی میں سے ہی نہ ہو بھائی کا کوئی دوست ہو۔

نہیں ایسا نہیں ہے وہ ماموں کے ساتھ بیٹھا تھا اس کا مطلب ہے وہ ہماری فیملی میں سے ہے اس نے بھی مجھے بتایا تھا کہ وہ اسی فیملی سے ہے۔

کیا واقعی۔ اگر ایسی بات ہے پھر تو بہت ہی مزا آئے گا اگر مجھے اس کے فیورٹ کلر کا پتہ ہوتا تو میں اسی کلر کا ڈریس پہنتی۔

میں نے اس سے سب کچھ پوچھا تھا میں جانتا ہوں اس کی پسند کو اس کو بلیک کلر پسند ہے۔

واہ بلیک تو میرا بھی فیورٹ کلر ہے پھر تو میں واقعی ہی وہ ضرور پہنوں گی لیکن ایک بات پوچھوں۔

ہاں ہاں پوچھو۔

وہ میں نے یہ پوچھنا تھا کہ اگر شادی میں وہ اجنبی آئے تو کیا میں اس سے اپنے دل کی بات کہہ دوں۔ اس نے دھیمی آواز میں کہا۔

ہاں ضرور کہہ دینا۔ یقیناً وہ بہت خوش ہوگا

آپ کو کیسے پتہ کہ وہ بہت خوش ہوگا۔

کیونکہ عمارہ باجی کی شادی پر وہ تمہیں ہی دیکھ رہا تھا اور تعریفیں بھی کر رہا تھا۔

اچھا یہ سب چھوڑیں یہ بتائیں کہ آپ شادی پر آئیں گے ناں۔

ہاں ہاں میں بھی ضرور آؤں گا۔

تو پھر آپ مجھے اپنا ڈریس بتا دیں تاکہ میں آپ کو دیکھ کر پہچان سکوں۔

وہ ابھی میں نے ڈیسائڈ نہیں کیا ہے کہ کون سا ڈریس پہنوں ویسے جب میں آؤں گا تو تم سے سلام ضرور لوں گا تم خود ہی مجھے پہچان لوگی۔

اوکے ٹھیک ہے۔

آرزو بہت خوش ہوتی ہے کہ اس کو اس کا پیار ملنے والا ہے لیکن اسے کیا پتہ تھا کہ قسمت نے ابھی اس کے ساتھ ایک اور کھیل کھیلنا ہے پھر ماموں کی شادی کا دن آ گیا وہ سب وہاں چلے گئے مہندی کی رات آرزو بہت سج دھج کر اپنے محبوب کا انتظار کرتی رہی۔ کہ وہ اس کے سامنے آئے گا۔

ارے تم یہاں بیٹھی ہو چلو اٹھو ہم ڈھولک بجاتے ہیں۔ عینی نے اسے دیکھ کر کہا۔

نہیں عینی تم لوگ بجاؤ میرا دل نہیں کر رہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

کیوں جی دل کیوں نہیں کر رہا چلو اٹھو ماموں کی شادی ہے اور بھانجیاں آرام سے بیٹھیں یہ کہاں کی بات ہوئی چلو اٹھو۔

پھر سب کزنیں مل کر ڈھولک بجاتی رہیں۔ لیکن آرزو تو اپنے ہی خیالوں میں گم تھی اسے صرف اپنے محبوب کا انتظار تھا لیکن نہ وہ آیا نہ ہی نمبر اس کو کہیں دکھائی دیا۔ پھر وہ غصہ سے سو جاتی ہے۔ دوسرے دن وہ تیار ہو رہی ہوتی ہے۔

ارے لڑکیو کتنی دیر ہے ابھی تیاری میں بارات نکلنے ہی والی ہے سب باہر گاڑی پر بیٹھ گئے تم لوگ بھی چلو نانی نے کہا۔

اچھا نانی جی۔ عینی یار تم باہر گاڑی میں بیٹھو میں ابھی آتی ہوں۔

ٹھیک ہے میں جاتی ہوں لیکن جلدی آنا۔ اتنا کہہ کر وہ باہر نکل گئی اور آرزو بھی تیار ہو کر جب گاڑی میں بیٹھنے لگتی ہے تو اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں اس کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہوتی ہے کیونکہ اس کے سامنے اس کے خوابوں کا شہزادہ کھڑا ہوتا ہے اسے دیکھ کر اس کو اپنی آنکھوں پر یقین ہی نہیں آتا ہے کہ اس کا محبوب اس کے سامنے موجود ہے کہیں وہ کوئی خواب تو نہیں دیکھ رہی وہ اسے دیکھ کر سوچنے لگتی ہے میں ابھی جا کر اس سے بات کرتی ہوں۔

آرزو کہاں کھو گئی ہو یار جلدی آؤ۔

اچھا آتی ہوں اس اجنبی سے بعد میں بات کر لوں گی وہ دل میں سوچتی ہے اور عینی کی طرف چل دیتی ہے اس کو خوش دیکھ کر عینی پوچھتی ہے۔

آرزو کیا بات ہے بہت خوش نظر آ رہی ہو رات کو تمہارا موڈ ٹھیک نہیں تھا یہ یکدم تمہارے چہرے پر چمک کیسے آ گئی۔

بس یار یوں سمجھو کہ مجھے میری منزل مل گئی ہے۔

کیسی منزل مجھے بھی تو کچھ پتہ چلے۔

سب پتہ چل جائے گا۔ ابھی اس بات کو یہی رہنے دو۔ وہ اسے ٹالتے ہوئے کہتی ہے۔

پھر جب وہ وہاں پہنچتے ہیں تو آرزو گاڑی سے اترنے لگتی ہے وہ اجنبی کھڑا ہوتا ہے آرزو اجنبی سے بات کرنے کی کوشش کرتی ہے لیکن قسمت اس کا ساتھ نہیں دیتی ہے پھر باراتیوں کو ہال میں بٹھایا جاتا ہے آرزو کے نظریں بس اس اجنبی کو دیکھ رہی ہوتی ہیں پھر وہ اسکو نظر آ جاتا ہے وہ بھاگ کر اس کے پاس جاتی ہے تو وہ لڑکا مسکرا کر اس سے سلام لیتا ہے اور کہتا ہے

کیا حال ہے آرزو جی۔

آواز سنتے ہی اسکے دل کو ایک جھٹکا سا لگتا ہے وہ سوچنے لگتی ہے کہ یہ آواز تو اس نے سنی ہوئی ہے پھر سوچتی ہے کہ نہیں آوازیں مل جاتی ہیں لیکن اس کو کیسے پتہ کہ میرا نام آرزو ہے وہ ابھی یہ سب سوچ رہی ہوتی ہے کہ وہ لڑکا کہیں غائب ہو جاتا ہے۔

یہ یکدم کہاں چلا گیا۔ وہ اس کو ڈھونڈنے لگ جاتی ہے۔

یار آرزو تمہارا پتہ نہیں چلتا کبھی تم بہت خوش ہوتی ہو کبھی کسی گہری سوچ میں گم ہو جاتی ہو کیا کوئی مسئلہ ہے۔

نہیں عینی۔ بس یونہی۔

پلیز بتاؤ کیا مسئلہ ہے ہو سکتا ہے کہ میں تمہاری کچھ مدد کر سکوں۔

عینی کی بات سن کر وہ اس کو سب کچھ بتا دیتی ہے۔ جو وہ بہت غور سے سنتی ہے۔

اوہ تو یہ بات ہے چلو میں تمہاری ہیلپ کرتی ہوں مجھے اس لڑکے کا حلیہ بتاؤ اس کا ڈریس بتاؤ میں ابھی اسے ڈھونڈ کر اس کے بارے میں انفارمیشن لے کر آتی ہوں تم بس میرا یہاں ویٹ کرو پھر عینی اس اجنبی کے پاس جاتی ہے جب عینی آرزو کو اس اجنبی کے بارے میں سب کچھ بتاتی ہے تو یہ سن کر آرزو کے پاؤں تلے سے زمین نکل جاتی ہے کیونکہ وہ اجنبی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور کوئی نہیں نمیر ہوتا ہے۔اسے بہت غصہ آتا ہے پھر وہ اسی وقت نمیر کے پاس جاتی ہے یعنی اجنبی کے پاس۔

یہ آنسو بھی کم بخت اک پریشانی ہیں
خوشی اور غم دونوں کی نشانی ہیں
سمجھنے والوں کے لیے انمول اور
نہ سمجھنے والوں کے لیے صرف پانی ہیں

نمیر جی آپ۔۔آپ نمیر ہو کیا۔
نن نہیں۔نہیں تو کیوں۔اور آپ کون ہیں اور کیوں پوچھ رہی ہیں۔
نہیں ویسے ہی۔اچھا تو آپ نمیر نہیں ہیں تو پھر کون ہیں۔آپ کا نام کیا ہے۔
وہ۔وہ میں ابھی آتا ہوں۔اتنا کہہ کر وہ ایک طرف نکل جاتا ہے اور آرزو کو بہت غصہ آتا ہے اور بہت ہی روتی ہے پھر وہ سب شادی سے فارغ ہو کر گھر آجاتے ہیں تو ایکدن نمیر کا مسیج آتا ہے تو آرزو جواب نہیں دیتی ہے پھر نمیر کا فون آتا ہے تو آرزو بہت غصہ سے بولتی ہے۔
آپ نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا مجھے سب پتہ چل چکا ہے کہ وہ اجنبی آپ ہی ہیں۔
یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں۔میں تو شادی پر گیا ہی نہیں تھا۔
کتنا جھوٹ بولو گے مجھے پتہ ہے آپ ہی اجنبی ہیں جانتے ہو کتنا روئی تھی میں یہ جان کر۔
ارے تم روئی کیوں تمہیں تو خوش ہونا چاہیے تھا کہ تمہیں وہ اجنبی مل گیا۔
کیوں خوش ہوتی آپ نے تو مجھے بے وقوف بنایا ہے آپ تو میرے ساتھ کھیل کھیل رہے تھے بہت مزہ آیا ہوگا ناں آپ کو مجھے یوں بے وقوف بنانے کا ویسے غلطی میری تھی جو میں نے آپ کی باتوں پر یقین کر لیا اسلئے سوری اب مجھے آپ سے کوئی بات نہیں کرنی ہے اوکے بائے۔پھر آرزو نے فون بند کر دیا۔ساتھ ہی نمیر کا مسیج آگیا۔
آرزو مجھے معاف کر دو اب آئندہ میں تم سے کبھی بھی جھوٹ نہیں بولوں گا اگر کوئی آپ سے سچے دل سے معافی مانگے اور اپنی غلطی پر شرمندہ ہو تو اسے معاف کر دینا چاہیے پلیز پلیز۔اسکے مسیج پر وہ اس کو معاف کر دیتی ہے۔
ایک بات کہوں مائنڈ تو نہیں کرو گی۔
نہیں نہیں بھلا میں آپ کی باتوں کا کبھی مائنڈ کر سکتی ہوں۔
تم شادی پر بہت ہی پیاری لگ رہی تھی بلیک کلر تم پر بہت اچھا لگتا ہے تم بلیک کلر میں بہت ہی پیاری لگ رہی تھی۔
آپ بھی تو کسی سے کم نہیں لگ رہے تھے۔میرا تو دل چاہ رہا تھا کہ آپکو دیکھتی رہوں لیکن آپ نظر نہیں آرہے تھے پتہ نہیں کہاں چھپ جاتے تھے۔
پھر ایسے ہی نمیر اور آرزو کی دن میں کئی بار بات ہوتی تھی کبھی فون پر کبھی مسیج پر۔آج اسکا مسیج آیا تھا آج رات کو اپنا موبائل آف نہ کرنا اور سو بھی نہ جانا میں نے تم سے کوئی خاص بات کرنی ہے۔پھر رات کو وہ دونوں بات کرتے رہے تو ان دونوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔
نمیر جی آپ احمد کو جانتے ہیں ناں۔
ہاں وہ تمہاری پھوپھو کا بیٹا ہے کیوں کیا ہوا اسکو
ہاں ہاں وہی۔ویسے کتنا پیارا لگ رہا تھا شادی پر عمارہ باجی کی شادی پر بھی وہ سب سے پیارا لگ رہا تھا کتنا پیارا ہے ناں وہ پتہ ہے ہماری فیملی میں ہر کوئی مجھے اور احمد کو ملانے کو کہتے ہیں کہ ہم دونوں ایک ساتھ بہت اچھے لگتے ہیں۔
اچھا اس کا مطلب ہے کہ تم احمد کو پسند کرتی ہو اور مجھ سے صرف ٹائم پاس کر رہی ہو۔
میں نے ایسا کب کہا ہے آپ بہت جلدی غصہ میں آجاتے ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بس آرزو اب مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی۔
نہ کروں یاد تمہیں تو الجھا جاتی ہیں سانسیں
سمجھ نہیں آتی زندگی سانسوں سے ہے یا تیری یاد سے
پھر آرزو تھوڑی دیر اس سے معافی مانگتی ہے اور اس کو پیار بھرے مسیج کرتی ہے تو نمیر اسکو کسی بھی مسیج کا جواب نہیں دیتا ہے پھر وہ مان جاتا ہے تھوڑے دنوں بعد نمیر کے گھر میلا ہوتا ہے تو آرزو نمیر کے گھر نہیں جاتی تو پھر نمیر غصہ سے آرزو کو فون کرتا ہے۔
تم آئی کیوں نہیں میلا دپر پتہ ہے مجھے کتنا غصہ آیا تھا میں تمہارا ہی انتظار کر رہا تھا تم آئی کیوں نہیں۔
آپ نے کون سا مجھے کہا تھا ماما کو کہا تھا وہ گئی تو تھیں وہاں۔اس کی یہ بات سنکر وہ فون غصہ سے بند کر دیتا ہے۔

احساس محبت کے لیے اتنا ہی کافی ہے
تیرے بغیر بھی ہم تیرے ہی رہتے ہیں

دو تین دن انکی بات نہیں ہوتی پھر ایک دن اچانک نمیر آرزو کے گھر آتا ہے تو آرزو اپنی ماما کے کہنے پر کولڈ ڈرنک لاتی ہے نمیر آگے ہاتھ بڑھاتا ہے لیکن آرزو گلاس ٹیبل پر رکھ دیتی ہے اور نمیر کے سامنے بیٹھ جاتی ہے وہ دونوں ایک دوسرے کو ایسے دیکھنے لگتے ہیں جیسے کوئی برسوں کا پیاسا کنویں کی طرف دیکھ رہا ہو ان دونوں کے دل زور زور سے دھڑک رہے ہوتے ہیں آرزو کی تو خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہوتی ہے اس کے خوابوں کا شہزادہ اس کے دل کا مالک اس کے سامنے بیٹھا ہے وہ دل ہی دل میں اسے پانے کی دعائیں کرنے لگتی ہے۔
انکی محبت کو ڈیڑھ سال ہو جاتا ہے لیکن یہ دونوں ہو جاتا ہے لیکن یہ دونوں ایک دوسرے سے اپنی محبت کا اظہار نہیں کرتے پھر ویلنٹائن ڈے آتا ہے تو آرزو نمیر سے اپنے پیار کا اظہار کرتی ہے لیکن نمیر کوئی جواب نہیں دیتا پھر آرزو مسیج کرتی ہے ڈو یو لوی۔نمیر جی اگر اس کا جواب یس میں دیتے ہیں تو میں آپ کو اتنا پیار دوں گی کہ آپ سوچ بھی نہیں سکتے اور اگر اس کا جواب نو میں ہوا تو میں آپ کو بھی تنگ نہیں کروں گی آپ کی لائف میں کبھی نہیں آؤں گی آپ سے کبھی بھی بات نہیں کروں گی۔تقریباً بیس منٹ بعد نمیر کا مسیج آیا۔جس پر یس لکھا ہوا تھا۔تو یہ دیکھ کر آرزو بہت خوش ہوئی اسے تو جیسے نئی زندگی مل گئی وہ اپنے آپ کو ہواؤں میں اڑتا ہوا محسوس کرنے لگی پھر وہ نمیر کو کال کرتی ہے لیکن وہ اس کا نمبر کاٹ دیتا ہے اور مسیج کرتا ہے کہ سوری میں ابھی بہت ہی بزی ہوں بعد میں تم سے بات کروں گا اور آرزو بھی اپنے کام میں بزی ہو جاتی ہے۔کافی دیر بعد نمیر کا مسیج آتا ہے کہ میری جان کیا ہو رہا ہے۔تو آرزو لکھ دیتی ہے کہ کچھ نہیں بس اس اجنبی کے بارے میں سوچ رہی تھی اب تو وہ میری زندگی بن گیا ہے۔
کیا تم ابھی بھی اس اجنبی کے بارے میں سوچتی ہو۔وہ مسکرا دیا۔
کیوں نہ سوچوں اگر آپ کہتے ہیں تو نہیں پھر نہیں سوچتی۔
نہیں نہیں سوچ تمہاری اپنی لائف ہے جسے چاہو سوچو اچھا وہ مجھے جلدی صبح اٹھا دینا کام ہے ذرا۔
جی جی کیوں نہیں آپ کا تو میں کوئی بھی کام کر سکتی ہوں کتنے بجے اٹھاؤں اپنے پیارے اجنبی کو۔
نو بجے۔پھر آرزو مقررہ وقت پر نمیر کو اٹھا دیتی ہے فون کر کے ایسے ہی انکی بات ہوتی رہتی ہے کبھی چیٹ پر تو کبھی فون پر آرزو تو پوری طرح نمیر کے پیار میں گرفتار ہو جاتی ہے وہ ہر وقت صبح و شام اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے بس نمیر کے بارے میں ہی سوچتی اس کی ہر صبح نمیر کے نام سے ہی شروع ہوتی اور نمیر کے نام پر ختم ہوتی اس کے خوابوں میں صرف نمیر کا ہی چہرہ ہوتا وہ ہر وقت صرف نمیر کو پانے کی دعائیں مانگتی رہتی پھر ایک دن وہ نمیر سے کہتی ہے نمیر جی آج مجھے اپنے سوال کا جواب چاہیے آپ مجھے چاہتے ہیں یا

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں اس دن بھی آپ نے کوئی بات نہیں کی تھی آج بتائیں۔

اچھا تو ٹھیک ہے کیا تم واقعی مجھ سے پیار کرتی ہو۔نمیر نے پوچھا۔

ہاں نمیر جی آپ کو کوئی شک ہے کیا۔

اچھا مان لیتا ہوں کہ تم مجھ سے پیار کرتی ہو تو جو میں کہوں گا تم مانوں گی۔

ہاں ہاں نمیر جی آپ کہہ کر تو دیکھیں۔

تو چلو پھر میرے ساتھ بھاگ چلو۔

یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں نمیر جی۔ میں ایسا نہیں کر سکتی۔ ایسا تو کوئی بھی لڑکی نہیں کر سکتی۔

کیوں نہیں کر سکتی اگر وہ مجھ سے واقعی ہی پیار کرتی ہوگی تو ضرور کرے گی۔

سوری نمیر جی میں ایسا نہیں کر سکتی کیونکہ میں اتنی خود غرض نہیں ہوں کہ اپنی خوشی کی خاطر اپنے ماں باپ کو دھوکہ دوں۔

لیکن میں نے آج تک صرف آپ سے پیار کیا ہے میں کیسے یقین کرلوں کہ تم نے میری یہ چھوٹی سی بات نہیں مانی مجھے تم پر یقین نہیں بائے۔ پھر اس کے بعد نہ تو نمیر کا کوئی فون آیا نہ میسج اور اگر آرزو فون کرتی تو وہ کاٹ دیتا اور میسج کا بھی جواب نہیں دیتا تھا آرزو بہت روتی وہ ایک دن اپنی خالہ کے گھر گئی جہاں اسے یہ پتہ چلا کہ نمیر کی منگنی ہو چکی ہے یہ سن کر اس کے پاؤں تلے زمین نکل گئی اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں اس کی تو جیسے زندگی ہی ختم ہوگئی وہ گھر آکے بہت روئی اسکی جان پر بن گئی اس کے دل میں غموں کا جوار بھاٹا اٹھ رہا تھا ہاتھ پاؤں بے قابو ہو رہے تھے رو رو کر اس کی آنکھیں سوجھ گئی پھر ایک دن وہ نمیر کو میسج کرتی ہے لیکن نمیر جواب نہیں دیتا پھر وہ فون کرتی ہے نمیر جی آپ نے کیوں کیا میرے ساتھ ایسا آپ نے اگر دھوکہ دینا تھا تو پھر میری زندگی میں کیوں آئے کیوں میرا دل دکھایا اس میں میرا ہی قصور ہے جو میں نے آپ پر دوبارہ یقین کر لیا لیکن آپ نے اچھا نہیں کیا کیوں آپ نے میرے ساتھ ایسا کیا کیوں میری لائف میں آئے۔

او ہیلو اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے یہ دل کی بات ہے دل تو کسی پر بھی آ سکتا ہے دل پر کسی کا زور نہیں چلتا اور اب میں کسی اور کا ہو چکا ہوں او کے اب دوبارہ مجھے فون یا میسج نہ کرنا او کے بائے۔

آرزو رونے لگ گئی نمیر کی یہ بات سن کر اس کے ہوش اڑ گئے وہ دھاڑیں مار مار کر رو پڑی خاصی دیر تک اس کی ہچکیاں بندھی رہیں وہ کچھ نہ بول سکی روتے روتے اس کے آنسو خشک ہو گئے اور آنکھیں سوجھ گئیں وہ پہلے جیسی آرزو نہیں رہی تھی بہت بدل گئی تھی کہ کچھ کھاتی نہ کچھ پیتی بس ہر وقت نمیر کے خیالوں میں کھوئی رہتی نہ کسی سے بات کرتی ہر وقت ہنسنے والی اب ہنسنا بھول گئی تھی اب بس وہ اکیلے کمرے میں اندھیرا کر کے بیٹھی رہتی تھی کسی کے پوچھنے پر وہ طبیعت خراب ہونے کا بہانہ کر کے الگ ہی رہتی اب تو اس کی زندگی کا جیسے مقصد ہی ختم ہو گیا تھا۔ وہ بس اپنے آپ کو کوستی رہتی اپنی قسمت سے شکایت اور سوال کرتی کہ کیوں میرے ساتھ ایسا کھیل کھیلا کیوں پہلے مجھے اس اجنبی سے ملوایا اور پھر نمیر کے ذریعے میرا دل توڑ دیا کیوں کیوں کیا میں کسی کے پیار کے لائق نہیں ہوں یا مجھے کسی کے بارے میں سوچنے کا کوئی حق نہیں ہے ایک دن وہ ایسے ہی اپنے آپ سے سوال کر رہی تھی کہ ان کے گھر نمیر کی ماں اور بہن آئی آرزو اپنے آنسوؤں کو چھپائے اپنے آنسوؤں کو چھپائے اپنے غم کو دل میں دبا کر ان کے سامنے ہنستے مسکراتے باہر آ گئی اور نمیر کی ماں اور بہن سے بات کرنے لگی اس سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا بڑی مشکل سے اپنے آپ کو سنبھال کر اس نے نمیر کی بہن سے دو چار باتیں کیں پھر اس کے پوچھنے پر نمیر کی بہن نے بتایا کہ وہ نمیر بھائی کی شادی کی شاپنگ کر کے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

آرہے ہیں یہاں سے گزر رہے تھے تو سوچا کہ آرزو سے بھی مل لیں آرزو کی ماما نے پوچھا۔

ڈیٹ فکس کرلی ہے کیا۔

نہیں باجی ابھی ڈیٹ فکس نہیں کی لیکن دن تھوڑے سے ہی رکھتے ہیں اس لیے آہستہ آہستہ کر کے تیاری کر رہے ہیں۔

آرزو نے پوچھا زنیب نمیر کی پسند کی شادی ہو رہی ہے کیا۔

اونہیں نہیں آرزو نمیر بھائی نے تو لڑکی دیکھی ہی نہیں ہاں فون پر بات کبھی کبھی ہوتی ہے ویسے شادی کے بعد تو لو ہو ہی جاتا ہے اور رہی بات نمیر بھائی کی بات تو وہ تو بہت بہت زیادہ خوش ہیں وہ تو بس ہر وقت حنا کے نام کے ہی گن گاتے رہتے ہیں یہ سب سن کر آرزو کی جان پر بن گئی اس کے چہرے پر ایک رنگ آتا اور ایک جاتا ہاتھ پاؤں بے قابو ہو رہے تھے وہ ان کے سامنے تو ہنستی مسکراتی رہی لیکن اس کا پورا جسم کانپ رہا تھا نمیر نے اس کے ساتھ اتنا سب کچھ کیا لیکن ابھی بھی وہ صرف نمیر کو پانے کی دعائیں مانگتی رہتی ہے ہر وقت بس نمیر کے بارے میں ہی سوچتی رہتی ہے وہ نمیر کو پانے کی دعا مانگنے کا کوئی موقع نہیں چھوڑتی تھی ہر وقت بس نمیر کو پانے کے لیے دعائیں اور منتیں مانگتی رہتی ہے اسے پوری امید ہے کہ اگر اس کا پیار سچا ہے تو اسے اس کا پیار ضرور ملے گا اور اس کی نمیر کو پانے کی کوئی نہ کوئی دعا ضرور پوری ہوگی ایسا کوئی کرشمہ ضرور ہوگا جب نمیر خود اس کے پاس چل کر آئے گا اور اس سے اپنے ادھورے پیار کا اظہار کرے گا۔ تو قارئین کرام میری آپ سے دلی التجا ہے کہ آپ بھی اس آرزو کے لیے دعا کریں کہ اسے اس کا پیار مل جائے شاید آپ ہی کی دعاؤں سے آرزو کو نمیر کا پیار مل جائے اور اسکی زندگی میں وہ سب خوشیاں دوبارہ لوٹ آئیں اور میں بس اس بیوفا شخص سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ آخر کیوں کیا تم نے آرزو کے ساتھ ایسا کیا غلطی تھی آرزو کی اگر تم یہ سٹوری پڑھ رہے ہو تو پلیز آرزو کے پاس واپس آجاؤ وہ ابھی بھی تم سے اتنا ہی پیار کرتی ہے جتنا پہلے کرتی تھی اسے ابھی بھی صرف تمہارا ہی انتظار ہے وہ ابھی بھی صرف تمہارے ہی انتظار میں زندگی گزار رہی ہے بس یہی تھی دکھ بھری داستان امید ہے کہ آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

دن رات مسلط ہے میری سوچوں پہ تیرا عکس
تیرا ہلکا سا تصور مجھے سونے نہیں دیتا

✪ .... رئیس صدام حسین- ستی خان بیلہ

تمام عمر وہ سلگتا رہے میری طرح
میں اب کی بار اسے قرب تنہائی دوں
کتاب کھول کے بیٹھے تو میرا چہرہ ہو
میں ورق ورق میں ساحل اسے دکھائی دوں

✪ .... رئیس ساجد کاوش- ستی خان بیلہ

اک لمحہ میری زندگی ویران کر گیا
ایسی ہوا چلی کہ سب نشان کر گیا
چلتا تھا ساتھ ساتھ میرے سائے کی طرح
بچھڑا وہ اس ادا سے کہ حیران کر گیا

✪ .... رئیس ساجد کاوش- ستی خان بیلہ

بے جان ہو چکی ہے بہت شہر کی فضا
تاریک راستوں میں کہیں کھو نہ جائیں ہم
اس کے بغیر آج بہت جی اداس ہے
چلو فراز کہیں سے اسے ڈھونڈ لائیں ہم

✪ .... رئیس ساجد کاوش- ستی خان بیلہ

کسی کی چاہت کو سزا مت دینا
کسی کی محبت کو دغا مت دینا
جسے تمہارے بنا جینے کی عادت نہ ہو
اسے لمبی عمر کی دعا مت دینا

✪ .... رئیس ساجد کاوش- ستی خان بیلہ

سندر ہاتھ سنہری زلفیں کوئی تو ان کو چھوتا ہو گا
پیارے لب بہت کچھ کہتے ہوں گے قسمت والا سنتا ہو گا

✪ .... احسان [illegible]- میانوالی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کیسا نصیب میرا

۔۔۔تحریر: رفعت محمود۔ راولپنڈی۔ 0300.5034313

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج ایک بار پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ۔کیسا نصیب میرا۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا اسلام۔

میں بند کمرے میں ٹوٹی ہوئی چارپائی پر پڑی ہوں میرا ذہن پاگل سوچوں کی وجہ سے پھٹتا ہوا محسوس ہو رہا ہے میں لاکھ ان سوچوں سے پیچھا چھڑانا چاہتی ہوں مگر سوچوں کے دائرے پھیلتے ہی چلے جا رہے ہیں میں کتنی بدنصیب ہوں جو خوشیوں کے پیچھے بھاگتی رہی مگر یہ بھول بیٹھی کہ میرا مقدر تو دکھوں سے عبارت ہے اس میں خوشیوں کا کیا کام ہے پاگل تھی ناں میں جو مسرتوں کے سراب کے پیچھے بھاگتی رہی مگر یہ بھول بیٹھی کہ میرا مقدر تو صرف اور صرف ایک دھوکہ ہے مسرتیں دھوکہ ہیں اور جینا وہ بھی تو ایک فریب سے کم نہیں ہے پاگل ہیں وہ لوگ جو جینے کی آرزو میں تڑپتے ہیں کاش انہیں معلوم ہو کہ صرف جینے کے لیے ہی انسان کو تڑپنا ہی نہیں پڑتا بعض اوقات موت کے لیے بھی سسکنا پڑتا ہے بالکل میری طرح سے اور موت جو مجھ بدنصیب سے دور بھاگتی ہے میں نے ماضی کے اندھیروں میں کئی بار مستقبل کے لیے روشنی کی کرن ڈھونڈنے کی کوشش کی ایسی کرن جو مجھے جینے کی امید دلا سکے مگر مجھے دور دور تک اندھیروں کے سوا اور کچھ بھی تو نہیں ملا میری حیثیت کمرے کی ان کچی دیواروں سے کسی طرح کم نہیں ہے جنہیں مٹی کے لیپ سے دوبارہ سہارا دیا گیا ہو زندگی کا فریب میں کب تک کھاتی رہوں گی اور ماضی کے گھور اندھیروں میں کب تک سر ٹکراتی رہوں گی شاید کوئی نجانے میں سوچوں کی اس وادی میں کب تک بھٹکتی رہوں گی میں نے کئی بار چاہا کہ ان سوچوں کا گلا دبا دوں گا مگر یہ بھی میرے بس میں نہیں ہے سوچیں جو پھیلتی ہیں تو پھیلتی ہی چلی جاتی ہیں۔

میری آنکھوں میں آج سے بہت پہلے کے وہ تمام واقعات گزر رہے ہیں جیسے یہ کل ہی مجھ پر بیتے ہوں میری سوچوں کا دھارا خوبصورت یادوں کی

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

طرف کیوں ہوگیا ہے ان یادوں کی طرف جن سے میں اپنے آپ کو بچانا چاہتی ہوں اور پھر میری آنکھوں کے سامنے یہ کس کی تصویر گھوم رہی ہے یہ کون ہے جو میری سوچوں میں تلاطم پیدا کر رہا ہے یہ کس کی تصویر ہے شاید میرے منگیتر کی ہے علی جو میرا منگیتر تھا جس کے ساتھ میں ہمیشہ کے لیے باندھ دی گئی تھی ہاں یہی وہ علی ہے خوبصورت سا میرا اپنا علی۔ نہیں یہ میرا علی نہیں ہوسکتا یہ تو کوئی ظالم انسان ہے یہ تو کوئی ایسا مانجھی ہے جو میری جیون نیا بیچ منجدھار چھوڑ گیا ہے ظالم تھا ناں اسی لیے جاتے جاتے پتوار بھی لے گیا ہے میرا دل چاہتا ہے کہ نوچ ڈالوں اپنے چہرے کو کرید ڈالوں اس کے ہر نقش کو اور ذہن سے وابستہ تمام یادیں نکال باہر کروں مگر اس میں اس کا کیا دوش ہے اس کا کیا قصور ہے قصور تو میرے مقدر کا ہے غلطی تو میری قسمت کی ہے میرے مقدر ایسے کہاں تھے کہ میں خوشیوں کی تمنا کرسکوں اور پھر ہم غریبوں کے مقدر میں خوشیوں کی دیوی کا گزر کبھی نہیں ہوا اسی لیے تو میں چاہتی ہوں کہ ہمیشہ اس کے لیے بے حس دنیا سے منہ موڑلوں مگر مجھے اور جینے کا حوصلہ دیا جاتا ہے مجھے ابھی اور ظلم سہنے کے مشورے دیئے جارہے ہیں کتنے پاگل لوگ ہیں یہاں کے جو ایک لاش کو ابھی اور جینے کی ہوا دے رہے ہیں میں تو تنگ آچکی ہوں اس کھیل سے جسے زندگی کا نام دیا جارہا ہے اور جس میں مجھ جیسی لڑکیوں کی ہمیشہ ہار ہوتی ہے میری ماں نے مجھے کتنی بار حوصلہ دیا ہے اس نے کئی بار مجھے جینے کے لیے حالانکہ وہ خود بھی جانتی ہے کہ میں نیم جان لاش ہوں جو کبھی بھی آخر شب شعلے کی طرح بھڑک کر ختم ہوجائے گی مگر پھر بھی وہ نہیں چاہتی کہ میں موت کو گلے لگاؤں ماں ہے ناں اسے لیے مگر نہیں یہ رشتہ داریاں یہ کھوکھلے ناطے سب فریب ہیں بالکل جھوٹ ہیں سراب ہیں اس دنیا میں کوئی کسی کا نہیں اپنا خون جب اپنے خون کی خواہشات کو سولی پر لٹکا دیتا ہے میرا ماضی میرے لیے ناسور ہے ماضی کی انہی یادوں کو میں نے اپنا مقدر سمجھ کر اپنے سینے سے لگالیا ہے وہ بھی کیسے دن تھے بچپن کے دن جب انسان ہر فکر سے آزاد ہوتا ہے میں بھی تو ہر دکھ سے آزاد تھی مجھے اپنے چاروں طرف ہر وقت خوشیاں رقصاں نظر آتی ہیں سارا سارا دن کھیلتے رہنا اور پھر ماں باپ بھی مجھ سے اتنا پیار کرتے تھے کہ میری ہر خواہش کو پورا کرنے کے لیے انہیں کتنا ہی مصائب کا سامنا کرنا پڑتا مگر میری خواہش پوری کرکے ہی دم لیتے ہمارا گھر کوئی اتنا بڑا نہ تھا کہ میں اسے کوٹھی کہوں بس سر چھپانے کی جگہ تھی مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک بار میں نے قیمتی کھلونوں کی فرمائش کی تھی تو ماں نے کچھ دنوں کے لیے مجھے ٹال دیا تھا جب میری ضد بہت بڑھی تو انہوں نے مجھے کچھ کھلونے لاکر دیئے مگر یہ تو می اور عاصم جیسے کھلونے نہ تھے اس دن مجھے پہلی بار محسوس ہوا کہ ہم شاید غریب ہیں جب میں نے ماں سے ان گندے کھلونوں کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے پاس اتنے پیسے نہ تھے میرا چھوٹا سا ذہن اسی وقت سے احساس کمتری میں مبتلا ہوگیا تھا مگر میں پھر بھی خوش تھی میں ہر وقت ان کھلونوں سے کھیلتی رہتی لیکن یہ اتنے اچھے بھی تو نہ تھے کہ میں دوسرے بچوں کو دکھاتی اسی لیے ہر وقت گھر ہی میں ان سے کھیلتی رہتی اور پھر شام کو ابو کام سے واپس آئے تو میں نے ان سے کہا تھا ابو مجھے بازار سے ایک چھوٹی سی گڑیا اور گاڑی لادیں تاکہ میں ان سے کھیل سکوں میری بات سن کر ابو اور امی ہنس دیئے تھے اور پھر انہوں نے پیار سے ڈانٹ دیا تھا ان ہی دنوں چند کھلونے ٹوٹ گئے میں نے نئے کھلونوں کا مطالبہ کردیا تو امی نے مجھے بڑے پیار سے سمجھایا تھا۔

قندیل بیٹی اتنی فضول خرچی اچھی نہیں ہوتی ان پیسوں سے کوئی اور چیز خرید لیں گے جو کام آئے گی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں یہ سن کر خاموش ہو کر رہ گئی تھی تب مجھے احساس ہوا کہ صرف کھلونے ہی نہیں ٹوٹے میرا دل بھی ٹوٹا ہے وقت اور لمحات گزرتے رہے اب میں شعور کی منزل میں قدم رکھ چکی تھی اب تو میں بعض اوقات ماں سے ناراض ہو جاتی تھی جب وہ میری ضد پوری نہ کرتی تھی میں بھی دوسرے بچوں کی طرح اچھے کپڑے چاہتی تھی مجھے بھی اچھے اچھے کھلونوں کی ضرورت تھی اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ میں کسی اچھے سکول میں پڑھنا چاہتی تھی جب میری ہر خواہش کو پامال کیا گیا تو میں اس دن منہ چھپا کر خوب روئی تھی۔

زندگی اسی طرح گزرتی رہی اور پھر جب میں ایک دن کھیل کر واپس گھر آئی تھی تو امی نے مجھے اپنے پاس بلایا۔

کیا ہے امی میں نے سانس روک کر پوچھا۔

یہ دیکھ میرے پہلو میں کون سویا ہے امی نے اپنے پہلو میں پڑی ہوئی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

کون ہے۔ میں نے اسی لہجے میں پوچھا۔

یہ تمہاری بہن ہے۔ امی نے کہا۔

واہ۔ واہ۔ میں نے تالی بجاتے ہوئے کہا۔

تب امی نے مجھے بتایا کہ تمہارے ابو آج ہی اسے بازار سے لائے تھے۔ میں کتنی خوش ہوئی تھی اب میں بھی اس چھوٹی سے منی کے ساتھ کھیلا کروں گی پھر میں نے اسے اٹھانا چاہا تو امی نے مجھے منع کر دیا کہ ابھی سوئی ہے اب میں ہر وقت منی کے پاس رہتی تھی اس سے باتیں کرتی تھی اور ہر وقت اس کے ساتھ کھیلتی تھی امی اور ابو دونوں خوش تھے ابو نوکری پر چلے جاتے تو میں منی کے پاس رہتی جب کہ ماں گھر کے کاموں میں مگن رہتی۔ بوڑھے وقت کا سورج چلتا رہا اور دن گزرتے رہے اب میں نے فرمائشیں کرنا چھوڑ دیں تھیں میں نے بچپن سے جوانی میں قدم رکھا تو امی نے مجھے سمجھایا کہ قندیل اب تم بڑی ہو گئی ہوا چھے برے کو سمجھنے لگی ہو۔ پھر میں بھی سمجھ گئی تھی کہ ہم اتنے امیر نہیں ہیں کتنی بڑی ہو گئی ہوں ہر اونچائی کو پکڑ سکتی ہوں۔

قندیل۔۔۔ امی نے مجھے دیکھتے ہوئے کہا تھا اب تو بڑی ہو گئی ہے سمجھدار بن کر رہا کر

اچھا امی ۔ میں نے کہا تھا آپ ہر وقت کیا سوچتی رہتی ہیں مگر وہ میری طرف دیکھ کر ایک ٹھنڈی آہ بھر کر خاموش ہو کر رہ جاتی اب تو مجھے اس طرح سے محسوس ہوتا کہ میرا جوان ہونا امی کو اچھا نہیں لگا ایک دن جب میں نے امی کو ابو سے باتیں کرتے ہوئے سنا۔

قندیل جوان ہو چکی ہے اس کے لیے ہمیں ابھی سے فکر کرنی چاہیے۔

یہ سن کر ابو آہستہ سے سر ہلا دیتے وقت اب سسکنے لگا تھا آہستہ آہستہ گزرتا وقت کو دیکھتے ہوئے اور بھی پریشان ہو گئے تھے ان ہی دنوں میں کئی دن ایسے بھی آئے تھے جب ہمیں فاقے کرنے پڑتے تھے نجانے کیا وجہ تھی کہ ہماری حالت دن بدن کمزور ہوئی جا رہی تھی۔

امی ایک دن میں نے کہا تھا کیوں نہ ہم ایک باہر کا کمرہ کرایہ پر چڑھا دیں۔

میری یہ بات سن کر امی سوچنے پر مجبور ہو گئی اور شام کو ابو سے بھی میں نے کہا تو وہ بھی سوچنے لگے آخر سب اس فیصلے کو ماننے پر مجبور ہو گئے کہ ایک کمرہ کرائے پر دے ہی دیں اب شدت کے ساتھ مجھے احساس ہوا تھا کہ غربت کتنی بری چیز ہے آج اگر ہمارے پاس اتنے پیسے ہوتے تو گھر کا خرچ اچھی طرح سے چلا سکتے اور کمرہ کیوں کرائے پر دیتے۔

تانیہ اب کافی بڑی ہو گئی تھی گھر کا کام سنبھال سکتی تھی اب تو مجھے بھی یہ احساس ہو رہا تھا کہ مجھ میں کئی تبدیلیاں آ گئی ہیں اس لیے تو اب ابو اور امی نے مجھے سمجھانا شروع کر دیا کہ اب تم بڑی ہو گئی ہو۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ سخت گرمیوں کی ایک دوپہر تھی کسی نے زور زور سے دروازے پر دستک دی
کون ہے میں نے دروازے کے پیچھے سے کہا
فیاض گھر پر ہیں۔ کسی نے باہر سے پوچھا۔
نہیں وہ نوکری پر گئے ہیں۔ میں نے جواب دیا
کب تک گھر آئیں گے۔
شاید تین بجے تک میں نے دروازے سے باہر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ کیا کام ہے ان سے میں نے پوچھا۔
یہ ساتھ والا کمرہ خالی ہے کیا۔
جی ہاں۔ میں نے جواب دیا۔
اس کے بارے میں بات کرنی تھی۔
آپ کمرہ دیکھ لیں ابو آجائیں گے تو بات کرلیں میں نے تقریباً خوش ہوتے ہوئے کہا۔ پھر وہ کمرہ دیکھ کر چلا گیا اب میں سوچتی ہوں کہ کاش اس وقت میں نے منع کردیا ہوتا مگر قسمت میں جو بات ہونی ہے ہو کر رہتی ہے شام کو جب ابو آئے تو میں نے انہیں بتایا کہ کوئی کرایہ دار آیا تھا اور شام کو آنے کے لیے کہہ گیا ہے شام کے پانچ بجے پھر دروازے پر دستک ہوئی ابو اٹھ کر باہر چلے گئے اور میں دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ باتیں سننے لگی بات ہونے کے بعد کرایہ دار نے ابو کو بتایا کہ وہ کل تک یہاں آجائے گا اور پھر دوسرے دن ایک لڑکا وہاں آگیا رات کو جب ہم سونے لگے تو میں سوچنے لگی۔
ابو۔ میں نے کہا۔ اس کمرے کا کرایہ میں اپنے پاس رکھوں گی۔
کیوں۔ کیوں میں لوں گی کرایہ۔ تانیہ بولی۔
نہیں تانیہ بیٹی ابو اسے سمجھاتے ہوئے بولے کرایہ قندیل لے گی وہ تم سے بڑی ہے اور تمہیں ناراض ہونے کی ضرورت نہیں ہے وہ کرایہ جمع کرے گی تو ہم اس کی شادی کریں گے۔
ابو۔ تانیہ خوش ہو کر بولی ہم باجی کی شادی کریں گے کیا۔
تانیہ۔ امی غصے سے بولیں۔ تم اتنی بڑی ہوگئی ہو مگر عادتیں بچوں کی سی ہیں۔
دن رات کا کھیل جاری رہا میرے والدین اس فکر میں تھے کہ وہ میرے ہاتھ پیلے کردیں اس کے لیے انہوں نے تیاریاں بھی شروع کر دی تھیں کچھ دور کے کچھ رشتے دار بھی اب تو ہمارے گھر آنے لگے تھے ایک دن چند عورتیں ہمارے گھر آئیں وہ تین دن ہمارے گھر رہیں امی نے ان کی کافی خدمت کی اس کے لیے ادھار بھی لیا گیا پھر وہ واپس چلی گئیں۔
کون تھے یہ لوگ۔ ان کے جانے کے بعد میں نے امی سے پوچھا۔
تمہیں دیکھنے آئے تھے امی نے افسردگی سے کہا اس طرح اور بھی کئی لوگ ہمارے گھر آئے اور منڈی کے بیوپاریوں کی طرح مجھے پرکھتے آخر ایک جگہ بات چلی تو جہیز کی دیوار سامنے آکھڑی ہوئی وہاں سے بات ٹوٹی تو امی پریشان ہوگئیں
بیٹی کو گھر سے رخصت کرنا ہے تو کہیں سے روپے پیسوں کا بندوبست کرو تاکہ جہیز بنا سکیں امی نے ابو سے کہا۔
اس دن کے بعد سے ابو نے پہلے سے زیادہ محنت شروع کردی ابو کے بوڑھے ہاتھوں کی رگیں اوپر ابھر آئیں تھیں وہ اب شام کو کچھ دیر کے لیے گھر آتے اور پھر ایک دکان پر کام کے لیے چلے جاتے مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ ابو نے اب پیسہ جمع کرنا شروع کردیا تھا انہیں نہ اپنی فکر تھی اور نہ آرام کرنے کی فکر تھی اس دن مجھے پہلی بار احساس ہوا تھا کہ بیٹیوں کا بوجھ بھی کتنا بڑا بوجھ ہوتا ہے اگر میں لڑکا ہوتی تو ابو کا بوجھ کم کرتی۔ دن رات میں ڈھل کر سالوں میں تبدیل ہوتے رہے میرے لیے جہیز جمع ہوتا رہا اور خود میری اپنی سوچیں بوجھل ہونے لگیں تھیں اب تو میں بالکل مایوس ہوگئی تھی کہ کبھی میری بھی اس گھر سے ڈولی اٹھے

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

گی میری تمام سہیلیوں کی شادی ہو چکی تھی میرے دل میں کئی بار یہ خواہش پیدا ہوئی تھی کہ مرے ہاتھوں پر بھی مہندی لگے اور میں بھی پیا کے گھر جاؤں مگر میری سوچیں بھی میری طرح بے بس تھیں ان ہی دنوں امی نے چند سونے کے زیورات بنوالیے تھے اور ایک جگہ پر بات چیت بھی چل نکلی تھی امی کتنی خوش تھیں اور میں نے بھی کتنے حسین خواب دیکھ ڈالے تھے ایسے سندر سپنے جن کی تعبیر خود میری سوچوں سے بھی بڑھ کر حسین تھے۔

قندیل بیٹی۔ ایک روز امی نے کہا۔۔۔ آج تم تیار ہو کر رہنا۔

کیوں امی۔ میں نے پوچھا۔

آج گھر میں کچھ مہمان آرہے ہیں امی نے خوشی سے کہا۔

مہمان تو امی روز ہی آتے ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں ہے میں نے دھیرے سے کہا۔

پھر نہ چاہتے ہوئے بھی مجھے تیار ہونا پڑا تھا اور پھر شام کو چند مہمان ہمارے گھر آگئے آتے ہی انہوں نے مجھے دیکھنا شروع کر دیا دوسرے دن میرے ہاتھ پر کچھ پیسے رکھ دیے گئے میں نے پیسے لے کر امی کی طرف دیکھا کسی عورت نے میری امی کو مبارک باد دی تھی میں جلدی سے اندر کمرے کی طرف چلی گئی میرے پیچھے تانیہ بھی بھاگتی ہوئی آگئی۔

باجی منگنی مبارک ہو۔ وہ آہستہ سے بولی۔

چل ہٹ چڑیل کہیں کی۔۔۔ میں نے شرماتے ہوئے کہا۔

ارے واہ باجی۔ وہ ہنس کر بولی اب یوں کام نہیں چلے گا کچھ کھلانا پڑے گا۔

تب مجھے یوں محسوس ہوا جیسے بہت سے ساحر ایک دم آپس میں ٹکرا گئے ہوں مجھے اپنے کانوں پر یقین نہیں آرہا تھا مہمان کچھ دن رہنے کے بعد گھر واپس چلے گئے اب تو امی بھی خوش تھی کہ ایک بیٹی کا بار تو سر سے اٹھ رہا تھا میں آج تک اپنے آپ کو منحوس سمجھتی آئی تھی مگر آج میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھنے لگی تھی میری زندگی میں اب ہر طرف بہاریں ہی بہاریں تھیں آہستہ آہستہ میرا جہیز بھی تیار ہو رہا تھا اور کپڑے بھی تیار ہو رہے تھے اور پھر ایک دن میں اپنے سرخ دوپٹے پر کرن سجا رہی تھی تو میرے دل میں عجیب سی کسک ہو رہی تھی اب تو مجھے زندگی سے بہت پیار ہو گیا تھا ایسی زندگی سے جس میں خوشیاں ہی خوشیاں ہوں کون پیار نہیں کرتا سب ہی کریں گے جب میں اس گھر کو چھوڑ جاؤں گی جس گھر مین میرا بچپن گزرا ہے تو مسرتوں کے ریلے میں سوچیں دب کر رہ جاتی۔

وقت کے لمحات پر لگا کر اڑتے رہے اس منگنی کو سات ماہ ہو چلے تھے کئی بار امی میرے سسرال گئی تھیں اور کئی بار وہ بھی ہمارے گھر آئے تھے اور اب تو تانیہ بھی میرے سسرال گئی ہوئی تھی آج جب میں نہا کر کپڑے پہن رہی تھی تو تانیہ بھی آگئی۔

باجی باجی۔ وہ مجھے دیکھتے ہوئے بولی۔ وہ تاں

کیا بات ہے۔۔۔ میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

آپ سیدھے منہ بولتی بھی نہیں ہیں اس نے ناراض ہوتے ہوئے کہا۔

ارے تم تو ناراض ہو گئی ہے میں نے ہنستے ہوئے کہا۔

اچھا باجی پتہ ہے میں تمہارے لیے ایک چیز لائی ہوں دیکھو گی وہ بچوں کی طرح بولی۔

نہیں مجھے کیا ضرورت ہے میں نے سنجیدگی سے کہا۔

پتہ ہے باجی دولہا بہت ہی خوبصورت ہیں وہ خوش ہو کر بولی۔

پھر میں کیا کروں۔ میں نے اسے جواب دیا۔

ان کی تصویر دیکھو گی کیا۔ تانیہ نے مسکرا کر کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہیں شکریہ۔ میں نے نہیں دیکھنی میں نے کہا۔
نہ دیکھو۔ مگر میں ان کے گھر سے اڑا لائی ہوں اس نے زور سے ہنستے ہوئے کہا۔ پھر تانیہ تصویر نکال کر دیکھنے لگی دل تو میرا بھی چاہتا تھا کہ میں بھی دیکھوں مگر شرم وحیا سامنے آ رہی تھی۔
یہ لو باجی تانیہ نے میری بے بسی دیکھتے ہوئے کہا تم بھی دیکھ لو تصویر۔
میں نے اس سے تصویر لے لی پورا شہزادہ تھا میری سوچوں سے بھی زیادہ خوبصورت تھا میں نے ایکدم تصویر چھپالی۔
پھر وقت گزر رہا تھا سردیاں اور گرمیاں ختم ہو کر بہاروں کو جنم دے کر گزر رتی گئیں۔۔ اب ہم نے کافی سارا جہیز بنالیا تھا۔ اب قندیل کے لیے ہم نے بہت سار جہیز بنالیا ہے کسی دن جا کر ان سے شادی کی بات طے کریں۔ امی ابو سے بولیں۔
میں نے یہ بات سنی تو جھوم اٹھی میں نے کئی بار اپنے چہرے کو آئینے میں دیکھا تو شرما گئی زندگی کتنے حسین لمحات کا نام ہے جب بہت سے لمحات یکجان ہو جاتے ہیں تو زندگی کا نام پاتے ہیں یہ میری اس وقت کی سوچیں تھیں۔
باجی۔ ایک روز صبح ہی صبح تانیہ بولی۔ یہ دیکھو آپ کے سفید بال پتہ ہے آپ کو آپ بزرگ ہوتی جارہی ہیں پھر اس نے وہ سفید بال اتار کر میرے ہاتھ پر رکھ دیا یہ دیکھ کر میں سن سی ہوگئی میں سوچنے لگی کیا واقعی میں عمر کی اس منزل پر پہنچ گئی ہوں کہ مرے بالوں میں سفیدی آ گئی ہے۔ قندیل باجی وہ دوبارہ بولی ایسے بال تو آپ کے سر میں بے شمار ہیں۔ یہ سن کر میں نے اسے ڈانٹ دیا مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ ہمارے اس چھوٹے سے گھر میں کبھی خوشیاں بھی جنم لیں گی اور پھر میں یہ سوچنے لگی کہ ایسی عمر جہاں سے میری جوانی بڑھاپے کی طرف جارہی ہے مجھے کون اپنائے گا۔ مگر یہ سوچ جلد ہی غلط ثابت ہوگئی مجھے تو اپنا لیا گیا تھا میری تو منگنی ہو چکی تھی اس عمر میں تو کئی لڑکیاں والدین کے گھر بیٹھی رہ جاتی ہیں میں کتنی خوش ہوتی تھی جب مجھے احساس ہوتا تھا مگر میری یہ سوچیں کتنی غلط تھیں خوشیاں تو اب جلدی ہی آنے والی تھیں میری شادی کی تیاریاں اب زور سے ہو رہی تھیں میں اور ام روز بازار جاتیں کئی چیزوں کی خریداری کر کے گھر آتی تھیں تانیہ اب اس قابل ہوگئی تھی کہ گھر کے کام کو سنبھال سکتی اسی لیے تو ہم روز بازار جاتی تھیں پھر ایک روز ابو میرے سسرال گئے شادی کے لیے بات کی تو انہوں نے دو ماہ کی مہلت مانگی دو ماہ بعد وہ خود ہی کوئی دن شادی کا دے دیں گے میں پھر سوچنے لگی کہ جانے وہ کون سا دن ہوگا جب وہ شادی کے لیے کہہ دیں گے انہی دنوں کی بات ہے جب دو ماہ پورے ہونے کو تھے کہ ان کی طرف سے پیغام آیا کہ ان کے خاندان میں کسی کی وفات ہوگئی ہے یہ خبر سنکر ہمیں بہت ہی افسوس ہوا ابھی شادی کی تاریخ طے بھی نہیں ہوئی تھی اور موت واقع ہوگئی میں پھر بھی پر امید تھی کہ یہ سب تو قدرت کے کام ہیں شادی بھی ہو ہی جائے گی مگر شادی لیٹ کر دی گئی تھی اب میں سوچتی ہوں تو ایسا محسوس ہوتا کہ قدرت نے شاید میرے ساتھ مذاق کیا تھا مجھے بہاروں کی جھلک دکھا کر خزاؤں میں دھکیل دیا تھا۔
ہمارے ساتھ والے کمرے میں ابھی تک وہی کرایہ دار موجود تھا میں تو کیا گھر کے دوسرے لوگ بھی واقف ہوگئے تھے فیصل ایک چھوٹے سے دفتر میں کام کرتا تھا اور رات کے وقت پڑھتا تھا سخت محنتی قسم کا لڑکا تھا کام سے واپس آتا تو کالج جانے کے لیے تیار ہونے لگتا میں نے کئی بار اسے آتے جاتے ہوئے دیکھا کوئی خاص نقش نہیں تھے رنگ بھی سانولا سا تھا اب تو ہمیں یہ بھی پتہ چل گیا تھا کہ اس کے والدین کسی گاؤں میں رہتے تھے کئی بار جب امی کوئی چیز پکاتی تو اس کے لیے بھی لیجاتی فیصل ہر ماہ کرایہ امی کو

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

دے دیتا تھا جسے امی مجھے دے دیتی تھیں۔
شادی کیا لیٹ ہوئی ہمارے گھر کے سارے ہنگامے ہی ختم ہو گئے مگر پھر بھی کبھی کبھی بازار سے کوئی نہ کوئی چیز خریدنے کے لیے بازار جانا ہی پڑتا تھا میں اور امی ایک روز بازار گئی ہوئی تھیں باہر تالا لگا ہوا تھا میں تالا کھولا اندر آ گئی اندر کا دروازہ بھی کھلا ہوا تھا امی بھی میرے پیچھے پیچھے اندر داخل ہوئی تو وہ بھی حیران رہ گئیں۔
تانیہ ارے تانیہ نجانے کہاں مرگئی ہے امی غصہ سے بولی۔ امی ابھی باہر جانے کو تھیں کہ تانیہ چھت سے اتری وہ کچھ گھبرائی ہوئی تھی۔
تانیہ تم چھت پر کیا کر رہی تھی میں نے پوچھا۔
میں پڑوس میں فائزہ کے گھر گئی تھی تانیہ نے گھبراہٹ میں جواب دیا۔
بدبخت گھر میں رہا کر اب تم بڑی ہو گئی ہے کسی کے گھر میں جانے کی ضرورت نہیں ہے کبھی ہو تم امی نے غصہ سے کہا۔
امی ایک کام تھا اس لیے چلی گئی تھی اور پھر ابھی تو گئی تھی تانیہ نے برا مناتے ہوئے کہا۔
آئندہ اگر گئی تو کھال اتار کر رکھ دوں گی امی نے اسے گھورتے ہوئے کہا اب تو جوان ہو گئی ہے کوئی بچی نہیں ہے کہ یوں بھاگتی پھرتی ہے۔ پھر وہ چپ چاپ اندر چلی گئی اس دن کے بعد بھی تانیہ نے باہر قدم نہ رکھا تھا لیکن پھر بھی وہ عادت سے مجبور ہو کر پردہ اٹھا کر باہر کبھی کبھی جھانک لیا کرتی تھی میں نے کئی بار اسے اس بات سے منع کیا تھا مگر تانیہ مسکرا کر ٹال دیتی تھی امی اور ابو کئی بار میرے سسرال گئے تھے مگر شادی کے دن طویل سے طویل تر ہوتے جا رہے تھے اب تو امی ابو بھی خاموش ہو کر بیٹھ گئے تھے کہ اب جب وہ کہیں گے شادی کر دی جائے گی وہ دن بھی کتنا اداس تھا صبح سے ویرانی چھائی ہوئی تھی دن پر سفیدی کی چادر چھائی ہوئی تھی۔

پتہ نہیں امی میں نے اداسی سے کہا آج کا دن ہے ہر طرف اداسی ویرانی چھائی ہوئی ہے۔ ہر طرف موت کا سا سکوت ہے پتہ نہیں کیا ہونے والا ہے تانیہ بھی صبح ہی سے سوئی سوئی نظر آ رہی تھی وہ بار بار پریشان نظروں سے ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔ امی کے چہرے پر بھی پریشانی نمایاں تھی خود میرا دل بھی اداس اور مرجھایا ہوا تھا۔
امی۔ میں نے کام سے فارغ ہوتے ہوئے کہا بازار سے شلوار کے لیے کپڑا لانا ہے قمیض اور دوپٹہ میرے پاس ہے۔
مجھ سے نہیں جایا جاتا تم خود جا کر لے آؤ ساتھ ہی رنگ بھی پسند کر لینا امی نے اکتائے ہوئے لہجے میں جواب دیا۔
تو کیا میں اکیلی بازار جاؤں گی میں نے پوچھا۔
تانیہ کو ساتھ لے جاؤ دونوں بہنیں خرید کر لے آؤ۔ امی نے کہا۔
مجھ سے بازار نہیں جایا جاتا تانیہ ایکدم بول اٹھی خود ہی ساتھ چلی جائیں
اچھا میں خود ہی اس کے ساتھ چلی جاتی ہوں امی نے ہار مانتے ہوئے کہا۔
پھر چند لمحوں بعد ہم دونوں ماں بیٹی بازار جانے کے لیے تیار ہو گئیں میں نے جاتے جاتے تانیہ سے کہا تھا کہ وہ گھر پر رہے امی نے بھی اسے سمجھایا تھا کچھ دیر بعد ہم بازار کی طرف نکل پڑیں آج تو بازار بھی ویران سا لگتا تھا دل ایک انجانے خوف سے دھڑک رہا تھا نجانے کیا ہونے والا تھا سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔
امی۔ میں نے امی سے پوچھا یہ آج کیسا دن چڑھا ہے مجھے تو یوں محسوس ہو رہا ہے جیسے موت پھر رہی ہو۔
بیٹی خدا خیر کرے مجھے بھی یونہی محسوس ہو رہا ہے امی نے دکھ سے کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہم صبح سے ہی بازار گئی ہوئی تھی اور تقریباً دو بجے واپس آئین گھر کا دروازہ کھلا ہوا تھا میں نے اندر قدم رکھا تو تانیہ مجھے نظر نہ آئی میں نے امی کی طرف دیکھا تو وہ بھی پریشان ہوگئیں نجانے آج کس کے گھر گئی ہے امی نے غصہ سے کہا اس لڑکی پر سمجھانے کا کوئی اثر نہیں ہورہا۔ میں اندر کمرے میں گئی تو میرا صندوق کھلا ہوا تھا اور اندر کپڑے بکھرے ہوئے تھے میں کانپ سی گئی۔

امی امی کہاں ہیں آپ۔ میں نے جلدی جلدی امی کو آواز دی۔

کیا ہے امی اپنے کمرے سے بولیں۔

اندر تو آؤ۔۔ میں گرتی پڑتی بولی۔

جب امی کمرے میں آئیں تو اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں کسی چور نے بڑی دلیری سے چوری کی تھی میرے زیورات کے ڈبے اور پیسے چوری ہو چکے تھے اور میرے قیمتی کپڑے بھی غائب تھے یہ دیکھ کر مجھے تو سانپ سونگھ گیا تھا۔ امی بھی حیران پریشان تھیں کافی دیر تک ہم یونہی کھڑی رہیں آخر تانیہ کو آوازیں دیں مگر تانیہ کہیں بھی نہ تھی امی فوراً قریبی گھروں میں گئی فائزہ کا گھر دیکھا مگر وہ وہاں بھی نہ تھی کتنی ہی دیر کے بعد امی تھک ہار کر واپس آگئیں۔

آلینے دو حرام زادی کو۔ امی ہانپتے ہوئے بولیں نجانے کہاں مرگئی ہے آج تو میں اسے زندہ نہیں چھوڑوں گی۔

امی کافی پریشان تھیں اور خود میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا رہا تھا مجھے یوں محسوس ہورہا تھا میری زندگی کی خوشیاں برباد ہوگئی ہوں میری زندگی میں اب خزاں کے آثار دکھائی دے رہے تھے زندگی کی تمام رعنائیاں ختم ہو چکی تھیں اور میری حالت تو ایسی تھی کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں میری سوچیں شل ہو چکی تھیں کھلا ہوا صندوق میرا مذاق اڑا رہا تھا اور بکھرے ہوئے کپڑے میری بدنصیبی پر نوحہ خواں تھے۔

ہم دن بھر تانیہ کا انتظار کرتے رہے مگر وہ نہ آئی امی دیوانوں کی طرح ایک گھر سے نکل کر دوسرے گھر جا رہی تھیں مگر تانیہ کہیں بھی تو نہ مل سکی۔

تھوڑی دیر بعد ابو بھی نوکری سے واپس آگئے تھے انہیں بھی بتایا گیا وہ بھی سن کر حیران رہ گئے کہ زیورات اور پیسوں کے ساتھ تانیہ بھی غائب ہے وہ بھی اسے ڈھونڈنے کے لیے نکل پڑے۔

کچھ پتہ چلا امی۔ امی کافی دیر بعد واپس آئیں تو میں نے پوچھا۔

نہیں۔ وہ مایوسی سے بولیں۔

کہاں چلی گئی ہے وہ۔ میں پریشانی سے پوچھا

پتہ نہیں۔ تمہارے ابو آئے ہیں کہ نہیں۔

آئے تھے وہ بھی اسے ڈھونڈنے گئے ہیں۔

صبح ڈھل کر دوپہر سے شام میں بدل گئی مگر تانیہ نہ مل سکی اب تو ہم بہت زیادہ گھبرا گئے تھے تمام گھر ایک ویرانہ سا بن چکا تھا ہم رو رو کر بے حال ہو رہے تھے تانیہ اغوا ہوگئی تھی یا بھاگ گئی تھی کون جانتا تھا۔

شام کو ابو بھی مایوس ہو کر گھر لوٹے تو امی بے ہوش ہو کر گر پڑیں انہیں غشی پر غشی آرہی تھی اور خود میرا بھی برا حال تھا ابو الگ پریشان تھے وہ بھی ایک طرف منہ کر کے آنسو بہا رہے تھے۔

ہماری بدنصیبی کا دوسرا دن شروع ہو چکا تھا تانیہ گھر چھوڑ کر جا چکی تھی مگر کس کے ساتھ یہ ایک ایسا سوال تھا جو حل نہ ہو سکا اور پھر چند دن سے فیصل بھی اپنے کمرے میں نہ آیا تو ہمیں پتہ چل گیا کہ فیصل تانیہ کو بھگا کر لے گیا ہے تو کیا تانیہ اور فیصل ایک دوسرے کو چاہتے تھے مگر گھر میں ہماری موجودگی میں ان کی محبت اتنی کیسے بڑھ گئی کہ جس نے تانیہ کو گھر سے بھاگنے پر مجبور کر دیا اور پھر بھاگتے ہوئے وہ میری شادی کے لیے بنائے گئے زیورات اور پیسے بھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ساتھ لے گئی یہ ایسی سوچیں تھیں جن کا کوئی جواب ہمارے پاس نہ تھا تانیہ جسے میری خوشیوں سے زیادہ اپنی خوشیاں عزیز تھیں وہ میرا سب کچھ ہی تو چھین کر لے گئی تھی پہلے پہل تو ہم چپ چاپ تانیہ کو تلاش کرتے رہے مگر جب سب کچھ بے کار ثابت ہوا تو ہم نے پولیس کو رپورٹ درج کروا دی پولیس کی تفتیش اس وقت تک جاری رہی جب تک پیسے روپے کی گاڑی چلتی رہی جیسے ہی دولت رکی تو تفتیش رک گئی پھر آہستہ آہستہ باتیں محلے تک پھیل گئیں رشتہ داروں نے سنا تو الگ باتیں کیں کہ تانیہ بھاگ گئی ہے۔ یہ ایسی باتیں تھیں جس نے ہماری شرافت کے ماتھے پر بدنامی کا داغ لگا دیا تھا ہماری رسوائیاں ہماری عزت تو پہلے ہی غریبی کے بوجھ تلے دبی ہوئی تھی سسکیاں لے رہی تھی اور اب تو لوگوں کی انگلیاں بھی ہماری طرف اٹھ رہی تھیں امی کا رورو کر برا حال ہو رہا تھا اور ابو بھی سر جھکائے ہوئے محلے سے گزر جاتے تھے دن بدن ہماری بدنصیبی میں اضافہ ہو رہا تھا اس دن تو ہم اور بھی حیران رہ گئے تھے جس دن امی بیماری کی وجہ سے دوائی لینے کے لیے ہسپتال گئی ہوئی تھیں کہ میرے ہونے والے سسرال سے کچھ عورتیں ہمارے گھر آئیں۔

قندیل۔ وہ آتے ہی بولیں ہم نے جو کچھ سنا ہے کیا وہ ٹھیک ہے۔

کیا سنا آپ نے۔ میں کانپتے ہوئے بولی۔

یہی کہ تانیہ گھر سے بھاگ گئی ہے۔ میری ہونے والی ساس نے اکڑ کر کہا۔

میں کچھ نہ بولی اور خاموش ہو کر رہ گئی مجھے اپنا وجود کتنا ہلکا محسوس ہو رہا تھا۔

کب بھاگی ہے مجھے خاموش دیکھ کر وہ پھر بولیں۔ مجھ سے کوئی بات نہیں ہو رہی تھی اتنی دیر میں امی بھی آگئیں امی نے آتے ہی سب کو سلام کیا مگر ان میں سے کسی نے جواب نہ دیا امی خاموشی کے ساتھ ایک طرف بیٹھ گئیں۔

ارے بہن یہ ہم نے کیا سنا ہے میری ہونے والی ساس نے کہا۔

ٹھیک ہی سنا ہے۔ امی نے نظریں جھکاتے ہوئے جواب دیا۔

تو اس کا مطلب ہے تانیہ کسی کے ساتھ گھر سے بھاگ گئی ہے وہ تلخ لہجے میں بولیں۔

ہاں بہن۔ میں سوچتی ہوں نجانے میرے خون میں کون سا گندہ قطرہ ہے جو اس کے جسم میں داخل ہو گیا تھا امی نے آنسو صاف کرتے ہوئے جواب دیا

ہاں، بہن کچھ تو اثر ہوا ہی ہوگا تمہارے خون کا ان میں سے ایک بولی۔ یہ سن کر امی کانپ اٹھیں انہیں کا موش دیکھ کر ایک اور عورت بولی۔

آخر بڑوں پر ہی اولاد جاتی ہے۔

آخر اس میں بڑوں کا کیا قصور ہوتا ہے امی بے بسی سے بولیں۔

ہاں ہاں۔ اس میں بڑوں کا کیا قصور جو اولاد کو قابو نہیں کر سکتے ایک عورت بولی۔

امی نے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے تھے وہ جتنا برداشت کر رہی تھیں اتنی ہی تلخ باتیں سن رہی تھیں میں اندر ہی اندر کھول رہی تھی۔

آپ سب ہمارا مذاق اڑانے آئی ہیں میں نہ چاہتے ہوئے بھی بول اٹھی۔

لو ان کی بھی سنو میری ساس بولیں، ہمیں تو کل ہی پتہ چلا تھا اور تو اور میرا لڑکا اپنے دوستوں کے پاس بیٹھنے کے قابل بھی نہیں رہا نجانے وہ کون سی منحوس گھڑی تھی جب ہم نے آپ جیسے لوگوں سے ناطہ جوڑا تھا ہمیں کیا معلوم تھا کہ تم لوگ یہ کرتوت دکھاؤ گے آج ہم آپ سے فیصلہ کرنے آئے ہیں کہ ہماری اور آپ کی رشتہ داری ختم ہو گئی ہے ہمارا آپ سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے۔

نہیں نہیں، بہن ایسا ظلم نہ کریں میری بیٹی بے

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

قصور ہے۔امی نے سسکتے ہوئے کہا۔

تو پھر قصوروار کون ہے۔ پتہ نہیں کل آپ کی یہ بیٹی کیسی نکلے میری ساس نے زور سے کہا۔

بہن خدا کے لیے ایسا ظلم نہ کریں میری بیٹی کی زندگی کا سوال ہے امی روتے ہوئے گڑگڑائیں۔

یہ بھی تو ہماری زندگی کا سوال ہے ایک بہن آوارہ لڑکے کے ساتھ بھاگ گئی اور دوسری بھی تو اسی پر جائے گی اور پھر ایک ہی ماں کا دونوں خون ہیں میری ساس طنز سے بولیں۔

جو کچھ کہنا ہے کہہ لو بہن مگر میری بیٹی کو اتنی بڑی سزا نہ دو امی نے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا۔

بس بس ہم نے جو کہنا تھا کہہ دیا ایسی بہو کو کون گھر بسائے گا میری ساس اٹھ کر جانے لگیں تو امی نے ان کے پاؤں پکڑ لیے ہاتھ جوڑ کر میری خوشیوں کی بھیک مانگی مگر وہ نہ مانیں۔

امی جانے دیں ان بے حس پتھروں کو۔ میں نے روتے ہوئے کہا۔آپ ان سے کیوں بھیک مانگ رہی ہیں۔

قندیل امی روتے ہوئے بولیں تم نہیں جانتی یہ دنیا ہم غریبوں کو کتنی سخت سزائیں دیتا ہے غریب تو پیدا ہی تماشہ بننے کے لیے ہوتے ہیں پھر تو نہیں جانتی اگر تمہیں ایک جگہ سے جواب مل گیا تو تمام عمر یونہی گھر پر بیٹھی رہوگی۔

ٹھیک ہے امی میں ان پتھروں سے سر پھوڑنے سے بہتر ہے کہ گھر پر بیٹھی رہوں میں یہ کہہ کر بے ہوش ہوگئی شام کو ابو کو پتہ چلا تو وہ بھی رونے لگے یہ کیسی بے بسی کے آنسو تھے۔

تب مجھے محسوس ہوا تھا کہ بعض اوقات انسان بھی کتنا بے بس ہوتا ہے انسان ہی انسان کا مذاق اڑاتا ہے یہ معاشرہ ہم جیسے دکھی لوگوں کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے طنز کے زہر میں بجھے ہوئے تیروں سے ہمارے جسموں کو چھلنی کرتا ہے میں اجڑ چکی تھی میری خوبصورتی سوچیں اجڑ چکی تھیں اور میرا اپنا حال کسی بیوہ کی طرح تھا ایسی بیوہ جو شوہر کی موت پر نہ رو سکتی ہے اور نہ ہی ہنس سکتی ہے۔

پھر ابو نے کئی بار کوشش کی کہ ہماری رشتہ داری نہ ٹوٹے مگر یہ نہ ہونا ممکن نہ تھا سسرال والوں نے مجھے جواب دے دیا تھا۔

اب تو میں خود اس زندگی سے تنگ آچکی تھی کیسا انصاف ہے اس معاشرے کا جرم کوئی کرے اور سزا کسی اور کو ملے بے قصور انسان بھی کتنا بے بس ہوتا ہے وہ نہ تو اپنے لیے انصاف کی طلب کا حق رکھتا ہے اور نہ ہی غلط فیصلے پر احتجاج کر سکتے ہیں اب تو یہ زندگی کی گاڑی گھسیٹتے ہوئے میرے پاؤں بھی شل ہو چکے ہیں۔

تانیہ نجانے کہاں ہے اور کس حال میں ہے کوئی نہیں جانتا مگر جاتے ہوئے جس عذاب میں ہمیں مبتلا کر گئی ہے شاید اس کی سزا سے ہمیں موت بھی نہ چھڑا سکے تانیہ کو گھر سے بھاگے ہوئے کئی سال کا عرصہ بیت چکا ہے مگر ابھی تک اس کے بارے میں کوئی علم نہیں۔

یہ دنیا ہے یہاں تو سب ہی مذاق کرتے ہیں مگر بے بس مجبور انسان کی مدد نہیں کر سکتے ہم نے انصاف کی کتنی ہی کرسیوں کو پکڑ کر دہائیاں دیں ہم نے تھانے اور چوکیوں میں اپنی بہن کی بازیابی کے لیے کئی بار درخواستیں دیں مگر کسی نے اس پر عمل نہ کیا۔

اب تو میں اس سٹیج پر آگئی ہوں جہاں آکر مجھ جیسے انسان کو کاتب تقدیر سے بھی نفرت ہو جاتی ہے اب مجھے کسی سے کوئی ہمدردی نہیں رہی یہاں تو اپنا خون بھی اپنے خون کی بولی دے دیتا ہے یہاں تو ایک خون سے پیدا ہونے والے دو انسان ایک دوسرے کو اپنی خواہشات کی سولی پر چڑھا کر خوشیاں مناتے ہیں میں زندگی سے مایوس ہو چکی ہوں میرے ماتھے پر میری بھاگنے والی بہن کے قدموں کی دھول

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

پڑی ہوئی ہے اسی لیے تو جب بھی میری شادی کی بات چلتی ہے تانیہ پر آ کر ختم ہو جاتی ہے۔

کاش کوئی مجھے بتا دے کہ اپنی خواہشات کی سیج سجانے والی لڑکیاں تو ماں باپ کو یوں رسوا کر کے چلی جاتی ہیں وہ اگر جرم کرتی ہیں تو سزا بھی انہی کو ملنی چاہیے ان کے جرم کی سزا پیچھے رہنے والوں کو کیوں ملتی ہے یہ معاشرہ انکے جرم کی سزا ہم جیسے لوگوں کو کیوں دیتا ہے۔

بوڑھا وقت گزرتا جا رہا ہے میں سسک سسک کر زندگی کی گاڑی دھکیل رہی ہوں میرے بالوں میں سفیدی آ گئی ہے میرے بالوں کی سفیدی بھی تو میرا مذاق اڑا رہی ہے۔

اب تو مجھے اپنے آپ سے بھی نفرت ہونے لگی ہے مجھے نفرت ہے ایسی زندگی سے جس میں اب کوئی رعنائی نہیں ہے کاش میں بھی دولت مند ہوتی تو آج میری خوشیاں یوں سرعام دوسروں کی خواہشات کی بھینٹ نہ چڑھتیں کاش ہم بھی دولت منت ہوتے تو آج ہم معاشرے کے لیے ایک بوجھ نہ ہوتے اب تو زندگی خود ہم سے پشیمان ہے پشیمان ہو بھی کیوں نہ بھوک رسوائی سب کچھ ہی تو ہمارے حصہ میں آ گیا ہے میں لاکھ چاہتی ہوں کہ ان یادوں کا گلا گھونٹ دوں مگر یہ میرے بس میں نہیں ہے ورنہ میں ان یادوں کو ذہن سے ہمیشہ کے لیے مٹا دیتی لیکن میں جینا بھی تو نہیں چاہتی۔

اسی لیے تو کل جب ڈاکٹر نے امی کو بتایا کہ مجھے کالا یرقان ہے۔

یہ سن کر میں کتنا خوش ہوئی تھی کہ چلو اس سسکنے سے تو جان چھوٹ جائے گی میں چاہتی ہوں کہ ان بے رحم یادوں کو نوچ پھینکوں جن کا کبھی مجھ سے رشتہ تھا۔

میرے ذہن میں اب بھی اس ظالم انسان کی تصویر ابھر رہی ہے وہی ظالم علی جو میرا منگیتر تھا میں چاہتی ہوں کہ اپنے ذہن سے اس نام کو مٹا دوں مگر اس سے کیا ہوگا کچھ بھی تو نہیں میں تو چاہتی ہوں کہ اس زندگی سے ہی منہ موڑ لوں مگر مجھے ابھی اور جینے کے لیے مجبور کیا جا رہا ہے میں کیسے زندہ رہ سکتی ہوں زندگی کے اس دہکتے ہوئے آلاؤ میں میری حالت اس کچی دیوار کی سی ہے جسے مٹی کے لیپ سے چند دن اور گزارنے کی مہلت دے دی جاتی ہے مجھے بھی بناوٹی باتوں سے اس کھوکھلی زندگی کے لیے جینے پر مجبور کیا جا رہا تھا۔

میری خواہشات میری تمنائیں سب کچھ تو ختم ہو چکی ہیں پھر کیوں جیوں اسی لیے تو زندگی سے منہ موڑنے کی کوشش میں مصروف ہوں میں نے کئی بار ڈاکٹر سے کہا ہے کہ وہ مجھے زہر دے دے مگر نجانے ڈاکٹر کیوں ڈرتا ہے وہ تو مجھے صرف مسکرانے اور جینے کی امید دلاتا ہے کتنا بھولا ہے ڈاکٹر وہ یہ نہیں جانتا کہ میں تو دکھوں کو اپنے سینے میں بسا رکھا ہے وہ مجھے چھوڑ کر کیسے جا سکتے ہیں یہ انسان تو نہیں کہ راہ چلتے ہوئے ساتھ چھوڑ جائیں گے۔

یہ دکھ ہیں میرے اپنے دکھ یہ بند کمرے کی اس دلہن کو اپنے ساتھ ہی لے کر جائیں گے نجانے کب ان دکھوں کو اپنے سینے سے لگائے اس دنیا سے ناطہ توڑ لوں کوئی بھی نہیں جانتا مگر میں جانتی ہوں کہ بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب میں اس دنیا سے منہ موڑ لوں گی۔

شعر میرے کہاں تھے کسی کے لئے
میں نے سب کچھ لکھا ہے تمہارے لئے
اپنے دکھ سکھ بہت خوبصورت رہے احسان
جیتے بھی تو صرف ایک دوسرے کے لئے
✪ ......احسان سحر۔میانوالی

میرے دل کے اک کونے میں ایک معصوم بچہ
بڑوں کی دنیا کو دیکھ کر بڑا ہونے سے ڈرتا ہے
✪ ......احسان سحر۔میانوالی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جھلسی محبت

تحریر: ثمر احمد۔ کراچی

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں آج پہلی بار آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔ جھلسی محبت۔ کے ساتھ حاضر ہو رہی ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گی کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتی رہوں گی میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہو گی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہو گا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

وہ دلہن بنی میرے کمرے میں بیٹھی تھی آج بھی اس کے روپ میں وہی چاند چمک رہے تھے پر آج ہمارے درمیان انمول محبت ہی سو چکی تھی اور اس کی ذمہ دار وہ خود ہی تھی قدرت کے کھیل نرالے ہوتے ہیں جو ہم انسان سمجھ نہیں پاتے ایسا ہی کچھ میرے ساتھ یعنی تاج علی کے ساتھ ہوا۔

یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں صرف ساتویں کلاس میں پڑھتا تھا۔ بچپن کے اس دور میں بھی بہت دل پھینک عاشق مشہور تھا وہ دن کی ایک خوبصورت دو پہر تھی اگست کی بارش تھم چکی تھی لوگ موسم کا مزہ لینے سڑکوں کے کونے یا دکانوں میں بیٹھے باتوں میں مصروف تھے بچے سب مل کر کھیل رہے تھے میں بھی اپنے ایک دوست کے ساتھ موسم کا مزہ لینے نکلا تب ہی وہ غضب کی صورت والی دکھائی دی بارش کے جمع پانی سے وہ پریشان ہوتی ہوئی تیز تیز قدم اٹھائے جا رہی تھی آسمانی رنگ کی قمیض شلوار جس پر چھوٹے چھوٹے پھول بنے ہوئے تھے پل بھر میں میں اپنا دل دے بیٹھا میں کئی دور تک اسے جاتا ہوا دیکھتا رہا میں بھول گیا تھا کہ میں اپنے دوست کے ساتھ تھا میں تو بس اس دل کش روپ کو کھڑا تکتا رہا جب وہ نگاہوں سے اوجھل ہو گئی تو مجھے اپنے دوست کا خیال آیا جو پاس ہی اک دکان پر بیٹھا مجھے دیکھ کر مسکرا کر بولا کیوں میاں مجنوں محبت ہو گئی ہے آپ کو میں نے شرماتے ہوئے سر ہلا دیا۔ وہ ہمارے گھر سے کچھ ہی فاصلہ پر ایک گھر میں رہنے آئی تھی میں اکثر آتے جاتے ہوئے اسے دیکھتا تھا وہ بھی مجھے دیکھتی ہم محلے کے ایک پارک میں ہر شام ایک دوسرے کو دیکھ دیکھ کر جیتے تھے میں اس کے پیار میں گرفتار ہو گیا تھا یہ میں اپنا حال دل کیسے کہوں سمجھ نہیں آتا تھا
ایک روز ہم پارک میں ایک دوسرے کو دیکھ کر

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

مسکرا رہے تھے آج وہ روز کے دنوں سے زیادہ ہی خوبصورت لگ رہی تھی میں نے نظروں سے اس کی تعریف کی تو وہ شرما گئی میرے دل میں کئی پھولوں کی بارش سی برسنے لگی پھر وہ میرے نزدیک سے جاتے ہوئے ایک سفید سا کاغذ پھینک گئی میرا دل تیز تیز دھڑک رہا تھا میں نے ہمت کر کے کاغذ اٹھا کر جیب میں رکھ لیا اور مجھے بہت ڈر لگ رہا تھا کہ کسی نے دیکھا تو نہیں ہے جانے کیا لکھا ہوگا اب میرا سارا دھیان اس پہلی محبت کے پہلے خط پر تھا جو اس وقت میری جیب میں تھا میں گھر جانا چاہتا تھا پر میرے دوست تیار نہ ہو رہے تھے آخر میں نے سر درد کا بہانہ کیا اور گھر آ کر اپنے کمرے میں بند ہو گیا۔

آپ کی نگاہوں میں میں نے اپنے لیے محبت دیکھی ہے اس لیے یہ خط لکھنے کی گستاخی کر رہی ہوں میں کل اس خط کے جواب کا انتظار کروں گی یہ ہماری محبت کے آغاز کا دور تھا پھر خطوں کا یہ سلسلہ شروع ہو گیا کبھی ہم خطوں کے ذریعے بات کرتے رہے پھر ہم نے فون پر بات کرنی شروع کر دی ہماری ملاقاتوں کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا تھا میں نے اسے ایک موبائل تحفے میں دیا اس کے گھر والے بہت ہی سخت تھے فون کا تحفہ اس کی سہیلی کی طرف سے سمجھ کر کوئی گھر میں لڑائی نہ ہوئی وہ بہت خوش ہو کر بار بار مجھے لو یو کہتی رہتی اب ہم ایک دوسرے کو اپنا مان کر میاں بیوی کی طرح بات کرتے تھے وہ میری پسند کے کپڑے اور میں اس کی پسند کی چیزیں پہنتا تھا۔ایسی ہی محبت کو ساتھ لیے ہم دونوں جوان ہو گئے تھے ہمارے گھر ساتھ ساتھ تھے ہم ساتھ کالج آتے جاتے تھے میں نے اس کی محبت میں کئی شعر لکھے تھے شاعری کی پر اس کو شاعری پسند نہ تھی وہ بس اس لیے خوش ہوتی تھی کہ یہ تمام الفاظ میں اسکے لیے اس کے پیار میں لکھتا تھا میں آپ لوگوں کو اس کا نام بتانا بھول گیا اس کا نام انائیا تھا وہی میری زندگی میری ساتھی کائنات تھی وہ اکثر میرے سر کے بال چھو کر کہتی۔

تاج تم سر کے ان بالوں سے پاؤں کے ناخن تک میرے ہو تم میرے ہی رہنا۔ مجھے اس کی یہ ادا پر بہت ہی پیار آتا جب جب وہ حق سے مجھے اپنا کہتی میں ہواؤں میں اڑنے لگتا اور محبت سے میں اسکے لیے کوئی نہ کوئی تحفہ لے آتا انٹر کے بعد اس نے پڑھائی چھوڑ دی اور میں یونیورسٹی جانے لگا اب وہ اکثر مجھ سے لڑتی اور مجھ پر شک کرتی میں ہر بار اس کو منالیتا پر وہ اگلے دن پھر مجھ پر شک کر کے مجھ سے لڑتی کہ تم دوسری لڑکیوں میں دلچسپی لیتے ہو پر میں اسے یقین دلانے کے بعد منالیتا اور اپنی محبت کا اظہار کرتا پر دن بدن کی بڑھتی ہوئی لڑائی اور شک نے ہمیں پریشان کر کے رکھ دیا تھا اب لڑائی ہوتی تو ہم اکثر دو دو دن تک آپس میں بات نہیں کرتے تھے مجھے اس پر بہت غصہ آتا کہ میں سب کچھ چھوڑ کر اسے اپنا بنایا ہے اور وہ بے وجہ کا شک کر کے مجھ سے ہفتوں بات نہ کرتی میں اس سے بات نہیں کروں مجھے چین نہیں ملتا تھا میں اداس ہو جاتا تھا۔اور پریشانی سے پاگل سا بن جاتا تھا۔

ہماری بات ہوئے پورا ایک مہینہ ہو گیا۔کہاں ہم ایک دن سے زیادہ ایک دوسرے سے دور نہیں رہ پاتے تھے اور کہاں ایک ماہ کا عرصہ بیت چکا تھا میری حالت پاگلوں کی جیسی ہو گئی میں نے خود کو مصروف رکھنے کے لیے پڑھائی کے ساتھ نوکری بھی کر لی میں اس کے ساتھ آٹھ سال سے ساتھ تھا میں اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کی اپنی غلطی بھی ہو وہ تب بھی آ کر مجھے نہیں منائے گی نہ ہی بات کرنے میں پہل کرے گی۔ پر اس بار بہت حد ہو گئی تھی اسنے ایک شک کی بنا پر مجھے بہت برا بھلا کہا تھا کئی بار میرا فون اٹھا کر بند کر دیا تھا اب یہ سب مجھے قبول نہ تھا میں اس سے محبت عزت چاہتا تھا پر وہ شک کی بنا پر مجھ سے لڑے بیٹھی تھی وقت تیزی سے بیت رہا تھا پر وہ نہ آئی شاید

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اسے آنا ہی نہ تھا میں نے اس کو بھولنے کی کوشش کی پر یہ میرے لیے ناممکن تھا آخر کار میں نے خود ہی ہتھیار ڈال دیئے اس کو فون کیا تو ساری رات ہی ہوا پھر اس کا فون بند ہو گیا میرا دل خون کے آنسو رو رہا تھا مجھے اس کی ہر بات یاد آنے لگی میں تڑپ رہا تھا اگلے روز وہ مجھ سے ملنے پارک آئی اور اس نے مجھ سے جو کہا اس نے میری زندگی کو بالکل برباد کر دیا۔ اس نے کہا اب وہ کسی اور سے محبت کرتی ہے جو صرف اس کا دیوانہ ہے جس کی زندگی دل میں میرے سوا کوئی اور نہیں ہے میرے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے میں اس کے قدموں میں بیٹھ گیا ہاتھ جوڑ کر میں نے اس سے کہا کہ میں صرف تم سے محبت کرتا ہوں میں تمہارے بن جی نہیں سکتا میری زندگی میں واپس آ جاؤ میری رگ رگ میں تمہارا ہی پیار ہے میری زندگی میں واپس آ جاؤ پر وہ کسی بے جان پتھر کی طرح بیٹھی مجھے روتا ہوا دیکھ رہی تھی۔ پھر وہ مسکرا کے بولی۔

اب بہت دیر ہو گئی ہے تاج میں کسی اور کی ہو گئی ہوں پھر اس کے فون پر اس کے نئے ساتھی کا فون آنے لگا اور وہ خدا حافظ کہہ کر چلی گئی میں تو جیتے جی مر گیا تھا وہ میری زندگی سے ہمیشہ کے لیے جا چکی تھی میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کروں اسے کیا کہوں مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا میں اپنے کمرے میں بند پڑا روتا رہتا لیکن آخر کب تک۔ میرے چہرے کی ساری مسکراہٹ بالکل ختم ہو چکی تھی مجھے محبت سے نفرت ہو گئی تھی اس کی بے وفائی پر مجھے یقین نہ آتا تھا میرا سب کچھ برباد ہو چکا تھا میرے یار دوست سب چھوڑ چکے تھے لوگ حیرت سے مجھے پوچھتے کہ میں کیا وہی ہوں جو ہر وقت ہر کسی کو ہنساتا تھا اور خود بھی ہنستا تھا ہر کوئی میری حالت دیکھ کر میری خیریت معلوم کرتا محلے کے ایک بزرگ نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ شاید مجھ پر کسی بھوت کا سایہ ہو گیا ہے میری ماں نے بہت کوشش کی کہ میں شادی کر لوں پر میں نے ان کو صاف انکار کر دیا اور پھر خود کو نوکری اور پڑھائی میں مصروف کر لیا۔ ایسا میرے ساتھ ہوگا مجھے اندازہ نہیں تھا کہ میری انا مجھ سے بے وفائی کرے گی پر میں نے خود کو سب سے دور کر لیا تھا۔ اور اپنی زندگی کو ٹھکانے لگانے میں مصروف ہو گیا تھا میرے تمام بہن بھائی اپنی اپنی زندگیوں میں مگن ہو چکے تھے میں اس بے وفا کی بے وفائی کو دل سے لگائے ہوئے پل پل مر رہا تھا اس تنہائی کو گلے لگائے ہوئے دس سال بیت گئے تھے اس دوران اس کی شادی کی خبر بھی آئی تھی محبت اپنی جگہ میرے دل میں بنائے بیٹھی تھی پر پیار کے ان آٹھ سالوں کو بھلا کر جو بے وفائی کا تحفہ اس نے مجھے دیا اس زہر نے میرے اندر نفرت کی آگ جلا دی تھی محبت قدرے کم نفرت بڑھ گئی تھی غصہ کی آگ تھی جو دن بہ دن بڑھتی جا رہی تھی مجھے بھی غصہ آتا تو کبھی رونا آتا کہ اتنے سال محبت کر کے ساتھ رہے پھر وہ بے وفا کیوں ہو گئی۔ کیسے ہو گئی۔ یہ دس سال کالے بادلوں کی طرح پل پل مجھ پر برستے رہتے تھے ماں نے جب اس کی شادی کا ذکر مجھ سے کیا تو میں نے بنا کچھ جانے ہاں کر دی کیونکہ میں اس کی بربادی کی کہانی خود اس کے منہ سے سننا چاہتا تھا اس نے ایک سچے مرد کی محبت کو پہلے شک کا نشانہ بنایا پھر بے وفائی دے کر پل پل مرنے کے لیے چھوڑ گئی اب وہ بے سہارا تھی اس کے والدین کی عزت کے لیے میں نے اس کو اپنا بنا لیا آج وہی میری انا بنا میری دلہن بنے بیٹھی تھی اور میں اس کی بربادی کی کہانی سننے کے لیے بے چین تھا۔ آج دل میں محبت نہ تھی بلکہ نفرت کی آگ کا گہرا رنگ تھا۔ میں اس سے بیوی کا حق لینے نہیں بلکہ اس کی کہانی سننے کے لیے اس کے کمرے میں داخل ہو گیا۔

قارئین کرام کیسی لگی میری کہانی اپنی رائے سے ضرور نوازیے گا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

تقدیر کی جیت

---تحریر: خرم شہزاد مغل۔ بھمبر۔ اے کے۔ 0344.5078038

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج پہلی بار آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ۔تقدیر کی جیت۔ کے ساتھ حاضر ہورہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

کیا کسی نے خوب کہا ہے کہ قسمت کا لکھا کوئی بدل نہیں سکتا ہے۔ قارئین کرام اسی حوالے سے ایک کہانی لے کر حاضر ہوا ہوں اس کو کہانی تو نہیں کہنا چاہیے کیونکہ یہ حقیقت ہے وہ لوگ جو قسمت اور تقدیر پر یقین نہیں رکھتے ہیں ان کے لیے ایک سبق ہے انسان جتنی مرضی کوشش کر لے وہ قسمت کو نہیں بدل سکتا اللہ پاک نے انسان کی جو بھی تقدیر لکھی ہے اس پر صبر وشکر کرنا چاہیے وہ کہتے ہیں ناں کہ صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ بس یہی ایک بات ہے جو انسان کو صبر کرنے پر مجبور کرتی ہے انسان کو وہی کچھ ملتا ہے جو اس کے لیے بہتر ہوتا ہے یہ حقیقت پر مبنی کہانی میرے اک دوست کی ہے آیئے اسی کی زبانی سنتے ہیں۔

مانا کہ زمانہ بے رحم ہے بے وفا ہے مگر پھر بھی
جس دل سے کوئی ملے تو اسے ٹھکرایا نہیں کرتے

میرا نام آفاق ہے۔ ہم دو بھائی اور تین بہنیں ہیں میں نے جب آنکھ کھولی تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کی مرضی سے میرا خاندان غریب تھا لیکن ہم سب گھر والے غریب ہونے کے باوجود بھی شکر گزار عاجز وانکسار بہت زیادہ تھے ہمارا خاندان ایک اسلامی خاندان ہے میرے دادا ابو بہت بڑے حکیم اور حافظ قرآن تھے اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ میرے والدین پڑھے لکھے ہوئے نہ تھے لیکن انہوں نے میرے پڑھانے پر پوری توجہ دی اور پوری دلجوئی اور توجہ سے مجھے پڑھایا مجھے شروع میں گاؤں کے سکول میں داخل کروایا گیا یوں میری زندگی کا آغاز ہوا میں شروع ہی سے بہت زیادہ لائق تھا ہر کلاس میں اول آتا زندگی کے دن گزرتے گئے اور میں نے آٹھویں کا امتحان پاس کر لیا جب آٹھویں کا رزلٹ آیا تو میں بہت ہی اچھے مارکس آئے میرے والدین اتنے خوش ہوئے کہ میں بیان نہیں کر سکتا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میرے دل میں بچپن میں ہی سے یہ جذبہ تھا کہ میں اپنے والدین کو بہت زیادہ خوش دیکھنا چاہتا تھا مجھے نئے سکول میں داخل کروایا گیا جو گھر سے کافی دور تھا راستے میں آنے جانے میں دشواری ہوتی لیکن میں نے ہمت نہ ہاری مجھے ہر وقت یہ شعر یاد آ جاتا۔

تندیِ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اور اونچا اڑانے کے لیے

کچھ دنوں کے بعد گرمیوں کی چھٹیاں آ گئیں اور میں گرمیوں کی چھٹیاں میں اپنے قریبی رشتہ دار وں کے گھر گجرات چلا گیا مجھے شروع ہی سے اسلامی لوگ بہت پسند تھے اور اسی طرح مجھے اسلامی لڑکیاں بھی بہت اچھی لگتی تھیں ایک دن میں اپنے رشتہ داروں کی چھت پر گیا کچھ دیر بعد ہمسائیوں کی چھت پر ایک لڑکی دکھائی دی جس کے زیب وتن پر لباس ہی ایسا تھا کہ ظاہر ہوتا تھا کہ ایک شریف اور اسلامی لڑکی ہے۔

کاش مجھے معلوم ہو جائے تیری سوچ کا محور
میں اپنے آپ کو تراشوں تیرے انداز نظر سے

چونکہ مجھے اتنی خاص دلچسپی نہ تھی لڑکیوں میں تو اس وقت اس کو غور سے نہ دیکھا اور اپنے کام میں مصروف رہا دوسرے دن میں نے اپنے کزن جو کہ میرا ایک اچھا دوست بھی تھا اس سے اس لڑکی اور اس کے گھر والوں کے بارے مین جاننا چاہا، تو اس نے بتا دیا کہ یہ بہت ہی شریف گھرانا ہے اور بھی کافی کچھ اس نے لڑکی کے بارے میں بتایا۔

اس کا نام حنا ہے۔

تیسرے دن میں نے اس لڑکی کی طرف غور سے دیکھا کافی خوبصورت لڑکی تھی مجھے بہت اچھی لگی پھر تقریباً چار سے پانچ دن میں نے اس لڑکی سے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن نہ کر سکا مجھے اس وقت پتہ نہیں تھی کہ یہ بھی قسمت کا کھیل ہوتا ہے جب بھی رابطہ کرنے کی کوشش کرتا کوئی نہ کوئی بندہ درمیان میں آ جاتا بعض اوقات میں خود رابطہ نہ کر سکتا کچھ دنوں کے بعد میں گھر آ گیا اور میرے ساتھ میرا کزن بھی آیا کچھ دن رہنے کے بعد جب وہ واپس جانے لگے تو میں نے اپنے کزن سے کہا۔

وہ میرے ابو جان سے کہیے کہ وہ پھر ساتھ جانے کی اجازت دیں اس نے ابو جان سے بات کی ابو جان نے کافی اصرار کرنے پر اجازت دے دی۔ میں وہاں جا کر پھر سات آٹھ دن رہا لیکن پھر ان دنوں میں وہی سلسلہ جاری رہا جب بھی رابطہ کرنے کی کوشش کرتا ناکام ہوتا اور پھر میرے گھر والوں نے مجھے واپس بلا لیا۔ میں نے اپنے کزن سے کہا تھا۔

مجھے کسی طرح سے اس لڑکی کا نمبر تلاش کر کے دو میرے دل میں کوئی بری خواہش نہیں تھی میرا دل بالکل صاف تھا بس مجھے اس لڑکی کے اسلامی ہونے کی وجہ سے مجھے اچھی لگی تھی واپس آنے پر میں اپنی زندگی میں پھر سے مصروف ہو گیا میں پانچ وقت کی نماز باقاعدہ ادا کرتا تھا ایک دن نماز کے بعد گراؤنڈ میں کھیلنے چلا گیا جب کھیل کر واپس آ رہا تھا تو مجھے اسی میرے کزن کی کال آئی جس میں نے نمبر کا کہا تھا اس نے مجھے کہا۔

آفاق ان کا نمبر مل گیا ہے میں بہت خوش ہوا اور اس کا شکریہ ادا کیا دوسرے دن میں نے کال کی خوش قسمتی سے کال اسے نے پک کی میں نے کچھ نہیں بتایا بس پوچھا آپ حنا بات کر رہی ہیں۔ اس نے کہا ۔ہاں۔ میں نے کہا مجھے آپ سے ضروری بات کرنی ہے۔ ابھی نماز کا وقت ہے آپ کو کال کروں گا۔ وہ چپ رہی۔

دوسرے دن میں نے کال کی تو وہ بہت ہی پریشان تھی کہ میں کون ہوں میں نے اس کو اپنے بارے میں سب کچھ بتایا اس نے مجھے پہچان لیا اور پھر اسے تمام خیالات کے بارے میں آگاہ کیا اس نے کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

مجھے پتہ ہے کہ آپ بھی بہت شریف ہیں اوراسلامی لڑکے ہیں لیکن میں آپ سے بات نہیں کرسکتی میری مجبوری ہے میرے گھر والے اس بات کواچھا نہیں سمجھتے ہیں۔

میں نے بہت اصرار کیا لیکن وہ نہ مانی پھر میں ایک دو دن بعد کال کرتا لیکن وہ نہ اٹھاتی اسی طرح اس بات کو ڈیڑھ سال کا عرصہ بیت گیا وہ میری کال پک کرتی کبھی بھی لیکن بڑی منت سماجت کے بعد اسی دوران ایک کزن کی شادی آگئی وہ ان کے بھی رشتہ دار تھے وہ بھی اس شادی پر گئی میں بڑی بے چینی سے اس کا انتظار کر رہا تھا آخر وہ آگئی میں شادی کے دن سارا دن مصروف رہا عصر کے بعد مجھے پتہ چلا کہ انہوں نے واپس جانا ہے میں عصر کی نماز پڑھنے مسجد میں گیا وہاں نماز پڑھی اور نماز پڑھنے کے بعد ایک طرف ہو کر رو پڑا اور دل سے دعا مانگی۔

اے پروردگار آج یہ نہ جائیں پھر میں واپس آگیا اور کیا دیکھتا ہوں کہ وہ ابھی تک وہیں تھے اب مجھے یقین ہوگیا کہ سچے دل سے دعا مانگی جائے تو وہ ضرور قبول ہوتی ہے وہ آج میری طرف دیکھ رہی تھی مجھے بہت اچھا لگا شام کو کھانے کے بعد وقت میں نے پانی مانگا اپنی کزن سے وہ بہت مصروف تھی اس نے حنا سے کہا تو وہ نہ نہ کرتی رہی لیکن آخر کار اسی کو پانی پلانا پڑا۔ آخر کار رات ہوگئی اور پھر رات گزر گئی مجھے واپس جانا پڑا پھر گھر آ کر اس سے رابطہ کرنا چاہا لیکن نہ ہوسکا میں نے گھر والوں کو اس لڑکی کے بارے میں بتا دیا۔ انہوں نے مجھے سمجھایا کہ ہم وہاں شادی نہیں کرنا چاہتے میں پریشان ہوگیا اس لڑکی سے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن رابطہ نہ ہو پا رہا تھا۔

پھر ایک دن اس نے مجھے رابطہ ہونے پر صاف کہہ دیا کہ میں اسے کال نہ کیا کروں مجھے بہت دکھ ہوا میں مسجد میں چلا گیا اور رونا شروع کر دیا میں اپنے پروردگار سے یہ ہی کہتا رہا کہ مجھ سے وہ کون سی غلطی ہوگئی ہے کہ مجھے ہر کوئی اگنور کرتا ہے اس لڑکی نے مجھے ٹھکرا دیا ہے چونکہ میرے والدین بھی اس میں خوش نہ تھے اس لیے میں آخری بات اس لڑکی کو کال کی معذرت کی کہ میں نے آپ کو تنگ کیا پھر اس کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد دوسرے شہر کالج چلا گیا اور اپنی پڑھائی میں مصروف ہوگیا وہاں میں ایک اکیڈمی میں پڑھاتا تھا وہاں ایک لڑکی بھی پڑھاتی تھی وہ بھی مجھے اچھی لگنے لگی شریف ہونے کی وجہ سے بہت اچھی لگی۔

قارئین کرام آپ کو آگاہ کرتا چلوں کہ لڑکیوں کو دیکھنا ان سے بات کرنا میری عادت نہ تھی میں تو بس ایک اسلامی لڑکی کی تلاش میں تھا تاکہ اس سے شادی کرسکوں میں نے اس لڑکی سے بھی رابطہ کیا یہ لڑکی اتنی پیاری اور شریف تھی کہ اس کی تعریف بیان کرنا تعریف سے باہر تھا میں اس کو دیکھنے کے لیے اس کے گھر کے پاس کئی چکر لگاتا رہتا۔ رابطہ کرنے پر اس لڑکی نے بھی کہا نہیں میں ایسا نہیں کروں گی میں آپ سے شادی نہیں کرسکتی ہوں کافی دنوں تک اس کی منت سماجت کرتا رہا لیکن اس کے کان تک جوں تک نہ رینگی۔

اپنا سب کچھ دے رہے ہیں ہم چاہت میں
نہ جانے پھر بھی لوگوں کی نگاہیں کیوں بدلتی ہیں

پھر میں بارگاہ الٰہی میں آیا اور بہت رویا مجھے جب بھی کوئی دکھ ہوتا ہے میں مسجد میں چلا جاتا ہوں اور خوب آنسو بہاتا ہوں پھر میں نے اس لڑکی سے بھی سوری کہا۔

میری وجہ سے خوامخواہ اس کو پریشانی ہوئی ہے
میری تو قسمت ہی ہاری ہوئی ہے۔

آج مجھے میری کزن نے میسج کیا وہ میرا بہت ہی خیال رکھتی تھی ہر وقت میری تعریف کرتی لیکن جیسے ہی اس کو میں نے کہا۔
تم میرے ساتھ شادی کرو آپ مجھے اچھی لگتی ہو

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اس نے مجھ سے رابطہ ہی ختم کر دیا اور پھر جب میں نے اس کو ایک بار ایم ایس ایم کیا تو اس نے اپنے گھر والوں کو بتا دیا کہ میں اسے میسج کرتا ہوں اس نے گھر والوں نے مجھے کچھ نہ کہا لیکن میرے گھر والوں نے مجھے خوب کھری کھری سنائیں۔

اس سے معافی مانگی اور اس سے بات کرنا چھوڑ دیا مجھے بہت دکھ ہوا میرے ذہن میں ہر وقت یہی سوال رہتا تھا کہ اے پروردگار مجھ سے کوئی پیار نہیں کرتا ہے میں اکیلا ہوں کاش میرا بھی کوئی اپنا ہوتا جو میرا بہت خیال رکھے اور مجھ سے بہت پیار کرے آخر میرے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔

انہی دنوں میں عید کے روز میں اپنے ابو جان کے ماموں کے بیٹے یعنی ابو کے کزن جو میرے چاچا لگتے ہیں ان کے گھر گیا انکا گھر ہمارے محلے میں ہی تھا ان کی ایک بیٹی تھی میں نے کبھی پہلے اس کے بارے میں کچھ نہیں سوچا تھا اور نہ ہی کبھی اس سے بات کی تھی وہ ایف اے کے بعد مدرسے میں پڑھتی تھی جب ان کے گھر گیا تو وہ نماز پڑھ رہی تھی مجھے یہ سب کچھ دیکھ کر بہت ہی اچھا لگا۔

میں نے اپنے ایک دوست سے بات کی اس نے کہا کہ آپ اس لڑکی سے بات کر کے دیکھو وہ میری بہت عزت کرتی تھی اتنی کہ آپ کو بتا نہیں سکتا مجھے امید تھی کہ وہ میری بات سن کر بہت خوش ہوگی کچھ دن کے بعد میں انجانے سے نمبر سے کال کی اس نے میری پہلی ہی آواز میں پہچان لیا پھر غلطی سے کال کٹ گئی میں نے دوبارہ کال ملائی جب دوبارہ کال ملائی تو اس نے کہا میں نے آپ کو پہچان لیا ہے پھر اس نے کہا۔

تم نے مجھے کال کیوں کی بتاؤ جلدی امی کو گھر آنے دو میں تمہارا بتاتی ہوں اور شام کو ابو کو بھی بتاؤں گی اس کی باتیں سن کر میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی مجھے کچھ سمجھ نہیں آئی کہ میں کیا کروں یہ سب ایک پل میں کیا سے کیا ہو گیا۔

میں نے اس سے معافی مانگنے کی بہت کوشش کی لیکن اس نے میری کال کاٹ دی میں وہاں سے گھر نہیں گیا بلکہ باہر نکل گیا جب میں واپس آیا تو بہت ڈر رہا تھا۔

ابو نے میری طرف غصہ سے دیکھا بس اسی وقت میں سمجھ گیا کہ آج خیریت نہیں ہے پھر ابو جان نے مجھ سے وہ کچھ کہا کہ میرے کان کھل گئے۔

میں نے سنا آرام سے اور معافی مانگی اور ابو جان کو راضی کرنے کے بعد میں مسجد میں چلا گیا وہاں جا کر اتنا رویا کہ کبھی اتنا نہ رویا تھا بس پروردگار سے یہ ہی کہتا میرے ساتھ ایسا کیوں کرتے ہیں مجھ سے کون سی غلطی ہوگئی ہے اس کے بعد مسجد سے باہر نکل آیا۔ اور خاموش رہنے لگا میری زندگی بالکل تبدیل ہوگئی تھی اسی دوران میری تمام پڑھائی بھی مکمل ہوگئی

اب میری دعاؤں اور ان آنسوؤں کی قبولیت کا وقت آ گیا تھا جو میں نے پہلے کبھی مانگی تھیں مجھے ایک بہت ہی اچھی جاب مل گئی اس کے بعد میں نے پبلک سروس کمیشن کا امتحان دیا۔ اور پاس ہو گیا مجھے ایک بہت ہی بڑی پوسٹ پر جاب مل گئی

قارئین آپ کو بتاؤں میں نے والدین کی خوشی کے لیے ان سے کہہ دیا تھا کہ آپ اپ جہاں کہیں گے جس سے کہیں گے میں اس سے شادی کروں گا

لہجہ یار میں زہر ہے بچھو کی طرح
وہ مجھے آپ بھی کہتا ہے تو تو کی طرح

انہوں نے میرا ایک جگہ پر رشتہ کر دیا میں ان کی مرضی میں راضی تھا آخر ایک دن میری شادی ہوگئی شادی سے پہلے میں نے اس لڑکی سے کوئی رابطہ نہ کیا نہ دیکھا اور نہ ہی اس کے متعلق کوئی معلومات حاصل کیں۔

ہم سے کھیلتی رہی دنیا تاش کے پتوں کی طرح
جس نے ہارا اس نے بھی پھینکا اور جس نے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جیتا اس نے بھی پھینکا۔
قدرت کا کرشمہ دیکھیں آج میری شادی ہوگئی ہے اور یہ دیکھ کر میری آنکھوں میں آنسو آگئے زندگی میں ہر لڑکی نے مجھے ٹھکرایا سب لڑکیاں مجھے بہت اچھی لگیں شاید وہ میرے قابل نہ تھیں جب میں نے چہرے سے گونگٹ اٹھایا تو مجھے وہ لمحہ یاد آ گیا جب میں کسی لڑکی کی منت سماجت کرتا کہ مجھ سے بات کرو میں آپ کو ایک بار دیکھنا چاہتا ہوں پروردگار نے ان سب سے خوبصورت شریف اور نیک لڑکی مجھے دے دی اور اس کی آواز سنی اتنی پیاری جیسے کوئل کے گیت اس نے مجھے بہت پیار دیا اتنا کہ میں زندگی کے تمام غم بھول گیا ہر لڑکی میری ان تمام امیدوں پر پورا اتر رہی تھی جن کی میں نے کبھی خواہش نہیں کی تھی بلکہ یہ اس سے زیادہ تھی میری ایک ہی خواہش تھی کہ کاش یہ مذہبی حوالے سے بھی بہت زیادہ پرہیزگار ہو ان سوچوں میں گم میں سو گیا رات کو ہم لیٹ سوئے۔
اچانک کچھ ہی دیر بعد کوئی چیز ٹوٹنے کی آواز آئی میری آنکھ کھلی تو میں اٹھا تو دیکھا کہ شیشے کا جگ ٹوٹا ہوا تھا اور دوسری طرف کیا دیکھتا ہوں کہ میری زندگی میری بیوی تہجد کی نماز ادا کر رہی ہے یہ سب کچھ دیکھ کر میری آنکھوں میں آنسو جاری ہوگئے میں اسی وقت اٹھا غسل کیا اور مسجد چلا گیا اور رو رو کر اپنے پروردگار کا خوب شکریہ ادا کیا میری بیوی میرا بہت خیال رکھتی ہے مجھے ہر طرح سے خوش رکھنے کی کوشش کرتی ہے مجھ سے وہ بہت ہی پیار کرتی ہے یہ سب دیکھ کر بعض اوقات میری آنکھوں میں سے آنسو نکل آتے ہیں مگر اب یہ آنسو خوشی اور شکرانے کے ہوتے ہیں۔
اب مجھے خیال آیا کہ ہر لڑکی مجھے کیوں ٹھکراتی تھی اگر میں ان میں سے کسی لڑکی سے شادی کر لیتا تو ہر وقت اس کی منتیں کرتا رہتا اور دوسری طرف جوانی میں ان کے پیچھے پڑ کر اپنی زندگی برباد کر لیتا اور اتنے بڑے عہدے پر کبھی نہ پہنچ پاتا لیکن میرے پروردگار نے مجھے اس کام سے روک کے رکھا بظاہر تو مجھے اس وقت بہت دکھ ہوتا تھا کوئی لڑکی مجھ سے پیار کیوں نہیں کرتی لیکن اس کا نتیجہ مجھے اب نظر آرہا ہے میں شکر ادا کرتا ہوں کہ پروردگار نے مجھے بچایا اف برے کاموں سے آخر وہی ہوا جو میری قسمت میں لکھا تھا اور تقدیر میں لکھا ہوا تھا۔
قارئین کرام یہ تھی میرے دوست آفاق کی کہانی جو آج کل بہت بڑے عہدے پر فائز ہے اپنی رائے سے مجھے نواز یئے گا کبھی بھی مایوس نہ ہوں نماز ادا کریں پابندی سے اور والدین کی خدمت کریں آخر میں معذرت چاہتا ہوں کہ اگر کچھ اچھا نہ لگا ہو تو پلیز مہربانی کر کے مجھے معاف کر دیں جو میری غلطیاں ہیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔

لوگ ہمیں تکلیف نہیں دیتے ہیں بلکہ
ان سے وابستہ ہماری امیدیں ہمیں دکھ دیتی ہیں
..........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

نہ میرا دل برا تھا نہ تیرے پیار میں کمی تھی
قسمت میں بچھڑنا تھا مقدر میں جدائی تھی ایس
..........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

تو نے چرا لی نظریں ہم نے نظریں اٹھانا چھوڑ دیا
ملنا ہمارا ناگوار گزرا ہم نے روبرو آنا چھوڑ دیا
..........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

یاروں کو یار ملا پیاروں کو پیار ملا
ہم کو ایک یار ملا وہ بھی باوفا ملا
..........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

کہتے ہو کہ بچھڑے کوئی مدت نہیں گزری
لگتا ہے کہ تم نے کبھی کیلنڈر نہیں دیکھا
دھوئیں کی لہر تصویر رقص کرتی ہے
وہ سگریٹوں کے تسلسل میں یاد آتا ہے
..........اے جی-حافظ آباد

یہ بھی ممکن ہے کسی روز نہ پہچانوں اسے
وہ جو ہر بار نیا بھیس بدل لیتا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

مانوس اجنبی

۔۔۔تحریر: ہمیرا رمان سنگم ۔فیصل آباد۔0342.0458606

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔میں ایک بار پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔مانوس اجنبی۔کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تاکہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

غم اپنے کسی طور عیادت نہیں کرتے
ہم اہل وفا تنی جسارت نہیں کرتے
ہم لوگ خطاوار محبت ہی مگر
ہم لوگ وفاؤں کی تجارت نہیں کرتے

محبت کی کٹھن اور دشوار چٹانوں سے الجھنے کے بعد انسان عشق کی منزل پر پہنچتا ہے جہاں عشق کی بات آتی ہے تو عشق ایک ایسا جان لیوا مرض ہے کہ انسانی وجود کو دیمک کی طرح کھاتا ہے۔کھوکھلا کر دیتا ہے لیکن جو لوگ عشق کرتے ہیں وہ یا تو ہر حال میں عشق کو امر کرتے ہیں یا پھر وہی عشق ان کی جان لے لیتا ہے محبت میں انسان کو مایوسیوں اور مجبوریوں کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے لیکن یہاں کھونا زیادہ اور پانا کم ہوتا ہے پھر بھی انسان زیادہ کھو کر کم پانے میں ہی بہتری سمجھتا ہے چاہے اس میں نقصان ہی کیوں نہ ہو انسان محبت جیسے انوکھے رشتوں میں الجھ کر اپنی ہستی تک کو کھو دیا ہے اور ان اور ان انوکھے اور الجھے ہوئے رشتوں کو پانے کے لیے یہ مٹی کا پتلا کیا کچھ نہیں کرتا ایک انسان کا پانے کے لیے باقی تمام عالم کے ارمانوں کا خون کر دیتا ہے ان کی خواہشوں ان کے احساسات خیالات جذبات سب کو چل دیتا ہے اور روند دیتا ہے صرف اس شخص کے لیے جو اس کا کبھی ہو بھی نہیں سکتا اور پھر وقت ایسی کایا پلٹتا ہے کہ کچھ پاس نہیں رہتا سب کچھ ہی پل میں کچھ ہی لمحوں میں ختم کر دیتا ہے اس شخص کے لیے زیست کا وجود ہی دینا سے ختم ہو جاتا ہے لیکن ان الجھے ہوئے رشتوں کو نہ آج تک کوئی سلجھا پایا ہے اور نہ سمجھ پایا ہے انہیں جتنا بھی سلجھایا جائے یہ ریشم کے دھاگے کی طرح الجھتے ہی جاتے ہیں اور انہیں الجھنوں اور پریشانیوں میں انسان کا دل

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہمیشہ جاری رہے گا یہ بھی سچ ہے کہ جب تک انسان عشق ومحبت کے فلسفے سے آشنا نہیں ہوگا تب تک اس کو پتہ نہیں چلے گا کہ عشق کی منزلیں عشق کی راہیں کتنی خاردار کٹھن مشکل اور پر دشوار ہوتی ہیں تھک ہار کر انسان مایوس مانوس ہو جاتا ہے پھر اسے کچھ خبر نہیں رہتی ہے کہ وہ کیا کر رہا ہے اس وقت دل موت کو گلے سے لگانے کو چاہتا ہے اور ہماری دلی خواہش بھی پوری ہو جاتی ہے اور وہ دو ہی پل میں دو گز کفن لے کر اس فانی دنیا کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خیر آباد کہہ جاتا ہے۔

ارمان چلو آؤ موت کے اس پار چلیں
تمہیں عشق کی راہ کو امر کرنا ہے

کاشان ویسے تو کھاتے پیتے اور خوشحال گھرانے کا امیر اور ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھا پیسے کی ریل پیل تھی شاید اسی لیے زیادہ تر ہنستا کھیلتا اور خوش حال نظر آتا تھا دنیا جہاں کا کوئی دکھ اسے نہیں تھا وہ ہر وقت اپنے دوستوں کے ساتھ گھومتا پھرتا اور خوش گپیوں میں مشغول رہتا اس کے باپ کا امپورٹ ایکسپورٹ کا کام تھا دنیا کی ہر آرام وآسائش کی چیز اس کے پاس تھی گاڑی بنگلہ پیسہ غرض کہ کیا کچھ نہیں تھا اس کے پاس لیکن کمی تھی تو ایک بہن کی تھی جس کو وہ شدت سے مس کرتا تھا وہ جب بھی یہ کہتا کہ کاش میری بھی کوئی بہن ہوتی مجھے بھی کوئی لاڈ پیار سے بھائی کہتی تو فوری اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے اور وہ بے ساختہ رونے لگ جاتا۔

کاشان سیکنڈ ایئر کا سٹوڈنٹ تھا اور خوب دل لگا کر پڑھتا تھا ایک تو بہت لائق تھا اور ہونہار بھی دوسرا تمام ساتھی اس کی بہت عزت کرتے تھے اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے کیونکہ اس میں امیر ہونے کا گھمنڈ نہیں تھا وہ بہت شریف اور اچھا لڑکا تھا اس کے ماں باپ اس سے بہت خوش تھے وہ ہر وقت اپنے بیٹے کی تعریف کرتے نہیں تھکتے تھے لیکن وقت کسی کی مٹھی میں قید نہیں کسی کی وراثت نہیں ایک وقت ایسا آیا کہ کاشان کے والدین ہی اسے برا کہنے لگے۔

میں ایک پھول ہوں اجڑی ہوئی بہاروں کا
نجانے کیوں میری خاطر مچل گیا کوئی۔

ایک دن کاشان کلاس میں تھا ایک لڑکی نے کہا

کاشی بھائی کیا آپ مجھے میری اسائمنٹ تیار کر کے دے سکتے ہیں میری کزن کی شادی ہے تو میں بزی ہوں گی۔

جی سسٹر کیوں نہیں میں ضرور کر کے دوں گا آپ کا نام کیا ہے کاشان نے دھیمے لہجے میں کہا۔

جی میرا نام عندلیب ہے اچھا نام ہے لائیں میں کل ہی آپ کو تیار کر کے دے دوں گا۔

نہیں کاشی کل نہیں میں دو تین دن تک کالج نہیں آؤں گی آپ مجھے پھر لا کے دے دینا۔

جی ٹھیک ہے۔ اوکے میں چلتا ہوں۔

کاشان کالج لائف میں بہت خوش تھا اور پڑھائی بھی خوب دل لگا کر کرتا تھا بلکہ کسی کا کام بھی کر دیتا تھا تمام لڑکیاں کاشان کی اسی ادا بھولے پن حسن سادگی اور شرافت پر وار دی جاتی تھی ہر لڑکی کی خواہش تھی کہ وہ کاشان سے دوستی کرے لیکن کاشان اس مشغلے میں پڑھ کر اپنا کیریئر تباہ نہیں کرنا چاہتا تھا اس کی دل خواہش تھی کہ وہ پڑھ لکھ کر بڑا آفیسر لگے اور اپنے ماں باپ کا سر بلند کرے۔

عندلیب اور کاشان ایک دوسرے کے کافی کلوز تھے اور وہ ایک بہن بھائی ہونے کے ناطے ایکدوسرے سے ہر دکھ سکھ شیئر کرتے تھے کاشان

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

عندلیب کو اپنی سگی بہن سمجھتا تھا اور اس سے ہر طرح کا لاڈ پیار کرتا تھا ایک دن کاشان عندلیب کو اپنے گھر لے گیا اور امی ابو کو بتایا۔

یہ میری بہن بنی ہے سب مل کر بہت خوش ہوئے اور عندلیب کے سر پر ہاتھ رکھا اور دعا دی۔

بیٹا سدا خوش رہو ہمیں بھی ایک بیٹی کی بہت کمی محسوس ہوتی ہے ہمیں امید ہے کہ وہ تمہارے آنے کے بعد یا تمہارے دل میں ہمارا پیار ہونے کے بعد ضرور پوری ہو جائے گی۔

انکل آپ نے مجھے اپنی بیٹی سمجھا میں آپ کی شکر گزار ہوں کیا میں آپ دونوں کو ممی ڈیڈی کہہ سکتی ہوں۔ اور ساتھ ہی عندلیب کے چہرے پر افسردگی اور مایوسی کے تاثرات پھیل گئے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے

بیٹی رو کیوں رہی ہو ہم تمہارے ماں باپ ہی تو ہیں۔

انکل میری ممی ڈیڈی ایک ایکسیڈنٹ میں فوت ہو گئے ہیں میں اپنی خالہ کے پاس رہتی ہوں وہ مجھ سے سارا دن کام کرواتے ہیں اگر میں بیمار پڑ جاؤں تو کبھی دوائی بھی نہیں لا کر دیتے۔ مجھ پر بہت ظلم کرتے ہیں

بیٹا گھبراؤ نہیں ہم تمہاری خالہ سے بات کر کے تمہیں یہیں لے آئیں گے کاشان کے ابو فرحان علی نے نرم لہجے میں کہا اور عندلیب کو دلاسا دیا۔

فرحان نے عندلیب کی خالہ سے بات کی ہم عندلیب کو اپنی بیٹی بنانا چاہتے ہیں اور اپنے گھر میں لیجانا چاہتے ہیں ہمارا بیٹا کاشان اور عندلیب ایک ہی کالج میں پڑھتے ہیں ان کا آپس میں بہن بھائی کا رشتہ ہے اگر آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہو تو ہم عندلیب کو اپنی بیٹی بنا کر لے جائیں فرحان علی نے اپنا پورا تعارف کرایا۔ اور اتا پتا بتایا عندلیب کی

خالہ تو یہی چاہتی تھی کہ اس بلا سے ہماری جان چھوٹے یہ مفت کی روٹیاں توڑتی ہے لہذا خالہ نے ہاں کر دی اور اس طرح عندلیب کاشان کے گھر رہنے لگی دونوں بہت خوش تھے اور ایک ساتھ کالج جاتے تھے کاشان کے والدین عندلیب کو بہت پیار کرتے تھے جس کو وہ آج تک اپنے اپنوں اور غیروں میں ڈھونڈتی رہی تھی زندگی بہت حسین گزرنے لگی۔

ایک دن کاشان اپنی بہن کے ساتھ کینٹین میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک لڑکی کینٹین کی طرف آ رہی تھی بال کھلے ہوئے تھے آنکھوں پر بلیک چشمہ جینز کی پینٹ اور شرٹ اوپر سے اپر پہنی ہوئی تھی گلابی ہونٹ سیاہ آنکھیں باریک پلکیں اور لب پنکھڑیوں کی طرح نرم اور رسیلے تھے اس کو دیکھتے ہی کاشان کے منہ سے یہ الفاظ نکل گئے اور وہ اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔

اف ریشمی لہجہ
پتیاں گلابوں کی
اس کے نرم ہونٹوں سے
جھڑتی جا رہی تھی بس
لفظ لفظ موتی تھا
صرف صرف جادو تھا
دھڑکنیں میرے دل کی
بڑھتی جا رہی تھی بس

جی میرا نام روبا ہے میں میں نئی نئی اس کالج میں آئی ہوں کیا میں آپ کے ساتھ بیٹھ سکتی ہوں عندلیب نے اپنے بھائی کے چہرے کی طرف دیکھا جو کہ بڑی حیرت زدہ اور تجسس بھری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا عندلیب نے اپنے بھائی کی بے حسی اور تجسس کو توڑتے ہوئے گلا کھنکارا۔

جی جی بیٹھیے محترمہ کاشان نے بڑے دھیرے سے اور نرم لہجے میں کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

روبا نے اپنا تعارف کرایا۔ میرا نام روبا ہے اور میں پہلے کسی اور کالج میں پڑھتی تھی وہاں پڑھائی ٹھیک نہیں ہوتی تھی تو ادھر ایڈمشن لے لیا میں بھی سیکنڈ ائیر کی سٹوڈنٹ ہوں کیا آپ مجھ سے دوستی کریں گے ابھی اس کے منہ سے یہ بات نکلی ہی تھی کہ کاشان نے شوخی سے ہاتھ آگے کر دیا عندلیب نے بھائی کو حیران کن اور غصہ سے دیکھا اور اس کنے ہاتھ پیچھے کرلیا۔ روبا نے دبے لفظوں میں کہا مجھے آپ سے یہی امید تھی اسی خوشی میں آپ لوگوں کو میں کافی پلاتی ہوں اور پھر سب خوش گپیوں میں مشغول ہو گئے۔

کاشان کا دل روبا کے ساتھ لگ گیا اور وہ ایک دوسرے کے بہت نزدیک آگئے حتیٰ کہ ایک دوسرے کے بنا ایک پل بھی نہیں رہتے تھے کلاس روم ہو یا کینٹین پارک ہو یا ہوٹل وہ ایک ساتھ رہتے اور ان میں بہت سی کلوزنگ ہو گئی کاشان کا دل روبا کے بنا نہیں لگتا تھا اور شاید روبا کی بھی یہی کیفیت تھی دونوں جب اپنے اپنے گھر جانے لگتے تو اداسی ان کے چہروں پر پھیل جاتی اور وہ افسردہ اور بوجھل قدموں کے ساتھ ایک دوسرے کو الوداع کہتے۔

ایک دن کاشان نے روبا کو کہا کہ مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے اور وہ بھی اکیلے میں شام کے وقت مجھے پارک میں ملنا روبا نے کہا ٹھیک ہے کاشان میں پہنچ جاؤں گی اور پھر مقررہ وقت پر روبا اور کاشان وہاں پہنچ گئے۔

روبا مجھے آپ سے محبت ہو گئی ہے اور میرا دل نہیں لگتا تمہارے بنا نہ کہیں چین آتا ہے نہ سکون ملتا ہے نہ کھانے کی فکر نہ سونے کا ہوش تم جب بھی مجھ سے جدا ہوتی ہو تو میرا دل بجھ سا جاتا ہے میں ٹوٹ سا جاتا ہوں بکھر جاتا ہوں تمہیں سامنے دیکھوں تو دل کی دھڑکنے تیز ہو جاتی ہیں سانس بے حال ہو جاتی ہے روبا میں تمہیں پیار کرتا ہوں میں تمہارے بنا ادھورا ہوں میرا ہاتھ تھام لو اور میرے ہمسفر ہمراز بن جاؤ۔ روبا میں ادھورا ہوں تمہارے بن بالکل ادھورا ہوں اور کاشان کے آنسو نکل آئے۔

نہیں کاشان روتے نہیں ہیں پاگل میں بھی تم کو دل و جان سے چاہتی ہوں تمہیں جنون کی حد تک پیار کرتی ہوں اور تمہاری تھی تمہاری ہوں اور تمہاری ہی رہوں گی چاہے دنیا ادھر کی ادھر ہو جائے پر تمہارا پیار میرے دل سے کم نہیں ہوگا مجھے بھی شاید تم سے زیادہ محبت ہے میں تو یہی کہتی ہوں کہ میں تمہارے نام سے منسوب ہو جاؤں اور تمہاری ہی بن کے رہوں روبا نے اپنے دوپٹے سے کاشان کے آنسو صاف کئے اور پھر وہ کافی دیر تک باتیں کرتے رہے رات کو کاشان واپس آیا تو عندلیب نے کہا۔

بھائی ایک بات کہوں۔

ہاں بولو کاشان نے جلدی سے جواب دیا۔

بھائی آپ بہت بدل گئے ہیں۔

ارے نہیں پاگل ایسی باتیں مت کرنہیں بھائی پہلے آپ مجھے بہت ٹائم دیتے تھے مگر اب تو آپ سے بات کرنے کو ترستی ہوں بھائی میں آپ کا پیار دیکھ کر آپ کے پاس آئی تھی یہ محل یا شان وشوکت یہ گاڑیاں بنگلے نہیں دیکھ کے آئی بھائی مجھے پہلے والا ہنستا کھیلتا کاشان چاہیے۔

عندلیب میری پیاری بہن میں تو پتہ نہیں کہ میں روبا کو کتنا پیار کرتا ہوں اور اس کے بنا دل نہیں لگتا جہاں جاتا ہوں اس کا چہرہ میری آنکھوں کے سامنے رہتا ہے وہ میرے خیالات میں تصورات میں اور احساسات پر چھائی ہوئی ہے تمہارا شکوہ بھی درست ہے ٹھیک ہے گڑیا آئندہ تمہیں بھی ٹائم دیا کروں گا اب آرام سے سو جاؤ

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

صبح کالج بھی جانا ہے میں بھی سونے لگا ہوں کاشان نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

مجھ سے وہ اکثر کہتی تھی
میری بس اتنی خواہش ہے
کچھ ایسی پہچانی جاؤں
آپ کے نام سے جانی جاؤں

صبح عندلیب اور کاشان ایک ساتھ کالج گئے تو اچانک کلاس روم سے باہر لان میں روبا سے دونوں کی ملاقات ہوگئی۔

روبا مجھے ایک بات کرنی ہے کاشانے التجایہ لہجے میں کہا اتنے میں عندلیب نے کہا۔

بھائی آج مجھے خود روبا سے بات کرنی ہے روبا مجھے پتہ ہے کہ آپ دونوں ایک دوسرے کو بہت چاہتے ہیں اور بے حد پیار کرتے ہو میں خود ممی ڈیڈی سے بات کروں گی اب چلو کلاس میں ایسے ہی خواہ مخواہ ٹائم ضائع کر رہے تھے آپ دونوں اور دونوں ہی عندلیب کی بات سن کر ہنس دیئے۔

رات کو عندلیب نے امی ابو کو بتایا۔

بھائی ایک لڑکی سے پیار کرتے ہیں اور وہ اس سے شادی کرنا چاہتے ہیں میں اس سے مل چکی ہوں بہت اچھی پیاری بھی ہے سلجھی ہوئی ہے کیا آپ بھائی کی شادی روبا سے کریں گے۔

ابو امی نے کہا بیٹا پہلے اس لڑکی کو دعوت دو پھر ہم دیکھیں گے اور پھر فیصلہ کریں گے عندلیب نے اگلے دن روبا کو یہ بات بتائی تو وہ بہت خوش ہوئی اور اس کے امی ابو سے ملنے کے لیے تیار ہوگئی۔

اگلے دن روبا بڑی سج سنور کے کاشان کے گھر آئی کاشان کے امی ابو روبا کو مل کر بہت خوش ہوئے اورانہوں نے فیصلہ کرلیا کہ ہم تمہارے والدین سے بات کریں گے چنانچہ کچھ دن بعد کاشان کے امی ابو اور عندلیب روبا کے گھر آگئے ۔تا کہ دونوں رشتے کی بات کرسکیں۔ روبا کے ماں باپ نے انکی خوب خاطر تواضع کی اور رشتے کی ہاں کردی اور دونوں گھروں میں خوشیاں ہی خوشیاں رقص کرنے لگیں۔

روبا اور کاشان کے چہرے خوشی سے کھل سے گئے تھے وہ بہت جلدی ایک ہونے والے تھے انہیں زمانے بھر کی خوشیاں مل گئیں تھیں وہ بہت مانوس ہوگئے تھے ایک دوسرے سے ہر طرف ہلسی مذاق کرتے اور خوشیوں کی ریل پیل تھی سب جھومتے ناچتے گاتے مسکراتے اور خوشیاں بکھیرتے تھے انکے گھر میں شادی کی تیاریاں شروع ہوگئی تھیں عندلیب کو بے حد خوشی تھی کہ اس کی بھابی آنے والی ہے اس گھر کو چار چاند لگانے اور بھائی بھی خوش ہوگا دونوں خوب باتیں کریں گے خوب ہلہ گلہ ہوگا عندلیب اپنی بھابھی کو دینے کے لیے کبھی کوئی گفٹ لیتی تو کبھی کوئی روز شاپنگ کرنے جاتی اور بہت سے ڈریس شوز اور ڈھیر ساری چیزیں لاتی اور بھائی کو دکھاتی۔

گھر میں ایک ماہ پہلے لائٹنگ کی گئی ڈھولک بجنے لگی عندلیب کی خوشیوں کی کوئی انتہا نہ تھی کیونکہ اس کا بھائی نہیں تھا اور اس نے کاشان کی شکل میں سچا بھائی پایا تھا اس نے تمام کالج میں بھی لوگوں کو شادی کی دعوت دے دی تھی عندلیب روز سہیلیوں کے ساتھ یہ گانا گاتی۔

چن توں میرے ویرا جیئے سو سال وے
جیویں توں میرے ویرا جیئے سو سال وے
منگے دعاواں تیری بہن وے
تیرے مکھڑے تے ہاسے صدا رہن وے

اور ساتھ ہی خوشی کے آنسو لیے رو پڑتی۔

کاشان کو کیا معلوم تھا کہ وہ جس کو جنون کی حد تک چاہتا ہے جس کی وہ دیوانوں کی طرح پوجا کرتا ہے اس کے دل میں کیا ہے کیا اسے بھی اس

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

سے اتنا ہی پیار ہے جتنا وہ اس سے پیار کرتا ہے وہ کچھ بھی نہیں جانتا تھا اور جاننے کی کوشش بھی نہ کی کیونکہ روبا اس کے سامنے خود کو یوں ظاہر کرتی تھی کہ وہ صرف اور صرف اسی کی ہے اس کی ہی رہے گی اس کے علاوہ کسی کا سوچ بھی نہیں سکتی لیکن اس کے دل میں جو وہ ہی جانتی تھی وہ کاشان سے نہیں اس کی دولت سے محبت کرتی تھی وہ اس کو خوب کھاتی جا رہی تھی اور کاشان بھی اس کو خوب کھلاتا جا رہا تھا وہ جو کہتی کاشان آنکھیں بند کر کے اس کی مان لیتا تھا۔ کیونکہ وہ اس کے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔

شادی میں کچھ ہی دن باقی تھے کہ روبا ایک لڑکے کے ساتھ بھاگ گئی اور گھر کا سارا زیور اور پیسے بھی لے گئی اور اپنی اور اپنے ماں باپ کی عزت کا پامال کر گئی انکی خوشیوں انکے ارمانوں کا خون کر گئی اس نے یہ بھی نہ سوچا کہ میری وجہ سے میرے گھر والوں پر کیا بیتے گی ان پر کیا گزرے گی وہ کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے معاشرے میں وہ سر اٹھا کر نہیں چل سکیں گے انکا جینا دوبھر ہو جائے گا انکی ساری عزت خاک میں مل جائے گی لیکن روبا کو صرف اپنی خوشیاں عزیز تھیں وہ اپنی خوشیوں کی خاطر اپنے ماں باپ کی عزت کو روند کر چلی گئی اس نے یہ بھی نہ سوچا کہ میرے بعد میرے ماں باپ میرے کاشان کا کیا بنے گا یا ان پر قیامت ٹوٹ پڑے گی بھی اس واقعہ کی وجہ سے بہت پریشان تھے کاشان کے والدین نے کاشان کی بے حد بے عزتی کی اور کہا۔

تم ایسی لڑکی کو ہماری بہو بنانا چاہتے تھے جو عزت کے نام پر دھبہ تھی عندلیب کا بھی رو رو کر برا حال تھا کاشان کو بھی اس کے والدین نے گھر سے نکال دیا کہ تمہارا ہی قصور ہے کہ تمہیں لوگوں کی پرکھ نہیں کرنا آتی۔

بعد میں پتہ چلا کہ روبا انگلینڈ چلی گئی ہے اور اس نے وہاں اپنے عاشق کے ساتھ شادی کر لی تھی۔ روبا کی والدہ کو فالج ہو گیا اور وہ بستر مرگ پر پڑ گئی اور اپنی بیٹی کی جدائی کے صدمے کو دل پر لے لیا اور اس دنیا میں سے ہمیشہ کے لیے چلی گئی۔

کاشان کا بھی کچھ پتہ نہیں تھا کہ وہ کہاں گیا ہے لیکن اس کا بھی رو رو کر برا حال تھا بے حال سا چہرہ بکھرے بال گندے کپڑے شیو بڑھی ہوئی اور مجنوں جیسا حال بنا ہوا تھا کاشان تپتی دھوپ میں ایک بن پتوں کے درخت کے نیچے اپنی سوچوں میں گمن تھا اور اجڑی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور ساتھ ہی یہی کہتا کہ روبا کاش تم لوٹ آؤ لیکن اس بے وفا ہرجائی نے نہ آنا تھا اور نہ ہی وہ آئی اور کاشان سڑک کنارے چلنے لگا کاشان اپنی یادوں میں غرق دھوپ میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک زور زور سے ہنسنے لگا اور پھر جیسے خاموش ہو گیا ہو۔ عندلیب بھائی کے بچھڑنے کے غم کو دل پر لے بیٹھی اس کے پاس رونے کے علاوہ کچھ بھی نہ تھا جیسے اس کے اس گھر میں آنے اور اپنے مقصد ہی پورا ہو گیا ہو۔

ایک دن عندلیب نے اپنی امی ابو سے کہا۔

بھائی تو چلے گئے ہیں اجازت ہو تو میں بھی اپنی خالہ کے گھر ہمیشہ کے لیے چلی جاؤں تو فرحان علی اور انکی بیوی کے آنسو نکل آئے اور کہا۔

بیٹی ہم اپنے بیٹے کو تو کھو چکے ہیں اب بیٹی کو نہیں کھو سکتے کیونکہ اب تمہیں ہمارا سہارا ہو ہمارے جینے کا آسرا ہو بیٹی تم اپنا دل پڑھائی میں لگاؤ اور کالج جایا کرو۔ کاشانکے لاپتہ ہونے کے پانچ دن بعد عندلیب کالج گئی تو کالج میں ایک دیوار کے ساتھ لڑکیوں اور لڑکوں کی کافی عورتیں عندلیب بھی پاس گئی تو سب رو رہے تھے عندلیب نے اپنی ایک دوست سے پوچھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کیا ہوا تو وہ عندلیب کے گلے لگ کر رونے لگی عندلیب نے بڑے اصرار سے پوچھا کہ آخر ہوا کیا ہے تم لوگ کیوں رو رہے ہو تو عندلیب کی دوست نے دیوار پر لگے ہوئے چسپاں اشتہار کی طرف اشارہ کیا۔

یہ دیکھو۔

دیوار پر ایک اشتہار لگا ہوا تھا جس پر لکھا ہوا تھا۔ضروری اعلان۔

سیکنڈ ائیر کے ہونہار باشعور شریف اور بہترین سٹوڈنٹ کا شان علی ولد فرحان علی روڈ ایکسیڈنٹ میں وفات پا گئے ہیں ان کا غیبی نماز جنازہ آج ہی صبح دس بجے کالج میں بڑے عزت واحترام کے ساتھ پڑھایا جائے گا شرکت کر کے ثواب دارین حاصل کریں عندلیب نے جونہی اشتہار پڑھا تو وہ بے ہوش ہوگئی اتنے میں پرنسپل نے کاشان کے امی ابو کا بلایا اور اظہار تعزیت کی عندلیب پاگل ہوگئی اس نے اپنے بھائی کو بھی کھو دیا اور اپنا ذہنی توازن بھی۔

روبا کو ایسا کر کے اپنی خوشیاں تو مل گئیں لیکن اس نے یہ کیوں نہ سوچا کہ میرے غلط قدم اٹھانے سے سب کچھ برباد ہو سکتا ہے ہم اپنے بارے میں اپنی خوشیاں پانے کا ہی کیوں سوچتے ہیں ہمارے ماں باپ کو ہم سے کتنی امیدیں وابستہ ہیں ہم ان امیدوں کو دو پل میں کچھ کچل دیتے ہیں ہم کیوں نہیں سوچتے کہ جنہوں نے ہمیں پال کر اتنا بڑا کیا ہمیں آرائش وزیبائش دی ہم انہی کا گلا گھونٹ دیتے ہیں اولاد کے لیے ماں باپ کا دل کتنا نرم ہوتا ہے ہم اسی دل کو پتھر مار کر ریزہ ریزہ کر دیتے ہیں ماں باپ تو اپنی اولاد کے لیے اپنی تمام زندگی جوانی بڑھاپا وقف کر دیتے ہیں تا کہ ہم اپنی اولاد کو خوشیاں دے دیں لیکن اگر ہم ہی ایسا کریں گے تو تمام والدین کا اعتبار اولاد سے اٹھ جائے گا خدارا ایسا غلط قدم اٹھانے سے پہلے کچھ تو سوچیں۔

وہ رات کا بے نوا مسافر
وہ تیرا شاعر وہ تیرا ناصر
تیری گلی میں تو ہم نے دیکھا
پھر نجانے کدھر گیا وہ
گئے دنوں کا سراغ لے کر
کدھر سے آیا کدھر گیا
عجیب مانوس اجنبی تھا
مجھے تو حیران کر گیا وہ۔

اپنی قیمتی آراء سے نوازیئے گا۔۔میں آپ کی رائے کا انتظار کروں گا۔

تم پھول ہو غضنفر اس جہاں کے لئے
اس پھول کی خوشبو ہے صرف عمران کے لئے
.........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

محبت کی زنجیر سے ڈر لگتا ہے کچھ اپنی تقدیر سے ڈر لگتا ہے
مجھے تیرے نام سے جو جدائی کرتی ہے ان ہاتھ کی لکیروں سے ڈر لگتا ہے
.........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

کچھ تو بات ہے اس کی فطرت میں عدنان
ورنہ اسے چاہنے کی خطا بار بار نہ کرتے
.........ایس عدنان خان-ڈی آئی خان

ٹوٹ کر بکھری قسمت کا ستارہ نہ ملا
ایسا بچھڑا کہ بچھڑ کر دوبارہ نہ ملا
.........احسان سحر-میانوالی

اے میری مجھے اس کی بڑی محسوس ہوتی ہے
سنا ہے تنہائیوں میں بیٹھ کر اکثر روتی ہے
.........احسان سحر-میانوالی

زندگی میں انسان پر ایسا وقت بھی آتا ہے احسان
اپنے تو اپنے سایہ بھی ساتھ چھوڑ جاتا ہے
.........احسان سحر-میانوالی

بارہا مجھ سے کہا تھا میرے یاروں نے وصی
عشق دریا ہے جو بچوں کو نگل لیتا ہے
وصی شاہ.........اے بی-حافظ آباد

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

سحر

۔۔۔تحریر: سیف الرحمٰن زخمی۔ سیالکوٹ۔ 0336.7388641

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ۔سحر۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا اسلام۔

میں آج اپنی محبت پہ کھڑا ڈوبتے ہوئے سورج کا منظر دیکھ رہا تھا کہ کتنا پیارا وہ منظر ہوتا ہے جب سورج سارا دن کا سفر کر کے اپنی منزل کو پالیتا ہے مجھے یہ سورج ڈوبتے ہوئے کو دیکھ کر اپنی سحر کی یاد آنے لگی تھی جس کو یہ منظر بہت ہی پسند تھا میں جب بھی سحر کو کال کرتا تو کہتی سیفی یہ منظر کتنا پیارا میری زندگی کا سرمایہ تھا میں ایک بھی پل اپنی سحر کو اپنے سے دور نہ جانے دیتا تھا سحر بہت شیطان تھی آج بھی مجھے اس کی باتیں یاد آتی ہیں میں جب کبھی بھی اداس ہوتا تو وہ میرے پاس آتی اور پیار بھری باتیں کرتی میں اس کی باتیں سن کر مسکرا دیتا وہ دن بھی کیا دن تھے جب کوئی چاہنے والا ہوا تو زندگی خوب صورت بن جاتی ہے میرا دل تو آج بھی سحر کو یاد کرتا ہے اگر میرے ساتھ سحر کا پیار نہ ہوتا تو میں کب کا مر گیا ہوتا اگر میری زندگی نے وفا کی تو سحر میری ہوگی بس میری محبت میری چاہت میری وفا میرا سب کچھ سحر کا پیار ہے میں تو آج تک وہ دن نہیں بھولا ہوں جس دن سحر کی کال آئی تھی میرے نمبر پر بہت پیاری آواز تھی۔ میں تو اس کی آواز میں کھو گیا تھا اتنی پیاری آواز میں نے پھر پوچھا جی آپ کون تو آگے سے سحر نے جواب دیا سوری رونگ نمبر میں نے جب آپ سے نام پوچھا تو آپ نے بتایا میرا نام سحر یقین جانو میرا دل بہت خوش ہوا تھا چلو اتنی پیاری آواز والی کا نام سحر ہے میرا دل کر رہا تھا آپ بات کرتی رہو اور میں سنتا رہوں پھر آپ کی کال کٹ گئی سحر میں پھر پریشان ہو گیا ہو سکتا ہے اب آپ کب کال کرو یا نہ کرو میں نے پھر رات کو کھانا بھی نہیں کھایا میرے گھر والے کہہ رہے تھے آپ کیوں پریشان ہو میں ان کو کیا بتاتا کہ میرا دل سحر کو چاہنے لگا ہے آج تو مجھے نیند بھی نہیں آرہی تھی میرا دل آپ کا نام لے رہا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اچانک سحر کی کال آگئی میں نے جب آپ کا نمبر دیکھا تو میرا دل بہت خوش ہو گیا۔ اور مجھے لگا کہ جیسے کوئی خزانہ مل گیا ہو سحر آپ کا بات کرنے کا انداز بہت ہی پیارا ہے آپ کی آواز میرے دل کو بہت پیاری لگتی ہے۔

آپ نے پیار سے پوچھا سیفی کیسے ہو۔

میں نے کہا سحر میں آپ کی دعا سے ٹھیک ہوں سحر کبھی مجھ سے دور نہ جانا نہیں تو میں مر جاؤں گا سحر نے کہا۔

سیفی ایسی باتیں نہ کرو میں آپ سے وفا کروں گی جب تک میری زندگی ہے سیفی میں آپ سے پیار کرتی ہوں کرتی رہوں گی سحر آپ کی پیاری پیاری باتوں نے تو مجھ پر ایسا جادو کر دیا کہ میں ہر پل آپ کے بارے میں سوچنے لگا میری آنکھوں میں تمہاری ہی تصویر رہتی۔

مجھے جینے نہیں دیتے تیرے شہر کے لوگ
اب تو ملنے بھی نہیں دیتے تیرے شہر کے لوگ
پیار کے بدلے میں ملی ہے مجھ کو بے وفائی
وفا کرنے کا اچھا صلہ دیتے ہیں تیرے شہر کے لوگ
تمہارے قدموں میں جان بھی دے دوں گا
قدموں میں تو تیرے سر رکھنے نہیں دیتے تیرے شہر کے لوگ
جانے والوں کو کون یاد کرتا ہے اے زخمی
سر تیرے نام کے طعنے دیتے ہیں تیرے شہر کے لوگ
جانے سے پہلے دیکھ لو ایک بار اپنے دیوانے کو
اب تو مجھ کو زخمی ہی کہیں گے تیرے شہر کے لوگ

اور میں ہر روز تمہارے ہی سپنے دیکھتا جب آپ سے بات ہوتی میں بہت خوش ہو جاتا سحر کبھی میری زندگی سے دور نہ جانا میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں میرا دل کرتا ہے آپ سے ہر پل بات ہوتی رہے میری سحر میری آنکھوں کے سامنے رہے میں ہر روز تمہاری راہوں کو دیکھتا رہوں کبھی تو میری سحر میرے پاس آئے گی اور مجھ سے بہت زیادہ پیار کرے گی سحر سیفی آپ اسے بہت پیار کرتا ہے اور آپ تو میری زندگی میں بہار بن کر آئی ہو۔ کبھی مجھے زندگی کی راہوں میں تنہا نہ چھوڑ دینا تمہارے سیفی کو دنیا جینے نہیں دے گی سحر آپ کا پیار میری زندگی ہے

چھوڑ رہے تھے ظالموں کے سر میرے پاؤں کے ساتھ
کس قدر میں اونچا تھا سولی پر چڑھ جانے کے بعد
پیار کر کے مول لے لی عمر بھی کی بے بسی
دل نہ پھر قابو میں آیا آپ پر آجانے کے بعد

کیا سحر اسی کو پیار کہتے ہیں جب دل اداس ہو جاتا ہے جب کوئی بھی موسم دل کو پیارا نہ لگے تو سمجھ لو محبت ہوتی ہے مجھے بھی اپنی سحر سے محبت ہو گئی ہے میری زندگی کی ہر خوشی سحر کے نام ہے میری آنکھوں میں تمہارے خواب ہوتے ہیں۔

سحر میں تو رات بھر تمہارے ہی خواب دیکھتا ہوں میرے ساتھ ہر پل سحر آپ کی یاد ہوتی ہے جب صبح آپ کا میسج آتا ہے تو میرا دل خوش ہو جاتا ہے سحر میں تو آپ کی خوشی چاہتا ہوں اور آج رات کو بہت بارش ہو رہی ہے ہر طرف پانی ہی پانی نظر آرہا ہے اور میرے دل میں بہت درد ہو رہا ہے۔

سحر میری زندگی کا اب کوئی بھروسہ نہیں ہے کب میری زندگی کی شام ہو جائے آپ ایک بار تو میرے پاس لوٹ آؤ میرا دل آپ کو دیکھنے کے لیے بہت بے قرار ہے میری نظریں ہر روز تمہارے راستے کو دیکھتی ہیں سحر آپ کب آؤ گی میرے پاس جب آپ کا سیفی مر جائے گا اس وقت آپ کے آنے کا کیا فائدہ جب میں یہ دنیا چھوڑ جاؤں گا۔

سحر ایک بار تو آپ آ کر دیکھو سیفی کس طرح زندہ ہے سحر میں اب نہ تو جیتا ہوں اور نہ ہی مرتا ہوں سحر مجھے ہر پل بس تمہارا ہی انتظار ہوتا ہے میری آنکھیں آپ کا دیدار کرنا چاہتی ہیں وہ کون سا پل ہوگا جب ہم دونوں ایک ساتھ ہوں گے سحر میں آپ کی وفا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

پر یقین کرتا ہوں آپ بس میری ہو کبھی مجھ سے دور نہ ہو جانا سحر آپ کا پیار میری روح میں سما گیا ہے جس طرح روح تو مرنے کے بعد نکلتی ہے اس طرح میں بھی مر کر آپ سے جدا ہوں گا۔

سحر آپ کا پیار پھول میں خوشبو کی طرح ہے جو ہر پل میرے ساتھ ہے میری ہر سانس میں تمہارا پیار سما گیا ہے میں بھی مرتے دم تک آپ وفا کرتا رہوں گا سحر آپ جیسے پیار کرنے والے اس دنیا میں بہت کم ملتے ہیں ہر دم آپ کی وفا کی باتیں اپنے دل سے کرتا ہوں۔

محبت کے بعد محبت ممکن ہے فراز
مگر ٹوٹ کے چاہنا صرف ایک بار ہوتا ہے

سحر وہ دن بہت حسین ہوگا جب ہماری ملاقات ہوگی ہر طرف پھول ہی پھول ہوں گے آپ کو تو گلاب کے پھول بہت پسند ہیں میں آپ کے لیے گلاب کے پھول کرآؤں گا اور سیفی ہمیشہ کے لیے آپ کا ہو جائیگا پھر ہمیں کوئی بھی جدا نہیں کر سکے گا ہم زندگی بھر ایک دوسرے سے پیار کریں گے پھر ہماری زندگی اور بھی پیاری بن جائے گی۔

تیرے پیار میں روز جیتے مرتے ہیں ہم
تیرے وصل کے خوابوں پر آہیں بھرتے ہیں ہم
ہر ایک چہرے میں تم کو تلاش کرتے ہیں صنم
تیری یادوں سے چھپ چھپ کر پیار کرتے ہیں ہم
تیرے بن مجھے ہر چیز اداس لگتی ہے سحر
تیرے پیار کی خاطر تڑپتے رہتے ہیں ہم

جب ہماری شادی ہوگی سحر میں سارے زمانے کی خوشیاں تمہارے قدموں میں ڈال دوں گا کیونکہ میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں تمہاری یاد میں میرا دن گزر جاتا ہے میری آنکھیں بہت جلد تمہارا دیدار کرنا چاہتی ہیں۔

سحر میں کبھی بہت اداس ہو جاتا ہوں دل کرتا ہے میں اڑ کر آپ کے پاس آجاؤں سحر تمہارا پیار سیفی کی جان ہے اور تمہاری یادوں کے ساتھ ہی زندہ ہوں ورنہ کب کا مر گیا ہوتا۔

تمہاری یادوں کے سہارے ہم جیا کرتے ہیں
ہر گھڑی تم سے ملنے کی دعا ہم کیا کرتے ہیں
تنہائی میں مجھے اتنا کیوں ستاتی ہیں تیری یادیں
اب آنسو نہیں رکتے میری آنکھوں سے سحر
دن رات تمہاری جدائی میں رویا کرتے ہیں
تیرے ہی خوابوں میں رات گزر جاتی ہے اکثر
کوئی کسی سے جدا نہ ہو بس یہ التجا کرتے ہیں
زخمی کی زندگی کو ویران کر گیا ہے اے صنم
تجھے خدا خوش رکھے یہ دعا ہم کرتے ہیں

سحر تمہاری یادیں مجھے بہت سکون دیتی ہیں سحر میں آپ کی وفا کی قسمیں کھاتا ہوں۔

سحر آپ اس طرح مجھ سے پیار کرتے رہنا کبھی مجھ سے دور نہ جانا میں آپ کی وفا کو سلام پیش کرتا ہوں اور آخر میں یہ دعا کرتا ہوں دنیا میں سب آپ جیسا پیار کرنے والا ملے کوئی کسی سے جدا نہ ہو۔

تیری بے رخی کا شکوہ کریں گے کس طرح ہم
چاہتے ہیں تجھے آج بھی زندگی کی طرح ہم
بچھڑ کر تجھ سے لگتا ہے اب مر جائیں گے
کبھی جدا نہ ہو جانا ہم سے ساون کی طرح صنم

میں تمام قارئین سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ سب بہن بھائی دعا کرو کہ میری سحر مجھے مل جائے میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں اپنی رائے سے ضرور نوازیئے گا۔

سحر

وہ اک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
وہ ہزار سجدوں سے نجات دیتا ہے آدمی کو
✪ .... ایس عدنان خان۔ڈی آئی خان

بہت سنا تھا تیری وفا کا تذکرہ
مر جاؤں بھی تو کفن بھی آ کر دیکھ لینا
✪ .... ایس عدنان خان۔ڈی آئی خان

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

سفارش

۔۔۔تحریر: ساحل ابڑو۔ڈیرہ اللہ یار۔0345.5913898

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ۔سفارش۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

ان دنوں میں بی اے میں پڑھتی تھی رضیہ نامی ایک عورت ہمارے گھر میں کام کرتی تھی اس کی شکل وصورت کافی اچھی تھی اتنی کہ اگر اس پر مفلسی کی گرد نہ جمی ہوتی تو وہ ایک حسین وجمیل دوشیزہ کہلاتی۔اس کی ہنسی اتنی خوبصورت تھی کہ وہ ہر ایک کو اپنی طرف متوجہ کر لیتی تھی موتیوں کی طرح سفید اور خوش نما دانت اس کے خوبصورت تراشیدہ ہونٹوں کے درمیان سے جھانکتے ہوئے بہت ہی پیارے لگتے اس کی عادتیں کچھ عجیب سی تھیں وہ کئی اور گھروں میں بھی کام کرتی تھی اور ہر جگہ جو بھی کھانے کی چیز بچی ہوتیں وہ کھا جاتی تھی اس نے باسی سے باسی اور خراب سے خراب کھانے کی چیز کو بھی یہ کہہ کر رد نہیں کیا کہ اس وقت اس کا پیٹ بھرا ہوا ہے اور اسے کھانے کی خواہش نہیں ہے۔یہی وجہ تھی کہ اس کے خوب صورت چہرے کے نیچے ایک اڑھائی من کی بوری لٹکتی نظر آتی اس کے علاوہ کام بھی نہایت افراتفری میں جلدی جلدی بنٹرتی تمام مالکوں کو اس سے یہ شکایت رہتی کہ وہ برتن اچھی طرح نہیں مانجھتی تھی کپڑے بھی اچھی طرح نہ دھوتی تھی۔ کمرے میں پوچا لگاتی تو کپڑا اسی طرح ستھرا ہوا دھوئے بغیر چھوڑ دیتی جن کی وجہ سے کمرے کے خوشنما فرش پر مٹی کی بدنما لکیریں ابھر آتیں پھر بھی اپنی تمام تر خامیوں کے باوجود مالکنیں اس کی چھٹی نہ کراتیں اس میں شاید رضیہ کی بے انتہا خوش مزاجی اور اس کی خوبصورت ہنسی کا بڑا دخل تھا اس کی بدعملیوں پر جب بھی اس کو ڈانٹ ڈپٹ کرتیں تو وہ پاس کھڑی اس طرح مسکراتی رہتی گویا امی اسے کوئی خوبصورت گانا سنا رہی ہوں مجھے رضیہ ہمیشہ سے اچھی لگتی تھی اسے کوئی کام بھی بتایا جاتا کہ یہ بھی کرنا ہے تو جواب میں نہایت خوش مزاجی سے ۔بسم اللہ کہہ دیا کرتی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

امی تو بعض اوقات اس کی غلطیوں پر اس قدر سیخ پا ہو جاتیں کہ اسے کہتیں کہ آج سے تمہاری چھٹی تو اپنا حساب بے باق کر لے میں گھر میں گندگی برداشت نہیں کر سکتی۔ رضیہ سب کچھ سنتی اور ان کے جواب میں کسی طرح کی شرمندگی کا اظہار کیے بغیر اپنی مخصوص خوش مزاجی سے کہتی۔

میں بی بی تے صدقے آج واقعہ میرے تو غلطی ہو گئی میں ابھی صفائی کر دیتی ہوں۔ آپ جا کر کمرے میں بیٹھیں بس اب غصہ نہیں کرنا میں آپ کی خادمہ ہوں۔

میں نے اس روز بھی ایسی باتیں سنی تھیں جو امی اور رضیہ کے درمیان ہوئی تھیں مجھے حیرت ہو رہی تھی کہ رضیہ کسی مٹی کی بنی ہوئی ہے نہ اپنی روش چھوڑتی ہے اور نہ ہی ڈانٹ ڈپٹ کو برا مانتی ہے اس روز جب رضیہ واپس جانے لگی تو میں نے اسے آواز دی۔

رضیہ ذرا بات تو سن۔

بسم اللہ۔ میری چھوٹی بی بی نے کیوں مینوں بلایا ہے۔ کہتی ہوئی اپنی خوبصورت مسکراہٹ کے ساتھ میرے سامنے آ کھڑی ہوئی ایک لمحہ میں اس کی مدھر مسکان سے لطف اندوز ہوئی اور پر اس سے پوچھا۔

رضیہ۔ تیری عادتیں اتنی اچھی ہیں تو پھر تو کام کیوں نہیں اچھی طرح کرتیں تجھے ہر ایک کی ڈانٹ ڈپٹ سنتے ہوئے برا نہیں لگتا۔

پہلے تو وہ اپنی عادت کے مطابق مسکرائی مگر پھر اس کی مسکراہٹ غائب ہوتی چلی گئی۔ مجھے ایسے لگا کہ جیسے پورنماشی کا چاند سیاہ بادلوں کی آغوش میں ڈوبتا چلا گیا ہو اور ہر سو اندھیرا پھیل گیا۔

رضیہ میرے قریب ہی فرش پر چوکڑ مار کر بیٹھ گئی اور اس طرح بولی جیسے ایک لمبی مسافت طے کر کے آئی ہو۔

چھوٹی بی بی میں رات دو بجے کی اٹھی ہوئی ہوں روٹیاں پکاتے ہوئے چار بجے گئے میں اس کی اس بات پر بے ساختہ ہنس دی۔

ہائے اللہ تم لوگ اتنی روٹیاں کھا جاتے ہو کتنے آدمی ہیں تمہارے گھر میں۔ میں نے پوچھا۔

گیارہ لوگ ہیں۔ سارے گھر میں اس نے سنجیدگی سے کہا۔ آج میں پہلی دفعہ اسے اس طرح سنجیدہ دیکھا تھا۔

ارے تیرے اتنے زیادہ بچے ہیں۔۔ میں نے خواہ مخواہ پوچھ لیا۔

نہیں جی میرے تو پانچ بچے ہیں۔ وہ بولی۔

پھر گیارہ کہاں سے آ گئے۔ پانچ تمہارے بچے دو تم میاں بیوی یہ تو کل سات ہوئے میں نے حساب لگا کر کہا۔

سات کہاں۔ رضیہ جز بز ہو کر بولی۔ ایک میری ساس ایک سسر اور چار میری نندیں ہیں۔

تمہارا شوہر تو کماتا ہو گا میں نے پوچھا۔

کہاں جی۔ وہ تو نکھٹو ہے اسے سوائے بچوں کی تعداد بڑھانے کے اور کوئی کام نہیں ہے سارا دن گھر پر پڑا چارپائی توڑتا رہتا ہے میں رات کو گھروں میں کام کرنے کے بعد جھوٹا سالن اور روٹیاں لے کر جاتی ہوں تو وہ سب مل کر کھاتے ہیں۔

یہ تو تمہارے ساتھ زیادتی ہے کہ تم کماتی ہو اور باقی لوگ کھاتے ہیں تم خاوند کو کہو ناں کہ وہ کمایا کرے۔

کہتی ہوں۔ ضرور کہتی ہوں مگر بدلے میں مجھے گالیاں اور گھونسے ملتے ہیں رضیہ روہانسی ہو کر بولی۔

تو پھر تم نے اس نکھٹو سے شادی کیوں کی تھی۔ میں نے پوچھا۔

میں کیا کرتی یہ تو میرے مرحوم باپ کا فیصلہ تھا میرا شوہر اس کی بہن کا بیٹا ہے وہ کہتا تھا کہ میں نے بہن کو زبان دی ہے اس کی دی ہوئی زبان کا خمیازہ میں بھگت رہی ہوں میرے ماں باپ دونوں اس دنیا

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں نہیں ہیں اب اپنا دکھڑا کس کے آگے بیان کروں میرے دو بھائی ہیں شادی شدہ اور اپنے گھر والے ہیں کھاتے پیتے ہیں مگر انہیں بہن کی کوئی پرواہ نہیں ہے کس حال میں ہے زندہ ہے یا مرگئی ہے میں لوگوں کے گھروں میں کام نہ کروں تو میرے بچے بھوکے مرجائیں۔

تمہارے خاوند کی صحت تو ٹھیک ہے ناں میں نے سوال کیا۔

ہٹا کٹا ہے اور کام بھی نہیں کرتا۔

حیرت ہے کیسا بے غیر مرد ہے کہ بیوی کی کمائی کھاتا ہے۔ میں غصہ سے بولی۔ میں اس کا بندوبست کرتی ہوں۔

آپ کیا کریں گی جی۔۔ بی بی جی۔ وہ بڑا ہی ڈھیٹ ہے کسی کی مانتا اور سنتا نہیں ہے۔ میرے بھائیوں نے اسے ایک بار کام پر لگایا تھا بس دو دن کام کیا اور بھاگ کر آ گیا۔

میری ایک کلاس فیلو اور سہیلی ہے اس کا باپ بہت بڑا افسر ہے میں اسے کہوں گی کہ وہ اپنے باپ کو کہہ کر اس کو نوکری دلائے۔

ایسا کر کے دیکھ لیں۔۔ اس نے مجھے چیلنج کرتے ہوئے کہا۔

مجھے رضیہ اور اس کے شوہر دونوں پر غصہ آ گیا اگلے دن میں اپنی سہیلی کے ہمراہ اس کے گھر چلی گئی اور اس کے ابو کو رضیہ اور اس کے شوہر کے بارے میں بتایا اور ان سے درخواست کی کہ رضیہ کے شوہر کو سیدھا کردیں انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ اس کے شوہر کو تیر کی طرح سیدھا کردیں گے۔

انکل نے دوسرے ہی دن رضیہ کے شوہر کو اپنے دفتر بلالیا انہوں نے اس کی خوب ڈانٹ ڈپٹ کی تو وہ نوکری کرنے پر تیار ہوگیا انہوں نے اسے اپنے ہی محکمہ میں بھرتی کرلیا۔ رضیہ اب بہت ہی خوش تھی کہ اس کا بوجھ ہلکا ہوگیا ہے یوں کچھ عرصہ بعد جب رضیہ کی نندوں کی شادیاں ہوگئیں تو رضیہ نے لوگوں کے گھروں میں کام کرنا چھوڑ دیا کیونکہ یہ اس کے نکھٹو شوہر کا حکم تھا رضیہ نے بھی سکھ کا سانس لیا اور گھر کی ہوکر رہ گئی۔

چند ماہ گزر گئے امی نے نئی کام کرنے والی رکھ لی اور ہم رضیہ کو بھول گئے تھے کہ ایک دن رضیہ ہمارے گھر آ گئی اور ہم نے اس کو دیکھ کر اور مل کر خوشی کا اظہار کیا مگر رضیہ نے رونے لگی امی نے اسے دلاسہ دیا اور کہا۔

روکیوں رہی ہو کچھ بتاؤ تو سہی۔

وہ بولی۔ میرے خاوند نے دوسری شادی کرلی ہے اور مجھے طلاق دے دی ہے اور گھر سے نکال دیا ہے۔ اس نے مجھ سے شکوہ کیا۔ بی بی جی آپ اسے نوکری نہ دلواتی تو مجھے طلاق نہ ملتی۔ اب میں اپنے بچوں کے لیے پھر سے لوگوں کے گھروں میں کام کروں گی۔

رضیہ کا شکوہ جان کر میں اپنے کیے پر پچھتانے لگی کہ کاش میں نے اس کے شوہر کی سفارش نہ کی ہوتی اور نہ ہی وہ آج گھر سے بے گھر ہوتی نہ وہ روتی اور نہ ہی اپنوں سے دور ہوتی۔ لیکن میں نے اس کے بھلے کے لیے یہ سب کچھ کیا تھا مجھے کیا پتہ تھا کہ میرے اس نیک کام کا غلط مطلب نکلے گا۔ میں نے تو یہ سوچا تھا کہ اس کا شوہر بھی اس کا ساتھ دے گا اور اس کی زندگی بھی اچھی طرح بسر ہوجائے گی مجھے کیا پتہ تھا کہ کام کرنے کے بعد اس کے طور طریقے بدل جائیں گے اور اس کو الٹا گھر بسانے کے گھر سے نکال دے گا۔

وہ اب پھر لوگوں کے گھروں میں کام کرکے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پال رہی ہے۔ باتوں میں وہی حلیمی ہوتی ہے لیکن چہرے پر مسکراہٹ نہیں ہوتی ہے کھوئی کھوئی سی رہتی ہے۔ اور کبھی کبھی تو روتی ہوئی بھی نظر آتی ہے مجھے اس کو دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے

۔۔۔ نگارش

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

لیکن میں اس کو ماسوائے دلاسہ کے کچھ بھی نہیں دے سکتی کیونکہ میں نے جو اس کے ساتھ نیکی کی تھی اس کو جواب غلط ملا تھا اور میری وجہ سے ہی اس کا گھر برباد ہوا تھا۔

قارئین کرام آپ مجھے بتائیں کہ میں نے اس کے گھر کو برباد کرنا چاہا تھا یا پھر بسانا چاہا تھا۔ میں نے اس کی خوشیاں چاہی تھیں یا پھر اس کی آنکھوں میں آنسو چاہے تھے۔ اس کا جواب آپ ہی مجھے دے سکتے ہیں کیونکہ مجھے اس کا شکوہ آج بھی یاد آ رہا ہے جو اس نے مجھ سے کہا تھا۔

بی بی جی آپ اسے نوکری نہ دلواتی تو مجھے طلاق نہ ملتی۔ اب میں اپنے بچوں کے لیے پھر سے لوگوں کے گھروں میں کام کروں گی۔

مجھے اس کے یہ الفاظ چین نہیں لینے دیتے ہیں اس کے یہ الفاظ میرے کانوں میں گونجتے رہتے ہیں اور میں اس کے سامنے جانے سے بھی شرمندہ سی محسوس کرتی ہوں۔

سوچتے ہیں تجھے وضو کر کے
یوں تیرا احترام کرتے ہیں

✪ .... اے جی - حافظ آباد

جب وہ آیا تو کوئی در، کوئی کھڑکی نہ کھلی
اس نے آنے میں بہت دیر لگا دی ہو گی
دوش اپنا بھی ہے کچھ بات بگڑ جانے میں
اور لوگوں نے بھی کچھ اس کو ہوا دی ہو گی

✪ .... اے جی - حافظ آباد

دل کے بازار میں دولت نہیں دیکھی جاتی
ہو جائے محبت تو صورت نہیں دیکھی جاتی
ایک ہی انسان پر لٹا دو سب کچھ
کیونکہ جو چیز پسند آ جائے اس کی قیمت نہیں دیکھی جاتی

✪ .... محمد نوید - کنگن پور

دل رہی ہے کیوں آن تیری نظر ہم سے
کر رہے ہو بات کرنے میں درگزر ہم سے
دیدار دے کے تو مجھے جینے کی آس دے دے
ہوتا نہیں اب اور صبر ہم سے

✪ .... محمد نوید - کنگن پور

تجھے بھول کر ہم سے بھلایا نہ گیا
تیرے جانے کے بعد ہم سے گھر سجایا نہ گیا
نہ خاطر ہی تجھے سب سے ناطے
پھر کسی سے تم جیسا تعلق بنایا نہ گیا

✪ .... محمد نوید - کنگن پور

ترک تعلق کی اس نے کوئی معقول وجہ نہ بتائی مجھے ساغر
بس اتنا کہا محبت کے ساتھ دولت بھی ضروری ہے

✪ .... ثقلین ساجد - آزاد کشمیر

صحت اور طاقت حاصل کرنے کیلئے توجہ کریں

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی بھی بیماری میں مبتلا ہے تو اس کے علاج کیلئے ہم سے رابطہ کریں نیز مردوں اور عورتوں کے پوشیدہ امراض کا خصوصی علاج بھی کیا جاتا ہے۔

ہمارے ماہرانہ مشورے اور علاج کے لیے کامیاب اور خوشگوار زندگی بسر کریں

خط لکھیں یا موبائل پر مشورہ کریں

ڈاکٹر زاہد جاوید F-22 وہاڑی 0314-6462580

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ لڑکی کون تھی

۔۔۔تحریر: عابد شاہ۔ جڑانوالہ۔ 0300.3938455

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔ وہ لڑکی کون تھی۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہو گی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔ آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

میں ایک گاؤں میں پیدا ہوا۔ میری چار بہنیں اور دو بھائی ہیں سب سے بڑا بھائی پھر چار بہنیں پھر میں پیدا ہوا جب میری پیدائش ہوئی گھر والوں نے بہت خوشیاں منائیں اور محلہ بھر میں مٹھائی بانٹی کیونکہ چار سسٹر کے بعد میں آیا تھا میرے والدین پانچ وقت کے نمازی ہیں نیک پرہیز گار ہیں انہوں نے محنت کر کے ہمیں حلال روزی کما کے پالا پوسا تھا جب میں نے ہوش سنبھالا تو مجھے سکول میں داخل کرا دیا گیا میرے والد صاحب کی خواہش تھی کہ میں پڑھ کر کوئی بڑا آدمی بن جاؤں میرے والد صاحب ایک مل میں کام کرتے تھے والد صاحب صبح آٹھ بجے کام پر جاتے شام چھ بجے کام سے واپس آتے تب ہم گاؤں میں رہتے تھے میں شروع ہی سے لائق تھا پڑھائی میں اس وجہ سے میرے والدین اور استاد مجھ پر بہت خوش تھے پرائمری پاس کی تو میرے ابو جی نے مجھے دوسرے گاؤں میں جو کہ دادا جی کے گھر کے پاس تھا وہاں مجھے داخل کروا دیا شروع میں تو دل نہ لگا تھا میرا اسکول میں اور کافی دور بھی تھا پہلے تو ہم سب لڑکے پیدل جاتے تھے پھر ابو نے مجھے سائیکل لے کر دی پھر آسانی ہو گئی میں نے بھی دل لگا کر پڑھنا شروع کر دیا۔ اور دوست بھی بنتے چلے گئے میں شروع ہی سے ہی شریر تھا صبح سکول جانا واپسی پر کھانا کھا کے کچھ دیر ریسٹ کرتا پھر نماز پڑھ کر جانوروں کا چارا لینے جاتا بس روٹین تھی میری بڑا بھائی جوب کرنے لگ گیا تھا اس لیے گھر کے آدھے کام مجھے کرنا پڑتے تھے گھر کا سودا سلف جانوروں کا چارا لانا انکو نہلانا وغیرہ میرے ذمہ داری تھی گرمیوں کی چھٹیاں ہو گئی میرا دل بڑا خوش ہوا کیونکہ ہم ہر سال گرمی کے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

پھر ہم کشمیر چلے گئے بہت پیارا علاقہ تھا۔ہم نے بہت انجوائے کیا میرے کزن بہت تھے کچھ میری عمر کے کچھ مجھ سے بڑے تھے ہم سب کزن مل کر اونچے پہاڑوں پر بیٹھ کر انجوائے کرتے بڑا مزا آتا تھا ٹھنڈا پانی چشموں کا اتنا ٹھنڈا پانی تھا کہ پینا مشکل ہو جاتا تھا۔

تین ماہ رہنے کے بعد ہم واپس آ گئے دل نہیں کرتا تھا مگر مجبوری تھی چھٹیاں ختم ہو گئیں تھی اس لیے ہم واپس آ گئے دل نہیں کرتا تھا پھر سکول جانے کو۔اتنا انجوائے کرنے کے بعد دل نہیں کرتا تھا پھر سکول جانے لگے پھر ماسٹر صاحب کے پیغام بھی آنا شروع ہو گئے ابو نے سختی سے کہا۔

تم کل سے سکول جاؤ گے۔

پھر اگلے دن میں سکول گیا تو ماسٹر صاحب نے ڈانٹا میں نے انکی باتیں سنی ان سنی کر دیں پھر کلاس میں آیا سب دوست ناراض تھے پھر ان کو سوری کی اور منایا پھر میں اپنی پڑھائی میں مگن ہو گیا پھر پیپر ہونے لگے بورڈ کا امتحان تھا دل لگا کر محنت کی اور سر کی بھی کوشش تھی۔

خیر میں اچھے نمبروں سے پاس ہو گیا۔خدا کا شکر ادا کیا پھر اگلی کلاس میں بھی محنت کی اور کامیابی حاصل ہوئی پھر میٹرک میں آ گئے میٹرک کا بھی بورڈ کا امتحان تھا۔

میٹرک کے پیپر دیئے تو ابو جی نے کہا کمپیوٹر لے کر دوں گا جب میرا رزلٹ آیا تو میں اچھے نمبروں سے پاس ہو گیا اسی دن ابو جی نے مٹھائی بانٹی اور مجھے کمپیوٹر لے کر دیا کمپیوٹر کی خوشی تھی پاس ہونے کی بھی پھر سکول سے نکل کر کالج آ گیا تب میں نے سوچا کشمیر چلا جاؤں گا مگر گھر والوں نے نہیں جانے دیا اور مجبوراً مجھے کالج میں داخلہ لینا پڑا پھر میں نے سوچا پڑھ لوں گا تو زندگی سنور جائیگی اس وجہ سے میں ڈگری کالج میں داخلہ لے لیا۔کالج میں شروع شروع تو میرا دل نہ لگا مگر آہستہ آہستہ دل لگتا گیا کالج لائف بہت حسین ہوتی ہے کالج بہت بڑا تھا ایک پورشن میں لڑکیاں پڑھتی تھیں اور ایک میں لڑکے اوپر والے پورشن میں لڑکیاں پڑھتی تھی میں شروع سے ہی شریر ہنسی مذاق کرنے کا عادی تھا۔

جوانی کی دہلیز پر قدم قدم رکھ چکا تھا جب انسان ہر وقت ہنستا رہتا ہے پھر میری دوستی کالج کے دو لڑکوں سے ہو گئی لیاقت اور ثاقب ہم تینوں کا ہر وقت ہنسنے کے سوا کوئی کام نہ تھا وہ بہت اچھے تھے سچ پوچھیں تو لیاقت اور ثاقب سے کالج میں رونق تھی ہم تینوں کا آپس میں بہت پیار تھا۔انکے ساتھ میرا دل لگا تھا ورنہ میں تو ہر وقت بور ہوتا تھا جب میں کالج نہ جاتا تو میری جگہ اور ہمارے رول نمبر بھی اکٹھے تھے ایک دوسرے کی مشکل میں کام آتے تھے لیاقت اور میں ایک ہی روڈ کے تھے اور ثاقب جو میرے ساتھ بائیک پر بیٹھ کر آتا تھا شہر تک وہ بہت دور سے آتا تھا پڑھنے۔

ہم کالج میں ایک گروپ تھے اگر چھٹی کرنی تو اکٹھے اگر پریڈ چھوڑنا تو اکٹھے اگر کالج جانا تو اکٹھے ہی روز کا معمول تھا ہمارا اچھی زندگی گزر رہی تھی لیاقت جو تھا وہ کسی کو پیار کرتا تھا ہمیں بتایا کرتا تھا۔

مجھے ان پیار وغیرہ سے کوئی مطلب نہ تھا وہ میرے آگے پیار کی باتیں کرتے مجھے غصہ آتا کہ کیا فضول باتیں کرتے ہو ثاقب بھی کسی کو پیار کرتا تھا مجھے ان دونوں پر غصہ آتا کہ اپنی زندگی فضول کاموں میں ضائع کر رہے ہیں میں ان کو

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

روکتا تو وہ مجھے کہتے عشق کیا نہیں جاتا ہو جاتا ہے۔
بیٹا جب تجھے ہوگا تب تجھے بھی پتہ چلے گا کہ فضول کام ہے کہ نہیں ابھی کرلو جتنا انکار کرنا ہے تو پھر ہنستے تھے اور میں بھی ان کا مذاق اڑاتا پھر وہ کہتے تم بہت بری طرح پھنسو گے پیار میں۔
ابو جی نے بائیک لے کر دی تھی مگر میں جان بوجھ کر بس پر جاتا تھا کیونکہ میرے دوست بھی بس پر آتے تھے شغل میلہ لگا رہتا تھا بس والوں کو تنگ کرنا مذاق کرنے اور کالج میں بھی بہت آزادی تھی کوئی روک ٹوک نہیں تھی نہ ڈر تھا اور آزاد لائف تھی کالج کی اس کے بعد ہم نے دسمبر ٹیسٹ کی تیاری شروع کر دی ٹیسٹ بھی بہت اچھا تھا ہم تینوں نے پھر ہوٹل میں جا کر کھانا کھایا میں ثاقب اور لیاقت کو کہا۔
یار تم عشق اور محبت دفع کرو اور پڑھائی پر توجہ دو۔
میری باتیں سنکر وہ کہنے لگے ٹھیک ہے یار آج سے مکمل توجہ پڑھائی پر ہوگی ہماری۔
مجھے بہت خوشی ہوئی انہوں نے میری بات مان لی تھی اور ہمارے گھر والوں کو بھی مان لیا تھا کہ ہمارے بچے پڑھنے جاتے ہیں یار ہم نے بہت آوارہ گردی کرلی اب بس کسی کو تنگ نہیں کرنا پڑھنا ہے بس اور پھر ہم اپنی پڑھائی میں مصروف ہوگئے اور ہمارے ایگزام آگئے ایگزام کی تیاری بہت کی ہے اللہ کا کرم ہوا ہمارے ایگزام بہت اچھے ہوئے تھے۔
پھر ایگزام سے فری ہو کر ہم کو چھٹیاں تھیں اور گھر بیٹھ گئے اور ہم تینوں دوست میسج اور کال پر رابطہ ہوتا تھا میں بھی فارغ تھا سارا دن کمپیوٹر پر سونگ سنتا تھا کبھی فلم لگالی اور گھر کے کام بھی کرتا جانوروں کے لیے چارا لانا پھر انکی دیکھ بھال کرنا

بڑی مشکل سے دن گزرے پھر رمضان شریف آگیا روزے رکھے خوب عبادت کی بڑے اچھے دن پھر ہر کوئی خدا کی عبادت میں مشغول تھا پھر چاند رات آگئی جس کا ہر کسی کو انتظار ہوتا ہے پھر عید کی خوشیاں منائی عید بہت اچھی گزری کاش ہر روز عید ہوتی۔
عید کے بعد میں سیکنڈ ائیر میں کالج داخلہ لیا پھر پارٹ ٹو کی بک لی اور اپنی پڑھائی پر دل لگا کر توجہ دی اور بس پڑھتے رہنا یہ کام تھا مجھے یہ تھا کہ پڑھ کر دل کی ہر خواہش پوری کروں گا بڑا آدمی بنوں گا اور گھر والوں کی بھی مجھ سے یہ آرزو تھی کہ ہمارا بیٹا پڑھ بڑا آدمی بنے گا کچھ دن بعد فسٹ پارٹ کا رزلٹ آگیا میری ایک کتاب انگلش کی رہ گئی اور لیاقت کی چار رہ گئیں اور ثاقب کی دو رہ گئیں افسوس بہت تھا مگر ہم نے ہمت نہ ہاری آگے پڑھنے لگ گئے۔
کوئی بات نہیں میری تیاری اچھی تھی انگلش میں فیل بھی نہیں ہونا تھی میں انگلش کے پیپر دینے جا رہا تھا راستے میں پہلے سرکاری ہوسپٹل آتا ہے وہاں سے گزرتے میں نے ایک لاش دیکھی میرا دل بہت خراب ہوا مجھے کر آرہے تھے لاش دیکھ کر میرا برا حال ہوگیا پھر میں نے جوس پیا تب جا کر کوئی سکون ملا مگر بار بار میرے ذہن میں وہ لاش آرہی تھی اس لیے میں نے پیپر نہیں دیا اور گھر آگیا۔
خیر کوئی بات نہیں ہار جیت ہوتی رہتی ہے پھر میں نے ہمت نہ ہاری دن رات محنت کر کے اور ٹیوشن بھی رکھی اور اپنی پڑھائی میں مگن رہا سردی کے دن تھے سردی بھی بہت تھی میں اپنی کلاس سے باہر آگیا تھوڑی تھوڑی دھوپ تھی میں دھوپ میں آکر بیٹھ گیا اور لیاقت اور ثاقب بھی میرے پاس آکر بیٹھ گئے کہنے لگے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

یار عابد کیا ہر وقت تم ہر وقت کتابی کیڑے بنے رہتے ہو جب دیکھو تمہارا سر کتابوں میں ہوتا ہے کبھی کبھار ادھر ادھر بھی دیکھ لیا کرو۔

میں نے کہا میں فضول کاموں میں اپنا ٹائم ضائع نہیں کرنا چاہتا ہوں۔

وہ کہتے تو بہت بڑا پھنسے گا اور قہقہہ لگا کر ہنستے پھر لیاقت کہتا۔

عابد اوپر دیکھ جب میں نے اوپر دیکھا تو لڑکیاں کھڑی تھیں آپ کو بتاتا چلوں اوپر والے پورشن میں ایم اے انگلش پارٹ ون کی سٹوڈنٹ کھڑی تھیں میں نے اپنے دوستوں کی باتوں پر دھیان نہ دیا اور کلاس میں چلا گیا پریڈ اٹینڈ کیا تین پریڈ پڑھنے کے بعد میں نے بائیک سٹارٹ کی اور گھر آ گیا۔

سردی کے دن تھے بس لیٹ آتی تھی سو مجھے بائیک پر جانا پڑتا تا کہ ٹائم پر پہنچ سکوں پھر ہوا کچھ یوں میں اگلے دن ٹائم پر کالج پہنچ گیا ٹھنڈ بہت تھی بائیک پر تھا سردی کی وجہ سے کانپ رہا تھا گراؤنڈ میں دھوپ میں جا کر کھڑا ہوا گراؤنڈ میں اتنے میں لیاقت اور ثاقب بھی آ گئے وہ کہتے۔

آؤ یار ادھر چلیں وہاں لڑکیاں کھڑی ہیں ایم اے کی ان کو تنگ کرتے ہیں۔

میں نے کہا۔

بابا مجھے تم معاف کرو تم جاؤ مجھے نہیں جانا مگر وہ پاگل زبردستی میرا ہاتھ کھینچ کر لے گئے میں نے کہا۔

یار وہ ایم اے کی سٹوڈنٹ ہیں ہمارا حق نہیں بنتا ان کو تنگ کریں۔

وہ کہتے بس بس اب تقریر مت کرنا اور ہنسنے لگے اور ان کے سامنے ہم نیچے جا کر کھڑے ہو گئے وہ ہماری طرف ہی دیکھنے لگیں میں نے مذاق میں کہا۔

دیکھو یار ان لڑکیوں کو پڑھنے کا کیا فائدہ دھونے تو انہوں نے برتن ہی ہیں گھر میں پھر پڑھنے کا کیا فائدہ وہ لڑکیاں ہنسنے لگیں۔

پھر اچانک میری نظر ایک ایسی لڑکی پر پڑی جو الگ ایک سائیڈ پر پلر سے سر لگا کر اپنے دھیان انگلش کے نوٹس پڑھ رہی تھی اور میں نے کہا۔

یہ دیکھو کیسے انگلش کے نوٹس پڑھے جا رہی ہے ہم سے تو ایک چھوٹی سی بک نہیں پڑھی جاتی۔

اس نے میری طرف دیکھا اور دھیمی سی مسکرائی اور وہ کیا مسکرائی کہ میری جان پہ بن آئی میرے ہاتھ سے کتابیں گر گئی مجھے کچھ سمجھ نہ آئی کہ مجھے کیا ہو گیا میں تو دل ہار گیا تھا پہلی ہی نظر میں وہ لڑکی کیا تھی ہیرا تھی خدا نے اسے فرصت میں بنایا تھا اس پر ایک شعر یاد آ گیا۔

یہ یاد نہیں کب پیار ہوا
بس یاد رہا مجھے پیار ہوا
جب پیار ہوا سب بھول گئے
ایک یاد رہا بس نام تیرا
ہم مسجد مندر سب بھول گئے
بس یاد رہا چہرہ تیرا
کچھ سالوں بعد وہ ہم سے ملیں گے
میں پوچھوں گا کیا حال ہے تیرا
وہ ہنس کر بولے گی ارے پاگل
کیا نام ہے تیرا تو یہ تو بتا

پھر میں اپنی کلاس میں چلا گیا اور وہ بھی چلی گئی سر کلاس لے رہے تھے مگر مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی بس اس حسینہ کا چہرہ میری آنکھوں میں رہا تھا میرے یار مجھے کہتے عابد تجھے کیا ہو گیا ہے ہر وقت گم صم کھویا کھویا رہتا ہے۔

میں ان سے کہتا ایسی کوئی بات نہیں سردی زیادہ ہونے کی وجہ سے ہماری کلاس گراؤنڈ میں لگنا شروع ہو گئی میں خوش تھا اس کا دیدار تو ہوگا

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جب پریڈ ختم ہوتا میں اس کا ویٹ کرنے چلا جاتا
ان کے بلاک کے نیچے کہ کب وہ ادھر آئے
اور میں اس کا دیدار کروں۔

وہ بہت حسین تھی اس کو دیکھنے کے بعد تو میں
بھی سوچتا رہا کہ وہ کوئی انگریز ہے اس کی آنکھیں
بہت گہری تھیں اس کی تعریف کے لیے الفاظ کم
ہیں۔

وہ حسن کی دیوی تھی چاند سی لڑکی بہت سندر
تھی میں نے اپنی زندگی میں وہ پہلی لڑکی دیکھی جو
اتنی حسین اتنی سندر تھی ساری دنیا سے زیادہ
خوبصورت تھی خدا نے واقعی ہی اسے فرصت
میں بنایا تھا لوگ سچ کہتے پیار کیا نہیں جاتا
پیار ہو جاتا ہے جب پیار ہوتا ہے تب پتہ چلتا ہے
کہ جینا کتنا مشکل ہے اس کے بن اس حسن کی ملکہ
کا مجھے تو نام تک معلوم نہ تھا بس دل میں ہی اسے
اپنی جان بنا بیٹھا تھا دن رات اس کو سوچتے
گزر جاتے کوئی رات ایسی نہ تھی کہ اسے نہ یاد کیا
ہو۔

میں نے اپنے دوستوں کو بتایا مجھے پیار ہو گیا
ہے وہ بڑا ہنسے انہوں نے میری بات کا مذاق اڑایا
پھر مجھے سیریس دیکھ کر کہنے لگے۔

کون ہے کیا نام ہے۔

میں نے کہا۔

وہ جو سامنے کھڑی ہے وہ میری مدد کرو مجھے
اس کا نمبر لا کر دو بات کراؤ میری اس سے

انہوں نے کہا۔

ہم تیری مدد کریں گے۔

اس کا نام میں نے مدھوری رکھا ہے وہ لڑکی
مدھوری مجھے دیکھتی ہنستی اور نقاب کر لیتی وہ شرمالی
بہت تھی میں جب بھی اس کی طرف دیکھتا اپنا آپ
بھول جاتا اپنا تو اد کا دیدار کرنے کا معمول بن گیا
کبھی کبھی تو میں اچانک اسے دیکھتا تو وہ پہلے سے
ہی مجھے دیکھ رہی ہوتی اور مسکرا رہی ہوتی تھی
شاید اسے بھی مجھ سے پیار ہونے لگا تھا تب تو مجھے
دیکھ کر مسکرادیا کرتی تھی۔

اللہ جانتا ہے وہ جتنی شریف تھی اتنی ہی
تعریف بھی نہیں کی میں نے الفاظ کہاں سے لاؤں
اس کے حسن کی تعریف کے لیے۔اس کے معیار
کے مطابق کسی لڑکے سے بات کرتے
نہیں دیکھا تھا نہ ہنستے دیکھا تھا یہاں تک کہ اس
کے ہاتھ میں موبائل دیکھا لڑکیاں بہت تھیں کالج
میں مگر اس کی ایک فرینڈ تھی جو مجھے دیکھ کر اس کا
فیس میری طرف کرتی پھر وہ ہنس کر نقاب کر لیتی
اس کا نقاب کرنے کا سٹائل سب سے الگ تھا۔

اے نقاب پوش تیرے نقاب کرنے کا کیا
فائدہ
آنکھیں تو نظر آ رہی ہیں پھر منہ چھپانے کا
کیا فائدہ

اس کی کلاس میں سب لڑکیوں کو خبر ہو چکی تھی
کہ یہ لڑکا اسے چاہتا ہے صبح میں اس کے رکشے کا
انتظار کرتا جب تک وہ اپنے محلے میں نہ چلی جاتی
میں بائیک پر بیٹھ کر اسے جاتا ہوا دیکھتا رہتا وہ دور
سے مجھے دیکھتی رہتی جب میں کچھ فاصلہ پر ہوتا تو
مجھے دیکھ کر نگاہ نیچے کر لیتی اور ہنستی چھوٹی سی بات
ذہن میں آتی ہے کہ وہ میرے بارے میں کیا
سوچتی ہوگی کہتی ہوگی پاگل ہے یا اس کو مجھ سے
محبت ہے اللہ جانتا ہے میں کیا کہہ سکتا ہوں
دلوں کے بھید تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے میں تو صرف
اندازہ لگا سکتا ہوں جو دل کہتا ہے کہ وہ مجھ سے
پیار کرتی ہے وہ حسینہ کون تھی کہاں کی ہے مجھے تو یہ
بھی نہیں پتہ تھا یہ سٹوری بھی اس کی تلاش میں لکھ
رہا ہوں کہ وہ مجھے مل جائے وہ مجھے پیار کرتی ہے
بس یہ بات جب دل کہتا ہے تو میں خوشی سے جھوم
جاتا ہوں اور اسے پانے کی ہر وقت دعا کرتا ہوں

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ دلبر بھی جان بھی دھڑکن تھی سانس بھی روح بھی تھی میرا چین بھی سکون بھی وہ تھی وہ بہت بہت پیاری تھی معصوم تھی بہت نائس تھی۔

میرے دوست کہتے تو پاگل ہو جائے گا اتنا پیار نہ کرو کہ اگر وہ دور جائے گی تو جی نہ پاؤ گے میں ان سے کہتا کہ تم کیا جانو پیار کو اور ہر وقت اس کی یاد میں یہ اس کی یاد میں یہ سونگ سنتا تھا اور اس کے تصور میں کھو یا رہتا تھا۔

چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتار کیجئے
مشورہ ہے یہ میری جاں گوارہ کیجئے
چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتارا کیجئے
روشنی دن کی اندھیروں میں سمٹ جاتی ہے
گھر کے آنگن میں نہ یونہالو سنوارا کیجئے
چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتارا کیجئے
مشورہ ہے میری جان گوارہ کیجئے
ہم تو یہ جان ہتھیلی پر لیئے پھرتے ہیں
بس کسی دن ہمیں ہلکا سا اشارہ کیجئے
چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتارا کیجئے
آپ تو محل نشین ملائم سے ہیں مدھوری
جھونپڑی ہے یہ غریبوں کی گوارہ کیجئے
چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتارا کیجئے
مشورہ ہے یہ میری جان گوارہ کیجئے
ہم تو راہوں میں لیے پھرتے ہیں کا سا دل
مال کیسا ہے کسی روز نظارہ کیجئے
چاند سے چہرے کا صدقہ بھی اتارا کیجئے
مشورہ ہے میری جان گوارہ کیجئے

سچ بات ہے یہ سونگ اس پہ بنا ہے ہر وقت اس کی یاد میں سنتا ہوں وہ سندر دوشیزہ حوروں کی سردار تھی اس کے دیکھنے کی ادا کیا دلکش تھی الفاظ کم ہیں لکھنے میں اس کے حسن پر کیا کیا لکھوں وہ شہزادی تھی ملکہ تھی پریوں کی میری دھڑکن کاش وہ لڑکی مجھے مل جاتی کاش وہ میری ہو جاتی ہر وقت اسے سوچتا رہتا ہے دل کرتا ہے کہ بس وہ ہو اور میں ہوں ہر وقت اس کے سپنے دیکھنے لگا ہر وقت دن ہو یا رات اس کی حسین آنکھیں میرے سامنے آ جاتیں جیسے آنکھیں بند کرتا نہ پڑھنے کو دل کرتا نہ کھانے کو جب میں اسے دیکھتا تو میری دھڑکن تیز ہو جاتی۔

ایک دن کی بات ہے ہم کالج گئے اور بارش شروع ہو گئی موسم بہت خراب ہو گیا جس کی وجہ سے پڑھائی نہ ہو سکی اور چھٹی ہو گئی سب چلے گئے مگر میں اور میرا لیاقت برآمدے میں کمرہ نمبر دس کے آگے کھڑے تھے پھر میں نے بک نکالی اور انگلش پڑھنے لگ گیا وہ نظر بھی نہیں آ رہی تھی میں نے سوچا جب تک بارش رکتی تب تک اس نازنین کا انتظار کرتا ہوں جب بارش رکے گی تو جاؤں گا گھر پھر اچانک میرا چاند مجھے نظر آیا اور میں حیران بھی تھا پہلے کبھی بھی وہ ادھر نہیں آئی تھی سامنے والے بلاک پر کھڑی تھی ایم اے اسلامیات کی طرف میرا چاند کھڑا تھا وہ میری طرف دیکھ کر ہنس رہی تھی اس کی ایک دوست بھی ساتھ تھی جو اس کو چھیڑتی تھی میں جب بھی اس کے سامنے جاتا وہ اس کا فیس میری طرف کرتی خیر اس نے مجھے دیکھتے نقاب کر لیا پھر میں پڑھنے لگ گیا پھر وہ مجھے دیکھتی ہنستی اور نقاب کر لیتی جب میں دیکھتا تو ہنستی اور نقاب کرتی اس دن دل نے گواہی دی کہ وہ بھی مجھے پیار کرتی ہے مجھے اس دن یقین ہو گیا تھا کہ میں بارش کی وجہ سے اس کی طرف نہ جا سکا تو وہ ادھر آئی مجھے دیکھنے میرا دل باغ باغ ہو گیا تھا میں بہت خوش تھا کہ میری جان مجھے دیکھنے آئی ہے پھر وہ اپنے رکشے میں بیٹھ کر چلی گئی اور میں گھر آ گیا۔

اگلے دن جب میں کالج آیا تو چپڑاسی آیا اس کے پاس اور وہ اس کے ساتھ پرنسپل کے روم

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں چلی گئی میرا دوست بھی دیکھ رہا تھا وہ بولا۔
یار وہ گئی ہے پرنسپل کے روم میں تمہاری شکایت لگائے گی میرا دوست بہت ہی ڈر ہوا تھا میں نے اسے کہا۔
نہیں وہ ایسی نہیں ہے وہ ایسا نہیں کرسکتی وہ ایسی لڑکی نہیں ہے میرا دل نہیں مانتا وہ ایسا نہیں کرسکتی تم ڈرو نہیں یار۔
تھوڑی دیر بعد وہ چپڑاسی اسے واپس چھوڑنے آ گیا اس کے بلاک میں پھر پانچ پریڈ کے بعد چھٹی ہوگئی اور میں اس کا انتظار کرنے لگا کہ کب رکشہ آئے اور میں جان کا دیدار کرلوں پھر میرے دل میں خیال آیا کہ جان جی کو لیٹر لکھوں اور اپنی محبت کا اظہار کروں سوچ سوچ کر دل میں پکا ارادہ کر کے لیٹر لکھنے بیٹھ گیا پھر خیال آیا کہ اس عزت پر حرف نہ آئے اس کی عزت کا سوال ہے کہیں وہ بدنام نہ ہو جائے میں تو ایسا بھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ وہ بدنام ہو۔
پھر سوچتے سوچتے رات بیت گئی اور میں اگلے دن کالج چلا گیا اور دوستوں سے مشورہ کیا انہوں نے بھی کہا کہ یار ٹھیک ہے تم لکھو لیٹر پھر میں نے ان سے کہا یار ڈر لگتا ہے کہیں وہ بدنام نہ ہو جائے اس کی عزت و آبرو کا سوال ہے پھر بھی انہوں نے کہا ہمت کرو کچھ نہیں ہوتا تم لکھو لیٹر میں نے پھر گھر آ کر بہت سوچا اور کالج کا کام ختم کیا اور لیٹر لکھنے بیٹھ گیا جس کی تحریر کچھ یوں تھی۔

نظر عنایت جان

سلام عرض۔ سلام محبت

عرض ہے کہ میں ٹھیک ہوں خدا آپ کو ہمیشہ کوش اور آباد رکھے خدا سے دعا ہے کہ آپ ہمیشہ اس فلک تلک سدا پھولوں کی طرح مسکراتی رہیں دیگر سوال یہ ہے کہ میڈم جی آپ کو جب سے دیکھا ہے تب سے اپنا دل کسی کام میں نہیں لگتا۔ آپ کو خدا نے فرصت میں بنایا ہے اور جان سچ ہے کہ آپ کا فین ہوگیا ہوں جب تک آپ کو دیکھ نہ لوں دل نہیں لگتا جب سے آپ کو دیکھا ہے چین سکون اڑ گیا ہے کچھ اچھا نہیں لگتا سوتے جاگتے آپ کا چہرہ نظر آتا ہے آپ کی یاد بہت آتی ہے میں نہیں جانتا کہ آپکے دل میں میرے لیے جگہ ہے کہ نہیں لیکن میں تو پوری طرح آپ کا ہو چکا ہوں یقین مانیئے کہ آپ بہت خوبصورت ہو خاص طور پر آپ کی آنکھیں اور آپ کے دیکھنے کا انداز اس پر بھی قیامت۔ آئی لو یو جان آئی مس یو۔
مجھے سچ پوچھیں تو آپ کے نام کا بھی نہیں پتہ ہے اگر یہ لیٹر پڑھ کر آپ کا دل چاہے تو میرے نمبر پر کال یا میسج کر دینا اگر آپ کا دل چاہے میرے ساتھ دوستی کرنے کو تو پلیز ایک بار رابطہ ضرور کرنا میں آپ کا شدت سے انتظار کروں گا اگر آپ نے انکار کیا تو پھر میں آپ کو کبھی کالج میں نظر نہیں آؤں گا ویسے بھی یہ میرا اس کالج میں آخری سال ہے آپ کے جواب کا منتظر رہوں گا۔

فقط آپ کا دل سے دیوانہ عابد۔

یہ خط لکھ کر میں نے اپنی جیب میں رکھ لیا تا کہ صبح دیدار ہو اور میں اسے دوں پھر جان کا دیدار کیا مگر موقع نہ ملا کہ لیٹر دوں پھر اگلے دن بھی موقع نہیں ملا ایسے کرتے کرتے ایک ہفتہ گزر گیا میرا دل بہت پریشان تھا۔
پھر اللہ نے ایک دن میری سن لی اور موقع مل گیا میں نے لیٹر اپنی پاکٹ سے نکالا اور آس پاس ادھر ادھر دیکھا کہ کوئی دیکھ تو نہیں رہا اور پھینک دیا اس کے آگے تو اس کی دوست نے جلدی سے نیچے پھینک دیا مجھے بہت دکھ ہوا پھر وہ لیٹر اٹھا کر اپنی جیب میں ڈالا اور گھر آ گیا بہت

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

رو یا کہ کاش وہ ایک بار پڑھتی تو وہ اپنی فرینڈ سے لے بھی سکتی تھی مگر افسوس اس نے نہیں لیا اور پھر میں دو دن کالج نہیں گیا مجھے بہت تیز بخار ہو گیا تھا بس پڑا رہا بھوک پیاس مٹ گئی میں بہت ٹوٹ گیا دل کے ٹکڑے ہو گئے مجھے بہت دکھ تھا کہ اب کیسے ملے گی کیا کروں۔

پھر نہ چاہتے ہوئے تیسرے دن کالج گیا تو دل نہیں لگ رہا تھا پڑھائی میں اور اس کو دیکھے بغیر نہیں رہ پا رہا تھا پھر سارا دن بور گزرا صبح اس کا دیدار کیا تھا اس کو دیکھتے ہی میں نے منہ نیچے کر لیا۔ پھر سارا دن اس کے سامنے نہیں گیا پھر ایک دن وہ اکیلی جا رہی تھی میرے دوست نے مجھے بہت مجبور کیا۔

وہ اکیلی جا رہی ہے تم جاؤ اسے لیٹر دو اور بات کرو موقع اچھا ہے اس کو ہاتھ سے نہ جانے دو جاؤ جلدی جاؤ۔ میں نے کہا۔

نہیں اس کی عزت کا سوال ہے۔

اس کی عزت کا سوال ہے لیکن تمہاری محبت کا سوال بھی تو ہے جاؤ وہ مجھے مجبور کرنے لگے۔

لیکن میں نہیں گیا دوسرے دن وہ کالج آئی ہماری پارٹی تھی اس دن بھی وہ اکیلی تھی وہ مین گیٹ پر اتری اور پرنسپل کے دفتر چلی گئی میں دیکھ رہا تھا میرے دل میں خیال آیا کہ شاید وہ میری شکایت لگانے گئی ہے میں ادھر سے گزرا پرنسپل کے دفتر کے آگے سے وہ مجھے دیکھ رہی تھی اور میں برآمدے کے بیچ کھڑا ہو گیا جب وہ میرے پاس سے گزری تو اس نے مجھے بہت گہری نگاہ سے دیکھا اور چلی گئی پھر ہماری پارٹی تھی ہم نے خوب دیدار کیا ہمارا وہ دن کالج میں آخری تھا میں اپنی بدقسمتی سمجھوں یا کیا وہ دن اس کا بھی آخری تھا کالج میں پارٹی کے بعد بھی میں روزانہ جاتا کالج میں مگر وہ نہیں آتی تھی۔

ہم فری ہو گئے تھے اس لیے روزانہ آتا کالج میں اسے دیکھنے کے لیے مگر وہ نظر نہیں آتی تھی میں ایک ہارے ہوئے انسان کی طرح لوٹ آتا اور دعائیں کرتا رہتا کہ کب ملے گی پتا نہیں کہاں گئی ہے کدھر گئی ہے مجھے ایک بار بتا تو جاتی تنہا کر گئی تھی مجھے وہ چلی گئی میرا چین سکون لوٹ کر خدا اسے خوش رکھے آمین۔

ابھی تک میں کالج میں جاتا ہوں روز شاید وہ کبھی آ جائے کالج میں اپنی دوست کے ساتھ پتہ نہیں وہ کہاں چلی گئی ہے بس یہی سوچتا رہتا ہوں۔ کئی بار تو آنکھوں میں آنسو بھی آ جاتے تھے آنکھیں اس کو تلاش کرتی رہتی تھیں۔

بحر حال وہ بہت یاد آتی ہے دن رات یاد آتی ہے وہ کہتے ہیں ناں کہ۔

بچھڑا کچھ ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

اس کے بعد میں نے اس کے محلے میں ہر جگہ اس کو تلاش کیا مگر کہیں وہ نظر نہیں آئی ہر روز بازار آتا ہوں کہ شاید وہ شاپنگ کرنے آ جائے مگر نہیں۔ وہ نظر نہیں آتی ہے۔

ایک سال ہو چکا ہے میں اس کو تلاش کر رہا ہوں لیکن وہ ایک دن بھی دکھائی نہیں دی ہے میں بہت پریشان ہوں اس کی وجہ سے ایک بار وہ مجھے مل جائے تو پوچھوں کہ اتنا ظلم کیوں کیا کیوں ایسی سزا دی مجھے نہیں پتا کہ وہ کہاں گئی ہے کم از کم اسے ایک بار تو آنا چاہیے تھا۔ کیا پتہ وہ مجھے پیار کرتی ہے کہ نہیں بس یہی کہتا ہے دل وہ مجھے پیار کرتی ہے اسے یاد کر کے یہ سونگ سنتا رہتا ہوں۔

ہولے ہولے سادے کولوں دور ٹرگئی اے
ایسا اہدی زندگی وچ کون آ گیا اے
کر کے او دل ساڈا چور ٹرگئی اے
کر دے ساں پیار سانو او دھے تو بڑا مان سی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

جنی سوہنی لگدی سی اونی بے ایمان سی
توڑ سا ڈے مان تے غرور ٹر گئی اے
ہولے ہولے ساڈے کولوں دور ٹر گئی
ایسا اہدی زندگی وچ کون آ گیا اے
ساڈیاں وفاواں دا وی رکھیا خیال نہ
جیوندے کہ مرے کدی پچھیا وی حال نہ
کہدے لئی ہو کے مجبور ٹر گئی اے
ہولے ہولے سادے کولوں دور ٹر گئی اے
ہولے ہولے سادے کولوں دور ٹر گئی اے۔

مرحلے شوق کے دشوار ہوا کرتے ہیں
سائے بھی راہ کی دیوار ہوا کرتے ہیں
صرف ہاتھ ہی نہ دیکھو کبھی آنکھیں بھی پڑھو
کچھ سوالی بڑے خوددار ہوا کرتے ہیں
.... اے جی۔ حافظ آباد

اس شہر غم کو دیکھ کے دل ڈوبنے لگا
اپنے پہ ہی کوئی ہنستا دکھائی دے
احمد فراز .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

اپنے سوا ہمارے نہ ہونے کا غم کسے
اپنی تلاش میں تو ہی ہم ہیں دوستو
احمد فراز .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

تری نگاہ کرم ہے وگرنہ اے غم دوست
زمانہ کیا تیرے شیدائیوں سے خالی ہے
حسن اختر جلیل .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

تم تو غم دے کر بھول جاتے ہو
مجھ کو احسان کا پاس رہتا ہے
فیض احمد فیض .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

تیرا ملنا تو خیر مشکل تھا
تیرا غم بھی جہاں نے چھین لیا
ناصر کاظمی .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

جب بھی کسی نے ہنس کے مروت سے بات کی
دل سے تمام عمر کے غم دور ہو گئے
سید عبدالحمید عدم .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

اک غم کے سوا دل میں ہے بھی کیا
ہم گھر چلا رہے ہیں متاع قلیل سے
احمد جاوید .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

جو غم ملا جبیں کے شکن میں چھپا لیا
دل سے گداز چیز کو پتھر بنا لیا
ظفر اقبال .... انیلہ غزل۔ حافظ آباد

کاش تو آ کے مجھے آواز دے کہیں سے
میری ڈوبتی ناؤ کو ساحل کی آس دے کہیں سے
پل پل اسے دیکھنے کا جنون اس پہ مر مٹنے والی تمنا
اے خدایا مجھے پھر سے ایسی پیاس دے کہیں سے
.... رئیس عثمان۔ کھوئی رٹہ

نہ کسی خوشی کی آس رکھتے ہیں
بس غم کو اپنے پاس رکھتے ہیں
کوئی دل کو آوارا سمجھ نہ بیٹھے
اس لئے ذرا چہرہ اداس رکھتے ہیں
.... رئیس عثمان۔ کھوئی رٹہ

کیا چاہت کے وعدوں کو ایسے ہی نبھایا جاتا ہے
دکھا کے سپنے منزل کے پھر دل کو دکھایا جاتا ہے
دیکھا ہے ہم نے محبت میں کچھ ایسے بے حال ہوتے ہیں
جو لے کے غم خوشی دے اس کو ہی رلایا جاتا ہے

.... رئیس عثمان۔ کھوئی رٹہ

یہ کیسی یہ کس طرح عاشقی کی اس نے
ہر خوشی لوٹ کے جینے کی دعا دی۔ اس نے
برسوں سے پرو رہے تھے ہم خوشیوں کی لڑیاں
ایک ہی بچی تھی باقی جو غم سے ملا دی اس نے
بڑی مشکل سے بجا پائے تھے دل کی آگ
وہ گزرا اس گلی سے پھر چنگاری کو ہوا دی اس نے
.... رئیس عثمان۔ کھوئی رٹہ

صرف تجھے اتنا کہنا چاہتا ہوں
میں تیرے بغیر تنہا نہیں ادھورا ہوں
.... واجد محمود۔ اٹک

پلکوں کی حد توڑ کر دامن پہ آن گرا
اک آنسو میرے صبر کی توہین کر گیا
.... واجد محمود۔ اٹک

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

صدا ٹوٹے دل کی

---تحریر: محمد ندیم زنگلانی۔ڈی جی خان۔0333.8188218

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔صدا ٹوٹے دل کی۔کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔آخر میں سب کو خلوص بھرا سلام۔

کیا محبت صرف ایک کھیل ہے جو انسانوں سے کھیلی جاتی ہے محبت صرف ایک مذاق ہے جو انسانوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔محبت کے نام سے مجھے ڈر لگتا ہے محبت کرنے والوں سے مجھے ڈر لگتا ہے یہ کیوں ہے محبت آخر کیوں، کیوں انسانوں کو تڑپانے کے لیے بنی ہے محبت ہم اپنے والدین کو نہیں دیکھتے اپنے وطن کو نہیں دیکھتے اپنی قوم کو نہیں دیکھتے بس محبوب کی نظر کو دیکھتے ہیں اور تو اور ہم اپنے مالک اپنے خالق اپنے رازق کو بھی بھول جاتے ہیں محبت صرف ایک شیشے کے محل کے مانند ہے جو بننے سے پہلے ہی ٹوٹ جاتا ہے نہ لو محبت کا نام نہ لو محبت کا نام

سمیر ایک سیدھا سادہ لڑکا تھا وہ بی اے کر رہا تھا اس کی خواہش تھی کہ وہ ایک پروفیسر بنے گا وہ بس پر کالج آیا جایا کرتا تھا ایک دن وہ بس سٹاپ پر کھڑا بس کا انتظار کر رہا تھا کہ اچانک ایک لڑکی اس کے پاس آ کر کھڑی ہو گئی سمیر نے اس کی طرف بہت دیکھا مگر وہ اسے نہیں جانتا تھا وہ لڑکی اتنی خوبصورت تھی کہ سمیر اپنے دل کو قابو نہیں کر رہا تھا سمیر کا دل بہت کر رہا تھا کہ وہ اس لڑکی سے بات کرے لیکن بعد میں اس کے ذہن میں خیال آیا کہ چھوڑو سمیر کیوں ایسے انجان لڑکی سے بات کریں اسی طرح بس آ گئی اور سمیر کالج چلا گیا۔اسی طرح دوسرے دن بھی دوبارہ وہی لڑکی سمیر کے پاس آ کر کھڑی ہو گئی اس وقت سمیر نے دل میں بہت کچھ محسوس کیا لیکن کیا کرتا وہ قوم کے ہاتھوں مجبور تھا اس لیے وہ کچھ نہ کر پا رہا تھا دو تین دن ایسے گزرے پھر چوتھے دن دوبارہ ایسا ہوا سمیر اسے دیکھ کر چلا گیا جب بھی سمیر جا کر کلاس میں بیٹھا اس نے اپنے دوستوں کو سلام کیا اور پڑھائی کی تیاری کرنے لگا اچانک سے دروازے کی طرف سے آواز اس کے کلاس فیلو کنول کی تھی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کنول کے ساتھ وہ لڑکی بھی تھی جو سمیر کو بس اسٹاپ پر ملی تھی کنول نے کہا۔

ہیلو ایوری باڈی۔ یہ ہماری کلاس نئی کلاس فیلو ساجدہ ہے اب سے یہ ہمارے ساتھ پڑھائی کررہی ہے یہ سن کر سمیر کا دل بہت خوش ہوا کہ جس لڑکی سے بات کرنے کی خواہش تھی وہ آج ہمارے ساتھ پڑھنے آرہی ہے اسی طرح دوتین دن تو خاموشی کی طرح گزرے لیکن بعد میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل گئے۔

ایک دن ساجدہ کے پاس انگلش کی بک نہیں تھی اس نے کنول کو بتایا اور کنول نے سمیر کے دوست وقار سے انگلش کی کتاب لے کر دی اس طرح دن گزرتے گئے اور سب اپنی پڑھائی کی تیاری میں لگ گئے امتحان نزدیک آرہے تھے اس طرح امتحان بالکل قریب آگئے۔

سمیر نے ساجدہ کو خط لکھا خط میں اس کے محبت کا اظہار اور بہت سی اچھی باتیں لکھی ہوئی تھیں سمیر نے وہ خط لکھ کر کنول کے ہاتھ میں دیا اور کہا۔

یہ خط ساجدہ تک پہنچا دینا۔

کنول نے کہا ٹھیک ہے سمیر میں ضرور یہ کام کردوں گی۔

لیکن کسی بھی وجہ سے یا پھر اس کے ہاتھ سے خط گر گیا یا اس نے خود نہیں پہنچایا سمیر نے ایک دو دن خط کے جواب کا انتظار کیا سمیر یہی سمجھا کہ وہ مجھے نہیں چاہتی اس لیے اس نے جواب نہیں دیا پھر امتحان شروع ہوگئے امتحان ختم ہوگئے اور دس دن بعد ان کا رزلٹ تھا سب لوگ خوشی سے رزلٹ کا انتظار کرنے لگے خاص طور پر فیصل ساجدہ اور سمیر کیونکہ ان تینوں نے پوری کلاس سے زیادہ محنت کی تھی دس دن گزر گئے اور آج رزلٹ کا دن تھا سب اداس تھے کہ کیسے کس کا رزلٹ آئے گا یہ سب کے چہروں پر بارہ بج رہے تھے ایک پروفیسر اسٹیج پر آئے اور کہا کہ جس چیز کا آپ سب کو بے صبری سے انتظار ہے وہ میں کہنے جارہا ہوں رزلٹ کا اعلان ہوگیا سمیر پہلے نمبر پر فیصل دوسرے نمبر اور ساجدہ تیسرے نمبر پر آئی اس سے ساجدہ رونے لگی اور اپنی سہیلی سے کہا یہ تو نہیں ہوسکتا محنت تو میں نے کی لیکن ایسا کیوں سمیر ساتھ کھڑا تھا یہ سب باتیں سن رہا تھا وہ نہ رہ سکا بولا اپنے آپ کو اتنا او نچا مت سمجھو اور محنت کرنے والی صرف تم ہی نہیں اور بھی بہت ہیں اسی طرح اس بات پر ساجدہ کو بہت زیادہ غصہ آیا اور اس نے کالج آنا بند کردیا۔ ایک دن گزرا وہ نہیں آئی دوسرا دن گزرا وہ نہیں آئی ایسے وہ کئی دن نہ آئی تو سمیر نے کنول سے پوچھا کہ ساجدہ کالج نہیں آرہی ہے پتہ نہیں کیوں تمہیں پتہ ہے کنول نے جواب دیا نہیں مجھے بھی پتہ نہیں ہے شاید اس نے بکس نہیں لی ہوں گی اس لیے نہیں آرہی ہوگی سمیر نے کہا چلو آجائے گی پھر اس طرح اور آٹھ دن گزر گئے لیکن ساجدہ کا کچھ پتہ نہیں پھر سمیر نے کنول سے کہا اب ساجدہ کیوں نہیں آرہی ہے اب تو بتاؤ کہ کیوں نہیں آرہی ہے کنول نے جواب دیا کہ کیوں نہیں آرہی ہے مجھے پتہ نہیں تو تم جاکر اس کے گھر پتہ کرو کہ وہ کیوں نہیں آرہی ہے۔ ٹھیک ہے میں پتہ کروں گی کنول نے کہا اور پھر دوسرے دن وہ ساجدہ کے گھر چلی گئی جاکر اس سے پوچھا۔

تم ساجدہ کالج کیوں نہیں آرہی ہو۔

ساجدہ نے کہا بس ویسے میں نے اب سٹڈی چھوڑ دی ہے۔

کنول نے کہا کیوں سٹڈی چھوڑ دی تم نے۔

ساجدہ نے جواب دیا کہ ہماری کلاس میں سب لوگ مطلبی ہیں وہ ایک دوسرے کا دھیان نہیں رکھتے اور دل توڑنا ان کی بہت بڑی خاصیت ہے اب میں کالج نہیں چلوں گی۔

کنول نے کہا اچھا تو تم سمیر کی بات کررہی ہو۔ اس نے تو مذاق میں کہا تھا تم اس کی بات کا برا مان گئی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ساجدہ نے جواب دیا مذاق ہو یا سچ میرا دل تو ٹوٹ گیا اب مجھے کالج نہیں جانا تم چلی جاؤ۔

کنول نے کہا دیکھو ساجدہ تمہاری مرضی ہے میں نے تو تمہیں بہت سمجھایا ہے اب یہ بات تم پر ہے کہ تم چلو یا نہ چلو اب میں چلتی ہوں۔

اسی طرح کنول اپنے گھر چلی گئی اور ادھر سمیر کو کل کا بے صبری سے انتظار تھا وہ اس بات کے خیال میں تھا کہ کل کب ہوگی اور وہ ساجدہ سے ملے گا کل ہوگئی تو سمیر نے کالج کی تیاری کی اور بس سٹاپ جا کر کھڑا ہوگیا بس آگئی اور وہ کالج چلا گیا جب سمیر کالج پہنچا تو اس وقت کالج میں کوئی نہ تھا کیونکہ وہ سب سے پہلے آچکا تھا اب وہ اپنی کرسی پر جا کر بیٹھ گیا اور اپنی کلاس کا انتظار کرنے لگا آہستہ آہستہ اس کی پوری کلاس اکٹھی ہوتی چلی گئی اور کنول بھی آگئی۔ لیکن ساجدہ کا کہیں بھی پتہ نہیں تھا۔

سمیر نے کنول سے پوچھا بتاؤ کنول کیا کہا ساجدہ نے۔

کنول نے سمیر کو جواب دیا وہ کہہ رہی تھی کہ میری کالج سے بس ہے اب میں نہیں پڑھنا چاہتی۔

سمیر نے کہا لیکن کیوں۔

کنول نے جواب دیا کہ تم نے اس دن ایک بات کہی تھی ساجدہ کو اس کی وجہ سے۔

سمیر کو اس بات کا بہت افسوس ہوا اور اس نے ساجدہ کو خط جس میں لکھا تھا کہ سوری ساجدہ میں ایسا نہیں چاہتا تھا۔ میں تو تم سے بہت زیادہ پیار کرتا ہوں میں نے پہلے بھی خط لکھا تھا اس کا تم نے جواب نہیں دیا اب تم جواب دو یا نہ دو میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں اور تم ہی میرا پیار ہو میرے اس خط کا تمہیں ضرور دینا ہوگا۔

خط ساجدہ کے پاس پہنچ گیا ساجدہ نے خط کھولا تو اسے پڑھنے لگی اور پھر اس نے خط کا جواب دیا کہ میں بھی تم سے بہت پیار کرتی ہوں اور پہلے جو خط تم نے لکھا تھا وہ مجھ کو نہیں ملا تھا۔ اب میں کل سے کالج ضرور آؤں گی۔

اب ساجدہ پھر سے کالج جانے پر راضی ہوگئی اس طرح پھر فیصل نے اپنے ماں باپ کو ساجدہ کے گھر رشتے کے لیے بھیج دیا فیصل کے ماں باپ بہت پیسے والے تھے اور ساجدہ کے ماں باپ یہ نہیں جانتے تھے کہ وہ کسی اور سے پیار کرتی ہے انہوں نے رشتے کے لیے ہاں کر دی اور شادی کی تاریخ پکی ہوگئی شادی کی تیاریاں ہونے لگیں۔ ساجدہ کا کالج جانا بند ہوگیا سمیر پھر بہت پریشان ہوگیا۔

شادی سے دو دن پہلے سمیر کو پتہ چلا کہ یہ سب ہو رہا ہے کہ اس کی شادی فیصل ہو رہی ہے تو اس سے ساجدہ کی جدائی برداشت نہ ہو سکی وہ یہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ یہ سب کچھ ہو جائے گا اس نے اسی رات نشہ آور گولیاں کھالیں جس سے اس کی جان چلی گئی جب ساجدہ کو اس کی موت کا پتہ چلا تھا یکدم اس کا دل بند ہوگیا اور وہ بھی سمیر کے پیچھے چلی گئی دو گھروں میں کہرام مچ گیا تھا لیکن کسی کو بھی کچھ معلوم نہ ہوا کہ دو چاہنے والے کیوں دنیا سے منہ موڑ گئے ہیں ہاں فیصل جان گیا تھا کہ یہ سب اس کی وجہ سے ہوا ہے وہ تو تنہا ہوگیا اس نے بعد میں سوچا کہ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ وہ آج بھی سوچتا ہے کہ وہ ساجدہ سے شادی کرنے کا پروگرام نہ بناتا اور یوں اس کے دونوں ساتھی اس کے سامنے زندہ موجود ہوتے لیکن اب ماسوائے پچھتاوے اور کیا کر سکتا تھا۔

ساجدہ اور سمیر کے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں جگہ دے آمین۔

کتابوں میں رکھکر سلا گیا ہم کو
آنکھ بند کی اور بھلا گیا ہم کو
کوئی عجیب مصور تھا جو بارشوں کے موسم میں
کچی دیواروں پہ بنا گیا ہم کو

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

بے خبری کا سکھ

۔۔۔تحریر: محمد شہزاد کنول۔شارجہ۔00971.569852716

محترم بھائی شہزادہ التمش۔
سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی۔صدا تو نے دل کی۔کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔
مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔
جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہو گی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہو گا۔میسج کے لیے رابطہ نمبر۔0333.0649416

اماں جی تسبیح پڑھتی ہوئی کچن میں داخل ہوئی تو انابیہ اور صابرہ کو مصروف دیکھ کر واپس پلٹنے لگیں آج فائزہ یعنی کہ فائز کے اماں اپنے بیٹے کو فائز کی بجائے فائزہ کہہ کر بلاتی تھیں فائز کے کچھ دوست رات کے کھانے پر آ رہے تھے وہ دونوں اس کی تیاری میں لگی ہوئی تھیں۔
کوئی کام تھا اماں جی۔۔۔انابیہ نے اماں جی کو چپ چاپ واپس پلٹتے ہوئے دیکھ کر ناگواری سے پوچھا۔
بس بیٹی کچھ خاص نہیں صابرہ شام کی چائے دینے نہیں آئی تو دیکھنے چلی آئی سب خیر تو ہے تم دونوں کو کام میں مصروف دیکھ کر اندازہ ہو گیا۔وہ دھیرے سے بولیں جیسے کوئی جرم کر لیا ہو۔
آپ کو پتہ ہے کہ فائز ابھی آفس سے نہیں آئے اور میں شام کی چائے پیتی نہیں ہوں اس لیے ابھی تک چائے نہیں بنائی انابیہ نے اماں جی کو وضاحت دی لہجے کی بے زاری کو اماں جی نے واضح طور پر محسوس کیا اور وہ چپ چاپ لاؤنج پر رکھے صوفے پر جا کر بیٹھ گئیں۔
آج کل کے بوڑھے بھی ناں کسی کام میں ذرا دیر سویر ہو جائے آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں کچن سے اپنے بیڈروم کی طرف واپس جاتے ہوئے انابیہ کی آواز بخوبی لاؤنج تک آ رہی تھی اماں جی بوڑھی آنکھیں نم ہو گئیں۔
تھوڑی دیر بعد صابرہ بھی کچن کا کام ختم کر کے جا چکی تھی اور جاتے ہوئے وہ بھی چائے بنانا بھول گئی تھی ملازم بھی تو گھر کے افراد کو مالک کی منشا کے مطابق اہمیت اور عزت دیتے ہیں اس میں بھلا صابرہ بے چاری کا کیا قصور سدا کی بھولی اماں یہ سوچتے ہوئے خود ہی اپنے لیے چائے بنانے کچن میں چل دی

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

دراصل اماں جی کو چائے پینے کی عادت تھی اور شام کی چائے پیئے بنا عجیب سی بے چینی کا احساس ہوتا تھا اس لیے پوچھنے چلی آئیں ورنہ وہ زیادہ تر اپنے کمرے میں ہی رہتی تھیں ماسٹر جی کے ہوتے ہوئے اماں بی نے بڑا اچھا وقت گزارا تھا اپنی مرضی سے کھایا پیا اچھا پہنا سب کام احسن طریقے سے کیے اب ماسٹر جی نہ رہے وہ اچھا وقت دیگچی میں پانی کب سے کھول رہا تھا اماں بی نے اس میں چائے کی پتی ڈالی اور دوپٹے کے پلو سے آنکھیں صاف کرنے لگیں انابیہ کسی کام سے کچن کی طرف آئی تو اماں بی کو چائے بناتے ہوئے دیکھ کر بولی۔

اماں اگر آپ چائے بنا رہی ہیں تو ایک کپ میرا بھی بنالیں پلیز ویسے میں تو شام کی چائے پیتی نہیں ہوں پر صبح سے اتنا کام تھا کہ اب سر میں درد ہونے لگا ہے اماں بی نے چپ چاپ چائے کے پانی میں ایک کپ کا اضافہ کردیا ابھی فائز دس سال کا تھا کہ ماسٹر جی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوگئے اماں بی نے جوانی میں ہی بیوگی کا داغ ماتھے پر سجائے بڑے کٹھن حالات کا نہایت صبر و شکر سے مقابلہ کیا ماسٹر جی کی پنشن آتی تھی کچھ گھر میں سلائی کڑھائی سلائی کا کام کیا ایک ہی بیٹا تھا رات محنت مشقت کر کے اسے اعلیٰ تعلیم دلوائی اور پھر اماں بی کی دعاؤں سے ایک فرم میں اچھی جاب پر ملازمت مل گئی اماں بی اسے دیکھ کر ہی جیتی تھیں ہر ماں کی طرح اب انکی بھی آرزو تھی کہ گھر میں بہو آئے اور گھر کا خاموش آنگن ننھے منے بچوں کی قلقاریوں سے گونج اٹھے اماں بی نے فائز سے بات کی تو انہوں نے کچھ ہچکچاتے ہوئے اماں بی کو انابیہ کے بارے میں بتایا انابیہ کی ملاقات فائز سے آفس کی طرف سے ہونے والی ایک کانفرنس میں ہوئی تھی وہ خوبصورت اور پڑھی لکھی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک الٹرا ماڈرن گھرانے سے تعلق رکھتی تھی اور پھر ہمیشہ دعائیں دینے والی ماں کو کیا اختلاف ہوسکتا تھا وہ تو اپنے بیٹے کی خوشی میں خوش تھیں اور یوں انابیہ کراچی سے بیاہ کر لاہور آگئیں۔

صبح کاذب کا وقت تھا سورج کی ننھی ننھی کرنیں اندھیرے کو شکست دے کر روشنی پھیلانے کو بے تاب تھیں اماں بی نماز فجر سے فارغ ہو کر لان میں بیٹھی رنگ برنگی چڑیوں کو اپنے پروردگار کی حمد و ثنا کرتے ہوئے دیکھ کر خوش ہو رہی تھیں کہ اتنے میں امل کے کمرے میں سے عجیب بے ہنگم شور کی آوازیں سنائی دینے لگیں اماں بی کی تسبیح پر چلتا ہوا ہاتھ تھم گیا اور وہ آہستہ روی سے اوپر پوتی کے کمرے کی سیڑھیاں چڑھنے لگیں کئی بار دروازہ کھٹکھٹایا مگر شور کی وجہ سے امل نے کافی دیر بعد دروازہ کھولا تو سامنے دادی کو دیکھ کر نا گواری کا ایک احساس چہرے پر واضح تحریر کی طرح ثبت ہو گیا تھا۔

کیا بات ہے گرینڈ مام آپ نے صبح صبح تکلیف کی۔ وہ ماں باپ کے رنگ میں پوری طرح رنگ چکی تھی۔

بیٹا اس کان کا پھاڑتی ہوئی آواز کو بند کردو تو کوئی بات یا آواز سنائی دے۔

امل نے بڑبڑاتے ہوئے میوزک کی سسٹم کو آف کیا۔ اور دروازے پر کھڑی دادی کے سامنے پھر سے کھڑی ہو گئی نہ اس نے اماں بی کو اندر آنے کا کہا نہ وہ اندر آئیں۔

بیٹا ہم مسلمان ہیں صبح صبح یہ ناچ گانا ہم کو زیب نہیں دیتا صبح سویرے اٹھ کر سب سے پہلے رب کے آگے سجدہ ریز اور پھر کلام الٰہی سے فیض یاب ہونا چاہیے اور اس کی نعمتوں میں شکر ادا کرنا چاہیے اور پھر صبح کی سیر تو انمول نعمت ہے۔

گرینڈ مام آپ اتنا اچھا لیکچر دیتی ہیں آپ کو مدرسہ جوائن کرلینا چاہیے آپ کا ٹائم بھی پاس ہوجائے گا اور چرچہ بھی عام ہوگا آپ کا اور ساتھ ساتھ خرچہ بھی نکلتا رہے گا اتنے نایاب مشورے کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بعد وہ دروازہ کھٹ سے بند کر چکی تھی۔ اماں وہیں ساکت ہو کر رہ گئیں لفظوں کی گونج اور میوزک کا شور اعصاب پر ہتھوڑے برسانے لگا تھا اور اماں بی بوڑھے قدموں کے ساتھ دھیرے دھیرے سیڑھیاں اترنے لگیں۔

اماں بی نے بہو کے سارے چاؤ پورے کیے ایک مہینے تک کسی کام کو ہاتھ نہیں لگانے دیا سونے آنگن میں جب انابیہ کی چوڑیاں کھنکتی آنچل لہراتا اور فائز ڈھیر ساری محبت آنکھوں میں سموئے اسے دیکھے جاتا تو اماں بی نہال ہو جاتیں مہینے بعد اماں نے اس کے ہاتھ سے کھیر پکوانی چاہی تو اس نے دوٹوک لہجے میں منع کر دیا کہ مجھ سے یہ گھر داری کے کام نہیں ہوتے نہ تو مجھے یہ کام آتے ہیں اور نہ مجھے ان کاموں کے لیے فرصت ہے اس نے لاہور آفس میں تبادلہ کروالیا تھا سو اماں جو سوچ رہی تھیں کہ اب سب کچھ بہو کی نگرانی میں دے کر بڑھاپا اللہ اللہ کرتے گزاروں گی مزید کاموں کے بوجھ تلے دب کر رہ گئیں انابیہ اور فائز صبح سویرے آفس چلے جاتے شام کو واپسی کے بعد تیار ہوتے اور کہیں نہ کہیں گھومنے نکل جاتے اور اکثر رات گئے تک واپسی ہوتی رات کا کھانا وہ باہر ہی کھا لیتے تھے اماں بی دسترخوان پہ کھانا سجائے بھوکی ہی سو جاتیں اماں بی کی تنہائی میں اب بیٹے اور بہو کی بے رخی کا دکھ بھی شامل ہو گیا تھا مگر ہمیشہ کی حیات کی طرح اماں بی کو شکوہ کرنا تو آتا ہی نہیں تھا وقت گزرتا گیا ایک دن ایک خبر نے اماں بی کی تنہائی اور اداس زندگی میں خوشیوں کے ڈھیروں پھول کھلا دیئے شادی کے تین سال بعد انابیہ نے انہیں خبر دی کہ وہ دادی بننے والی ہیں اس دن کا تو وہ گن گن کر انتظار کر رہی تھیں اماں بی نے انابیہ کو ہتھیلی کا چھالہ بنا لیا وہ اسے چل کر پانی بھی نہیں پینے دیتی تھیں سارا دن گھن چکر بنی رہتیں فائز نے انہیں ایک جز وقتی ملازمہ رکھ دی کھیا نابیہ کے لیے بکرے کے پائے کا سوپ بنتا تو کبھی لال لال اناروں کا جوس جو وقت بچتا وہ اپنی بوڑھی انگلیوں میں سلائیاں پھنسائے آنے والے ننھے ننھے مہمان کے لیے سوئیٹر بننے لگتیں۔ بالآخر انتظار ختم ہوا انابیہ کے ہاں ایک خوبصورت اور صحت مند بچی کی ولادت ہوئی اماں بی کو تو ہفت اقلیم کی دولت مل گئی بچی کا نام اماں بی نے اہل رکھا اماں ہی اہل کے ننھے منے کاموں میں الجھ کر ساری تنہائی اور اداسی بھول بیٹھی تھیں کبھی وہ اس کی زیتون کے تیل کی مالش کرتیں اور کبھی اس کی بڑی بڑی غلافی آنکھوں میں گھر کا پیاسہ مہ لگاتیں کبھی اللہ اللہ ہو کی لوری سے روتی ہوئی اہل کو چپ کرواتیں اماں بی بنا تھکے سب کچھ کیے جاتیں حالانکہ ان کی عمر اب آرام کرنے کی تھی انابیہ کو بچی سے کوئی خاص انسیت نہیں تھی وہ پھر سے آفس جانے لگی تھی وقت کے پنچھی نے ایک اور اڑان بھری اہل پاؤں پاؤں چلنے لگی تھی انابیہ کے آزادانہ طرز زندگی اور آفس کے باس کے ساتھ دوستی کی وجہ سے فائز کی ترقی ہو گئی گھر بیچ کر بنگلہ لے لیا گیا گھر سے شفٹ ہوتے ہوئے اماں بی بے تحاشہ روئیں یہ گھر ان کے مرحوم شوہر نے بہت چاہ سے بنوایا تھا مگر اب یہاں انابیہ اور فائز کا دم گھٹتا تھا اور پھر یہ کوئی اسٹینڈس ایریا بھی نہیں تھا اہل سکول جانے لگی تھی گھر میں حرام کمائی آنے لگی تو گھر سے برکت اٹھ گئی گھر بڑا مگر دل چھوٹے ہو گئے انابیہ نے اہل کے لیے ایک آیا رکھ لی تھی بقول اس کے اماں بی کی پرورش دقیانوسی طریقے سے کر رہی ہیں اس طرح میری بیٹی دب کر رہ جائے اور بڑے ہو کر ہماری سوسائٹی میں موو نہیں کر سکے گی۔

اماں بی اب تمام کاموں سے فارغ تھیں وہ ایک عضو معطل کی طرح بس اپنے کمرے میں پڑی رہتی تھیں ایک بار پھر تنہائی اماں ہی کا مقدر ٹھہری تھی عشاء کی اذان کانوں میں پڑی تو اماں بی نے یادوں کا البم دل کے طاق پر سنبھال کر رکھا اور وضو کرنے چل دی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

ال ڈارلنگ جلدی سے تیار ہو کر نیچے آجاؤ دیر ہو رہی ہے تمہارے پاپا پارٹی میں تمہارا انتظار کر رہے ہوں گے انابیہ نے مختصر سے شیفون کے بلاؤز کے ساتھ نیٹ کی ساڑھی پہن رکھی تھی اپنی ساڑھی کے خال ٹھیک کرتے ہوئے وہ نیچے کھڑی ال کو آوازیں دے رہی تھیں اماں بی عشا کی نماز پڑھنے اور کھانا کھانے کے بعد اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھیں جب ال اپنے بیڈروم سے برآمد ہوئی بغیر آستینوں کی قمیض حد سے زیادہ باریک کپڑے کا پاجامہ کافی کھلا گریبان اور گلے میں ڈوپٹے کی زحمت بھی نہ کی گئی تھی لڑکی ذات کم عمری کا حسن اور اتنا کھلا دعوت نظارہ اماں بی کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں تھیں۔

بیٹا اگر باہر جا رہی ہو تو کوئی ڈھنگ کے کپڑے پہن لیتیں اماں بی نے عادت سے مجبور ہو کر مشورہ دے ڈالا۔

فار گاڈ سیک گرینڈ مام یہ فیشن ہے اور پاپا نے چند دن پہلے میری اسکولنگ ختم ہونے پر یہ ڈریس مجھے گفٹ کیا ہے وہ کھٹ کھٹ کرتی حیا اور شرم کو اپنی ہائی ہیل کے نیچے روندتی ہوئی سیڑھیاں اتر گئی۔

اب ساری پارٹی بور گزرے گی گرینڈ مام کو کتنی بار کہا ہے کہ مت ٹوکا کریں مام مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہم جیل میں رہتے ہیں اور ایک پہرے دار آل ٹائم ہمارے سروں پر سوار رہتا ہے۔

کمرے کے دروازے تک پہنچتے پہنچتے ہر بار کی طرح اماں بی نے دل دکھانے والے چند جملے ضرور سن لیے تھے یہ وہی ال تھی جس کے لیے اماں بی بڑھاپے میں جوان ہو گئی تھیں مگر والدین نے بچی کو جو ماحول دیا جیسی تربیت کی یہ سب اس کا ردعمل تھا لیکن مغربی معاشرے کی اندھی تقلید نے انسان کو اتنا بے ہمیت کر دیا ہے کہ اسے باپ بیٹی کے رشتے کے تقدس کا پاس بھی نہیں تھا ایسے کپڑے ال کو فائز نے دلائے تھے اماں بی نے فائز کی تمام ضرورتیں بطریق احسن پوری کی تھیں یا پھر یہ انابیہ کی صحبت کا اثر تھا اماں بی ساری رات فائز انابیہ اور ال کی سلامتی اور راہ راست پر آنے کی دعائیں کرتی رہیں

فائز مجھے ایک بات کرنی ہے انابیہ نے بیڈٹی بناتے ہوئے فائز کو پکارا۔

رات پارٹی میں بہت دیر ہو گئی تھی اور اب تقریباً بارہ بجے سب کی صبح ہوئی تھی۔

فرمایئے بیگم صاحبہ بندہ ایک عرصہ سے آپ کی ہی سن رہا ہے فائز نے شیشے میں اپنے بال سنوارتے ہوئے خوش گوار موڈ میں کہا۔

رات والی پارٹی بڑی شاندار رہی تھی انابیہ اور ال کی وجہ سے فائز ہر سین میں آگے آگے رہا تھا اور اب ترقی کی ایک اور سیڑھی چڑھنا اس کے لیے آسان ہو گیا تھا۔

وہ دراصل فائز۔ انابیہ نے ایک لمحے کے لیے رک کر بات کرنے کے لیے صحیح الفاظ کا چناؤ کیا اماں بی کی وجہ سے ال گھر میں کافی ان ایزی فیل کرنے لگی ہے وہ اسے ہر کام میں ٹوکتی ہیں بلاوجہ کی نصیحتیں کرتی ہے مجھے ڈر ہے یہ روک ٹوک بچی کے ذہن پر برا اثر ڈالے گی ان کا حلیہ اور لائف اسٹائل بھی کافی بیک ورڈ ہے ال کے دوست باتیں بناتے ہیں انابیہ نے کیوٹکس کو کھرچتے ہوئے ٹھہر ٹھہر کے کہا۔

تم کہنا کیا چاہتی ہو انابیہ صاف صاف کہو۔ فائز نے الجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

فائز ہم تینوں اپنی اپنی مصروفیات میں مصروف ہیں اپنی اپنی لائف ہے ہم راتوں کو دیر سے گھر آتے ہیں ایسے میں اماں بی اکیلی گھر میں پڑی رہتی ہیں انکی دوائیاں کھانا کچھ بھی انہیں وقت پر نہیں ملتا صابرہ سے کتنی بار کہا ہے کہ شام کے بعد بھی رک جایا کرے مگر وہ مانتی نہیں ایسے میں اگر آپ برا نہ مانیں تو ایک مشورہ دوں۔ ہاتھوں پر لوشن لگاتے ہوئے کن انکھیوں سے فائز کو دیکھتے ہوئے انابیہ نے بات آگے بڑھائی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

مجھے ابھی تک سمجھ نہیں آیا کہ کیا کہنا چاہتی ہو فائز نے چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے انابیہ کو دیکھتے ہوئے کہا میری ایک بہت ہی اچھی دوست ہے مسز نایاب انہوں نے ایسے تنہا بوڑھوں کے لیے ایک اولڈ ہوم کھولا ہے وہاں کا نظام بہت اچھا ہے بالکل گھر جیسا ماحول ہے میں خود وہاں ہو کر آئی ہوں ہم اماں بی کو وہاں بھیج دیتے ہیں وقت پہ کھانا وقت پر دوائی اور سب سے بڑھ کر اپنی عمر کے لوگوں میں رہیں گی تو ان کا دل بہلا رہے گا اور پھر ویک اینڈ پر ہم انہیں لے آیا کریں گے اور پھر دیکھا جائے تو یہ سب ہم ان کے بھلے کے لیے تو کر رہے ہیں مجھے بھی ان کی تنہائی کا خیال رہتا ہے مگر کیا کروں وقت ہی نہیں ملتا۔

بات تو تمہاری کسی حد تک ٹھیک ہے مگر وہ اس بات پر کیسے راضی ہوں گی انہیں دکھ ہو گا فائز نے پر سوچ لہجے میں کہا۔

ارے آپ فکر نہ کریں میں نے اسکا حل سوچ لیا ہے اماں بی کو پتہ ہی نہیں چلے گا اور پھر ہم دیگر لوگوں کی طرح انہیں ہمیشہ کے لیے تھوڑی بھیج رہے ہیں ہر ویک اینڈ پر ہم انہیں گھر لایا کریں گے تم دیکھنا انکا دل جلدی ہی وہاں لگ جائے گا۔

اور پھر انابیہ فائز کو دھیرے دھیرے کچھ سمجھانے لگی اور وہ نا سمجھ یہ نہیں جانتا تھا کہ وہ اپنی جنت گنوا رہا ہے ان دعاؤں سے محروم ہونے جا رہا ہے جو ہزاروں گناہوں اور غلطیوں کے باوجود اس پر ہمہ وقت سایہ فگن رہتی ہیں وہ اس جھریوں سے بھرے دست شفقت کو کھو رہا ہے جس کے لمس میں سوائے بے لوث پیار کے اور کچھ نہیں ہے۔

اماں بی۔ فائز نے کمرے میں داخل ہو کر انہیں آواز دی جو آنکھوں کو بند کیے چپ چاپ گھڑی کی سوئیاں کی ٹک ٹک سن رہی تھیں انہوں نے چونک کر فائز کی آواز پر آنکھیں کھول دیں آج وہ جانے کتنے دنوں بعد انکے کمرے میں آیا تھا انہوں نے جلدی سے اٹھ کر اس کا ماتھا چوم لیا اور اسے صحت و ترقی اور نیکی کی ڈھیروں دعائیں دے ڈالیں ان سے خوشی سنبھالے نہیں سنبھل رہی تھی

اماں بی آپ سے ایک بات کرنی ہے فائز نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

بول بیٹا بول میں تو تیری باتیں سننے کو ترس گئی ہوں جب تو چھوٹا ہوتا تھا اپنی ہر بات مجھے بتاتا تھا میں سن سن کر تھک جاتی تھی مگر تیری باتیں ختم نہیں ہوتی تھیں انہوں نے نم ناک لہجے میں کہا۔

وہ دراصل اماں بی گھر میں کچھ تعمیراتی کام کروانا ہے اور انابیہ تو آنٹی کے پاس چلی جائیں گی آپ اتنا لمبا سفر نہیں کر سکتیں اور شہر میں کوئی ایسا عزیز نہیں ہے کراچی جس کے پاس آپ ٹھہر سکیں اگر آپ برا نہیں مانیں تو میرے تو فائز نے بات ادھوری چھوڑ دی اماں بی کہنے لگیں۔

بول بیٹا خاموش کیوں ہو گئے ہو۔

وہ اماں میرے ایک دوست کی بیوی نے ایسے ہی کاموں کے لیے چند دنوں رہنے والوں کے لیے ایک گھر بنایا ہوا ہے، بہت اچھا ماحول ہے آپ کو وہاں کوئی پریشانی نہیں ہو گی، اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں چند دنوں کے ۔ وہاں چھوڑ آؤں تا کہ آرام سے کام کروا سکوں فائز نے جلدی سے بات مکمل کی وہ ضمیر کی عدالت ۔ں کھڑا نہیں ہونا چاہتا تھا۔

ہاں ہاں بچے تم بے بہر ہو کر مجھے وہاں چھوڑ آؤ چند دن کی تو بات ہے کوئی بات نہیں کام کے دوران میں اکیلی بوڑھی جان یہاں کہاں رہ پاؤں گی انابیہ اور امل کب جا رہی ہیں انہوں نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔

بس اماں انکی کل کی فلائٹ ہے آپ اپنا سامان پیک کر لیں میں آپ کو کل شام وہاں چھوڑ آؤں گا یہ کہہ کر فائز جلدی سے کمرے سے باہر نکل گیا۔

اماں بی کو اولڈ ہوم میں آئے آج تیسرا دن تھا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کافی سارے بوڑھے اور بیمار تھے اداس پریشان اور زندگی سے ہارے ہوئے مگر ان تین دنوں میں انہوں نے یہ بات ضرور نوٹ کی تھی کہ ان لوگوں کو کسی کا انتظار نہیں تھا اماں بی بھی کسی سے زیادہ بات چیت نہیں کرتی تھیں اور زیادہ تر وہ عبادت الٰہی میں مشغول رہتی تھیں انہیں انتظار تھا کہ کب کام ختم ہو کب فائز آئے انہیں لے جائے یہاں انکی ہر ضرورت کا خیال رکھا جاتا تھا مگر گھر تو پھر گھر ہوتا ہے ایک مہینہ گزر گیا تھا فائز صرف ایک بار ان سے ملنے آیا تھا اور ابھی کام ختم نہیں ہوا یہ کہہ کر چلتا بنا تھا انہوں نے دبی دبی سرگوشیوں میں سنا کہ یہاں جو آتا ہے وہ کبھی گھر واپس نہیں جاتا یہاں اسے صرف موت لینے آتی ہے مگر اماں بی کو پورا یقین تھا کہ انکا فائز ایسا نہیں کر سکتا وہ کس طرح مشکل اور تنگدستی کے دن بھول سکتا ہے جب اماں بی نے بھری جوانی میں کس کسمپرسی کے عالم میں اس کی پرورش کی خود بھوکے رہ کر اس کو کھلایا انہیں پتا تھا کہ کام ختم ہوتے ہی وہ انہیں لے جائے گا مگر ان کا دل ان سب بوڑھوں کو دیکھ کر بہت کڑھتا تھا جنکے بچے کسی نہ کسی وجہ سے انہیں چھوڑ گئے تھے جیسے ان کا کوئی تعلق ہی نہ ہو کیا ماں باپ انگلی پکڑ کر بچوں کو اس لیے چلنا سکھاتے ہیں کہ جب وہ زمانے کے ہم قدم ہو جائیں دوڑنا سیکھ لیں تو ماں باپ کو لے کر اولڈ ہوم کے رستے پر چل پڑیں۔

فائز میں سوچ رہی ہوں اماں بی کو واپس لے آئیں گھر وہ گھر سے گئیں تو مجھے احساس ہوا گھر میں ایک بزرگ کا ہونا بہت ضروری ہے ان کے بغیر گھر بہت ویران لگتا ہے اور کل تو امل بھی انہیں یاد کر رہی تھی اناںبیہ نے آفس سے لوٹتے ہوئے فائز سے کہا خود فائز کے دل پر اتنے دنوں سے ایک بوجھ تھا جو انابیہ کی بات سن کر ہٹتا چلا گیا مگر انابیہ کی کایا پلٹ پر اسے حد درجہ حیرت ضرور تھی اور پھر شام کو ہی وہ دونوں اماں بی کو لینے چلے گئے اولڈ ہوم۔ انابیہ اور فائز کو دیکھ کر اماں بی پر شادی مرگ کی کیفیت طاری ہو گئی انہیں لگا وہ ان سب لوگوں کے سامنے سرخرو ہو گئیں انہوں نے جلدی جلدی اپنا سامان بیگ میں ڈالا بچپن میں جب بھی فائز حد درجہ تنگ کرتا اور اماں بی عاجز آجاتیں تو ماسٹر جی سے ان کی شکایت کرتیں اور وہ ہنس کر کہتے نیک بخت آج کی یہ کھلن کل کو یہ بچے ہیں آرام دے کر اتاریں گے وارڈن سے ملتے ہوئے انہیں مرحوم شوہر کی بات یاد آگئی تو لب خود بخود مسکرانے لگے انابیہ کا رویہ بھی اچھا تھا وہ گاڑی میں سارے راستے اماں بی سے باتیں کرتی رہی گھر میں واپس آکر اماں بی کو کافی حیرانی ہوئی گھر جوں کا توں ہی تھا کوئی کمی بیشی ہوتی تو فائز کام کرواتا تا مگر انہیں ان چیزوں سے کیا فرق پڑتا تھا ان کے شکر کرتے اور خوش ہونے کے لیے یہی وجہ کافی تھی کہ ان کا بیٹا اور بہو انہیں گھر واپس لے آئے تھے صبح نماز فجر کے بعد اماں بی ایک کپ چائے بنانے کچن میں گئی تو لاؤنج کچن سب کچھ ابتر حالت میں تھا سامان بکھرا ہوا تھا جا بجا کچرا پڑا ہوا سنک میں گندے برتنوں کا ڈھیر چائے پینے کے بعد وہ دھیرے دھیرے سب کچھ سمیٹنے لگیں شاید کل صابرہ نے چھٹی کر لی ہو جبھی اتنا بکھیرا ہو رہا ہے یہ سوچتے ہوئے انہوں نے جھوٹے برتن بھی دھونے شروع کر دیئے انہیں گندگی بالکل پسند نہیں تھی انہوں نے اپنی زندگی شروع سے اصول پسندی سے گزاری۔

انابیہ دیر سے اٹھی اس نے خود ناشتہ بنایا اماں بی کو بھی دیا کھانے کی ٹیبل پر امل بھی محبت سے ملی اماں بی بار بار اس تبدیلی کے لیے شکر ادا کرتیں پھر فائز آفس اور امل کالج چلی گئی اور انابیہ اپنے کمرے میں چلی گئی آج پھر صابرہ نے چھٹی کر لی تھی جبھی تو سارے کام انابیہ نے خود کیے تھے خدا خیر کرے صابرہ کے یہاں سب خیر ہو وہ دعائیں دیتی بوڑھے ہاتھوں سے لاؤنج کا بکھیرا سمیٹنے لگیں دوپہر کے دو بج چکے تھے انابیہ ابھی تک کمرے سے باہر نہیں نکلی تھی سب کچھ

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

سمٹ کر اماں بی کھانے اور صابرہ کے بابت پوچھنے کے لیے اس کے کمرے کی طرف چل دیں وہ وہ کمرے میں دستک دینے والی تھی کہ انہیں انابیہ کی آواز آئی وہ فون پر کسی سے باتیں کرنے میں مصروف تھیں وہ چپ چاپ واپس پلٹنے لگیں مگر انابیہ کے منہ سے کہے گئے جملے نے ان کے قدم جکڑ لیے۔

یار نایاب تمہیں تو پتہ ہے کہ کتنا دماغ لڑا کر اماں بی کو اولڈ ہوم بھیجا تھا لگتا ہے قسمت میں اماں بی کا دم چھلا جدا ہونا لکھا ہی نہیں ہے کم بخت صابرہ کے میاں کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی ہے اور وہ اس کی دیکھ بھال کے لیے دو مہینے کی چھٹی لے کر چلی گئی ہے تمہیں تو پتہ ہے آج کل بھروسے والی ماسیاں کہاں ملتی ہیں اور پھر چوکیدار کی بیوی بھی امید سے ہیں۔ دوسری طرف سے کچھ کہا گیا انابیہ چند لمحوں کے لیے چپ ہوئی۔

نہیں یار۔ صابرہ سے بہت ہی مل گئی ہے اور نئی کام والی رکھ لو تو پرانی کے مزاج خراب ہو جاتے ہیں اس لیے دو مہینے تو گزارنے تھے سو اماں بی کو واپس لانا پڑا مجھے تو ٹائم نہیں ہے اور امل کو کچھ آتا نہیں ہے ہاں ہاں وہ اس عمر میں بھی کافی چاق و چوبند ہیں گھر کا کافی کام سنبھال لیں گی اور باہر کے کام کے لیے چوکیدار کا لڑکا رکھ لیا ہے وہ مہینے بعد پھر کچھ سوچیں گے یہ کہتے ہوئے انابیہ نے قہقہہ لگایا اماں بی کو اپنے پیروں پر کھڑا رہنا محال ہو رہا تھا ان کے کانوں میں وارڈن کے الفاظ گونجنے لگے اماں تم پہلی خوش نصیب ہو جسے اولڈ ہوم میں چھوڑنے کے بعد اس کے اپنے واپس لینے آئے ہیں ورنہ یہاں سے تو لوگ قبرستان جاتے ہیں آگے کیا باتیں ہوئی انابیہ نے کب فون رکھا اماں بی اپنے کمرے تک کیسے پہنچی انہیں کچھ پتہ نہیں تھا وہ بس اتنا ہی جانتی تھیں کہ انابیہ کے کمرے تک جا کر انہوں نے بے خبری کا سکھ گنوا کر آگہی کا عذاب خرید لیا تھا۔۔

قارئین کرام کیسی لگی میری یہ کہانی اپنی رائے سے ضرور نوازیئے گا۔ میں آپ کی رائے کا شدت سے انتظار کروں گا۔

میں شہر کی اس بے رونق گلی میں رہتا ہوں
جہاں لوگ بے وفا کو کثرت سے یاد کرتے ہیں
✪..................واجد محمود۔ اٹک

کیا چھپائے گا نقاب اس کے چہرے کو غالب
نگاہ عشق سے پتھر بھی ٹوٹ جاتے ہیں
✪..................واجد محمود۔ اٹک

رو پڑا وہ شخص آج مجھے الوداع کہتے کہتے
میری شرارتوں پہ دیتا تھا دھمکیاں جو جدائی کی
✪..................واجد محمود۔ اٹک

عمر رواں گزر رہی ہے یاد خدا سے غافل
اے دل ناداں سمجھ جا کہ موت کا کوئی وقت نہیں ہوتا
✪..................واجد محمود۔ اٹک

نام تو لکھ دوں تیرا ہر جگہ لیکن یہ خیال آتا ہے
معصوم ہے میرا صنم کہیں بدنام نہ ہو جائے
✪..................واجد محمود۔ اٹک

ہر لفظ کتابوں میں تیرا عکس لئے پھرتا ہے
تیرا اک معصوم سا چہرہ مجھے پڑھنے نہیں دیتا
✪..................نامعلوم

چاند کے حسن پہ ہر شخص کا حق ہے
میں اسے کیسے کہوں کہ رات کو نکلا نہ کرے
✪..................نامعلوم

ابھی تو خشک ہے موسم بارش ہو تو سوچیں گے
کہ ہم نے اپنے ارمانوں کو کس مٹی میں بونا ہے
✪..................نامعلوم

کس طرح ہوتے ہیں لوگ جدائی سے بے خبر
مجھ سے تو ابھی تک اک شخص بھلایا نہ گیا
✪..................نامعلوم

اپنے ہیں جو شوق پرواز رکھتے ہیں
یقین دلوں میں آنکھوں میں خواب رکھتے ہیں
✪..................نامعلوم

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ شخص قیامت تھا

۔۔۔تحریر: محمد اشرف زخمل۔ بچیکی۔ ننکانہ۔ 0301.4761974

محترم بھائی شہزادہ التمش۔

سلام عرض ہے۔ میں آج پھر آپ کے جواب عرض میں ایک کہانی ۔وہ شخص قیامت تھا۔ کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں امید ہے کہ اس کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی کریں گے اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے اور اس میں ایک سبق ہے ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کے لیے اگر کسی ایک نے بھی اس پر عمل کیا تو میں سمجھ جاؤں گا کہ میری کہانی کے لکھنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔

مجھے لکھنے کا بہت ہی شوق ہے اگر آپ نے میری حوصلہ افزائی کی تو میں لکھتا رہوں گا میرے پاس بیشمار کہانیاں ہیں بس مجھے آپ کی طرف سے اجازت ملنی چاہیے امید ہے کہ میری یہ کہانی آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

جواب عرض کی پالیسی کے مطابق اس کہانی میں شامل تمام کرداروں کے مقامات کے نام بدل دیئے ہیں تا کہ کسی کے دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ذمہ دار ادارہ جواب عرض یا رائٹر نہ ہوگا۔

ہر شب اسے جلنے کی عادت سی ہوگی
اسے جلتے ملتے مجھے محبت سی ہوگی
خود کو سجا سنوار کر رکھنے کا شوق تھا
پھر اپنے آپ سے وحشت سی ہوگی
وہ بچھڑا تو پھر مل نہ سکے کبھی ہم
کانچ کا دل ٹوٹا قیامت سی ہوگی
وہ شخص محبت تھا محبت ہی رہتا
وہ بچھڑا تو دل پہ قیامت سی ہوگی

یہ ایک خوبصورت حقیقت ہے کہ انسان کو محبت ہو جاتی ہے محبت کی نہیں جاتی یہ وہ جذبہ ہے جو خود بھڑک اٹھتا ہے بھڑکایا نہیں جاتا اور یہ بھی حقیقت ہے انسان کی زندگی میں محبت ہو جانے کا وقت ضرور آتا ہے محبت ہو جانے کے لیے کسی موسم اور خوبصورتی کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ محبت کا کوئی ٹائم نہیں ہے کہ کب انسان کو کہاں کس سے محبت ہو جائے۔ محبت میں رنگ نسل ذات پات امیر غریبی نہیں دیکھی جاتی بس اتنا چاہا تھا ہے انسان جس سے محبت ہے بس وہ شخص اسی کا ہو اسی سے بات کرے اسی کی باتیں کرے اسی کے تذکرے کرے انسان کو جب کسی سے محبت ہو جاتی ہے تو پھر کوئی چیز نظر نہیں آتی صرف اور صرف اس انسان کی صورت نظر آتی ہے جس سے انسان محبت کرتا ہے محبت تو ایک پاک جذبہ ہے اس میں ملاوٹ جھوٹ بے ایمانی ہے مگر آج اس ہوس کے دور میں ایسا لگتا ہے جیسے کوئی کسی سے محبت نہیں کرتا سارے لوگ ہوس اور حسن کے پجاری ہیں آج کی محبت کیسی ہے ایک انسان کی نجانے کتنی ہی محبتیں چل رہی ہوتی ہیں اور وہ ہر بار ہر شخص سے یہی جھوٹ بولے گا کہ تم میری پہلی محبت ہو تم میری جان ہو تم سے میری زندگی ہو تم میری راتوں کی نیند ہو تم میرے خوابوں کی تعبیر ہو۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

میرا جیون تم ہو میری دلکشی تم ہو یہ وہ باتیں ہیں یہ وہ الفاظ ہیں جو آج ہر دوسرا انسان بولتا ہے اپنی محبت سے۔

مجھے بہت افسوس ہوتا ہے جب کوئی محبت کرنے والے آپس میں جھوٹ بولتے ہیں اگر کوئی کسی کی محبت کا بھرم نہیں رکھ سکتا تو کم از کم اس کو بتا تو دے کہ میں تم سے محبت نہیں کرتا اور نہ آپ کو کسی غلط فہمی میں رکھ سکتا ہوں آج کل کی لڑکیاں اور لڑکے پتہ نہیں کیوں سمجھ نہیں پاتے کہ محبت ہے کیا کیا فون پر بات کرنے سے محبت ہو جاتی ہے کیا ایک میسج کرنے سے انسان کو کسی سے محبت ہو جاتی ہے ایسی محبت محبت نہیں ہوتی ہے صرف اور صرف ڈرامہ ہوتی ہے دھوکہ ہوتی ہے جھوٹ ہوتی ہے آج کل ہر کوئی محبت محبت تو کرتا ہے مگر محبت کوئی نہیں کرتا سب جھوٹ بولتے ہیں پیارے قارئین آج میں آپ کے سامنے ایک ایسی داستان سنانے لگا ہوں. جس کا ایک ایک لفظ حقیقت پر مبنی ہے اور ہمارے معاشرے میں ایسی داستانیں روز جنم لیتی ہیں مگر ہم کبھی دیکھ نہیں پاتے کبھی محسوس نہیں کر پاتے ایک ایسی داستان. جس کو پڑھ کر آپ کو ضرور احساس ہوگا کہ اب اس دور میں محبت کا نام بدنام ہو گیا ہے اس محبت کے نام پر کتنے گناہ کتنے جرم روز ہوتے ہیں آیئے میرے ساتھ میں آپ کو ایک ایسی داستان سناتا ہوں. جس کا نام میں نے وہ شخص قیامت تھا رکھا ہے میری یہ سٹوری آپ تمام محبت کرنے والوں کو بہت پسند آئے گی۔

بے دعا یاد مگر حرف دعا یاد نہیں
میرے نغمات کو انداز نوا یاد نہیں
میں نے پالکوں سے در یار پہ دستک دی ہے
میں وہ سائل ہوں. جس کو صدا یاد نہیں
آؤ اک سجدہ کریں عالم مدہوشی میں
لوگ کہتے ہیں کہ ساغر کو خدا یاد نہیں
زندگی جبر مسلسل کی طرح کاٹی ہے
جانے کس جرم کی پائی ہے سزا یاد نہیں
میں کب سے آنکھ میں آنسو سجائے پھرتا ہوں
سنا تھا کہ اس کو نگینوں کی جستجو ہے. بہت

میں نے بہت عرصہ لاہور کی سڑکوں گلیوں اور بازاروں میں گزارا لاہور کی یادیں اور باتیں ہمیشہ میرے ساتھ ہیں اور میرے ساتھ رہیں گی پھر لاہور شہر سے کسی شخص نے ایسا درد دیا کہ لاہور شہر کو چھوڑ کر میں ہمیشہ کے لیے اپنے شہر ننکانہ آ گیا اور میں ایک سرکاری ملازم ہوں ننکانہ سے میرا گاؤں تقریباً تیس کلومیٹر کی دوری ہے پر میں ہر روز آتا ہوں اور روز شام تک واپس چلا جاتا ہوں آپ لوگ میری تحریریں کو اکثر پڑھتے تو رہتے ہیں کیونکہ میں ایک شاعر ہوں رائٹر ہوں۔ روز میرا سامنا بہت سارے لوگوں سے رہتا تھا میرا مقصد ہمیشہ اسی تلاش میں رہتا تھا کہ کوئی نئی بات ملے کوئی نئی سٹوری ملے اس لیے میں جس گاڑی سے واپس آتا تھا وہ گاڑی اکثر ایک سٹاپ پر آ کر کھڑی ہو جاتی اس سٹاپ پر کوئی نہ تو سواری اترتی تھی اور نہ ہی سوار ہوتی تھی مگر پھر بھی بس روز سٹاپ کرتی تھی ایک دن دیکھا تو ایک نوجوان شخص. جس کی حالت دیوانوں جیسی تھی. جس کی حالت فقیروں جیسی تھی وہ روز بس کے آگے آ جاتا اور مجبوراً بس کو رکنا پڑتا تھا اور پھر ایک شخص اس کو آگے سے ہٹاتا اور پھر گاڑی چلتی ہر روز اس کا کام تھا اس دیوانے فقیر کا جس کی وجہ سے روز بس رک جاتی تھی آج موسم بہت خوبصورت تھا گرمیوں کی وہ خوبصورت شام تھی میں واپس آنے کے لیے گاڑی میں سوار ہوا تو آہستہ آہستہ گاڑی نے چلنا شروع کر دیا شہر سے نکلتے ہی گاڑی میں میوزک چل پڑا میڈم نور جہاں کا گیت یہ تو وہی جگہ ہے گزرے تھے ہم جہاں سے یہ تھے اس گیت کے بول میں اپنی سیٹ کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑکی سے باہر موسم کو انجوائے کر رہا تھا کہ آج پھر اچانک گاڑی رک گئی گاڑی رکی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہی تھی کہ پھر اسی فقیر اور دیوانے نے ایک پتھر اٹھا کر مجھے دے مارا جس کھڑکی میں میں بیٹھا تھا وہ پتھر سیدھا میرے بازو پر لگا میرے بازو سے خون بہنے لگا لوگ اس فقیر کو پکڑ کر مارنے لگے میں نے ان کو روکا کہ اس کو مت مارو میں نے بازو پر پٹی بندھی اور گاڑی میں بیٹھ گیا دوسرے دن پھر وہی شخص وہاں پتھر لے کر کھڑا تھا میں اس دن گاڑی سے اتر گیا اور اس پاگل شخص کے پاس چلا گیا اور میں نے اس سے بات کرنا چاہی مگر وہ مجھ سے دور بھاگنے لگا اس کو شاید اس بات کا ڈر تھا کہ میں اس کو ماروں گا وہ ایک جگہ رک گیا اور میں نے اس کو بڑے پیار سے کہا۔

آپ ایسا کیوں کرتے ہیں کیا آپ واقعی پاگل ہیں کہ ایسا جان بوجھ کر کرتے ہیں۔ آخر آپ کی اس دیوانگی کے پیچھے کیا راز ہے کیا وجہ ہے آپ کی ایسی حالت کیوں ہے پہلے تو اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی ایک برسات جاری ہوئی اور پھر اس نے ایک لمبی اور ٹھنڈی آہ بھری اور کہا۔

آپ کون ہیں۔ اور کیا کریں گے میری زندگی اور میری دیوانگی جان کر۔

میں نے کہا۔ میں ایک رائٹر ہوں میں آپکی کہانی سننا چاہتا ہوں اور پوری دنیا میں سب کو بتادوں گا کہ پلیز تم مجھے اپنی داستان تو بتاؤ کہ تم ایسی حالت میں کس کی وجہ سے ہو کیا آپ کی زندگی میں کوئی ایسا واقعہ پیش آیا ہے کہ تم ایسے ہو گئے ہو۔

اگر سننا چاہتے ہو تو سنو دوست۔ اس فقیر نے اپنی کہانی مجھے کچھ یوں سنائی۔

آج پھر شہر میں آئینے ٹوٹیں گے
آج پھر شہر میں دیوانہ نظر آیا ہے

میرا نام شاہ زیب ہے اور میں لاہور میں رہتا ہوں ہماری ایک بہت ہی خوبصورت فیملی تھی ہم بہت خوش حال تھے میں سکول سے کالج تک پہنچ گیا میری فیملی مجھ سے بہت پیار کرتی تھی کیونکہ میں گھر میں سب سے چھوٹا تھا۔ ہمارا اپنا کاروبار تھا اور ایک مارکیٹ دو دکانوں کی ہماری تھی زندگی بہت ہی خوبصورت گزر رہی تھی میرے چاروں جانب خوشیاں ہی خوشیاں تھیں مجھے صرف اور اپنی تعلیم پر توجہ دینی تھی کیونکہ مجھے تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ میری زندگی میں ایک ایسا موڑ آیا کہ میرا سب کچھ برباد ہو گیا میری زندگی جو بہت ہی پیاری تھی اجڑ گئی ہوا کچھ یوں کہ ننکانہ میں ایک بہت بڑا میلہ لگتا تھا میرے چند دوست جو ننکانہ میں رہتے تھے انہوں نے مجھ سے کہا شاہ زیب آؤ اس بار آپ ہمارے ساتھ ہمارے شہر چلو آپ کو میلہ دکھاتے ہیں میں کبھی میلوں وغیرہ پر نہیں جاتا تھا اور نہ ہی مجھے ایسے کاموں کا شوق تھا مگر دوستوں کی ناراضگی مجھے گوارہ نہیں تھی اس لیے میں نے ہامی بھرلی اور یوں ہم چند دوست ننکانہ صاحب ہنستے مسکراتے ایک دوسرے کو مذاق کرتے پہنچ گئے۔

ہم تیرے شہر میں آئے ہیں مسافر کی طرح
صرف ایک بار ملاقات کا موقع دے دو

ہمارے دوست جو ہمارے ساتھ کالج میں پڑھتا تھا اس کا نام حسنین رضا تھا اور ہم چند دوست رضا کے گھر والوں نے ہم سب کو بہت عزت اور احترام دیا ہماری بہت خدمت کی اور پھر پورے شہر ننکانہ صاحب کی سیر کرائی بہت مزہ آیا ہم کو اور پھر وہ میلہ بھی ہم نے دیکھا سچی بات ہے سارے ننکانہ صاحب شہر میں لوگوں کا اتنا رش تھا کہ تل دھرنے کے لیے جگہ نہ تھی ہر طرف لوگ ہی لوگ تھے گلیوں میں بازاروں میں دکانوں پر پارک میں ہر جگہ ایک رات ہم شہر میں ایسے ہی پھر رہے تھے کہ ایک لڑکی سے ٹکر ہو گئی یعنی وہ لڑکی مجھ سے ٹکرا گئی اس نے سوری بھی کی مگر وہ خوبصورت اور سندر اتنی تھی کہ قیامت تھی دل چاہا کہ یہ لڑکی مجھ سے بار بار ٹکرائے مجھے آج تک کوئی لڑکی پسند نہیں آئی تھی مگر وہ لڑکی مجھے کیوں اتنی پسند آئی

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

مجھے خود بھی معلوم نہیں تھا بس میں اس کو دیکھتا ہی رہ گیا۔ اس نے مجھ سے سوری کی اور اس کے ساتھ ہی اس کی امی جان تھی اس نے بھی سوری کی میں نے کہا کہ کوئی ایسی بات نہیں ہے پلیز آپ مجھے سوری کر کے شرمندہ نہ کریں شہر میں اتنی بھیڑ ہے رش ہے ایسا تو ہو جاتا ہے وہ جاتے ہوئے ہمیں اپنا کارڈ دے گئی کہ کبھی وقت ملے تو رابطہ کرنا وہ تو چلی گئی مگر میرے ہوش اڑ گئے ایسے لگا کہ جیسے دل بھی اپنے ساتھ لے گئی ہو میری ساری دنیا بھی اس کی محبت ہو پھر جب کچھ ہوش ٹھکانے آئے تو دیکھا اس کا نام نازیہ تھا اور وہ کسی پرائیویٹ سکول میں پرنسپل تھی یوں کہنا بجا ہوگا کہ وہ سکول کو چلا رہی تھیں اس کے کارڈ کے اوپر اس کا نام بھی اور ساتھ سکول کا ایڈریس بھی اور آفس کا نمبر اور ایڈریس لکھا تھا۔ اور پھر مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے دھڑکتے دل کے ساتھ ہمت کر کے دل پر بہت بڑا حوصلہ رکھ کر میں نازیہ کو فون کر دیا۔ آگے سے ایک بہت ہی خوبصورت آواز میں نازیہ نے کہا کون ہے میں نے کہا جس کے ساتھ بھیڑ میں بازار میں ٹکر ہوئی تھی اور جس کو آپ نے اپنی عنایتیں کے لیے کارڈ بھی دیا تھا شاہ زیب بول رہا ہوں۔ جی جی شاہ زیب میں نے آپ کو پہچان لیا ہے شاہ زیب صاحب مجھے پورا یقین تھا کہ آپ مجھے ضرور فون کریں گے۔

ہجوم میں تھا شاید وہ کھل کر رو نہ سکا ہوگا
مگر یقین ہے کہ وہ شب بھر سو نہ سکا ہوگا
لرزتے سے ہاتھ شکستہ ڈوری سانسوں کی
وہ خشک پھولوں کو کہاں تک پرو سکا ہوگا

میں نے کہا میڈم جی ویسے ہی دل چاہا آپ سے بات کرنے کو سو فون کر دیا پھر نازیہ نے مجھ سے پوچھا شاہ زیب صاحب آپ کہاں رہتے ہیں میں نے بتایا کہ میں لاہور میں رہتا ہوں اپنا ہمارا بزنس ہے اور میں بی اے کر رہا ہوں ادھر میں میلہ دیکھنے اپنے دوستوں کے ساتھ آیا ہوں اور راستے میں آپ مل گئی تھیں نازیہ جی شاید میں آپ کے لیے ہی ادھر آیا تھا آپ سے بات کر کے بہت اچھا لگا مجھے اور آپ سے بات کر کے بھی بہت اچھا لگا نازیہ نے میرے جاب کا جواب بڑے پیارے سے دیا اور پھر دوسرے دن ہم لاہور واپس چلے آئے مگر میرا دل نہیں لگ رہا تھا پھر آہستہ آہستہ ہماری فون پر گھنٹوں لمبی باتیں ہونے لگیں ساری ساری گزر جاتی فون پر بات کرتے ہوئے نازیہ بہت خوبصورت اور دلکش باتیں کرتی تھیں وہ ایسی پیاری باتیں کرتی تھی کہ اس کی باتوں پر آنکھیں بند کر کے یقین کرنے کو دل کرتا تھا اور پھر ایک دن نازیہ نے مجھ سے کہا شاہ زیب میں نے لاہور آنا ہے مجھ سے ملو گے مجھے اور کیا چاہیے تھا میں نے فوراً ہاں کر دی اور کہا جی ضرور دل میں محبت کا ایک طوفان تھا دل کر رہا تھا کہ ابھی سے وہ آ جائے میں نے اس سے پہلی ملاقات تھی بہت تیاری کی آئینہ کے سامنے کھڑے ہو کر اظہار محبت کے لیے اداکاری کی یہ بات کہوں گا وہ بات کہوں گا میں نے بہت ساری باتیں سوچی تھیں اور میں بہت اچھے اور خوبصورت انداز سے تیار ہوا پینٹ کوٹ ٹائی لگائی اور گاڑی لے کر نازیہ کا انتظار کرنے لگا نازیہ جسے ہی آئی وہ بھی کسی گاڑی پر ہی آئی تھی وہ منظر میری آنکھوں میں ہمیشہ کے لیے بیٹھ گیا جب نازیہ بہت ہی خوبصورت سی ساڑھی میں میرے سامنے آئی اونچا قد لمبے لمبے بال اور خوبصورتی اور دلکشی کا وہ شہکار لگ رہی تھی سلام دعا ہوا اور آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ہم ایک ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے ٹیبل پہلے سے میں نے بک کروایا ہوا تھا۔ ہم آمنے سامنے تھے پہلی بار کسی لڑکی کو اتنا قریب سے اور اتنی محبت کے ساتھ دیکھا تھا میں نے نازیہ سے اپنی محبت کا اظہار کچھ یوں کیا تھا۔

تم نے جو پہن رکھا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بہت ارزاں یہ لہنگا ہے
تمہارا حسن تو انمول ہے
تمہارا حسن تو مہنگا ہے
تمہیں کس بد بخت نے کہا تھا
کہ اس کو پہن لو
اگر میری جان تم کو
تمہارے دشمنوں کی نظر لگ گئی تو
میں کس کو الزام دوں گا
تم تو عام سے لباس میں بھی
بہت خاص لگتی ہو
یاقوت وزمرد الماس لگتی ہو
تمہیں کیا ضرورت ہے
اس طرح کی آرائش کی
تمہارا حسن
تمہاری یہ جوانی
تو قیر بڑھاتے ہیں
زیبائش کی
آئندہ سے تم ایسا مت کرنا
میری جان
تم چیز نہیں ہو
نمائش کی

نازیہ جی میری زندگی میں آنے والی پہلی لڑکی ہو مجھے آپ سے پہلی نظر میں پیار ہو گیا تھا اور اب مجھے راتوں کو نیند نہیں آتی ہے صرف آپ کے خواب آتے ہیں میری نیندوں میں تم ہو میرے خوابوں میں تم ہو اب تم میری زندگی ہو مجھے تم سے محبت ہے اور میری محبت ایک لازوال محبت ہے تم میری پہلی محبت ہو اس لیے میں ہمیشہ آپکے ساتھ رہنا چاہوں گا امید ہے آپ میری محبت کا بھرم رکھیں گے کیونکہ میں نے آپ کی آنکھوں میں اپنی محبت کا عکس دیکھا ہے اور پھر نازیہ نے میرے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہا شاہ زیب۔

ہجر کے موسموں کی کہانی ہم نہ لکھیں گے
کوئی بھی بات پہلے سے پرانی ہم نہ لکھیں گے
ٹھٹھرتے سرد موسم تو سدا دل ہی دکھائیں گے
بکھرتے دنوں کی زبانی ہم نہ لکھیں گے
یہ بس ایک شام جو اپنی تمہارے ساتھ گزری ہے
کوئی بھولی ہوئی نشانی ہم نہ لکھیں گے

مجھے بھی پہلی نظر میں تم سے محبت ہو گئی تھی اس لیے آپ سے جان بوجھ کر ٹکرائی تھی میں اور جان بوجھ کر آپ کو کارڈ دیا تھا تاکہ آپ مجھے فون کر سکیں میں کافی دیر سے آپ کو اس رات دیکھ رہی تھی اس لیے میں تم سے ٹکرائی اور آج آپ کے پاس ہوں آپ کی آنکھوں کے سامنے ہوں میں آپ کی محبت کی قدر کرتی ہوں اور آپ کے سچے جذبات کا احترام کرتی ہوں ہم نے بہت ساری باتیں کیں مستقبل کے خواب دیکھے ساتھ جینے مرنے کی قسمیں کھائیں اور پھر نازیہ نے کہا آپ سے بچھڑنے کو دل نہیں کر رہا مگر مجھے کچھ شاپنگ کرنی ہے اس لیے میں نے کہا چلو اکٹھی شاپنگ کرتے ہیں اور یوں ہم نے اکٹھی شاپنگ کی میں نے نازیہ کو بہت ساری ڈھیروں شاپنگ کروائی اور یوں ہماری پہلی ملاقات ختم ہوئی رات کو فون پر روز بات ہوتی تھی اور پھر ایک دن میں نے نازیہ کو پرپوز کر دیا نازیہ بہت خوش ہوئی پھر ہماری اکثر ملاقاتیں ہونے لگیں دوسرے تیسرے دن روز ہماری ملاقاتیں ہونے لگیں میں نے اس کو اتنی محبت دی کہ اپنا سارا جیون اس کے نام کر دیا اس کو ہر بار اتنی شاپنگ کرواتا کہ وہ سوچ بھی نہ سکتی تھی ایک دفعہ میں نے ساتھ ایک آدمی بھیجا جو سارا شاپنگ کا سامان اس کے گھر چھوڑ کر آیا پھر ایک دن نازیہ نے کہا شاہ زیب مجھے کچھ پیسوں کی ضرورت ہے میں آپ کو واپس کر دوں گی میں نے کہا۔ کیسی باتیں کرتی ہو تم میری محبت ہو اور میرا سب کچھ آپ کا ہے میں

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

نے اس کو دو لاکھ روپے کا چیک دے دیا اور پھر آہستہ آہستہ نازیہ کی محبت میں تبدیلی آنے لگی وہ مجھ سے ملتی تھی تو اس کی حرکتیں بدلنے لگیں پہلے جب ہم ملتے تھے تو اس کی باتوں میں پاکیزگی کا رنگ نمایاں ہوتا تھا مگر اب وہ کچھ بدل سی گئی تھی اس کی محبت میں ہوس کا رنگ امڈ آیا تھا وہ ایسا چاہتی تھی کہ میں اس سے اپنے جسم کی پیاس بجھاؤں مگر میں نے کبھی ایسا سوچا بھی نہ تھا آہستہ آہستہ اس کی باتوں میں محبت میں تبدیلی آنے لگی وہ مجھ سے بدلنے لگی میں نے کہا نازیہ تم مجھ سے دور ہوتی جا رہی ہو

بہت قریب آتے جا رہے ہو
بچھڑنے کا ارادہ کر لیا ہے کیا

وہ اتنا بدل گئی کہ میرا فون بھی نہیں سنتی تھی اور اکثر اس کو فون دوسری کال پر مصروف رہتا تھا اور میں نے اس کو ایک دن کہہ دیا کہ میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں پہلے تو وہ بہت خوش ہوئی مگر پھر کہا شاہ زیب آپ کہاں اور ہم کہاں۔ آپ کے گھر والے کبھی بھی نہیں مانیں گے میں نے گھر والوں سے بات کی مگر وہ نہ مانیں میں نے نازیہ سے کہا اگر گھر والے نہیں بھی مانتے تو میں تم سے محبت کرتا ہوں تم سے شادی کے لیے تیار ہوں بس اس دن کے بعد نازیہ کی کچھ خبر نہ ملی مجھے میں روز فون کرتا تھا مگر فون بند ہوتا تھا کافی دن ہو گئے اس کا نمبر بند رہا میں دیوانے کی طرح رہنے لگا کچھ کھانے نہ پینے کا ہوش رہتا بس لب پر صرف اور صرف ایک ہی بات تھی کہ نازیہ اور جب کچھ پتا نہ چلا تو میں سیدھا ننکانہ صاحب آیا جہاں سے اپنے دوستوں سے پوچھا کہ نازیہ کی کچھ خبر ہے تو مجھے بہت سارے لوگوں نے بتایا کہ تم کس نازیہ کا پوچھتے ہو پھر میں نے ان کو بتایا تو ان لوگوں کی باتیں سن کر میرا دماغ پھٹنے لگا دل چاہا کہ ابھی سے خودکشی کر لوں وہاں کے چند دوستوں نے مجھے بتایا کہ وہ تو بہت غریب سی لڑکی تھی اور اک سکول میں ٹیچر تھی مگر خوبصورت بہت تھی اور وہ اپنی خوبصورتی کا فائدہ اٹھاتی تھی وہ خوبصورت لوگوں سے ایسے ہی کرتی تھی اور اس کا تو لوگوں کو اپنی محبت اور خوبصورتی کے جال میں پھنسا کر دونوں ہاتھوں سے لوٹنا تھا نجانے اس شہر میں اس کی محبت کے کتنے قصے مشہور ہیں پھر مجھے میرے دوستوں نے اس کا گھر دکھایا ایک عام سا گھر تھا جتنے پیسے میں نے اس کو دیئے تھے ان سے تو وہ ایک بہت اچھا گھر خرید سکتی تھی مگر بعد میں پتہ چلا کہ وہ یہ گھر بھی بیچ کر چلی گئی ہے اور پھر یوں مجھے ایک دو لوگوں نے اس کی مجھے بہت بہت غلط اور عریاں قسم کی تصویریں بھی دکھائی اور ایک شخص نے بتایا کہ اس کی شادی بھی ہوئی تھی ایک بچہ تھا وہ سب کچھ چھوڑ کر اور لوگوں سے اپنی جھوٹی محبت کے ایسے ڈرامے کر کے لوگوں سے بہت ساری دولت کما کر امریکہ چلی گئی ہے وہاں سے مجھے پتہ چلا کہ وہ نازیہ کی حرکتیں ایسی تھیں وہ پہلے کسی اور شہر میں رہتی تھی کچھ عرصہ پہلے ہی وہ جہاں آئی تھی وہ اکثر خوبصورت لڑکوں کو اور اچھی گاڑی والے لڑکوں کو کسی نہ کسی طرح ٹکرا جاتی یہ اس کا کسی کو اپنی طرف مائل کرنے کا اپنا سٹائل تھا مجھے بہت افسوس ہوا کہ نازیہ اس قسم کی لڑکی تھی اتنی غلط لڑکی تھی اتنی بے حس ہرجائی بے وفا تھی مجھے بھی اتنا احساس تک نہ ہوا تھا کہ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں نازیہ نے مجھے ایک مذاق کے طور پر لیا تھا مجھے ابھی بھی لوگوں کی کسی بات پر یقین نہیں آ رہا تھا مجھے ایسا لگتا تھا کہ سب لوگ جھوٹ بول رہے ہیں میری محبت سچی تھی میری چاہت سچی تھی میری عقیدت اعلیٰ تھی مگر جو سچ تھا وہ تو سچ تھا کیونکہ سچ سے انکار نہیں کیا جا سکتا تھا میری محبت مجھے دھوکہ دے چکی تھی میری محبت مجھ سے بچھڑ چکی تھی میں ایک دیوانہ بن چکا تھا کتنے خوبصورت اور دلکش انداز میں نازیہ نے مرے ساتھ محبت کا ڈرامہ کیا تھا میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میرے ساتھ نازیہ اس حد تک میرے ساتھ ایسا

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرے گی میری سوچ بھی میں نہیں تھا میں اکثر سوچتا تھا کہ شاید میری محبت میں کمی ہی تھی۔

پلکوں پر سجائے ہوئے زخموں کے نگینے
گزریں گے کسی روز تیرے شہر سے ہم بھی
ایک عمر جسے ذہن نے پوجا ہے، بہرطور
محسن وہ ستم کیش خدا بھی تھا صنم بھی
ایک لمحہ تو دم لینے دے آغوش سکوں میں
اے گردش حالات کسی موڑ پر تھم بھی

مجھے اس بات کا دکھ نہیں تھا کہ میرے بہت سارے پیسے وہ لے کر چلی گئی مجھے صرف اور صرف اس بات کا افسوس تھا کہ میری پہلی محبت تھی وہ اور اتنی کمزور محبت تھی کہ میری اتنے کمزور جذبات تھے میرے مجھے اپنے آپ پر افسوس ہوتا تھا کہ کاش وہ جو چاہتی تھی میں ایسا کر لیتا وہ مجھ سے ڈرامہ کرتی رہی مگر میں نے نازیہ سے سچی محبت کی تھی اور ابھی بھی کرتا تھا کیونکہ میری محبت میں کوئی ملاوٹ یا بناوٹ نہیں تھی میرے ملنے میں یا باتوں میں کوئی فرق نہیں تھا میری باتوں میں میری چاہتوں میں کوئی ملاوٹ نہیں تھی کوئی بناوٹ نہیں تھی میرے دل سے میرے دل سے نازیہ کی صورت مٹتی نہیں تھی ہر وقت دل کرتا تھا کہ نازیہ کی باتیں ہوں نازی کی یادیں ہوں اسی کے تذکرے ہوں میری آنکھوں سے نازیہ کی صورت کسی وقت بھی نہیں ہٹتی تھی میرے چاروں جانب صرف اور صرف نازیہ کی پرچھائیاں تھیں

میرے مزاج کا دشمن میری گواہی دے
کہ تیرا نام بھی لیتا ہوں میں دعا کی طرح
ہزار نعمتیں دنیا نے بخش دیں مجھ کو
میں آدمی تھا مگر چپ رہا خدا کی طرح

میرا دل نہیں کرتا تھا کہ کوئی کام کرنے کو میں سچ میں پاگل ہو گیا تھا گھر والے بہت دفعہ آئے مجھے لینے کے لیے مگر میری حالت پھر ویسی کی ویسی ہو جاتی اور میں گھر سے بھاگ کر یہاں آ جاتا اور پھر گھر والے بھی تنگ آ گئے انہوں نے مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا اور میں یہاں اسی شہر میں جہاں نازیہ کی یادیں وابستہ تھیں میں ادھر ہی رہتا تھا اگر کوئی کھانا دے دیتا تو لے لیتا ورنہ بھوکا ہی ان شہروں کی گلیوں میں بازاروں میں کسی فٹ پاتھ پر رات گزار لیتا اب تو میری نازیہ کے عشق میں ایسی حالت ہو گئی تھی شہر کے لوگ گلی کے بچے مجھے پتھر مارتے تھے اور سارے لوگ مجھے پاگل دیوانہ اور مجنوں بنا کر پتھر مارتے تھے اب بھی یہ لوگ مجھے پتھر مارتے تھے پاگل کہتے ہیں میں اس کو تلاش کر رہا ہوں وہ جیسی بھی تھی میری محبت تھی اور میری محبت ہے وہ جہاں بھی ہے میرا دل ضرور کہتا ہے کہ وہ ایک دن ضرور لوٹ کر آئے گی میں اس دن کا انتظار کر رہا ہوں اور کرتا رہوں گا۔ جب میری محبت میری نازیہ مجھے آ کر گلے لگائے گی اور مجھ سے معافی مانگ لے گی اور کہے گی شاہ زیب مجھ سے غلطی ہو گئی میں نے آپ کے ساتھ زیادتی کی میں نے آپ کے سچے پیار کی قدر نہ کی میں نے آپ کے ساتھ مذاق کیا پلیز مجھے معاف کر دو اور میں اس کو معاف کر دوں گا۔

قارئین کرام یہ تھی اس کی سچی کہانی جب سے لوگوں نے اس کو مارنا شروع کیا ہے وہ بھی لوگوں کو مارتا ہے تا کہ کوئی اس کو نہ مارے بھی ہوش میں ہوتا ہے تو کبھی مدہوشی میں ہوتا ہے کچھ پتہ نہیں چلتا اس کو اسی وجہ سے اس نے مجھے اس روز پتھر مارا تھا اور ہر بس کو روک کر اس لیے سامنے آتا ہے کہ شاید نازیہ ہو شاید نازیہ ہو۔ وہ اب مجھے کچھ نہیں کہتا ہے بس اپنی محبت کا انتظار کرتا ہے اسے کسی کی بھی پرواہ نہیں ہے صرف نازیہ کا انتظار ہے اگر نازیہ نامی یہ کہانی پڑھ رہی ہو تو پلیز اس سے رابطہ کرے اس کی زندگی کو بچا لے اسے آپ کا انتظار ہے آپ اس کا انتظار ختم کر دیں۔ وہ سچا پیار کرنے والا ہے اس کے دل میں صرف آپ کا ہی پیار ہے۔------

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

عشق سزا ہے

تحریر: ندیم عباس ڈھکو، ساہیوال | 0322-5494228

محترم شہزادہ صاحب!

السلام علیکم! امید کرتا ہوں کہ جواب عرض کا سٹاف خیریت سے ہوگا۔ سر آج اس بزم میں معاشرے کی عکاسی کرنے کے لیے ایک داستان لے کر حاضر ہوا ہوں۔ امید کرتا ہوں کہ قارئین اس کو ضرور پسند کریں گے۔ مجھے قارئین کی رائے کا بڑی شدت سے انتظار رہے گا۔ میری پہلی سٹوری غموں کے باغات پر بہت سے قارئین نے محبت اور چاہت بھرے لیٹر ارسال کیے جن کو پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ یہ قارئین کی محبت ہے جو آج پھر بزم میں حاضر ہوا ہوں اور امید کرتا ہوں ہمیشہ اسی طرح ہی ساتھ دیں گے اپنے چاہنے والے دوستوں کے نام ایک غزل

اداس جاگتی آنکھوں کے خواب لایا ہوں
میں پتھروں میں چھپا کر گلاب لایا ہوں
جو ہو سکے تو تنہائیوں میں پڑھ لینا
تمہارے واسطے دل کی کتاب لایا ہوں
وہ اک سوال جو تم نے کبھی نہیں پوچھا
سجا کے پلکوں پہ اس کا جواب لایا ہوں
تجھ کو مجھ سے نہیں میری محبت سے گلہ ہو گا
لے دیکھ میں خلوص اجناب لایا ہوں
دل پہ لگے زخم تو کبھی مٹا چکا ہوں دوستو
یہ تو روح کی چوٹوں کا حساب لایا ہوں

ادارے کی پالیسی کے مطابق نام اور مقامات سب فرضی ہیں کسی قسم کی مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی۔

اس کہانی میں شامل تمام کرداروں اور مقامات کے نام فرضی ہیں

بہت ستایا ہے کسی کی بے بس یادوں نے اے زندگی
اب تو ختم ہو جا کہ اور رویا نہیں جاتا

کاشف چلو سیر کرنے چلتے ہیں۔ مجھے میرے دوست علی نے کہا جو صبح صبح ہی میرے پاس آ چکا تھا۔ لیکن مجھے نیند سے بیدار ہونا بڑا مشکل لگتا تھا وہ بھی خاص کر صبح صبح۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

سوری میں اپنا تعارف کرواتا تو بھول گیا جی قارئین میرا نام کاشف ہے اور علی میرا بہت ہی اچھا اور بچپن کا دوست تھا میرے والدین غریب تھے لیکن پھر بھی وہ مجھے تعلیم حاصل کروا رہے تھے محنت مزدوری کر کے اس بات کا مجھے بھی احساس تھا کبھی کبھی جب میں اپنے ابو کو کام سے واپس آتے ہوئے دیکھتا تو بہت دُکھ ہوتا۔ میں اپنے والدین سے جب کہتا کہ میں کام کرتا ہوں شام کو، پہلے ٹائم تعلیم حاصل کرتا رہوں گا اور ساتھ ساتھ شام کو کام بھی اس طرح ابو جان کو بھی کم محنت کرنی پڑے گی لیکن والدین روک دیتے کہ تم بس اپنی تعیم پر توجہ دو اور دیکھو بیٹا ہم یہ سب آپ کے لیے ہی کر رہے ہیں۔ یہ سب تمہارا ہی ہے۔ بڑی عمر پڑی ہے نوکری کرنے کے لیے انشاء اللہ میرا بیٹا بڑا ہو کر آفیسر بنے گا پھر ہماری تمام مشکلات ختم ہو جائیں گی۔ میرے والدین بہت ہی پیار کرنے والے تھے۔ میرے والدین دنیا کے عظیم ترین انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ میرے والدین جیسا سب کو پیار، محبت کرنے والے والدین دے۔ پر افسوس کہ اللہ نے والدین تو اتنے محبت اور پیار کرنے والے دیئے پر میرا نصیب بھی اتنا اچھا دیتا تو کیا بات تھی۔ زندگی تو نام ہے دکھ سکھ کا ہے۔ کاشف بھائی چلو بھی گئے کہ نہیں بھئی جاتے ہیں کچھ دیر انتظار کرو۔ میں نے جلدی جلدی منہ دھویا۔ علی تھا کہ صبح صبح ہی جگا دیتا تھا ای بھی بڑی کوشش کرتی پر اتنی جلدی نہیں بیدار ہوتا تھا۔ دراصل میں نے میٹرک کا امتحان دیا ہوا تھا اس لیے سکول، کالج وغیرہ کی تو کوئی ٹینشن نہیں ہوتی تھی اور کاشف تم کیا کرنے لگا، میں نے واش روم کے اندر سے ہی آواز دے دی۔ میں دیر کر رہا تھا کیونکہ سردی تھی لیکن وہ مجبور کر رہا تھا کہ جلدی کرو۔ مجبوراً جلدی جلدی تیاری کی تیاری کیا تھی اپنے آپ کو ایکٹو کیا تھا۔ چلو جی صبح صبح دماغ کھا لیتے ہو میں نے گھر سے نکلتے ہوئے اپنے پیارے دوست علی کو تنگ کرتے ہوئے کہا۔ آئندہ نہیں آؤں گا میرے دوست نے غصے سے کہا۔ میں نے پھر کہا اتنا غصہ کیوں کرتے ہو یار مذاقاً کہا ہے اور آپ ہو کہ منہ بنا لیا ہے۔ اچھا اس بات کو چھوڑو میں نے بھاگتے بھاگتے اس سے پوچھا کہ وہ ہمارا میٹرک کا رزلٹ کب آئے گا؟ او یار یاد آ گیا وہ ہمارا کلاس فیلو سلیم کہہ رہا تھا کہ آج بارہ بجے آنا ہے۔ میں نے علی کے منہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ کہ سچ میں یار آج آ رہا ہے۔ مجھے پتہ بھی نہ چلا اور پارک کے چوک کے دوسری طرف سے بھاگتی ہوئی لڑکی مجھ سے ٹکرا گئی۔ شاید اس کا دھیان بھی دوسری طرف تھا۔ وہ میری طرف دیکھ رہی تھی۔ میں اپنے آپ کو قصور وار کہنے لگا اور اس سے معافی مانگنے لگا۔ وہ بڑے نرم لہجے میں بولی کوئی بات نہیں غلطی میری تھی۔ میں اپنے بھائی کو دیکھ رہی تھی۔ کوئی بات نہیں وہ مسکراتے ہوئے بولی۔ اتنے میں اس کے پاس ایک چھوٹا سا بچہ بھاگتا ہوا آیا اور بولا آپی گھر چلیے بھوک لگی ہے۔ وہ بچے کو اٹھا کر چل پڑی۔ شاید وہ بچہ اس کا بھائی تھا اور وہ اس کی طرف ہی دیکھ رہی تھی۔ وہ تو چلی گئی میرے پاس کھڑے میرے دوست علی نے کہا۔ میں نے کہا تو میں کیا کروں۔ پھر ہم کافی دیر سیر کرتے رہے علی بار بار مجھے تنگ کر رہا تھا کہ وہ لڑکی کتنی خوبصورت تھی وغیرہ لیکن میں نے علی کو منع کر دیا کہ پلیز لڑکیوں کی باتیں میرے سامنے مت کیا کرو۔ مجھے ان چکروں کا کچھ نہیں پتہ بس یہ سب فضول ہے اچھا بابا جب تم کو ہو گا پھر آپ سے پوچھوں گا فی الحال تو گھر چلیں۔ مجھے کبھی نہیں ہو گا لڑکی سے پیار اور گھر چلو۔ واپسی کے سفر میں ہم رزلٹ کے بارے میں سوچتے آئے کہ پاس ہو گئے تو کس کالج میں ایڈمیشن وغیرہ لینا ہے۔ میں نے کہا کہ علی یار پلیز تم اسی کالج میں داخلہ لینا جس میں میں لوں اس نے کہا ہاں اسی میں ہی لوں گا پر ایک شرط ہے شرط کیسی بھائی وہ یہ کہ تم میرے ساتھ صبح صبح سیر کیا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرو گے۔ میں نے مسکراتے ہوئے کہا اوکے جان کیا کروں گا۔ اتنے میں میرا گھر آ گیا میں نے کہا اچھا علی بھائی پھر دوپہر کو ملاقات ہو گی۔ وہ چلا گیا اور جاتے ہوئے بولا کہ اس لڑکی کو یاد رکھنا۔ اوئے جاتا ہے کہ توں نہیں۔ میں نے اسے ڈانٹتے ہوئے کہا۔ میں آپ قارئین کو بتاتا چلوں کہ علی کے والدین بھی محنت مزدوری کرتے تھے۔ وہ بھی چاہتے تھے کہ علی پڑھ کر جب آفیسر بنے گا تو پھر ان کے دن بدل جائیں گے میں نے گھر میں داخل ہوتے ہی ماں کو آواز لگا دی۔ کیا بات ہے بیٹا؟ امی نے دوسرے کمرے سے ہی آواز لگا دی امی وہ میرا آج رزلٹ آ رہا ہے۔ دعا کرنا میں نے چارپائی پر بیٹھتے ہوئے کہا یہ سن کر میری جان میرے پاس آئی اور بولی بیٹا اللہ تم کو ہر میدان میں کامیاب کرے گا۔ تمہاری ماں کی دعائیں تمہارے ساتھ ہیں۔ میں نے آگے بڑھ کر ماں کو سینے سے لگا لیا۔ امی بھوک لگی ہے۔ لو بیٹا بھوک لگی ہے تو کھانا ابھی لے آتی ہوں۔ میری امی نے صبح صبح ہی کھانا تیار کر لیا تھا میں کھانا وغیرہ کھانے کے بعد چھت پر چلا گیا۔ ایسے ہی میں ادھر ادھر دیکھ رہا تھا کہ اچانک میری نظر ایک جگہ جا کر رک گئی ایک لڑکی وہی جو پارک میں مجھ سے ٹکرائی تھی میری طرف ہی دیکھ رہی تھی۔ وہ ہماری گلی سے پیچھے والی گلی میں رہتی تھی ان کا گھر اتنا خوبصورت تھا کہ دل کرتا تھا دیکھتا ہی رہوں۔ میں خیالوں میں ڈوبا ہوا کھڑا ہوا تھا کہ علی آ گیا اور اچانک مجھے ڈرا دیا۔ میں ایک منٹ کے لیے تو کانپ ہی گیا۔ علی نے کہا کہ یار میٹرک کا رزلٹ آ گیا ہے۔ چلو جلدی کرو ہم بازار چلتے ہیں اور رزلٹ معلوم کرتے ہیں۔ میں نے کہا چلو میں دل میں شکر ادا کر رہا تھا کہ علی نے اس لڑکی کو نہیں دیکھا تھا ورنہ میری تو بربادی ہو گئی تھی۔ پھر ہم کچھ منٹ کے بعد بازار میں تھے۔ پہلے علی کا رزلٹ معلوم کیا تو وہ پاس ہو گیا پھر میرا چیک کیا تو میں بھی پاس ہو گیا تھا۔ میں نے یہ خوش خبری جب اپنی امی کو سنائی تو میری ماں کا چہرہ گلاب کی طرح کھلتا گیا۔ میری ماں میری کامیابی کے لیے دعائیں کر رہی تھی دوسری طرف علی کے والدین کا بھی یہ ہی حال تھا۔ ہمارے گھر والے بڑے خوش تھے۔ سارا دن ہم نے دوستوں کے ساتھ گزار دیا شام کو میں گھر آیا تو میرے ابو نے مجھے پاس بلا لیا اور ماتھا چوما اور کہنے لگے بیٹا مجھے پتہ تھا کہ میرا بیٹا کبھی میری محنت کو ضائع نہیں کرے گا۔ یہ خوش خبری سن کر میرے ابو کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ میں نے پوچھا ابو آپ رو رہے ہو۔

نہیں بیٹا بس وہ منظر یاد آ رہا ہے جب میرے سگے بھائیوں نے مجھ کو بری طرح مارا تھا اور رات کے وقت گھر سے نکال دیا تھا۔ میں نے پوچھا ابو جان وہ کیوں؟ اور آپ نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا۔ بیٹا اس لیے نکال دیا تھا کہ میں نے تمہاری ماں سے محبت کی تھی اور آپ کی ماں کے والدین ہماری شادی کے لیے نہیں مان رہے تھے تب ہم نے بھاگ کر شادی کی تھی۔ ہم دونوں کے ایک ہونے سے بیٹا آپ کے چچا نے انکار کر دیا اور فیصلہ کیا کہ اگر آپ اس کو اپنے پاس رکھو گے تو تم اس گھر میں کبھی نہیں رہو گے۔ پھر میں نے تمہاری ماں کو لے کر وہاں سے چل پڑا پھر آپ کے تایا نے مجھ پر الزام لگایا کہ میں نے گھر کا سونا چوری کیا ہے اور ہم دونوں کو بہت مارا پھر دوسری رات ہم دونوں وہاں سے بھی بھاگ آئے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے وہ شہر چھوڑ کر یہاں آ گئے۔ اور اپنی محنت مزدوری سے یہ گھر بنایا۔ تمہاری پیدائش ہونے کے بعد تمہاری ماں کو ڈاکٹر نے کہا کہ آپ پھر کبھی ماں نہیں بنو گی۔ بیٹا بس وہ سب منظر یاد کر کے بہت دکھ اور تکلیف ہوتی ہے۔ عشق سزا ہے۔ محبت کرنا تو جرم ہے اس کی سزا ملتی ہے ضرور لیکن وہ سزا اوپر سے اور زمانے کی دربدر ٹھوکریں ہوتی ہیں بیٹا بس اب ہم دونوں کا سب کچھ تم ہی ہو۔ میں نے اپنے ابو کو حوصلہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

دیا ساتھ ہی بیٹھی ہوئی میری ماں نے بھی کہا کہ خوشی کے موقع پر کیسی باتیں لے کر بیٹھ گئے ہو۔ چلو آؤ کھانا کھاتے ہیں پھر ہم تینوں امی، ابو اور میں نے مل کر کھانا کھایا۔ امی ابو دونوں باری باری مجھے اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلاتے رہے۔ پھر ابو دن کے کام کر کے تھکے ہوئے تھے وہ سو گئے جلدی ہی امی بھی سو گئی میں ابو کی باتیں ذہن میں دوہرا رہا تھا اے عشق تو اتنی بڑی بھی سزا دیتا ہے۔ تو اپنوں کو اپنوں سے جدا کیوں کرتے ہو۔ تم بہت ظالم ہو بے درد ہو، اے عشق تو کتنوں کو اور برباد کرے گا مجھے اپنے والدین پر ناز ہونے لگا کہ ایسے حالات میں بھی مجھے انہوں نے ایک اچھی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک اچھا ماحول دیا تھا کہ مجھے کبھی اپنے رشتے داروں کی کمی ہی محسوس نہیں ہوئی تھی۔ قارئین پلیز والدین کی قدر کیا کرو۔

والدین جیسی نعمت اگر ایک بار ہم سے جدا ہو جائیں تو پھر یہ ملتے نہیں پھر ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ جاؤ دوستو جو آج جدا ہیں اپنے والدین سے پلیز خدا کے لیے ان کو منالو کبھی والدین کا دل مت توڑو۔ ان کی قدر ہم کو ان کے جانے کے بعد ہوتی ہے۔ پردیس میں بسنے والے اور اپنے والدین سے جتنے بھی لوگ ناراض ہیں پلیز آج ہی ان کو منالو۔ والدین کو راضی کرنے کے لیے اپنی جان تک قربان کر دو مگر والدین کو ناراض مت کرو اگر والدین ناراض ہو گئے تو پھر اللہ تعالیٰ ناراض ہو جاتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ ناراض ہو گیا تو پھر سوچو قارئین ہم کہاں جائیں گے۔ اس ذات کو ناراض کر کے ہماری دنیا و آخرت کی کامیابی صرف والدین کی خوشی میں ہے۔ اگر والدین تمہارے تم سے خوش ہیں تو پھر وہ ذات بھی تم سے راضی ہے اگر وہ ذات تم سے خوش ہے تو پھر دنیا و آخرت دونوں تمہارے لیے جنت ہیں۔ اے انسان ذرا سوچو والدین کی قدر۔ ان سے پوچھو جن کے والدین اس جہاں میں نہیں ہیں ان سے پوچھو کہ والدین کیا چیز ہیں کیا قدر ہے والدین کی۔ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں رہ جاتا۔ ابھی سے سنبھال لو اپنے آپ کو جب یہ وقت گزر گیا پھر بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ ان کی قدر کیا ہوتی ہے وہ تم کو خود پتہ چل جائے گا بعد میں خدا کے لیے کبھی تنہائی میں سوچا کرو۔ کیا تم جو کرتے ہو کیا غلط ہے اور کیا ٹھیک۔

وہ ساری رات میں نے یوں ہی سوچتے سوچتے ہی گزار دی صبح اٹھا کر الو پھر روٹین کے مطابق کام پر چلے گئے۔ امی گھر کے کام کرتی رہی اور میں بھی کھانا کھا کر سو گیا۔ آج میرا دوست علی بھی نہیں آیا تھا پتہ نہیں کیوں۔ شام کے وقت وہ آیا اور بولا کہ کل ہم کالج میں داخلہ لینے جائیں گے۔ او کے ٹھیک ہے میں نے بس اتنا ہی کہا۔ علی نے سیریس ہوتے ہوئے پوچھا بھائی خیریت تو ہے تم اتنے پریشان کیوں ہو۔ میں نے کہا کچھ نہیں۔ یار بس ویسے آپ کو محسوس ہو رہا ہے اچھا پہلے کبھی نہیں ہوا آج ہی محسوس ہوا ہے۔ میں نے غصے میں کہا کہ پلیز علی اچھا یار میں چلتا ہوں میں نے کہا ارے یار ناراض ہو گئے ہو۔ وہ غصہ کر گیا تھا میں نے اسے روکا اور مسکراتے ہوئے اسے کہا کہ یار سوچ رہا تھا کہ کس کالج میں داخلہ لیں۔ تب اس کا موڈ ٹھیک ہوا اور بولا یار میری مانو گے۔ کونسی بات میں نے اس کے منہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ بات یہ کہ ہم دونوں جو وہ مدینہ چوک کے نزدیک کالج ہے گورنمنٹ کا ہم اس میں داخلہ لیں تو اچھا ہوگا ایک ہی کالج میں مل بھی جائے گا۔ اور دوسری بات ہم دونوں کے گھر بھی نزدیک ہیں۔ میں نے کہا کہ سوچتے ہیں اور کل صبح تیار رہنا میں گھر والوں سے رات کو بات کروں گا کہ کس کالج میں داخلہ لینا ہے پھر صبح ہم داخلہ بھی لے لیں گے۔ او کے یار میں چلتا ہوں علی نے جاتے ہوئے کہا۔ خیریت تو ہے آج اتنی جلدی جبکہ پہلے کافی لیٹ جاتے تھے یار آؤ چائے پیتے ہیں۔ میں نے علی کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے کہا۔ نہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

یار امی کی طبیعت خراب ہے مجھے جلدی چلنا چاہیے۔ کیا ہوا ہے خالہ کو میں نے چونکتے ہوئے پوچھا آپ نے پہلے کیوں نہیں بتایا مجھے کچھ نہیں تھوڑا سا بخار ہے۔ اچھا ٹھیک ہے اپنا خیال رکھنا اور سیدھا گھر جانا امی کو کام نہ کرنے دینا خود کر لینا۔ میں نے علی کو نصیحت کرتے ہوئے کہا۔ وہ چلا گیا۔ امی ابو سے رات کو بات کی تو انہوں نے یہ ہی کہا کہ جس میں آپ کا دل کرتا ہے داخلہ لے لو۔ میری خوشی کی انتہا نہ رہی وہ رات میں نے بڑی مشکل سے گزاری کیونکہ مجھے کالج میں پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ اور اب میں بڑی بے صبری سے اس دن کا انتظار کر رہا تھا کہ کب میں کالج میں جایا کروں گا۔ اللہ اللہ کر کے وہ رات میں نے گزاری صبح ٹائم سے پہلے ہی میں تیار ہو گیا تھا۔ گھر والوں کی دعاؤں کے سائے میں مجھے گھر سے رخصت کیا گیا کالج میں داخلہ لینے کے لیے علی مجھ سے پہلے ہی تیار ہو کر بیٹھا تھا شاید وہ میرا ہی انتظار کر رہا تھا

سلام دعا کے بعد علی نے پوچھا کہ کس کالج میں داخلہ لینا ہے میں نے کہا کہ جس میں آپ کی مرضی میری طرف سے اجازت ہے آپ کو آپ جس کالج بھی لے جاؤ ہم اسی میں ہی داخلہ لیں گے۔ اس نے کہا کہ میرے خیال میں گورنمنٹ کالج ہی بہتر رہے گا۔ پھر ہم گورنمنٹ کالج چلے گئے پرنسپل نے ہم کو بڑی خوشی سے داخل کر لیا۔ میں آپ سب قارئین کو بتا تن چلوں کہ علی اور میں ہم دونوں تعلیمی میدان میں اچھے تھے اور ہم دونوں کو دوسروں کی طرح کھیلنے کا شوق نہیں تھا ہم دونوں کو تعلیم سے بے حد پیار تھا ہم محنت کرتے تھے اور اس محنت کا پھل بھی ہم کو ملتا تھا

ہم (روٹین) کے مطابق کالج آنے لگے

ہم دونوں کے چرچے جلد ہی کالج میں ہونے لگے۔ ہر کوئی ہم سے دوستی کی خواہش کرنے لگا لیکن کسی سے بھی دوستی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں برے ہزار دوستوں سے ایک اچھا ہی بہتر ہے ہم دونوں صرف مطلب سے مطلب رکھتے تھے ہم کلاس میں کسی سے فری نہیں ہوتے تھے بس ہم دونوں آپس میں ہی ایک دوسرے کے دکھ سکھ سنتے تھے ایک روز ہم کالج کے صحن میں بیٹھے ہوئے آپس میں باتیں کر رہے تھے کہ دو لڑکیوں نے ہمارے پاس آتے ہی کہا کہ کیا ہم آپ کے پاس بیٹھ سکتی ہیں میں علی کی طرف دیکھنے لگا کہ وہ کیا جواب دیتا ہے تو علی نے کہا کہ ضرور کیوں نہیں میں حیران ہو کر علی کی طرف دیکھ رہا تھا مجھے علی سے یہ امید نہیں تھی کہ وہ ان کو یہ جواب دے گا۔

میں غصے سے وہاں سے اٹھ کر کمرے کی طرف آ گیا جب میں اٹھنے لگا تو ایک لڑکی نے کہا کہ آپ بیٹھو ہم چلی جاتی ہیں لیکن میں جواب دیے بغیر ہی کمرے میں آ گیا تھوڑی دیر میں وہ تینوں باتیں کرتے رہے پھر وہ بھی کلاس روم میں آ گئیں کیونکہ کلاس کا ٹائم ہو گیا تھا علی ان سے ہنس ہنس کر باتیں کر رہا تھا علی میرے پاس آتے ہوئے بولا کیا ہوا تھا یار تم اٹھ کر وہاں سے کیوں آ گئے تھے میں نے بس اتنا ہی کہا کہ پلیز علی ویسے مجھے آپ سے یہ امید نہیں تھی۔ بھائی کیا ہوا ہے وہ پاس بیٹھ گئی ہیں تو کیا ہوا ہے تو جاؤ ان سے ہی باتیں کرو میں غصے میں کلاس چھوڑ کر گھر آ گیا امی نے کہا کہ بیٹا آج جلدی کیوں آ گئے ہو میں نے کہا کہ ویسے ہی سر میں تھوڑا درد تھا تو آ گیا۔ امی نے کہا کہ میں ڈاکٹر کو بلا کر لاتی ہوں۔ نہیں امی جان رہنے دو تھوڑی دیر میں آرام آ جائے گا آپ کام کریں میں آرام کرنا چاہتا ہوں میں سو گیا مجھے سو فیصد یقین تھا کہ علی گھر لازمی آئے گا لیکن وہ نہیں آیا۔ میں دوسرے دن کالج نہیں گیا میں نے کہا کہ وہ شاید آئے گا آج وجہ ضرور پوچھنے کہ میں کالج کیوں نہیں آیا پر وہ آج بھی نہیں آیا تھا تیسرے دن میں کالج گیا تو میں سیدھا کلاس روم میں چلا گیا وہ باہر صحن میں اسی لڑکی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا لیکن دوسری لڑکی ان کے پاس نہیں تھی اس نے مجھے دیکھ لیا تھا لیکن اس کے ساتھ باتیں کرتا رہا اور میرے ذہن میں پتہ نہیں کیوں یہ بات گردش کر رہی تھی کہ علی اس سے زیادہ ہی فری ہوتا جا رہا ہے جو مجھے پوچھتے بھی نہیں آیا میں کلاس میں بیٹھا ہوا تھا اور اپنے آپ کو بڑا تنہا اور اداس محسوس کر رہا تھا کہ ایک لڑکی نے کہا کاشف میں نے آپ سے ایک بات کرنی ہے اگر ٹائم ہو تو پلیز لائبریری میں میرے ساتھ آسکتے ہو میں نے لڑکی کی طرف غور سے دیکھا تو یہ وہی لڑکی تھی جس سے میں ایک دن پارک میں ٹکرایا تھا جی خریت تو ہے میڈم۔ جی ہاں خیریت ہی ہے آپ چلیں میں آپ کو سب بتاتی ہوں میں اس وقت اس کے ساتھ چل پڑا پتہ نہیں کیوں مجھ میں اتنی ہمت آگئی تھی کہ لڑکیوں سے اس طرح بات کروں گا اور پھر مجھے یہ سب عجیب سا لگ رہا تھا میں تنہا تھا سوچا چلو ٹائم اچھا گزر جائے گا اس کی بات تو سنو جب ہم لائبریری میں داخل ہوئے تو ایک طرف میں نے علی اور اس لڑکی کو دیکھا تو میں نے اس لڑکی کو کہا کہ ادھر آ جائیں۔ ہم دوسری طرف جا کر بیٹھ گئے۔ میں نے کہا کہ جی بولیں کیا بات آپ نے کرنی ہے دیکھیں کاشف صاحب میں جانتی ہوں کہ علی اور تم بہت اچھے دوست ہو اور آج کل علی تم سے ناراض ہے یا پھر آپ اس سے ناراض ہو۔ اس کی وجہ وہ لڑکی ہے اس نے علی اور اس لڑکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا کاشف یہ وہ لڑکی ہے جس نے علی سے پہلے پتہ نہیں کتنے لوگوں کی زندگی برباد کی ہے۔ اور یہ میں آپ کو اس لیے بتا رہی ہوں کہ آپ علی کو بچا لو۔ میں آپ دونوں کے بارے میں سب جانتی ہوں آپ لوگ جیسے پڑھ رہے ہو یہ سب میں جان چکی ہوں اور اس دن جب آپ اٹھ کر کلاس میں چلے گئے تھے تو اس کے ساتھ میں ہی تھی شاید آپ نے غور نہیں کیا تھا اور ہماری پہلی ملاقات پارک میں بھی ہو چکی ہے شاید آپ کو یاد ہو کہ نہیں لیکن مجھے سب یاد ہے اور ہاں اس نے مجھے آپ کی زندگی کو برباد کرنے کا کہا کہ میں آپ سے جھوٹا پیار کر کے آپ کو برباد کروں لیکن میں ایسی لڑکی نہیں ہوں اور اس وجہ سے وہ مجھ سے ناراض ہے۔ کاشف صاحب پلیز علی کی زندگی کو بچا لو اور ہاں اگر میری کسی بھی ہیلپ کی ضرورت ہو تو مجھے لازمی بتانا اچھا اب میں چلتی ہوں میری کلاس کا ٹائم ہو چکا ہے۔ وہ چلی گئی۔ میں وہاں پر بیٹھا ہوا سوچ رہا تھا کہ کیوں نہیں یہ لوگ سوچتے کہ دوسروں کو برباد کرنے سے ان کو کیا ملے گا۔ اسی وقت میرے ذہن میں علی کے گھر والوں کا خیال آ گیا کہ علی کی زندگی تباہ ہو گئی تو اس کے ساتھ ان کے گھر والوں کی تباہی ہو جائے گی۔ نہیں مجھے ہر حال میں روکنا ہو گا علی کو اس لڑکی سے بچانا ہو گا میں اسی وقت اٹھا اور دیکھا تو علی اور وہ لڑکی وہاں سے جا چکے تھے کلاس کا ٹائم بھی ہو گیا تھا میں نے کلاس میں جا کر دیکھا تو علی نہیں تھا پھر سیدھا کالج سے علی کے گھر گیا لیکن علی کے والدین نے مجھے بتایا کہ وہ تو چلا گیا ہے گھر آیا تھا کچھ دیر پہلے میں یہ سن کر پریشان ہو گیا اور پریشانی کی حالت میں گھر آ گیا۔ وہ لڑکی کی سب باتیں ذہن میں تھیں گھر میں تنہائی مجھے ڈس رہی تھی مجھے کوئی ترغیب نہیں سوجھ رہی تھی کہ علی کے دل لڑکیوں کے لیے نفرت پیدا کر سکوں آج میں اپنے آپ کو بہت تنہا محسوس کر رہا تھا۔

اندھیرا اس لیے چھایا ہوا ہے
میرا سورج ابھی سویا ہوا ہے
میری آنکھیں یہ مجھ سے پوچھتی ہیں
تجھے پہلے کہاں دیکھا ہوا ہے
کسی پتھر کو شاید چھو لیا تھا
بدن شیشے کا تھا ٹوٹا ہوا ہے
چھپایا دل میں تھا جو راز تو نے
تری آنکھوں سے وہ افشا ہوا ہے
تھکن آنکھوں کی یہ بتلا رہی ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

مسافر رات بھر جاگا ہوا ہے
کہاں پر ہونٹ میں نے رکھ دیے تھے
میرا سارا بدن نیلا ہوا ہے
تری منزل ہے کاشف سچ کی منزل
تجھی تو راہ میں تنہا ہوا ہے

آخر کافی دیر سوچنے کے بعد میں نے یہ فیصلہ کیا کہ اس لڑکی سے دوستی کر کے ہم چاروں کو مل کر رہنا ہوگا پھر ایک دن سب سچ ثبوت کے ساتھ علی کے سامنے پیش کر دیں گے لیکن یہ بات تھی کہ وہ لڑکی پتہ نہیں کیا کہے گی نہیں کاشف یہ بات ٹھیک نہیں میں نے خود سے باتیں کرتے ہوئے کہا خیر سوچتے سوچتے ہی مجھے نیند نے اپنی آغوش میں لے لیا صبح بیدار ہو کر کالج چلا گیا لیکن علی آج کالج نہیں آیا تھا اس لڑکی سے دل نے کہا کہ بات کر کے دیکھوں میں نے اسے کہا کہ علی کا پتہ ہو آپ کو اس نے بتایا کہ وہ کل سے اپنی فرینڈ سے ناراض ہوا تھا اور اس نے زہر کی گولی کھالی تھی وہ ہسپتال میں ہے اونو میں سنتے ہی پریشان ہو گیا میں نے کہا کس ہسپتال میں تو لڑکی نے کہا کہ اگر آپ برا محسوس نہ کریں تو ہم دونوں مل کر ہسپتال جا سکتے ہیں میں نے اس کی طرف دیکھا تو وہ جیسے فریاد کر رہی تھی وہ بھی چاہتی تھی کہ علی کی زندگی بچ جائے کیوں کہ ہر انسان ایک جیسا نہیں ہوتا۔ وہ احساس رکھتی تھی دوسروں کے لیے دل میں مجھے اس کی باتیں بہت اچھی لگنے لگیں۔ میں سمجھ گیا تھا وہ کیوں میرے ساتھ جانا چاہتی تھی وہ علی پر سچ ثابت کرنا چاہتی تھی اور میں بھی یہ ہی چاہتا تھا میں نے کہا جی چلیں اس نے کہا کہ آپ کار چلالیں گے میں نے کہا کہ مجھے کار چلانی نہیں آتی اچھا اوکے بیٹھو ہم دونوں کار میں بیٹھ گئے۔ وہ کار چلانے کے ساتھ ساتھ میرا انٹرویو لے رہی تھی اس نے اپنا نام صدف بتایا تھوڑی دیر کے بعد ہم ہسپتال تھے۔ علی کی یہ حالت دیکھ کر مجھے افسوس ہو رہا تھا کہ میں کچھ نہ کر سکا مجھے اپنے دوست سے ناراض نہیں ہونا چاہیے تھا اس کو بلکہ غلط راستے سے روکنا چاہیے تھا میں اپنے آپ کو قصوروار تصور کرنے لگا میں نے معافی مانگی علی سے لیکن وہ بولا بھائی غلطی تو میری تھی لیکن معافی آپ کیوں مانگ رہے ہو پلیز بھائی شرمندہ نہ کرو۔ اتنے میں اس کی فرینڈ بھی آ گئی۔ وہ صدف سے پوچھنے لگی کہ کالج میں کسی کو تو پتہ نہیں چلا اور ہاں تم علی کا خیال رکھنا مجھے ضروری کام ہے میں شام کو واپس آؤں گی میں یہ سب باتیں سن رہا تھا اچھا علی جان میں چلتی ہوں اپنا خیال رکھنا اور آئندہ ایسی حرکت مت کرنا۔ اوکے جان جلدی آنا علی نے اس لڑکی کو کہا صدف نے کہا انیلہ ایک منٹ۔ صدف دور جا کر پتہ نہیں کیا انیلہ سے گفتگو کرنے لگی تھوڑی دیر کے بعد انیلہ چلی گئی اور صدف ہمارے پاس آ گئی اور بولی علی بھائی کیسے ہو اور اچھی علی کی کلاس لی۔ پھر میں نے اچھی خاصی بے عزتی کر دی وہ شرمندہ ہو رہا تھا اتنے میں اس کے والدین آ گئے پھر صدف نے کہا کہ کاشف چلو ہم چلیں گھر والے پریشان ہو رہے ہوں گے علی کی ماں دعائیں مانگ رہی تھی پھر ہم دونوں نے اجازت لی اور وہاں سے آ گئے صدف نے مجھے پہلے میرے گھر چھوڑا پھر وہ اپنے گھر چلی گئی۔ گھر میں داخل ہوتے ہی امی نے مجھ سے وجہ پوچھی کہ بیٹا آپ کچھ دنوں سے پریشان سے لگ رہے ہو پلیز بتاؤ کیا بات ہے کچھ بھی نہیں ہے میں اتنا کہہ کر اپنے روم میں چلا گیا۔ امی ابو نے کہا کھانا کھالو مگر دل نہیں کر رہا تھا کھانے کو، جب امی کو پریشان دیکھا تو مجبوراً اپنے پیٹ میں کچھ ڈالا کھانا کھانے کے بعد پھر اپنے بستر پر سوچوں کی دنیا میں غوطہ زن ہو گیا ہمارے دونوں گھروں کے جو خواب تھے مجھے وہ سب بکھرتے ہوئے نظر آ رہے تھے مجھے ایسا لگ رہا تھا کہ ہم برباد ہو چکے ہیں۔ میں بہت کمزور ہوتا جا رہا تھا میرے ذہن میں طرح طرح کے خیال آ رہے تھے علی کے

عشق سزا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

والدین کی حالت کیا ہوگی میرا دماغ پھٹ رہا تھا کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ میں اپنے دوست سے پیار کرتا تھا میں ہر حال میں علی کی زندگی کو روگ لگنے سے بچانا چاہتا تھا چاہے اس کے لیے میری جان ہی کیوں نہ چلی جائے اب مجھے صبر اور عقل سے کام لینا چاہیے کیونکہ علی انیلہ کے پیار میں بہت آگے جا چکا تھا میں رات ساری سوچوں میں گزر دیتا دن کو علی کے ساتھ ساتھ رہتا کہ وہ پھر بھی کوئی ایسی حرکت نہ کرے میں نے صدف سے بات کی کہ ہم کو کچھ ایسا کرنا چاہیے جس سے علی کو واقعہ ہی یقین ہو جائے کہ یہ لڑکی ٹھیک نہیں ہے اور وہ اس کو چھوڑ کر تعلیم پر توجہ دینی شروع کر دے صدف نے کہا کہ ایک طریقہ ہے وہ کیا طریقہ ہے جلدی بتاؤ میں نے بے صبری سے کہا کہ مجھے انیلہ کی سب سے اچھی فرینڈ بننا ہوگا اور وہ جس جس سے ملتی ہے اور کب ملتی ہے ساری تفصیل لینی ہو گی میں نے صدف کے آگے فریاد کی کہ پلیز کچھ کرو جو بھی کرنا ہے کرو چاہے تو میری جان لے لو مگر علی کی زندگی بچا لو۔ میں کچھ زیادہ ہی جذباتی ہو گیا تھا صدف نے کہا اگر آج کے بعد ایسی بات کی تو بہت برا ہو گا میں کہہ رہی ہوں ناں کہ میں ضرور کچھ نہ کچھ کروں گی پھر آپ کو جذباتی ہونے کا فائدہ آپ بھی اپنی تعلیم پر توجہ دو ایسا نہ ہو کہ دوسروں کو ٹھیک کرتے کرتے تم اپنا مستقبل خراب کر لو جی ضرور میں نے مختصر سا جواب دیا اچھا میں چلتی ہوں صدف چلی گئی آج پہلی بار دل نے کہا کہ میں صدف کو روک لوں اور اس سے باتیں کرو، مجھے اچھا سا لگتا تھا صدف سے باتیں کرنے والا ٹائم ایسا محسوس ہوتا جسے میری رگ رگ میں کوئی اپنے پیار کا احساس دلا رہا ہے۔

حاصل زیست مری جان بنا دی جائے
کیوں نہ اک شام تیرے نام سجا دی جائے
میں ہوں مجرم تو مجھے اس کی سزا دی جائے
گھر کے جل جانے پہ اب نالہ و شیون کیا ہے
اور کچھ ! آگ کے شعلوں کو ہوا دی جائے
اے میرے چاند ذرا سامنے میرے آ جا
آگ بہتے ہوئے پانی میں لگا دی جائے
تشنہ کاموں کا بھرم پل میں ابھی کھلتا ہے
یہ جو تپتے یہ ہے پابندی ہٹا دی جائے
یہ جو پھرتی ہے لہو چاٹتی قوم یا فوج
اس کے آگے کوئی دیوار اٹھا دی جائے
کہیں پتھر نہ بنا دے مجھے افسون سکوت
کسی جانب سے کوئی مجھ کو صدا دی جائے
یہ جو پھرتے ہیں سر آب لیے خالی جام
راکھ آنکھوں سے برسنے لگی اب تو دوست
آگ جو دل میں لگی ہے وہ بجھا دی جائے

میں نے اپنے آپ کو قابو کیا کیوں کہ میں جانتا تھا کہ عشق ایک سزا ہے اگر اس عشق کے سمندر میں، میں ڈوب گیا تو پھر اپنی زندگی تو زندگی ساتھ ساتھ گھر والوں کی زندگیاں بھی برباد ہو جائیں گی۔ گھر والوں کا خیال آتے ہی مجھے ایک جھٹکا سا لگا پھر وہ سارا منظر میرے سامنے گردش کرنے لگا جو میرے ابو کے ساتھ ہوا تھا اف اللہ مجھے کیا ہو گیا ہے میں تو اپنے دوست کو ٹھیک کر رہا تھا مگر میں خود پیار کر شکار ہو رہا تھا نہیں نہیں میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا خود سے ہی باتیں کرتا ہوا گھر چلا گیا ساری رات پہلی راتوں کی طرح پریشان اور سوچوں میں گزار دی۔ راتوں کو جاگنے کی وجہ سے میری صحت خراب ہو گی جس کی وجہ سے میں کالج نہ گیا۔ صدف پریشان تھی کہ کاشف آج کالج کیوں نہیں آیا اس نے علی سے پوچھا تو علی نے بھی کہا کہ مجھے تو نہیں پتہ چلو اس کے گھر سے پتہ کر کے آتے ہیں ساتھ کھڑی انیلہ یہ سب سن رہی تھی ارے نہیں آیا میری جان تو کیا ہوا صبح آ جائے گا۔ چلو آج پارک چلتے ہیں۔ انیلہ نے علی سے کہا تو علی نے کہا نہیں ہم کو پتہ کرنا چاہیے کہ کیوں نہیں آیا اچھا پھر آپ پتہ کر آؤ میں گھر جا رہی ہوں۔ انیلہ وہاں سے چلی گئی میں نے

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

علی بھائی سے کہا کہ چلو ہم کاشف کے گھر چلتے ہیں پھر ہم لوگ تھوڑی دیر کے بعد کاشف کے دروازے پر تھے راستے میں، میں نے علی کو احساس تو کافی دلایا مگر اس کے ذہن میں کبھی بھی نہیں آیا مجھے لگ رہا تھا۔ کیونکہ وہ انیلہ کے پیار میں آندھا ہو گیا تھا۔ ویسے جب کسی کو جب کسی سے پیار ہوتا ہے تو پھر اس کی محبت چاہت ہی اس کے لیے سب کچھ ہوتا ہے مجھے صدف نے بتایا تھا سارا منظر کہ یہ ہوا ہے راستے والی باتیں اور جو کالج میں ہوئی کافی دیر علی اور صدف میرے پاس بیٹھے رہے پھر وہ چلے گئے ان کے جانے کے بعد امی نے مجھ سے پوچھا کہ یہ لڑکی کون تھی؟ میں نے امی کو کہا کہ یہ میری کلاس فیلو ہے ہم ایک ہی کلاس میں پڑھتے ہیں۔ میری امی نے کافی مجھے سمجھایا کہ بیٹا دیکھنا کہیں ہماری عزت کو خاک میں مت ملا دینا میں نے امی کو یقین دلایا کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے آپ پریشان نہ ہونا آپ کو اپنے بیٹے پر یقین نہیں ہے کیا۔ بیٹا یقین تو ہے مگر یہ زمانہ بڑا بے رحم ہے بے درد ہے یہ ہزاروں کی زندگی کو ایک پل میں برباد کر دیتی ہے۔ پلیز اپنے آپ کو اس زمانے میں کھونے مت دینا ہمارا تمہارے سوا اس جہان میں کوئی نہیں ہے۔ پتہ ہے بیٹا یہ عشق انسان کو برباد کر دیتا ہے۔ بہت ظالم ہے یہ عشق۔

عشق ستاتا ہے عشق رولاتا ہے
عشق دیوانہ یہاں سب کو بناتا ہے
عشق بن کہیں چین نہیں آتا
دل کو روکیا بڑا وے، ٹوکیا بڑا وے
عشق نے دل کی نہ مانی ...... نہ مانی
عشق ہنساتا ہے عشق رولاتا ہے
عشق دیوانہ یہاں سب کو بناتا ہے
کوئی ہم کو صرف یہ بتا دے تنہائی کیوں ملے عشق میں
ایک چوٹ سی لگی دی میں پوچھ نہ کیا ہوا
آنکھوں میں ہیں چھپے آنسو ہونٹوں پہ بس ہے دعا

دل روکیا بڑا وے ٹوکیا بڑا وے
عشق نے دل کی نہ مانی نہ مانی
ہر پل رہتی بڑی بے قراری کوئی کیسے جیے یار بن
انجانے میں دیوانوں سے ہوتی ہے یہ خطا
منزل ملے گی کب کسی کو کس کو یہاں پتہ
دل روکیا بڑا وے ٹوکیا بڑا وے
عشق نے دل کی نہ مانی...... نہ مانی
عشق سہاتا ہے، عشق رولاتا ہے

ماں آپ بے فکر ہو جاؤ اور ہاں بھوک بڑی شدت کی لگی ہے کھانا تو بنا دو ہائے اللہ میرے لال کھانا ایک منٹ میں بنا کے دیتی ہوں تو آرام کر لو میری ماں کچن میں چلی گئی تھوڑی دیر کے بعد کھانا میرے سامنے تھا اور میری ماں مجھے اپنے ہاتھوں سے کھلا رہی تھی...... نہ جانے میری ماں کو کیا سوچ آئی اور اس کی آنکھوں میں آنسوؤں کی برسات شروع ہو گئی ماں ماں کیا ہوا ہے آپ کو آپ کیوں رو رہی ہیں کچھ نہیں بیٹا ویسے گزرا ہوا وقت یاد آ گیا ہے۔ گزرا ہوا وقت ماں مجھے بھی بتاؤ ناں کہ کیا بات آپ کو یاد آئی جس کی وجہ سے آپ کی آنکھوں میں آنسو آئے ہیں۔ بیٹا ایک وہ ہمارے لیے قیامت کی صبح تھی جس نے مجھ سے میرا سب کچھ چھین لیا تھا میں ہنستی ہوئی ماں کی گود میں بیٹھ گئی پھر ماں نے خود اپنے ہاتھوں سے مجھے کھانا کھلایا اور میں سکول چلی گئی جب سکول سے واپس آئی تو گھر میں لوگوں کا ہجوم دیکھا میرے تو ہوش ہواس ہی اڑ گئے تھے سامنے میری ماں کی میت پڑی تھی جس کو دیکھ کر میں گر گئی تھی ہر طرف رونے کی آوازیں تھیں جو میرے کانوں میں گونج رہی تھیں میں سب کچھ دیکھ رہی تھی مگر پاگلوں کی طرح کبھی ادھر تو کبھی ادھر بھاگتی گئی آخر کار ہم سب کا رونا دھونا ہماری ماں کو واپس نہ لا سکا وہ اس دنیا سے چلی گئی اس کے بعد میرے ابو نے دوسری شادی کر لی پھر میری نئی آنے والی ماں نے مجھ پر ظلموں و ستم کی حد کر دی پھر

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

تمہارے ابو میرے لیے فرشتہ بن کر آئے اور مجھے ان کی غلامی سے آزادی دلائی۔ مگر ساتھ ہی ہزاروں ہمارے دشمن بن گئے۔ میں ماں کی باتیں سن سن کر ساتھ ساتھ رو بھی رہا تھا اے اللہ تم نے کیسا یہ نظام بنایا ہے پل بھر میں یوں ہنستی بستی دنیا کو برباد کر دیتا ہے ساتھ ہی یہ عشق بھی بہت بڑی سزا دیتا ہے میری ماں تیری عظمت کو سلام۔ ساری رات بھی ہم ماں بیٹے نے یوں اپنے دکھ بھری داستان سن سنا کر گزاری ابو کام کے تھکے ہوئے تھے وہ تو جلدی ہی سو گئے اچانک اذان کی آواز آنے لگی ہم کو احساس تک نہ ہوا کہ رات گزر گئی ہے مجھے کیا پتہ تھا کہ آج کے بعد کبھی بھی میں ماں سے بات نہیں کر سکوں گا مجھے کیا پتہ تھا۔ میری بربادی کے دن شروع ہونے والے ہیں۔ میری زندگی بھی سزا بننے لگی ہے۔

ہوا کچھ یوں کہ صبح میری ماں نے مجھے کالج بھیجا اور جیسے ہی میں واپس آیا تو وہی منظر میرے سامنے آیا جو میری ماں نے مجھے سنایا تھا جسے میں ایک خواب سمجھنے لگا۔ میں چکرا گیا اور کچھ خبر بھی نہ رہی کچھ بھی نہ کر سکا میں اپنے ہاتھوں سے ہی اپنی ماں کی قبر پر مٹی ڈالتا رہا اے میرے اللہ واہ تیری خدائی بچپن سے لے کر اب تک اپنی ماں سے یہ ہی سنتا آ رہا تھا کہ میرا بیٹا جوان ہوگا تو میری خوشیاں پھر سے واپس آجائیں گی مگر جب میں جوان ہوا تو تم نے مجھ سے یہ حق بھی چھین لیا کیوں کیوں کیوں......

کاش کہ ماں تم لوٹ آؤ اور آ کر دیکھو کتنا بکھر گیا ہے تمہارا [illegible] جسے تم ایک پل اپنے آپ سے دور نہیں کرنا چا[illegible] آج پھر کتنے عرصے ہو گئے ہیں کیوں چھوڑ کر گئی ہو ماں لوٹ آؤ ناں ماں لوٹ آؤ ناں ایسے ہی میں اپنی تنہائی میں خود سے اپنی ماں کو پکارتا رہتا مگر وہ وہاں چلی گئی تھی جہاں سے کوئی واپس نہیں آتا مجھے اکیلا چھوڑ گئی تھی وہ آخر کب تک میں جیتا اس تنہائی میں میرے ابو بھی وقت سے پہلے بوڑھے ہو گئے تھے ان سے کام نہیں کیا جاتا آخر میں نے کالج چھوڑ دیا دوستوں نے کافی منع کیا کہ آپ پڑھو ہم ہر ماہ اپنی حیثیت کے مطابق آپ کو کچھ نہ کچھ دیتے رہیں گے تاکہ تمہارے گھر کا خرچہ چل سکے مگر مجھے شرمندگی ہو رہی تھی ایسی باتیں سن کر دل کرتا تھا کہ مر جاؤں مگر کیا کرتا اپنے ابو کا خیال آ جاتا حالات نے مجھے ایک ایسے موڑ پر لا کھڑا کر دیا تھا کہ میں خود کو فنا کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتا تھا میں نے حالات کے ہاتھوں تنگ آ کر خودکشی کی کوشش کی مگر وہ ناکام رہی میرے ابو نے جب یہ سنا تو وہ پریشان ہوئے مجھے ان کے سامنے جانے سے شرمندگی ہو رہی تھی میرے ابو نے ہسپتال میں اپنے دل کی بھڑاس دل کھول کر نکالی میں بھی اپنے آپ کو قابو نہ رکھ سکا سارا ہسپتال کا سٹاف ہماری طرف متوجہ تھا میرے دوستوں نے مجھے اور میرے ابو کو حوصلہ دیا کچھ دن بعد میری صحت کچھ بہتر ہوئی اور مجھے ہسپتال سے گھر لے آئے۔

اپنے ماضی کے تصور سے ہراساں ہوں میں
اپنے گزرے ہوئے ایام سے نفرت ہے مجھے
اپنی بیکار تمناؤں سے شرمندہ ہوں میں
اپنی بے سود امیدوں پر ندامت ہے مجھے
میرا ماضی میری ذات کے سوا کچھ بھی نہیں
میری امیدوں کا حاصل میری کاوش کا صلہ
ایک بے نام اذیت کے سوا کچھ بھی نہیں

گھر آنے کے بعد باری باری میرے دوست آتے رہے علی بھی کبھی کبھی آتا وہ اپنے پیار کے ساتھ ہر وقت مدہوش رہتا تھا وہ ہماری دوستی کو بھول چکا تھا

صدف بھی مجھے ملنے آئی میرے گھریلو حالات سے سب واقف تھے صدف نے مجھے کہا کہ میں آپ سے ایک بات کرنا چاہتی ہوں جی بولیں ضرور کیوں نہیں آپ بات کریں کیا بات ہے۔ دیکھو تمہارے گھریلو حالات کا مجھے سب پتہ ہے تمہارے ابو بھی اب بوڑھے ہو چکے ہیں کیوں نہ ہم آپ کی شادی کر

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

دیں۔ شادی نہیں میں شادی نہیں کروں گا پھر ویسے بھی مجھ سے کون شادی کرے گا نہ دولت۔ نہ کوئی جائیداد ہے، آجکل لوگ شادی نہیں تجارت کرتے ہیں سب سے پہلے یہ سوال ہوگا کہ سونا کتنا دو گے، اور دوسرے گھریلو استعمال کی چیزیں، موٹر سائیکل، گھڑی، ٹی وی فریج وغیرہ میں شرمندہ نہیں ہونا چاہتا۔ پلیز میں شادی نہیں کرنا چاہتا۔ اچھا اگر کوئی لڑکی یہ سب نہ مانگے تو پھر تو آپ کرو گے شادی صدف نے کہا تو میں نے کہا کچھ سمجھا نہیں۔ دیکھو کاشف ہم دونوں کا آپس میں کیا رشتہ ہے یہ تو مجھے پتہ نہیں مگر ہاں ایک بات اگر آپ چاہو تو میں آپ سے شادی کر سکتی ہوں۔ گھر والوں کو منانا میرا کام ہے صرف آپ کی ہاں کی ضرورت ہے ساتھ میرے ابو بھی آگئے ابو نے کہا کہ بیٹا کاشف مان جاؤ میں نے ابو کی طرف دیکھا اور کہا جو آپ کی مرضی ابو میں کیا کہہ سکتا ہوں تو کب آؤ گے پھر ہمارے گھر صدف نے کہا جی جی وہ جب آپ چاہو میں نے ہلکی سی مسکراہٹ ہونٹوں پر ظاہر کرتے ہوئے کہا۔

پارسائی کی قسم اتنا سمجھ میں آیا
حسن جب ہاتھ نہ آیا تو خدا کہلایا
جانے کیوں اب شب ہجراں پر بھی پیار آتا ہے
تیرا غم میری محبت کو کہاں لے آیا
میں تیری بزم سے اٹھ کر بھی تیری بزم میں ہوں
میں نے جب خود کو گنوایا تو تجھے اپنایا
رات کا شکر کہ اے صدف کہ دن ہوتے ہیں
تیرے پیکر سے اچٹ آئے نہ تیرا سایہ
ابر کے چاک سے جب رات ستارے جھانکے
اے میرے بولنے والے تو بہت یاد آیا
بیچ دوں کیوں اسے اک نان جویں کے بدلے
میں نے جس کے لیے ایک جہاں ٹھکرایا
اس توقع پر کہ شاید کبھی انسان سنبھلے
ہر نئے ظلم نے جینے پر مجھے اکسایا

اچھا کاشف میں چلتی ہوں کل پھر ملنے آؤں گی صدف چلی گئی میرے ابو میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے بولے بیٹا لگتا ہے اللہ تعالیٰ کو ہم پر رحم آ گیا ہے اس لیے تو صدف کو فرشتہ بنا کر بھیجا ہے کسی نے سچ ہی کہا ہے کہ مرنے والوں کے ساتھ مرا نہیں جاتا حالات نے پھر ایک دفعہ مجھے بدل کر رکھ دیا۔ ہر طرف خوشیاں کا سما آنے لگا روز صدف اور میں ملتے اور نئے نئے خواب دیکھتے ہزاروں سپنے ہم دل ہی دل میں بنا رہے تھے صدف نے کہا کہ مجھے غزل کوئی سناؤ پھر میں نے صدف کو یہ غزل سنائی تھی۔

چلو کسی کے نام سے بدنام تو ہوئے
ہم زمانے میں عام تو ہوئے
ہر زبان پہ چرچا میری سادگی کا
کسی بدنامی کا پیام تو ہوئے
زمانہ کیا جانے میری حقیقت کو
ہم کسی برائی کا انجام تو ہوئے
شراب کی طرح ہم بھی ہو گئے بدنام
ہر اک بزم میں لطف جام ہو جائے
جو رنجش تھی کہہ دی سب سے
اس طرح ہم دوستوں میں بدنام تو ہوئے
مجھ سے کوسوں دور تھے جو غم
دوست آج وہ بھی میرے نام تو ہوئے

ہم دونوں ہر وقت پیار کے گیت گاتے رہتے تھے۔ علی اور انیلہ بھی اب ہمارے ساتھ ہوتے تھے ایک دن ہم سب بیٹھے ہوئے تھے کہ انیلہ کا فون آیا اور وہ ہم لوگوں سے دور جا کر بیٹھ کر فون سننے لگی ہم لوگوں کو اتنا پتہ چلا کہ وہ بول رہی تھی کہ میں نہیں آسکتی مگر دوسری طرف شاید کوئی ضد کر رہا تھا کہ لازمی آنا تھا کچھ دیر تو انیلہ یونہی باتیں کرتی رہی تھی پھر بولی کہ او کے آتی ہوں اور کال ڈراپ کر کے ہمارے پاس آ گئی اور بولی کہ سوری میں گھر جا رہی ہوں لازمی کام ہے۔ پھر وہ چلی گئی ہم لوگ باتوں میں مصروف ہو

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

گئے ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں پھر صدف نے کہا کہ آج آپ کو میں نے اپنے والدین سے ملانا ہے اوکے جیسے آپ کی مرضی جناب پھر ہم تینوں مسکراتے ہوئے صدف کے گھر کی طرف چل پڑے تھوڑا سا سفر کرنے کے بعد صدف کا گھر آ گیا گھر کیا وہ تو محل تھا اتنا حسین گھر بہت پیارا گھر تھا صحن میں لگے ہوئے پھول گھر کی خوبصورتی میں اور اضافہ کر رہے تھے خیر ہم دونوں کو صدف صحن میں چھوڑ کر کمرے میں چلی گئی کچھ دیر کے بعد واپس آئی اور بولی میرے والدین بازار گئے ہیں کچھ دیر آرام کرو۔ پھر تب تک وہ بھی آ جائیں گے اور شام کا کھانا بھی مل کر کھائیں گے علی نے کہا کہ نہیں مجھے تو جلدی ہے میں اتنا انتظار نہیں کر سکتا اچھا انتظار نہیں کر سکتے اگر انیلہ کہتی تو صبح تک بھی بیٹھے رہتے۔ صدف نے کہا تو ہم تینوں مسکرانے لگے۔ نہیں مجھے لازمی کام ہے گھر جانا ہے مجھے۔ اوکے جیسے آپ کی مرضی جناب میں نے کہا تو علی پھر واپس آ گیا علی کے جاتنے کے بعد صدف نے مجھے اپنا سارا گھر دکھایا دیکھو صدف آپ مجھے چھوڑ تو نہیں دوگی آپ کے بنا کوئی میرا نہیں ہے اب تم ہی میری زندگی ہو اگر تم نے میرا ساتھ چھوڑ دیا تو میں اس زندگی کو......

اتنا ہی کہا تھا کہ صدف نے میرے منہ پر ہاتھ رکھ دیا اس سے آگے کچھ مت کہنا میں آج وعدہ کرتی ہوں میں ہمیشہ تمہاری ہوں اور تمہاری ہی رہوں گی کبھی بھی تمہاری محبت کو دکھ نہیں دوں گی مر جاؤں گی مگر کبھی دوسرے کی نہیں ہوں گی اس وعدے کو عمر بھر یاد رکھنا میں نے کہا اگر میں نہ بولتا تو پتہ نہیں وہ اور کیا کیا کہے جاتی۔ آج مجھے احساس ہوا کہ پیار کیا چیز ہے پیار انسان کو اندھا کر دیتا ہے کچھ بھی ہوش نہیں رہتا جب یہ پیار کسی سے ہوتا ہے مجھے فخر ہو رہا تھا کہ صدف جیسی پیار کرنے والی لڑکی مجھے ملی ہے مگر آج کے دور میں سچی محبت کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ زندگی میں اگر کمی رہ گئی تو صرف اپنی ماں کی رہے گی مجھے انتظار تھا کہ ماں لوٹے گی کبھی کبھی تو یونہی اپنی ماں کو گھر میں داخل ہوتے ہوئے آواز لگاتا کبھی بستر پر کھڑا ہو کر ادھر ادھر دیکھتا کبھی کھانا جلدی لانے کی آواز دیتا۔ ہر پل ہر لمحہ میں انتظار سا کرتا کہ ابھی لوٹ آئے گی میری ماں جیسے ابھی وہ آئے گی بازار سے سامان لے کر اور آتے ہی بولے گی کاشف گلی میں لڑکی دیکھی بڑی خوبصورت تھی تمہارے لیے لوں گی وہ مذاق سب پھر سے یاد آتا کہ کوئی کرے۔ ہر لمحہ انتظار اف اللہ وہ تو اس جہاں میں چلی گئی جہاں سے کوئی واپس نہیں آتا مگر پھر بھی دل ماننے کو تسلیم ہی نہیں کرتا بس ضرور آئے گی میری ماں ہاں ضرور آئے گی بس میں مرتے دم تک انتظار کروں گا ضرور کروں گا وہ لوٹے گی ہاں لوٹے گی۔

کاشف کدھر کھو گئے ہو ہاں ہاں میں خیالوں کی دنیا سے چونکا بس امی جان کی یاد آ رہی تھی اور ماضی یاد آ گیا۔ دیکھو کاشف آپ کا یوں پریشان اور اداس رہنا مجھے اچھا نہیں لگتا پلیز اپنی زندگی کو برباد مت کرو نہیں تو ہماری محبت کا خیال کرو اپنے ابو کا خیال کرو اگر تم خود کمزور ہو گئے ہو تو تمہارے ابو کو حوصلہ کون دے گا آپ کے علاوہ ان کا کون ہے بتاؤ اگر تم یونہی ماضی کو سوچتے رہے تو تم اپنا مستقبل خراب کر لو گے اور اپنی زندگی کو عذاب بنا لو گے اس سے پہلے کہ آپ کا مستقبل خراب ہو تم کو چاہیے کہ ماضی کو بھول جاؤ مرنے والوں کا دکھ بھلایا تو نہیں جا تا پر ان کے ساتھ مرا تو بھی نہیں جا سکتا پلیز پلیز کاشف تم سن رہے ہو یا نہیں میں کیا بکواس کر رہی ہوں، میں سر کو اپنے ہاتھوں میں چھپا کر سن رہا تھا جب صدف نے میرے سر کو اوپر کیا تو مجھ پر برسنے لگی کیوں کہ میری آنکھوں سے آنسوؤں کی برسات شروع تھی میں نہ چاہتے ہوئے بھی آنسوؤں کو نہ روک سکا صدف نے مجھے کچھ حوصلہ دیا اور اپنے ہاتھوں سے اپنے رومال کے ساتھ میرے آنسو صاف کیے جب میں نے صدف

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کی طرف دیکھا تو اس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ میں نے صدف کے آنسو صاف کیے پھر ہم دونوں صحن میں سے گیٹ کی طرف چل پڑے کیوں کہ میں نے صدف کو کہا کہ مجھے دیر ہو رہی ہے ابو پریشان ہوں گے میں پھر مل لوں گا آپ کے والدین سے مگر وہ ضد کر رہی تھی گیٹ کے پاس ہی پہنچا تھا کہ صدف کے والدین آ گئے پھر صدف اور میں ان کے پاس آئے اور صدف نے میرا تعارف اپنے والدین سے کروایا سلام دعا کے بعد ہم سب لوگ حال میں چلے آئے وہاں کافی سوال صدف کے والدین نے کیے کیسے گزرا ہو رہا ہے وغیرہ وغیرہ کچھ باتوں کا مجھے دکھ بھی ہوا مگر صدف کو حاصل کرنے کے لیے مجھے کسی بھی دکھ کی کوئی پرواہ نہیں تھی خیر کھانا کھانے کے بعد ان لوگوں سے اجازت لے کر واپس گھر کی طرف چل پڑا صدف نے گیٹ پر آ کر مجھے کہا کہ ٹینشن مت لینا میں گھر والوں سے بات کر لوں گی امید ہے وہ ہمارے رشتے کے لیے انکار نہیں کریں گے صدف نے میرے بارے پہلے گھر والوں کو بتایا ہوا تھا صدف کے والدین نے میرے اور صدف کے بارے میں مجھ سے کوئی سوال نہیں کیا تھا بس وہ میرے گھر والوں اور میری لائف کے بارے میں پوچھتے رہے خیر میں گھر آ گیا گھر آتے ہی ابو کو دیکھا تو ابو کی صحت کافی خراب تھی ابو کو کہا کہ ڈاکٹر کے پاس لے جاؤں مگر ابو نے انکار کر دیا کہ بیٹا پیسے تو ہمارے پاس ہیں نہیں اللہ پر چھوڑ دو مجھے ہسپتال ڈاکٹر کے پاس چلے بھی گئے تو پھر بھی کیا ہونا ہے میرے والدین اداسی اور مایوسی والی باتیں کرنے لگے میں نے ابو کو کہا کہ اللہ تعالیٰ سے مایوس نہیں ہوتے اللہ تعالیٰ سب بہتر کر دے گا آپ اللہ پر اعتبار کرو واہ اے زندگی تو بھی کمال کرتی ہے۔ کبھی خوشیاں اور کبھی غم یہ زندگی کا اصول ہے مگر ہم کو خوشیاں کم ملی تھیں غم ہی غم ملے تھے۔ میرے ابو کہنے لگے بیٹا مجھے لگتا ہے میں نے اور تمہاری ماں نے جو اپنے والدین، بہن بھائیوں کو دکھ دیا تھا مجھے لگتا ہے یہ اسکی سزا مل رہی ہے مجھے اس لیے تو کبھی خوشی دیکھی نہیں ہے اگر دیکھی بھی ہے تو ایک دو پل کے لیے کیوں کیا تھا میں نے ایسا کیوں اس عشق کا شکار ہوا تھا میں نے عشق کیا تھا یہ مجھے عشق کی سزا ملی ہے عشق تو ہے ہی سزا بیٹا عشق بہت ظالم ہے مجھے اپنے والدین کی آہ نے برباد کر دیا قصور صرف اتنا ہے بیٹا کہ میں نے عشق کیا ہے اور عشق کرنے والے کبھی خوش نہیں رہتے ابو آپ ایسی کیوں باتیں کرتے ہو میرے ابو باتیں کرتے رہے اور میں پاس بیٹھا سنتا رہا ابو یونہی باتیں کرتے کرتے سو گئے مگر میں ساری رات یونہی بیٹھ کر ابو کے پاس گزار دی اور ساری رات چاند کو دیکھتا رہا مجھے اب پھر احساس ہو رہا تھا کہ کاش ابو بھاگ کر شادی نہ کرتے اپنے عشق کو قربان کر دیتے تو شاید ابو خوش رہ سکتے مگر اب کیا ہو سکتا ہے ساری رات جاگنے کی وجہ سے میری آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں

عجیب مقام پر آ کے ٹھہرا ہے قافلہ [illegible]ں کا
سکون ڈھونڈنے نکلے تھے نیندیں بھی گنوا بیٹھے

اکثر صبح کھانا صدف لے کر آتی تھی آج بھی صدف کھانے لے کر آئی اور ساتھ میں یہ خوش خبری بھی دی کہ ابو مان گئے ہیں شادی کے لیے اور ابو نے کہا ہے کہ کاشف کو کہو کہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو اور اپنے ابو کو بھی گھر بھیجنا میرے ابو ملنا چاہتے ہیں ابو کی صحت ٹھیک نہیں ہے جب صحت ٹھیک ہو گی تو ضرور آپ کے گھر لے کر آؤں گا کیا ہوا ہے آپ کے ابو کو اور کدھر ہیں وہ میں نے دوسرے کمرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ادھر ہیں اچھا تم کھاؤ کھانا میں انکل کو کھلا دیتی ہوں صدف ابو کی حالت دیکھ کر پریشان ہو گئی صدف نے کہا کہ انکل کی صحت تو بہت زیادہ خراب ہے آپ ڈاکٹر کے پاس کیوں نہیں لے گئے میں نے نظروں کو اوپر اٹھا کر دیکھا تو صدف سمجھ گئی کہ میں کیوں نہیں لے گیا اس

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

نے کہا کہ مجھے فون کر دیتے اوکے اب دیر مت کرو آپ کھانا آرام سے کھاؤ میں گھر سے پیسے اور کار لے کر آتی ہوں پھر ہم انکل کو ڈاکٹر کے پاس لے جاتے ہیں مگر میں نے کہا تو صدف نے کہا کہ اگر مگر کچھ نہیں مجھے تم پر بہت غصہ آ رہا ہے انکل کی اتنی صحت خراب ہے اور تم کو خیال نہیں ہے اچھا میں آتی ہوں آپ انکل کو بھی کھانا کھلاؤ وہ کمرے سے باہر چلی گئی میں نے ابو کو کھانا دیا اور خود کیا کھانا تھا مجھے بہت شرمندگی ہو رہی تھی میرے ابو نے بھی منع کیا کہ آپ صدف کو روک دو مگر صدف کچھ منٹ بعد کار پر واپس آ گئی اور پھر نہ چاہتے ہوئے بھی ابو اور میں کار میں بیٹھ گئے تھوڑی دیر کی مسافت کے بعد ہم لوگ ہسپتال کے سامنے کھڑے تھے ہسپتال کی طرف دیکھا تو یہ تو بہت ہی زیادہ قیمتی ہسپتال ہے اس کیا دویات تو بہت زیادہ اور ڈاکٹر کی فیس بھی بہت زیادہ ہے یہ آپ مجھ پر چھوڑ دو صدف نے کہا میں شرمندہ ہو رہا تھا صدف نے کہا کہ میری جان آپ پریشان نہ ہوں آپ کو بولا نہ کہ ٹینشن نہیں لینی ہے اور ہاں یہ لو پیسے کیوں کہ دوائی وغیرہ آپ نے لے کر آنی ہے صدف نے دس ہزار روپے میرے ہاتھ میں تھما دیئے اتنے پیسے صدف مگر میں...... یہ کیا میں میں لگا رکھی ہے کیا تم میں اور مجھ میں کوئی فرق ہے تو بتاؤ اب تم نے ایک لفظ بھی کہا نہ کوئی الٹا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا۔ اوکے ٹھیک ہے میں نے کہا صدف میری طرف دیکھنے لگی آئی لو یو جان۔ چلو اوپر چلتے ہیں اب پھر ڈاکٹر نے ابو کو چیک کیا اور بولا کہ کچھ دوائی لے آؤ آپ کے ابو جلد ہی ٹھیک ہو جائیں گے ڈاکٹر نے جو دوائی لکھ کر دی تھی میں وہ دوائی لے کر آ گیا مگر پھر ابو کو چیک کرنے ڈاکٹر نہ آئے ابو درد کی وجہ سے بول رہے تھے کہ درد ہو رہی ہے مگر اب انجکشن تو ڈاکٹر نے لگانا تھا وہ شاید بزی ہو گئے تھے صدف غصے ہونے لگی کہ تم جا کر پتہ کرواؤ ہسپتال کا یہ کوئی نظام ہے مریض کو تکلیف ہو رہی ہے اور ڈاکٹر نے مڑ کر خبر بھی نہیں لی جبکہ فیس تو پہلے ہی جمع کر چکے ہیں میں نے ڈاکٹر کو بتایا تو ان کے پاس کوئی ان کا دوست شاید آیا ہوا تھا وہ ان کے ساتھ محو گفتگو تھے آپ چلو میں آتا ہوں مجھے ڈاکٹر صاحب نے کہا۔ میں پھر ابو کے پاس آ گیا۔ وہاں صدف غصے ہو رہی تھی کہ تم ان کو ساتھ کیوں نہیں لے کر آئے میں نے کہا کہ میں نے ان کو بولا ہے وہ آتے ہی ہوں گے کافی دیر کے بعد ڈاکٹر صاحب آئے انجکشن وغیرہ دیا اور پھر چلے گئے وہ مریض کی طرف کوئی دھیان نہیں دے رہے تھے صدف تھی کہ غصے سے لال پیلی ہوتی جا رہی تھی تھوڑی دیر کے بعد صدف کے ذہن میں پتہ نہیں کیا آیا اس نے کہا کہ انکل کو یہاں سے لے چلو ہم انکل کا کسی پرائیویٹ ہسپتال میں علاج کرواتے ہیں اس سرکاری ہسپتال کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے ان کو اپنی تنخواہ سے ہوتی ہے وہ تو ان کو مل جاتی ہے بس ان کو کیا پتہ کہ مریضوں کے دکھوں اور دردوں میں کتنی داستان چھپی ہوتی ہے پھر ہم دونوں ابو کو لے کر ایک پرائیویٹ ہسپتال لے کر آ گئے جہاں کچھ دن ابو کا علاج کروایا تو ابو کی صحت ٹھیک ہو گئی ادویات وغیرہ کا سب خرچہ صدف نے دیا تھا صدف نے ہر مشکل لمحے میں میرا ساتھ دیا۔ مجھے اپنے پیار پر ناز ہونے لگا مگر کمی مری زندگی میں تھی تو اپنی ماں کی ماں کے پیار کی تھی جو میں زندگی کے ہر لمحہ محسوس کرتا تھا میرا دوست علی تو مجھے بھول ہی گیا تھا اس نے میرے ابو کا حال تک نہ پوچھا مجھے کافی افسوس ہوا مگر اب میں ہمت ہار چکا تھا میں اپنے دوست کے لیے کچھ بھی نہیں کر سکتا تھا کیونکہ میرے حالات کچھ ایسے ہو گئے تھے خیر حالات انسان کوشش کرے تو ٹھیک ہو سکتے ہیں مگر اپنوں کی دوری کبھی نہیں ختم ہوتی علی اپنے دوست کو میں کافی مس کرتا مگر وہ تو شاید مجھے بھول ہی گیا تھا ایک دن اچانک بازار میں میری ملاقات علی سے ہو گئی جبکہ علی کو دیکھتے ہی میں حیران ہو گیا کیونکہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

یہ وہی علی تھا جس کے پاس کالج میں میری طرح کھانے کے لیے ایک روپیہ نہیں ہوتا تھا جس کے ابو محنت مزدوری کرتے تھے آج اس کے پاس کار اور گھر کے بارے سن کر حیران ہوا ایک لمحے کے لیے خوشی بھی ہوئی کہ میرے دوست کے پاس رقم آئی ہے وہ خوش ہے مگر دوسری طرف میرے ذہن میں یہ سوال گردش کر رہا تھا کہ اتنی جلدی کیسے آج کے دور میں تو ایک روپیہ کمانا بہت مشکل ہے جبکہ وہ تو بہت زیادہ دولت کما چکا ہے میں نے پوچھا تو میرے پوچھنے پر میرے دوست نے جو داستان سنائی۔ میری روح تک کانپ گئی کہ یہ جو سب اس نے اتنے کم دنوں میں کمایا ہے وہ حلال کی نہیں بلکہ ہزاروں لوگوں کا خون کر کے جمع کیا ہے مجھے بے حد افسوس ہوا کہ اس لڑکی نے اس کو کیا بنا دیا ہے وہ انیلہ سے مل کر چوری اور ڈاکے مارنے لگا تھا جس میں انیلہ کے دوسرے دیوانے بھی اس کے ساتھ تھے میں اپنے دوست کو اس حال میں دیکھ کر پریشان ہو گیا وہ گناہ کی دنیا میں داخل ہو چکا تھا کیسے اس کو اس گناہ کی دنیا سے نکالا جائے میں نے صدف کو ساری صورتحال سے آگاہ کیا تو وہ بھی سن کر پریشان ہو گئی۔ ہم نے سوچا کہ کیوں نہ علی کے والدین سے بات کی جائے جب علی کے والدین سے بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ یہ سب دولت انیلہ کے ابو نے علی کو دی ہے جو کہ علی اور انیلہ نے ان سے جھوٹ بولا تھا ہم دونوں کافی پریشان ہو گئے علی کے والدین کو کچھ بھی نہ بتایا اور واپس آ گئے مجھے میرا دوست اپنے آپ سے دور ہوتا محسوس ہوا ایسے لگ رہا تھا جیسے میرا دوست بھی مجھ سے بچھڑ رہا ہے میرے اوپر پھر سے اپنے دوست کے بچھڑنے کے ڈر سے اداسی چھا گئی۔

میری روح تک کانپ جاتی ہے جب مجھے خیال آتا ہے کہ علی بچھڑ جائے گا مجھ سے کیوں کہ جو اس راہ پر چل پڑا تھا اس کا انجام بہت ... مجھے نظر آ رہا تھا جو کہ ایسے مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ ہونے والا ہے مگر میں ہر وقت دعا کرتا کہ اے اللہ میرے دوست کو سیدھے راہ پر لے آ اس کو اس گناہ کی دنیا سے بچا لے صدف بھی دعائیں کرتی تھی مگر ہونے کو کون ٹال سکتا ہے وہ ہوا جس سے ہم سب ڈرتے تھے علی اپنے دوستوں کے ساتھ چوری کرنے گیا اور وہاں گھر والوں کو پتہ چل گیا اور گھر والوں کی جوابی فائرنگ سے علی اور ایک دوست کو گولی لگ گئی جس سے وہ اسی وقت اس دنیا کو چھوڑ گئے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے آرام کی نیند سو گئے جب مجھے پتہ چلا تو میری روح تک کانپ گئی میں نے صدف کو بتایا تو وہ بھی پریشان ہو گئی ہم سب علی کے گھر گئے تو سامنے علی کے والدین رو رہے تھے ان کی حالت مجھ سے دیکھی نہیں جا رہی تھی ابھی تک لاش نہیں آئی تھی محلے کے بھی کافی لوگ جمع ہو گئے تھے دیکھتے ہی دیکھتے گھر سارا لوگوں سے بھر گیا والدین کو لوگ حوصلہ دے رہے تھے مگر جن کا جوان بیٹا اس جہاں سے اچانک ان کو تنہا چھوڑ کر چلے جائے تو ان پر کیا گزرتی ہو گی میری آنکھوں کے سامنے بھی اندھیرا چھانے لگا صدف نے حوصلہ دیا مگر میں نہ چاہتے ہوئے بھی اپنے آپ کو قابو نہ کر سکا اور آنکھوں سے آنسوؤں کی برسات شروع ہو گئی میرے سامنے وہ منظر کالج میں داخلہ، مل کر سیر کرنا، وہ سب میرے ذہن میں گردش کرنے لگے آسمان مجھے گھومتا نظر آنے لگا۔ صدف نے مجھے سمجھایا اور کافی حوصلہ دیا اور مجھے کہا کہ اس سے پہلے کہ انیلہ کسی اور لڑکے کی جان لے آپ نے انیلہ کو ختم کرنا ہے ہاں میں ہر حال میں انیلہ کو سزا دلواؤں گا انیلہ اب تمہارے دن بھی کم رہ گئے ہیں تم کبھی خوش نہیں رہو گی تم نے ایک ماں کو رلایا ہے ان کے والدین کی طرف دیکھتے ہوئے میں نے قسم اٹھائی کہ اب کبھی میں کسی اور کی زندگی یوں انیلہ کے ہاتھوں برباد نہیں ہونے دوں گا اتنے میں لاش آ گئی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

علی کی ماں لاش کی طرف بھاگتے ہوئے گر گئی اور بے ہوش ہو گئی میں لاش کی بجائے علی کی ماں کی طرف بڑھا اور کافی دیر کوشش کی ہوش میں لانے کی اور اس کی ماں کو ہوش آ گیا اور علی علی پکارنے لگی اف خدایا مجھے تو ایسے لگ رہا تھا جیسے قیامت آنے لگی ہو۔ پھر جنازے کی تیاری ہو گئی جنازہ پڑھانے کے بعد میں اپنے دوست کو اپنے ہاتھوں سے قبر میں ڈال رہا تھا ساتھ ہی اشکوں کی برسات ہو رہی تھی سب دوستوں اور محلے والوں نے اپنے ہاتھوں سے قبر کے اوپر مٹی ڈالی میں سمجھتا تھا کہ میں اکیلا پریشان ہوں مگر یہاں ہر کوئی پریشان تھا۔

صدف بار بار ضد کر رہی تھی کہ اپنے ابو کو آپ جلدی ہمارے گھر بھیجو میں چاہتی ہوں کہ ہماری شادی جلدی ہو جائے میں نے کہا کہ میں جلدی ہی بھیجوں گا آپ بے فکر ہو جاؤ اور ہاں میرے لیے کوئی کام بھی ڈھونڈنا ہے ہم لوگوں نے ایک دو دن تلاش کرنے کے بعد مجھے ایک نوکری مل گئی جس سے میرے گھر کا خرچہ ٹھیک چلنے لگا پھر آہستہ آہستہ میرے گھریلو حالات ٹھیک ہو گئے ایک دن ابو نے کہا کہ بیٹا میں جاتا ہوں صدف کے گھر کیونکہ اب اور ہم لوگوں کو دیر نہیں کرنی چاہیے او کے جیسے آپ کی مرضی ابو۔ دوسرے دن ابو کو میں نے اپنے رشتے کے لیے صدف کے گھر بھیجا۔ ابو کا میں نے صدف کو بھی بتا دیا تھا کہ ابو آپ کے گھر آ رہے ہیں۔ وہ خوشی سے جھومنے لگی میں بھی دل ہی دل میں خوش تھا اور ابو کے واپس آنے کا انتظار کر رہا تھا۔ یہ وقت ایک ایک لمحہ میرے لیے قیامت کا وقت تھا۔ جو گزرنے کا نام نہیں لے رہا تھا سوچ رہا تھا کہ اے اللہ اب میری خوشیوں کو کسی کی نظر نہ لگنے دینا ابو جب ان کے گھر گئے تو صدف کے ابو میرے ابو سے نہیں ملے تھے انہوں نے صدف کی ماں کو بھیجا او پروالے روم سے کہ آپ ہاں کر دینا اور میرا کہنا کہ وہ گھر پر نہیں ہے صدف کی امی نے پوچھا کیوں تو صدف کے ابو نے کہا میں پھر بتاؤں گا ابو واپس آ گئے اور جب ابو نے یہ بتایا کہ انہوں نے ہاں کر دی ہے تو میرے لیے خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی مگر جب دوسرے دن صدف سے بات ہوئی تو اس نے کہا کہ ابو نے کل اس طرح امی کو کہا تھا جو میں نے سنا تھا میں پریشان تھی کہ ابو نے ایسا کیوں کیا۔ میرے ذہن بھی سوچ میں پڑ گیا کہ کیوں ایسا کیا انہوں نے خیر میں نے کہا کہ چھوڑو جان صدف ہاں تو کی ہے اب ہم کو کیا ضرورت ڈرنے کی اچھا یہ بتاؤ کہ اب کدھر چلیں آج میرا گھومنے کو بہت دل کرتا ہے میں نے کہا تو صدف نے کہا کہ فرید یہ پارک نہیں بلکہ نواز شریف پارک چلتے ہیں چلو ٹھیک ہے جیسے آپ کی مرضی پھر دونوں نواز شریف پارک چلے گئے کافی ایک دوسرے سے پیار بھری گفتگو کی ہمیشہ ساتھ نبھانے کے وعدے یہاں تک کہ ہم نے اپنے بچوں کے نام تک رکھ لیے تھے۔ پھر میں نے کہا اچھا بابا جو دل کرے رکھ لینا مگر مجھے بھوک لگی ہے۔ او چلو کچھ کھاتے ہیں پھر ہوٹل سے ہم نے کھانا کھایا ہم اپنے ہاتھوں سے ایک دوسرے کو کھلا رہے تھے کہ وقت رک جاتا آج بہت عرصہ کے بعد میں خوش نظر آ رہا تھا جس کو صدف بھی محسوس کر رہی تھی صدف نے کہا کہ آپ ہمیشہ اس طرح خوش رہنا ہاں رہوں گا اگر تم نے میرا ساتھ دیا تو تب رہوں گا میری جان میں ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں مجھے تم سے موت کے علاوہ کوئی جدا نہیں کر سکتا صدف موت ہی ہے جو ہم دونوں کو جدا کرے گی یہ دنیا والے ہم دونوں کو کبھی بھی جدا نہیں کر سکتے۔

ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں نظر آ رہی تھیں ایسے لگ رہا تھا جیسے میری زندگی میں بہار آنے والی ہے۔ یونہی صدف کے ساتھ وقت اچھا گزر جاتا ہم اکثر پارکوں میں پھرتے تھے ایک دن میں واپس صدف سے مل کر آیا تو سامنے گھر میں ابو بے ہوش

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

پڑے تھے میں نے صدف کا موبائل نمبر ملایا تو نمبر بند تھا میں اللہ کے آسرے پر ابو کو لے کر ہسپتال کی طرف چل پڑا لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی منظور تھا ابو راستے میں اللہ کو پیارے ہو گئے اور مجھے اس بھری دنیا میں تنہا چھوڑ گئے میں روتا رہا ابو کو واسطہ دیتا رہا روتا تڑپتا رہا مگر میرا رونا تڑپنا کچھ بھی کام نہ آیا۔ حالات نے مجھے ایک بار پھر توڑ دیا تھا۔ میں پھر ایک بار ٹوٹ گیا تھا۔ ابو کو میرے دیکھتے ہی دیکھتے ہمیشہ کے لیے دفن کر دیا گیا ایک بات کا مجھے بے حد افسوس ہوا جو یہ کہ صدف میرے ابو کی وفات پر نہیں آئی اس کا نمبر بھی بند تھا۔

میں نے کافی بار نمبر ملایا مگر بند ہی ہوتا میں آپ لوگوں کو بتاتا چلوں کہ میرے ابو کا گلہ دبایا گیا تھا کسی چیز کے ساتھ اور جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہونے کے بعد فوت ہو گئے تھے میرے ذہن میں یہ آ رہا تھا کہ ابو کو کس نے مارنے کی کوشش کی اور کون تھے وہ لوگ میری سوچ بھی ایسی نہیں تھی میرے ساتھ ایسا کبھی ہو گا ابھی تو حالات کچھ بہتر ہوئے تھے اکثر دوست ملنے آتے اور پھر چلے جاتے میں علی کے والدین کے پاس رہنے لگا ایک دن میں صدف کے گھر گیا تو صدف کا گھر بند تھا ہمسایوں سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ وہ تو بہت دن ہو گئے ہیں اس جگہ کو چھوڑ گئے ہیں اور پتہ نہیں کدھر گئے ہیں پھر میرے ذہن میں وہ باتیں آنے لگیں جو صدف نے کہی تھیں کہ ابو گھر میں گئے تھے اور سب کچھ میں سمجھ گیا تھا کہ شاید صدف کو ابو میرے والدین کے کوئی عزیز ہوں گے۔ حالات کے ساتھ میں نے سمجھوتا کر لیا اور علی کے والدین کے لیے اپنی زندگی کو قربان کر دیا میں ان کی خدمت کرنا چاہتا تھا مجھے صدف کی بے حد یاد آتی تھی میں دن رات بلکہ زندگی کے ہر لمحہ صدف کو یاد کرتا وہ پل وہ لمحے وہ خواب وہ سپنے جو ہم نے مل کر دیکھتے تھے۔ سب کے سب بکھر گئے۔

قارئین کوئی لمحہ ہو گا جب میں نے صدف کو یاد نہ کیا ہو تین سال گزر گئے اور صدف سے میری ملاقات نہ ہو سکی علی کے والدین کے مجبور کرنے پر میں نے مسکان سے شادی کر لی شادی کے بعد بھی میں صدف کو بہت یاد کرتا تھا پھر اللہ نے مجھے چاند جیسا بیٹا دیا جس کا نام میں نے عدیل رکھا اب جب بھی میں عدیل کو پکارتا ہوں تو میری آنکھیں نم ہو جاتی ہیں والدین کی کمی بھی بہت محسوس کرتا ہوں میری بیوی کو میری زندگی کے بارے میں سب پتہ ہے اس نے جو پیار دیا ہے وہ میں کبھی بھول تو نہیں سکتا مگر صدف میں آج بھی نہیں بھولا اور نہ ہی کبھی میں بھول سکتا ہوں جب تک سانس چلے گی میں اسے یاد رکھوں گا بھائی ندیم یہ تھی میری زندگی جو میں نے آپ کے سامنے کھول کر رکھ دی ہے بھائی میرے والدین نے گھر سے بھاگ کر بہت بڑی غلطی کی ہے اور اس کی سزا ان کے ساتھ ساتھ مجھے بھی ملی ہے عشق کرنا سزا ہے جو آج کل کا خصوصی عشق ہے لازمی یہ ہی ہوتا ہے کہ جہاں پیار ہو وہاں شادی ہو اپنے چند عرصے کے پیار کے لیے زندگی کا پیار لوگ کیوں بھول جاتے ہیں وہ پیار جو ان کے والدین ان کو دیتے ہیں میری تمام دوستوں سے ریکویسٹ ہے کہ کبھی بھی اپنے پیار کی خاطر اپنے والدین کے پیار کو نظر انداز مت کرنا ورنہ کبھی بھی تم خوش نہیں رہ پاؤ گے نہ تم بلکہ آپ کی آنے والی نسل بھی اس سے کافی حد تک متاثر ہو گی خدا کے لیے جذبات سے کام نہ لیں بلکہ جو بھی فیصلہ کرو وہ عقل اور سوچ کر کرو۔ دوسرے نمبر پر یاد کرنے والے لوگوں کو بتا دوں کہ آج کل کوئی بھی سچا پیار نہیں کرتا۔ آخر میں دوستوں کی رائے کا بڑی شدت سے انتظار رہے گا۔ میں اس سٹوری کو لکھنے میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں آپ کی رائے کا میں بڑی شدت سے انتظار کروں گا۔ میری پہلی سٹوریوں پر ہزاروں لیٹر موصول ہوئے جن کو پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

میری فرمائشیں یا تیری

تحریر: اللہ دتہ مخلص، راولپنڈی کینٹ | 03338509231

محترم شہزادہ صاحب!

آج پھر ایک جواب عرض کی قاری بہن کی سٹوری لے کر آپ کے در پر بن بلائے دستک دے دی ہے امید ہے اس کو بھی پہلے کی طرح جلد شائع کرکے شکریہ کا موقعہ دیں گے اس کے بعد ان دوستوں کا بھی شکریہ جنہوں نے میری سٹوری میرا عشق پڑھ کر پسند کی خاص کرنے لوگوں کا، حسن عسکری، حماد ظفر ہادی، ایم اشفاق بٹ، مجید احمد جائی، محمد اشرف زخمی، خالد فاروق آسی، ارمان سنگم، ندیم ڈھکو، ایم عامر، فرہاد جٹ، احمد نجمی اور جن دوستوں کے نام نہ لکھ سکا ان کا بھی شکریہ مقصود بلوچ آپ آج کل غیب ہے کوئی رابطہ نہیں کیا ہوا تو استاد جی آپ نے بھی اس دفعہ اس گانے کو رولایا ہے جو کہ پہلے آصف سانول نے لکھا ہے خدا کے لیے ان لفظوں سے پیچھے ہٹ جاؤ جو کہ مسلمان ہونے سے خارج کرتا ہو آپ کی سٹوری انوکھے روپ میں یہ گانا ہے جو کہ انڈیا کا ہے لکھتے ہوئے توجہ کیا کریں کہ میں کیا لکھ رہا ہوں باقی انشاءاللہ پھر سہی خدا حافظ

ادارے کی پالیسی کے مطابق نام اور مقامات سب فرضی هیں کسی قسم کی مطابقت محض اتفاقیہ ہو گی۔

اس کہانی میں شامل تمام کرداروں اور مقامات کے نام فرضی ہیں

فروری کے شمارے میں میری ایک عدد سٹوری گم نام عورت شائع ہوئی تو ایک بہن نے اپنی سٹوری مجھے بھیجی ہے کہ یہ بھی اس کے ساتھ کافی ملتی جلتی ہے امید ہے میری سٹوری یہ سٹوری بھی آپ پڑھ کر ضرور شائع کروا دیں گے تو میں نے اپنی طرف سے درست کرنے کی کافی کوشش کی ہے امید ہے سب کو پسند آئے گی۔ اب آپ اس کی زبانی سنئے میرا نام طوبیٰ ہے اور مجھ سے دو بڑے بھائی ہیں اور میں ان سے چھوٹی ہوں اور جب میں پیدا ہوئی تو گھر والوں نے کافی خوشی منائی ایک تو مجھ سے دو پہلے بڑے بھائی تھے اور پھر میں چار سال بعد بڑی دعاؤں اور منتوں کے بعد پیدا ہوئی اس وجہ سے میرے پیدا ہونے پر گھر والوں نے خوشی منائی اور میں اپنے آپ کو بڑی خوش قسمت سمجھتی ہوں کہ میرے گھر والوں نے مجھے اتنا پیار دیا ورنہ آج کل کے دور میں تو لڑکی پیدا ہونے پر ماؤں کو پتہ نہیں کیا کیا الفاظ سنائے جاتے ہیں یہ تو قارئین میرے سے بہتر آپ جانتے ہو جو آج کل کے دور میں ہو رہا ہے لیکن میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ آپ برا منائیں لیکن جو حقیقت ہے وہ حقیقت تو ہوتی ہے میں کون ہوتی ہوں پھر لکھنے والی۔ تو مجھے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اپنے آپ پر فخر ہے کہ میں اس گھر میں پیدا ہوئی کہ جہاں پر مجھے ضرورت سے زیادہ پیار ملا اور میرے گھر والوں نے میرے اتنے نخرے اٹھائے کہ میں اپنی مان مانی کرتی تو میرے گھر والے بجائے روکنے کے وہ میرے اوپر میرا ہر حکم آمین کرتے میں جو بھی فرمائش کرتی وہ میری پوری ہو جاتی میں سوال بعد میں کرتی اور میرے بھائی اور ماں باپ میرا جواب پہلے تلاش کرتے اور پھر جب میں تھوڑی بڑی ہوئی تو میرے گھر والوں نے مجھے سکول داخل کروایا اور میں بھی دل لگا کر پڑھنا شروع کر دیا اور میری ہر سال محنت رنگ لاتی اور میں پڑھنے کے ساتھ ساتھ میری عمر میں بھی اضافہ ہوتا گیا اور میں پھر مڈل سے ہائی اور پھر جا پہنچی کالج میں۔

یہ وہ دور تھا جب ہر کوئی میرے اوپر مرتا لیکن میں اس کام کو فضول سمجھتی کہ میں تو گھر سے پڑھنے آئی ہوں نہ کہ کوئی پیار کا چکر چلانے ویسے بھی میری گھر والوں کو میرے اوپر بڑا اعتبار تھا اور پھر ایک دن ہمارے کالج میں ایک ارشد نام کا لڑکا داخل ہوا اور میری ہی کلاس میں تو مجھے وہ بڑا اچھا لگا کیونکہ وہ انتہائی خوبصورت اور خوش شکل تھا جو عام طور پر شرمایا شرمایا سا دکھائی دیتا اس کے اس انداز پر میری کلاس روم کی لڑکیاں واری واری جاتیں ہر لڑکی اس کے بارے میں ایک دوسری سے بات کرتی اور پھر کسی کی زبان پر اس کے لیے اچھے الفاظ ہوتے کوئی کہتی کاش یہ میرے ساتھ پیار بھری باتیں کرے لیکن وہ سوائے میرے کسی کے ساتھ بات نہ کرتا اور وہ کیوٹ سا تھا پہلے تو میں یہ سمجھ رہی تھی کہ بڑا مغرور ہے لیکن اب پتا چلا تھا کہ وہ مغرور نہیں ہے بلکہ اس کی عادت ہے میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ شخص جس کے لیے پورے کالج کی لڑکیاں پاگل ہونے لگی تھیں وہ میرے لیے پاگل تھا ہمارے درمیان دوستی کی ابتدا ایک انمول تحفے سے ہوئی تھی وہ اس طرح کہ ہماری کلاس کالج میں دوسری منزل پر تھی اور ایک دن میں پریڈ اٹینڈ کرنے کی غرض سے جلدی جلدی سیڑھیاں چڑھ رہی تھی اور وہ اوپر سے نیچے آ رہا تھا کہ میری ٹکر اس کے ساتھ ہو گئی اور میری کتابیں میرے ہاتھ سے گر گئیں اس کی بھی کتابیں ہاتھ سے گر گئی اور میں نے اس کی اور اس نے میری کتابیں اٹھائیں اور ایک دوسرے کو سوری بول کر دے دیں تو ایک میری اور ایک اس کی کتاب ایک دوسرے کو چلی گئی اور وہ اپنے گھر چلا گیا اور میں نے پیریڈ اٹینڈ کیا اور نہ مجھے پتہ چلا کہ اس کی کتاب میرے پاس ہے اور نہ ہی اس کو خبر وہ تو کسی گھریلو کام کی وجہ سے چھٹی لے کر گیا تھا اور میں نے اپنا پورا ٹائم سکول میں گزارا وہ جب ہماری ایک دوسرے کو ٹکر لگی تھی وہ اس وقت چھٹی لے کر جا رہا تھا اور وہ اپنے گھر چلا گیا اور میں نے اپنا پیریڈ اٹینڈ کیا اور پھر جب دو بجے چھٹی ہوئی تو میں گھر آئی اور کھانا وغیرہ کھایا اور پھر جب کالج کا کام جو گھر سے کر کے جانا تھا کو کرنے لگی تو میں نے جب اپنا بیگ کھولا تو وہ بک نظر آئی تو میں گھبرا گئی کہ کہیں میرے گھر والے اس کا نام نہ پڑھ لیں اس لیے میں نے جلدی جلدی اپنی الماری میں چھپا دی اور پھر اپنا کام کیا تو رات کو میں نے وہ بک نکالی اور میں نے ساری کتاب کا ایک ایک ورق دیکھا کہ کیا وہ بھی کسی کے ساتھ پیار کرتا ہے یا نہیں کیونکہ آج کل کے لڑکے اکثر اپنی محبوبوں کے نام کے سپیلنگ لکھے ہوتے ہیں اپنی کتابوں پر کیونکہ آج کے لڑکے نہیں بلکہ لڑکیاں بھی اپنی کتابوں میں لکھتی ہیں جو کہ میرے دوستوں نے بھی اپنی کتابوں میں اپنے عاشقوں کے نام کے سپیلنگ لکھے ہوتے تھے لیکن قصہ مختصر یہ کہ میں اس کے ساتھ اور وہ میرے ساتھ کتاب کی وجہ سے ایک دوسرے کے قریب آئے اور پھر ایک دوسرے کا احترام ایک دوسرے کے لیے بے قراری ایک دوسرے کے دکھ درد کے شریک اور سب سے بڑھ کر یہ کہ میرے گھر

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

والوں نے بھی میرے اور ارشد کے تعلق پر کوئی اعتراض نہ کیا وہ اعتراض کرتے بھی تو میں اپنی بات منوانا جانتی تھی لیکن میرے گھر والے تو میں نے آپ کو پہلے بھی بتایا کہ میری کسی بات کا اعتراض نہیں کرتے تھے لیکن میں اپنی ان بہنوں سے ریکوسٹ کرتی ہوں کہ اگر ان کے گھر والے ان کا ہر کہنا مانتے ہیں تو میری طرح اپنے ماں باپ کو ذلیل نہ کرنا خدا کے لیے میں تو بڑی گناہگار ہوں بس میری تحریر پڑھ کر میرے لیے ضرور دعا کرنا۔

میری خوشی میں میرے گھر والے بھی خوش تھے اور میرے گھر والوں نے بھی یہ سوچا کہ یہ رشتہ جلد زندگی بھر کا ہو جائے تو بہتر ہے بالآخر وہ دن بھی آ گیا جب ارشد نے اپنے گھر والوں کو میرے رشتے کے بارے میں بھیجا اور میرے گھر والوں نے ہاں میں جواب دیا اور پھر ہماری منگنی ہونے کے دن قریب آ گئے اور ہمارے کالج کے لڑکے اور لڑکیاں ہم دوستوں کو مبارکباد یں دیتے تھے اور ہم دونوں بھی بڑے خوش تھے کہ ہم دونوں صرف ایک دوسرے کے لیے بنائے گئے ہیں اور ہماری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا لیکن اس دن ساری صورت حال ہی بدل گئی ہوا یوں کہ میری ملاقات جب کالج میں ارشد سے ہوئی تو مجھے اس طرح لگا کہ جس طرح کہ یہ شخص تو بڑا قابل نفرت شخص ہے اس کے چہرے سے مجھے اس طرح لگا کہ یہ بڑا مکاری اور دھوکے باز ہے اور میرے اندر اس کے لیے اتنی نفرت یک دم پیدا ہوئی کہ میں نے ارشد کو کہہ دیا کہ تم آج کے بعد مجھے نظر مت آنا بلکہ میرے سامنے آنے کی کوشش بھی مت کرنا اور ارشد بولا کہ کوئی بات نہیں وہ ساتھ ساتھ ہنس کر بولا تھا کہ میں کسی اور سے مل لوں گا وہ میری بات کا مذاق سمجھ رہا تھا تو میں نے اس کو دوبارہ مخاطب کیا کہ دیکھو ارشد میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں میں تم سے نفرت کرتی ہوں نفرت آئی ہیٹ یو، تو ارشد بولا دیکھو

طوبیٰ تم پاگل تو نہیں ہو گئی ارشد حیران ہو کر بولا کہ یہ تم کیا بولے جا رہی ہو تم ٹھیک تو ہو میں نے دوبارہ کہا کہ تم اس قابل نہیں ہو کہ میں تمہارے ساتھ دو منٹ بھی گزار سکوں میرے سامنے سے دور ہو جاؤ اور اب میں کافی بلند آواز میں چیخ چیخ کر بول رہی تھی میں تمہاری صورت بھی دیکھنا گوارہ نہیں کرتی دفعہ ہو جاؤ یہاں سے اور اس دوران کالج کے کافی لڑکے اور لڑکیاں ہمارے ارد گرد جمع ہو گئے وہ جو ہمیں مبارک باد دے رہے تھے اب وہ حیرت سے ہمارے پاس کھڑے ہمیں دیکھ رہے تھے جبکہ ارشد نے اپنی شرمندگی کی وجہ سے اپنا سر جھکا رکھا تھا اور میں نہ جانے کیا کیا بولتی جا رہی تھی بالآخر ارشد میرے سامنے سے ہٹ گیا اور وہ نجانے کہاں چلا گیا کہ وہ ہمارا کالج کا اتنا اچھا سٹوڈنٹ تھا جس کی میں نے اتنی بے عزتی کی کہ وہ کالج بھی چھوڑ گیا اب پتہ نہیں وہ کہاں گیا ہے اس کا مجھے کوئی پتہ نہ چلا پتہ نہیں اس بے چارے کا کیریئر بھی میری وجہ سے تباہ ہو گیا ہو لیکن مجھے تو اب اس سے نفرت ہونے لگی تھی اور پھر اس کے چلے جانے سے میری منگنی بھی نہ ہوئی اور میرے گھر والے بڑے پریشان ہوئے جب میں نے جا کر اپنی امی کو بتایا کہ میں نے آج ارشد کی بے عزتی کی ہے اور میں اس کے ساتھ شادی نہیں کرنا چاہتی تو میری ماں نے میرے اس رویے پر انتہائی حیران ہوئی اور بولی کہ طوبیٰ کیا ہوا ہے اب تم نے کیوں ایسا کیا ہے ارشد کے ساتھ تو میں نے جواب دیا کہ ماں میں اس کے ساتھ شادی نہیں کرنا چاہتی تو میری ماں بولی کہ جب شادی نہیں کرنی تھی تو پھر اس کو اتنی دور تک کیوں ساتھ لائی اور اتنا آگے جانے کی کیا ضرورت تھی اور میں نے صرف اتنا جواب دیا کہ مجھے نہیں پتہ بس اب وہ مجھے اچھا نہیں لگتا تو میری ماں بولی کہ تم پاگل تو نہیں ہو گئی ہو تو میں نے پھر جواب دیا کہ نہیں ماں میں پاگل نہیں ہوں بس بات اتنی سی ہے کہ جب ایک آدمی دل

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ے، اتر جائے تو پھر اتر گیا تو میری ماں پھر بولی کہ آخر لڑکیوں گیا تو میں نے کہا کہ یہ میں نہیں جانتی اور پھر میری ماں کو بھی خاموش ہونا پڑا ظاہر ہے وہ اس کے علاوہ اور کیا کر سکتی تھی زندگی اس طرح میری گزرتی رہی شروع شروع میں تو محلے کے ساتھ ساتھ کالج میں بھی اس بات کے چرچے ہوتے رہے پھر سب آہستہ آہستہ اس بات کو بھول گئے اور ارشد بھی تو یہ کالج چھوڑ کر چلا گیا تھا اس کی وجہ سے بھی کالج کے لڑکے اور لڑکیاں یہ سب بھول گئے تھے اور پھر ایک دن مجھے راستے میں جب میں گھر سے کالج کی طرف آنے لگی تو راستے میں اچانک میرے سامنے ایک لڑکا آیا یہ ایک لڑکی کے ساتھ ساتھ فٹ پاتھ پر میں اپنی ہی مستی میں جا رہی تھی نظریں ترچھی کر کے کہ جب میں نے اپنی نظر اوپر اٹھائی تو سامنے سے ایک لڑکا جو مجھے گھور گھور کر دیکھ رہا تھا میری نظر جب اس کے ساتھ ٹکرائی تو وہ مجھے بڑا اچھا لگا اور مجھے اس طرح لگا جیسے میں اس کو تلاش کر رہی تھی وہ ایک بہت ہی بدصورت شکل والا تھا لیکن میرے دل کو بڑا اچھا لگا اور پھر میں نے بلا جھجک اس سے اس کا نام پوچھا تو اس نے اپنا نام عامر بتایا تو میرے منہ سے نکلا واہ کتنا پیارا نام ہے آپ کا اور ساتھ ہی میں نے دوسرا سوال کیا کہ آپ پڑھتے ہو یا کوئی کام شام کرتے ہو تو وہ ہنس کر بولا کہ میں تو آپ کو جانتا نہیں ہوں اور آپ میرے ساتھ فری ہو رہی ہو تو میرے منہ سے یہ نکلا کہ جو مجھے اچھا لگتا ہے میں اس کے اس طرح ہی فری ہو جاتی ہوں تو وہ پھر بولا کہ آپ پہلے اپنا نام بتائیے تو میں نے بلا جھجک اپنا نام طوبیٰ بتایا میری عادت نہیں تھی کہ میں اپنا نام غلط بتاتی لیکن اب میں تو اس کو پسند کر چکی تھی اس لیے نام غلط بتانے کا کوئی فائدہ نہیں تھا اس لیے میں نے اپنا اصل نام بتانا مناسب سمجھا تھا اور اس کی باتیں خوب صورت تھیں یا مجھے خوبصورت لگی لیکن اس کی باتوں کے علاوہ نہ ہی کوئی خوب صورت تھا اور نہ ہی اسے کوئی

پوچھتا ہوگا تو میں نے دوبارہ پوچھا کہ آپ نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا تو وہ ہنس کر بولا کہ میں ایک سرکاری ملازم ہوں اور بہت اچھے عہدے پر فائز ہوں میرا خیال سچ ثابت ہوا کہ اس کا مستقبل بہت شاندار ہوگا اور مجھے وہ بڑا اچھا لگا تو میرا بھی دل کرتا اس کے ساتھ روز ملاقات ہو اور پھر ہماری ہر روز ملاقات ہو جاتی اور پھر اس نے مجھے ایک دن یہ بھی کہہ دیا کہ دیکھو طوبیٰ میرا خیال ہے کہ تمہاری نگاہ بہت کمزور ہے میں نے کہا کہ وہ کیسے تو وہ بولا وہ اس لیے کہ تم جیسی لڑکی نے مجھ سے دوستی کی ہے ورنہ میں تو وہ ہوں کہ لڑکیاں تو لڑکاں میرے ساتھ تو لڑکے بھی میری صورت دیکھ کر کترا جاتے ہیں تو میں نے کہا کہ یہ بے کار باتیں مت کرو میں نے تمہارے اندر کے چھپے ہوئے انسان کو پہچانا ہے میں صورت پر نہیں بلکہ سیرت پر مرتی ہوں وہ سیرت تمہارے اندر ہے جو مجھے اچھی لگی اور تمہارے بدلے انداز بڑا پیارا ہے جو مجھے بڑا اچھا لگتا ہے بس تم میرے ساتھ پیار بھری باتیں کیا کرو تو عامر بولا کہ طوبیٰ یہ تم مجھے کن بلندیوں پر پہنچا رہی ہو تو میں نے کہا کہ یہ تم نہیں میری باتوں کو سمجھو گے تو اتنا جان لو کہ میری نگاہ میں تم میرے لیے لاکھوں میں سے ایک ہو اور میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ میں نے آپ کو اپنانے کا فیصلہ بھی کر لیا ہے اور ویسے یہ بات لڑکے کرتے ہیں لڑکیوں کے ساتھ لیکن مجھے پتہ ہے آپ کبھی بھی ایسی بات اپنی زبان سے نہیں کہو گے میں نے کر دی ہے اور اس وقت میرے اوپر اس کی محبت کا جنون سوار تھا کہ میں نے گھر آتے ہی اپنی ماں کو بتا دیا کہ میں نے ایک لڑکا پسند کر لیا ہے اور میں جلد شادی کرنا چاہتی ہوں اور پھر میں نے اپنی ماں کی ملاقات بھی عامر سے کروا دی تو میری ماں نے عامر کو تو کچھ نہیں کہا بلکہ جب ہم ماں بیٹی گھر آئیں تو میری ماں نے مجھے کہا کہ بیٹا تم پاگل تو نہیں ہو گئی کہ ارشد جیسے اتنے خوبصورت جوان کو چھوڑ کر تم کو یہ ملا

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اگر تو میں نے امی کو جواب دیا کہ امی جان آپ ارشد کا ذکر نہ کریں بلکہ اب مجھے عامر اچھا لگتا ہے اور میں اب عامر سے شادی کرنا چاہتی ہوں تو اس میں حرج ہی کیا ہے تو میری ماں بولی کہ تمہارا دماغی توازن خراب ہو گیا ہے جو تمہیں عامر پسند آیا ہے تو میں نے کہا کہ ماں جی آپ جو بھی سمجھیں میں نے یہ ارادہ کر لیا ہے کہ میں نے شادی کی تو صرف عامر سے ہی کروں گی ورنہ نہیں اور پھر میری ماں نے میرے ابو سے بات کی اور پھر بھائیوں کو بھی پتہ چلا اور پھر تو گھر میں ایک ہنگامہ کھڑا ہو گیا اور میرے بھائیوں نے عامر کو دھمکی بھی دی تو مجھے جب پتہ چلا تو میں نے اپنے بھائیوں کو بھی کافی کھری کھری سنا دیں۔

تو قارئین ایک اور بات بتا دوں کہ یہ بھی سچ تھا کہ گھر والے اپنا سر پیٹ کر رہ گئے تھے لیکن پتہ بھی حیرت والی بات تھی کہ مجھ جیسی لڑکی نے عامر جیسے شخص کا انتخاب کر لیا ورنہ مجھے کسی کی پرواہ نہیں تھی میرے نزدیک اہمیت صرف عامر کی تھی میں اس کو خوش دیکھنا چاہتی تھی اور اب میں اس کے ساتھ اکثر آؤٹ نگ پر چلی جاتی کبھی ساحل سمندر پر کبھی کسی ہوٹل میں تو کبھی کسی پارک میں کیونکہ اب میں نے اپنے بارے میں گھر والوں کو آگاہ کر دیا تھا اور میں جب ملاقات عامر کے ساتھ کرتی تو اس کے بعد مجھے ایسا محسوس ہوتا جیسے میری زندگی اب تک ادھوری تھی اور اس ادھوری زندگی کے خلا کو اب عامر نے پورا کر دیا اب میں ہر روز عامر سے ملتی اور ملاقات کے بعد مجھے احساس ہوتا کہ کب ہماری دوبارہ ملاقات ہو اور پھر ایک شام میں عامر کے ساتھ ایک ہوٹل پر کھانا کھا کر باتیں کر رہے تھے کہ عامر نے کہا کہ میں اپنے آپ کو بڑا خوش نصیب سمجھتا ہوں اپنے آپ پر رشک کرنے لگا ہوں تو میں نے کہا کہ وہ بات تو ٹھیک ہے لیکن اب آپ اپنی بدنصیبی پر ماتم بھی کرو گے تو عامر نے کہا کہ کیا مطلب ہے تمہارا۔ حیرا ... پریشان ہو کر بولا اور میری طرف دیکھنے لگا مطلب یہ کہ تم نے کہا مجھے بے وقوف سمجھ رکھا ہے جو میں تم جیسے سے شادی کروں گی تو با کیا ہو گیا ہے آپ کو تم کیا وہی ہو عامر صاحب جائیں پہلے آئینے میں اپنی صورت دیکھو پر مجھے اپنانے کی بات کرنا عامر بے چارہ حیران ہو کر میری طرف دیکھے جا رہا تھا میں نے ذرا سی دیر میں اس کی اتنی بے عزتی کر دی کہ میرا خیال ہے کہ عامر کی بھی کسی لڑکی نے اتنی توہین نہیں کی ہو گی عامر کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے لیکن مجھے اس کے آنسوؤں کی اب پرواہ نہیں تھی میرے جو بھی منہ میں آیا میں نے اس کو کہہ دیا اور پھر میں اس کو ہوٹل میں حیران پریشان چھوڑ کر گھر واپس آ گئی۔

گھر آ کر میں نے اپنے گھر والوں کو بتایا کہ میں نے عامر کو اپنی زندگی سے علیحدہ کر دیا ہے اور میری ماں کو پھر ایک شاک لگا اور بولی کہ تو با تم نے یہ کیا تماشا بنا رکھا ہے میں نے کہا ماں اس اس میں تماشے والی کون سی بات ہے بس وہ مجھے اچھا نہیں لگتا اچھا نہیں لگتا تو پھر اتنا آگے جانے کی کیا ضرورت تھی حماقت کی تھی ماں میں نے اور اب ہوش آ گیا ہے تو میری ماں کے ساتھ ساتھ میرے گھر والوں نے میرے آگے کچھ نہ بولے اور میں ان کے نہ بولنے پر برابر فائدہ اٹھا رہی تھی جب دل کرتا کوئی پسند کرتی اور جب دل کرتا اس کو ٹھکرا دیتی اور پھر میرے گھر والوں نے میری اس روز روز کے واقع سے تنگ آ کر ایک دن میری ماں نے میری خالا کا بیٹا جو کہ ایک اچھی جگہ پر جاب کرتا اور وہ بڑا نفیس لڑکا تھا بلکہ ہمارے خاندان میں ایک ایسا لڑکا تھا جو پڑھ کر ایک ڈاکٹر بنا تھا ورنہ سب ہی کوئی مڈل تو کوئی میٹرک تو کسی نے بی اے کیا ہو ورنہ سب ہی ہمارے خاندان میں زمیندار کرتے اور میری ماں نے جب پوچھا کہ تمہاری خالا یہ چاہتی ہے کہ تم اور عدنان ایک ہو جاؤ تو میرا دل زور زور سے دھڑک اٹھا کیونکہ میں عدنان کو اچھی طرح جانتی تھی

میری فرسٹیر ماتھ؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

میری اس کے گھر میں اور اس کی میرے گھر میں کافی تصویریں تھیں وہ بہت ہینڈسم اور وجیہہ نوجوان تھا بتاؤ تمہارا کیا خیال ہے امی نے دوبارہ پوچھا تو میں نے جواب دیا کہ جو آپ کی مرضی ہے میں نے دبی زبان میں جواب دیا اوہ امی خوش ہو گئی تھی امی کا تو خیال تھا کہ میں انکار کر دوں گی جو کہ میری پہلے کی عادت تھی تو میری ماں کے ذہن میں وہی تھا لیکن ایسا کچھ نہ ہوا میرے جواب پر میری ماں خوش ہو گئی تو میری ماں نے کہا کہ تمہاری خالہ کو جواب ہاں میں دے دیں تو میں نے کہا جی دے دیں اور پھر امی نے اسی وقت خالہ کو فون کیا جو کہ مری میں رہتے تھے اور ہم حیدر آباد میں۔

میری خالہ اور ان کا پورا کنبہ چار پانچ دن میں ہمارے پاس مری سے حیدر آباد آ گئے شادی کی غرض سے میرے گھر میں اب میری شادی کی تیاریاں شروع تھیں اور بڑی رونق ہو گئی تھی خالہ اور ان کے سب گھر والوں کے آنے سے اور سب ہی خوش تھے اور پھر پانچ دن کے بعد کی تاریخ رکھ دی گئی شادی کی اب تیاریاں اپنے زور پر شروع تھی اور ان کا قیام بھی ہمارے ہی گھر میں تھا اس وجہ سے میری تین چار بار اکیلے میں عدنان کے ساتھ ملاقات بھی ہو گئی تھی اور میری طرح وہ بھی بڑا خوش تھا اس رشتے پر اور پھر شادی سے دو دن پہلے مجھے مایوں میں بٹھایا گیا میں ان لمحات کی سنسنی اور ہیجان کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے میں نے کوئی نیا جنم لے لیا ہو یا میں کوئی حور کی شہزادی ہوں جس کی اتنی پذیرائی ہو رہی ہو مجھے بڑا سکون ہو رہا تھا کہ میں اب آپ کو کیا بتاؤں جتنا مجھے اس وقت سکون اور ہر کوئی میرے ناز اٹھا رہا تھا کہ ہر کوئی میری جانب بڑے پیار سے دیکھتا کہ میں اپنے آپ میں بڑی مسرور ہو رہی تھی مجھے وہ وقت جب بھی یاد آتا ہے تو میری خواہش ہوتی ہے کہ کاش کبھی وہ دن وہ پل بھی دوبارہ لوٹ آئے لیکن گزرے وقت کبھی لوٹ کر نہیں آیا کرتے اور ہمارے خاندان میں ایک اور رسم ہے جو آج کل تو زیادہ ہی ہو گئی ہے وہ یہ کہ مایوں کے دن جب فنکشن ہوتا تو اس وقت مہندی کی رسم ہوتی اور پھر لڑکی اور لڑکے کو ایک ساتھ بٹھایا جاتا اور پھر دلہن اور دولہا راجہ ایک دوسرے کو مٹھائی کھلایا کرتے اور یہ ذرا سی دیر کی رسم ہوتی اور پھر اس کے بعد دونوں کو الگ کر دیا جاتا ہے اور پھر اس رسم کو زندہ رکھنے کے لیے میرے کزن کو بلایا گیا اور وہ آیا اور جب عدنان نے مجھے تو مٹھائی کھلا دی اور پھر میری باری تھی اور جب میں لڈو اٹھایا تو وہی لڈو میں نے عدنان کے منہ پر زور کا مارا عدنان کے ساتھ ساتھ دوسرے لوگ بھی بھونچکے ہو کر رہ گئے اور میری ماں بولی کہ تو بایہ کیا حرکت کی ہے تم کیا کر رہی ہو پاگل تو نہیں ہو تو میرے منہ سے یہ نکلا کہ جو مجھے کرنا چاہیے میں وہ کر رہی ہوں اگر میرے پاس اس وقت تیزاب ہوتا تو وہ میں تیزاب ہی اس کے منہ پر پھینک دیتی میں نے اپنا جب جواب دیا تو اس وقت میرے والد نے آگے بڑھ کر میرے چہرے پر ایک تھپڑ مارا اور ساتھ بولے کہ یہ کیا تماشا بنا رکھا ہے تم نے تو میرے منہ سے نکلا کہ بے شک آپ مجھے جان سے مار دیں لیکن میں اس سے ہرگز شادی نہیں کروں گی میں غصے میں بولتی ہوئی اور اپنے پاؤں زمین پر پٹختی ہوئی اپنے کمرے میں آ گئی۔

اس کے بعد شادی کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا میرے گھر والوں نے غصے میں آ کر مجھے اپنے کمرے میں بند کر دیا اور میری ایک عزیز جو مجھے اپنے خاندان میں سب سے زیادہ پیاری تھی اور میں اس کے ساتھ ہر ایک بات کرتی تھی وہ میرے پاس آئی اور آتے ہی اس نے مجھے پوچھا کہ طوبیٰ آخر بات کیا ہے تم یہ سب کیا کر رہی ہو اور کیا چاہتی ہو پہلے تم نے ارشد، عامر اور معلوم نہیں کتنوں کے ساتھ اس طرح کی حرکت کی ہے اور اب تم نے عدنان کے ساتھ تو حد کر دی ہے آخر کیوں کیا وجہ ہے اور پھر مجھے احساس

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہوا کہ میں نے واقعی ہی زیادتی کی ہے ذہن جیسے کسی کی گرفت سے آزاد ہو گیا تھا تو میں نے اپنی کزن کو بتایا کہ میں خود نہیں جانتی کہ میں کیا کر رہی ہوں اور کیوں ہو رہا ہے تو وہ بولی کہ کیا مطلب میں نے کہا کہ تم میرا یقین کرو یہ سب میں خود سے نہیں کرتی بلکہ کوئی طاقت ہے میرے وجود میں جو یہ اچانک مجھے اس قسم کی حرکت کرواتی ہے تو وہ بولی کہ کیا بکواس ہے تو میں نے کہا کہ یہ سچ ہے ورنہ خود سوچو میں کوئی پاگل تو نہیں ہوں جو اس قسم کی حرکت کروں کوئی لڑکی اس طرح اپنی زندگی برباد کرتی ہے تو میری کزن بولی کہ یہ ہی تو ہم سب سوچ رہے ہیں کہ بار بار اس طرح کیوں کر رہی ہے آخر چاہتی کیا ہو تم تو میں نے جواب دیا کہ تو پھر آپ میرا یقین کرو کہ میں خود اپنی طرف سے کچھ نہیں کرتی کوئی بھی شخص مجھے اچانک برا لگنے لگتا ہے اس سے اچانک بے زاری اور کوفت ہونے لگتی ہے انتہا یہ کہ میں جسے حد سے زیادہ چاہنے لگتی ہوں اور اپنے پیار کی انتہا کر دیتی ہوں اور پھر آخر مجھے اس سے سخت نفرت محسوس ہونے لگتی ہے یہ تو بہت عجیب اور خطرناک بات ہے میری کزن بولی تو میں نے کہا کہ ہاں اب مجھے اس کا احساس ہو رہا ہے میں نے اپنا سر تھام لیا اور سوچنے لگی کہ اس طرح میں تو کہیں کی نہیں رہوں گی تم خدا کے واسطے میرے گھر والوں کو بتا دو کہ میں یہ سب اپنی مرضی سے نہیں کرتی اور پھر میری کزن نے جا کر میری ماں کو بتایا اور پھر ہمارے سارے خاندان کو پتہ چلا کہ اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے۔

پھر ہمارے گھر میں ایک اور پریشانی شروع ہو گئی ابو نے اس وقت ایک عالم سے رابطہ کیا اور وہ جلد ہمارے گھر آ گیا وہ ایک بہت ہی بزرگ انسان تھے اور ان کا چہرہ مبارک بڑا نور سے پیارا لگ رہا تھا اور وہ اپنے چہرے مبارک سے لگ رہے تھے کہ وہ کوئی بہت بڑی ہستی ہے اور پھر انہوں نے مجھ سے کئی سوالات کیے ایک سوال انہوں نے یہ بھی پوچھا کہ کیا آپ نے کوئی خواب دیکھا ہے تو میں نے بتایا جی مجھے یاد آ گیا میں ایک خواب اکثر دیکھتی ہوں لیکن میں نے اس خواب کو کبھی اہمیت نہیں دی تھی وہ کیا تھا آپ کو کیا خواب آتا تھا تو میں نے بتایا کہ وہ یہ ہے کہ کوئی میرا ہاتھ تھامے مجھے دوڑائے لے جا رہا ہے میں نے جب بتایا تو وہ بزرگ بولے کہ کبھی اس کا چہرہ دکھائی دیا ہے تو میں نے جواب دیا کہ نہیں تو وہ بزرگ میرے گھر والوں سے مخاطب ہوئے کہ آپ کی بچی پر بہت زبردست سایہ ہے عالم صاحب نے یہ بھی بتایا کہ وہ ہی شادی کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کر رہا ہے تو میرے گھر والے گھبرا گئے کہ اب کیا بنے گا تو بزرگ بولے کہ دیکھو میں اپنی طرف سے پوری کوشش کر کے دیکھتا ہوں آگے اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا اور پھر اسی رات اس نے مجھے اپنے ہونے کا احساس دلا دیا وہ مجھے دکھائی نہیں دیا لیکن ایسا لگا کہ کوئی میرے برابر میں آ کر بیٹھ گیا ہے انتہائی واضح احساس ہوا تھا مجھے میرے بدن میں ایک خوف کی لہر دوڑ گئی کسی کو آواز دینا چاہتی تھی میں مگر آواز میرے حلق میں دب کر رہ گئی میں آواز دینے کی پوری کوشش کرتی لیکن میری آواز نہیں نکل رہی تھی کوئی تھا کوئی غیر مرئی ہستی جو اس وقت میری بے بسی اور میرے خوف کا تماشا دیکھ رہی تھی یہ کیفیت چند لمحوں کے لیے رہی پھر ایسا لگا جیسے وہ وجود میرے برابر سے اٹھ گیا ہو صاف نظر آیا تھا مجھے وہ وہاں سے اٹھا تھا میں اس جگہ کو دیکھ رہی تھی جہاں سے وہ اٹھا تھا میں اس کے اٹھ جانے کو محسوس کر سکتی تھی کیونکہ اس جگہ سے بستر کافی دب گیا تھا اور پھر اس کے اٹھنے پر بستر اپنی اصل حالت میں آیا خوف کے اس سحر سے جب میں آزاد ہوئی تو میں نے اپنے کمرے سے باہر دوڑ لگائی تو میری ماں نے مجھے دیکھا کہ پتہ نہیں کیا بات ہے اس طرح طوبیٰ کو کیا ہوا ہے کہ اتنی تیزی کے ساتھ میں جا کر اپنی ماں کے ساتھ لپٹ گئی اور پھر زار

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

نے جب ساری صورت حال بتائی تو امی ابو دونوں بڑے پریشان ہوئے اور پھر اس کے بعد تو یہ سلسلہ چل نکلا کہ میں جب سونے کے لیے لیٹتی تو بستر کے برابر میرے پہلو میں بستر اس طرح دب جاتا جیسے کوئی اور آ کر لیٹ گیا ہو میں چیخنا چاہتی رونا چاہتی لیکن میں یہ سب کچھ بھی نہ کر پاتی خوف کی شدت میرے اعصاب کو اپنی گرفت میں لے لیتی کوئی تھا جو اس طرح میرے قریب آ رہا تھا وہ بزرگ بھی اپنی تدبیروں میں مصروف تھے اور میں یہ روز روز کے واقع سے ان کو آگاہ کرتی لیکن وہ بجائے مجھے کوئی تعویذ دیتے وہ اتنا کہہ دیتے کہ حوصلہ رکھو جلد کامیابی ملے گی اور پھر میرے گھر والوں نے اب میرے اوپر پابندی عائد نہ کی میں جو کرتی وہ میں اپنی مرضی سے کرتی جدھر میرا دل کرتا میں چلی جاتی میرے گھر والے مجھے کوئی منع نہ کرتے لیکن میں نے اپنی عزت پر ابھی تک کوئی ایسا داغ نہیں لگایا تھا جس کی وجہ سے میری عزت خراب ہوتی اور میں اپنی عزت کی اچھی طرح حفاظت کرنا جانتی تھی اور میرے گھر والوں کو اب پتہ چل گیا تھا کہ میرا اس میں کوئی قصور نہیں ہے اور پھر ہوا یوں کہ میں ایک دن مارکیٹ چلی گئی تو وہاں پر مجھے پھر ایک نوجوان مل گیا اور وہ مجھے صرف رات کو ملتا وہ جو میرے ساتھ واقع ہوتا تھا وہ صرف رات کو سونے کے وقت میرے ساتھ پیش ہوتا اور دن کو میرے ساتھ کچھ نہیں ہوتا وہ نوجوان مجھے ایک شاپنگ سنٹر میں ملا وہ بھی اس دکان سے کچھ لینے آیا تھا جس میں میں پہلے سے کھڑی تھی ذرا سی دیر کے لیے ہم دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا پھر وہ حیرت انگیز طور پر میری آنکھوں کے راستے دل میں اترتا چلا گیا اس نوجوان میں ایک خاص بات یہ تھی کہ وہ پہلی ہی نظر میں میرے دل میں اتر گیا تھا اور میں زیادہ دیر اس کو دیکھنا چاہتی تھی لیکن اب میں اپنے آپ سے نہیں بلکہ مارکیٹ کے لوگوں سے پریشان تھی جو مجھے

اور اس کو گھور گھور کے دیکھ رہے تھے اس پر میں نے باہر نکلنے میں بہتر سمجھا اور میں دکان سے باہر آ گئی جبکہ وہ دکان ہی میں کھڑا رہا اور پھر اس رات حیرت انگیز طور پر میں پرسکون نیند سوتی رہی مجھے کوئی خوف محسوس نہیں ہوا تھا یہ اور بات ہے کہ میں خواب میں اس نوجوان کو دیکھتی رہی لیکن وہ اب میرے پاس نہیں آیا تھا سوائے خواب کے تین چار دنوں کے بعد وہ لڑکا مجھے ایک پارک میں ملا اس کے بعد پھر وہ مجھے اب دن میں تین چار دفعہ نظر آنے لگا اور پھر وہ اکثر میرے گھر کے قریب روڈ پر کھڑا ہوتا اور مجھے اس طرح لگتا جیسے وہ صرف میرے لیے سڑک پر کھڑا رہتا ہے اور پھر میں نے ہی بولنے پر پہل کی کہ جناب کیا حال ہے آپ میرا کیوں روز پیچھا کرتے ہو میں نے یہ بات جان بوجھ کر کی کہ وہ کیا کہتا ہے تو وہ بولا معاف کیجئے گا کہ مجھے ایسا لگتا ہے جیسے ہم دونوں کے ستارے بہت جلد ملنے والے ہیں اس نے کہا تو میں نے جواب دے دیا کہ جی ہاں میں مسکرا دی اور ساتھ یہ بھی کہہ دیا کہ آپ شاید یہی سوچ کر میرا تعاقب کرتے رہے ہو تو وہ بولا کہ آپ یقین کریں کہ میں کوئی جان بوجھ کر نہیں کرتا بلکہ یہ ایک اتفاق ہے کہ ہم دونوں کو ایک دوسرے کے سامنے لاتا ہے تو میں نے اس کے پوچھے بغیر ہی اپنا نام بتا دیا کہ میرا نام طوبیٰ ہے اور وہ بھی جھٹ سے بولا اپنا نام بتا دیا کہ میرا نام نبیل ہے اور پھر اسی ملاقات کے بعد یہ سلسلہ شروع ہو گیا وہ ان سب لڑکوں سے زیادہ سحر انگیز شخصیت کا حامل تھا جو اب تک میری زندگی میں آ چکے تھے اور بڑی خوب صورت باتیں کیا کرتا تھا یا مجھے اس کی باتیں اچھی لگتی کوئی بات ضرور تھی اس میں کہ میں اس پر مرمٹی تھی اور اس نے اپنے بارے میں بتایا کہ میں ایک دوست مند انسان ہوں بہت بڑا میرا اپنا کاروبار ہے اور اس کے علاوہ اس نے کچھ نہیں بتایا میں نے بھی زیادہ چھان بین نہیں کی ایک اور میرے لیے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

بھی بات یہ تھی کہ میں نے جب سے نبیل کے ساتھ رابطہ بڑھایا اس کے بعد رات والا واقعہ پراسرار سلسلہ تقریباً بند ہوگیا اور پھر میں نے ایک دن باتوں باتوں میں نبیل کو بتایا کہ میرے ساتھ اکثر رات کو ایک واقعہ پیش آتا تھا اور آپ سے میں جب ملی ہوں اس وقت سے میرا وہ واقعہ بھی ختم ہو گیا ہے میں نے اس کو ساری صورتحال بتائی تو وہ میری بات سن کر ہنس پڑا مجھے بڑا غصہ آیا کہ میری بات کا وہ مذاق اڑا رہا ہے کیا میری بات کا آپ یقین نہیں کر رہے ہو تو وہ بولا ایسی کوئی بات نہیں وہ اب سنجیدہ ہو کر بولا کہ اب میں تمہارے ساتھ ہوں اب وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا تو میں نے کہا کہ تم اس طرح کہہ رہے ہو جیسے تم بہت بڑے عامل ہو وہ بھی ہو سکتا ہے وہ بے حد سنجیدہ تھا خیر تم یہ سب بھول جاؤ اور ایک نئی زندگی گزارنے کی ابتدا کرو نبیل میں چاہتی ہوں کہ آپ ایک دفعہ میرے گھر والوں سے مل لو تو وہ بولا کہ وہ کیوں میں نے کہا کہ میں نہیں چاہتی کہ ہم اس طرح کب تک ایک دوسرے سے ملتے رہیں گے میرے گھر والے خود یہ چاہتے ہیں کہ میری فوری طور پر کہیں شادی ہو جائے تو وہ بولا کہ سوری طوبیٰ میں تم سے شادی نہیں کر سکتا تو میں نے کہا کہ کیوں آخر وجہ کیا ہے تو وہ بولا کہ میں مجبور ہوں میرے ساتھ مجبوریاں ہیں کیا آپ کے والدین کی طرف سے کوئی دباؤ ہے یا کسی اور کی طرف سے تو وہ بولا کہ نہیں دباؤ تو کوئی نہیں ہے اور نہ ہی میں کسی اور کو پسند کرتا ہوں میری پسند تو صرف تم ہو اس کے باوجود میں آپ سے نہیں شادی کر سکتا وہ اس لیے کہ ہم دو الگ مخلوق ہیں۔

کیا؟ یہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ ہاں تو با میں وہی ہوں جو تمہارے پاس آیا کرتا تھا راتوں کو جس نے اب تک تمہارا رشتہ نہیں ہونے دیا یہ سب تم کہہ رہے ہو تو وہ یہ بولا کہ میں جو کہہ رہا ہوں وہ سچ کہہ رہا ہوں میں نے اسی وقت تمہیں پسند کر لیا تھا جب تم نے اپنے ماموں کی شادی پر ڈانس کیا تھا یاد ہوگا تم کو کہ تم نے اس وقت بلیک سوٹ زیب تن کیا ہوا تھا جو کہ بڑا پیارا لگ رہا تھا اور بلیک سوٹ آپ کو بڑا اس وقت سوٹ کر رہا تھا میں اس وقت سے تمہیں چاہتا آیا ہوں حالانکہ یہ ایک غلط بات اور غیر فطری سی بات ہے ہمارے درمیان کوئی تعلق نہیں ہو سکتا لیکن میں تم پر عاشق ہو گیا تھا وہ بولتا رہا اور میں خاموش کھڑی سنتی رہی ذہن سائیں سائیں کرتا تھا میرے ہوش گم ہو گئے تھے کہ کیا واقعی ہی نبیل کوئی اور مخلوق ہے یا وہ میرے ساتھ مذاق کر رہا ہے اور میں پھر اس کو بولا کہ نبیل کیا مذاق کر رہے ہو تو وہ بولا کہ تو با میں مذاق نہیں کر رہا بلکہ میں سچ کہہ رہا ہوں اور پھر اس کے چہرے اور باتوں سے بھی لگ رہا تھا کہ وہ مذاق نہیں ہے بلکہ سچ کہہ رہا ہے بلکہ وہ بولا کہ تو با اب میں تمہارے سامنے ہوں میں نے سوچا کہ تم سے انسانی روپ میں آ کر دوستی کروں لیکن اب مجھے احساس ہو رہا ہے کہ میں نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے دکھ دیے ہیں تمہیں کیا فائدہ جب ہم ایک نہیں ہو سکتے تو تمہاری زندگی خراب کرنے سے مجھے کیا ملے گا جاؤ خوش رہو آج کے بعد سے تمہاری زندگی میں میری طرف سے اب کوئی رکاوٹ نہیں آئے گی کوئی آج کے بعد تمہیں تنگ نہیں کرے گا تم کسی کو اب اپنے قریب نہیں محسوس کرو گی جاؤ خدا حافظ اور پھر میری نظروں کے سامنے سے ایک دم غائب ہو گیا اور پھر میں سکتے کے عالم میں کھڑی رہی۔

کیا اس دنیا میں ایسا بھی ہوتا ہے وہ تو چلا گیا لیکن نہ جانے کیوں مجھے ایسا لگا جیسے میرا وجود اب ہلکا ہو گیا ہے اور میں اب نبیل کو پسند کرنے لگی تھی وہ جو بھی تھا تھا تو میرا پیار لیکن وہ اب کافی عرصہ گزر گیا ہے وہ اپنے وعدے کے مطابق پھر نہیں آیا لیکن میری زندگی تو وہ تباہ کر کے چلا گیا اب میرے گھر جس جگہ بھی میرے رشتے کی بات کرتے ہیں وہ میری اس حرکت

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کی وجہ سے کوئی بھی اب میرے ساتھ شادی کرنے کو تیار نہیں میرے رشتے کے لیے تو کافی پرپوز آئے ہیں لیکن جب میرے ہمسائے میرے بارے میں بتاتے ہیں تو وہ انکار کر دیتے ہیں تو قارئین اب میری عمر تقریباً 40 سال ہو چکی ہے لیکن اب میں خود شادی نہیں کرنا چاہتی تو قارئین اب آپ بتائیں کہ اس میں میرا کیا قصور ہے میں نے کوئی غلط کیا ہے یا یہ سب نبیل کی حرکت کی وجہ سے ہوا ہے یا میرے گھر والوں نے مجھے اتنا فری کیا تھا جس کی وجہ سے میں سر چڑھ کر بولتی تھی لیکن قارئین میرا قصور نہیں ہے نہ ہی میرے گھر والوں کی غلطی تھی لیکن جو بھی ہوا ہے اچھا نہیں ہوا لیکن اب وہ چلا گیا ہے میری زندگی سے لیکن اس کے بعد میرا دل نہیں مانا کہ میں شادی کروں اور نہ ہی کوئی میرے ساتھ اب شادی کرنا چاہتا ہے اس نے تو اپنا وعدہ وفا کیا وہ پھر نہیں آیا میری زندگی میں اور نہ ہی وہ کبھی خواب میں آیا ہے اور نہ ہی کبھی اس کے وجود سے مجھے کبھی احساس ہوا ہے سب کچھ نارمل ہو گیا لیکن شاید میرے لیے سب کچھ نارمل نہیں ہے۔ میں اب بھی اسے پیار کر کے روتی ہوں حالانکہ بہت عرصہ گزر گیا ہے لیکن مجھے اب بھی اس کی اکثر یاد آتی ہے میں اب بھی اس کی یاد میں جی رہی ہوں کہ کاش وہ ایک دفعہ آئے اور میری زندگی کو چار چاند لگ جائیں کیونکہ اب میری زندگی آدھی تو گزر گئی ہے پتہ نہیں اب کب موت کا فرشتہ آئے اور مجھے اپنے ساتھ لے جائے میں اب بھی اس کی خواہش کرتی ہوں صرف ایک نظر دیکھنے کی اس کی آنکھوں کی جو بڑی پیاری تھیں کاش وہ صرف ایک بار اپنا چہرہ دکھا جائے بس میری یہ آخری خواہش ہے۔

شاید میری گود ہری ہو جائے جی قارئین کیسی لگی طوبیٰ کی سٹوری ضرور آگاہ کرنا اور میں اس کو لکھنے میں کتنا کامیاب ہوا ہوں۔ ضرور بتانا والسلام۔

❀❀❀

غزل

اک سونا چاند میرے فسانے میں رہ گیا
میں دوسروں کی شمعیں جلانے میں رہ گیا
وہ آ کے میرے گاؤں سے واپس بھی جا چکا
میں تھا کہ اپنے گھر کو سجانے میں رہ گیا
واپس ہوا گھر میرا شعلوں کی زد میں تھا
میں مزاروں کے دیئے جلانے میں رہ گیا
ہر پل فریب کھائے اور مسکرا دیا
یہ رواج صرف میرے گھرانے میں رہ گیا
دنیا سے ساری عمر تعارف نہ ہو سکا
اب تک میں خود کو خود سے ملانے میں رہ گیا

(نرگس ناز، سکھر)

غزل آف وصی شاہ

کبھی ہم ان سے کبھی وہ ہم سے روٹھ جاتے ہیں
ہوا کچھ چلتی ہے اسی کنارے چھوٹ جاتے ہیں
سمندر کی گہرائی سے بھی ہوتے ہیں جو گہرے
پل بھر میں کیوں وہ رشتے ٹوٹ جاتے ہیں
جن پہ ہوتا ہے بھروسہ اپنے آپ سے بڑھ کے
وہ لوگ دل کی دنیا سے کیوں لوٹ جاتے ہیں
تیر چلتے ہیں جب نفرت کے ان کی آنکھوں سے
دل کانچ کے ہوتے ہیں اکثر ٹوٹ جاتے ہیں
بڑا ناز ہے مجھے ان کی وفاؤں پر وصی
ذرا ذرا بات پر جو اکثر روٹھ جاتے ہیں

(یٰسین احمد، میانوالی)

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

نہ تم کو مہلت مزید دیں گے
وفا کے لالچ میں آ کے ہم نے
لہو بھی اپنا سکھادیا ہے
فریب .او، مستی کے بدلے تم کو
سزا بھی سن لو شدید دیں گے
عروج پر ہے تمہارا موسم
خزاں میں تم کو خرید لیں گے
(سوہائی محمود)

غزل

نہ جانے کیوں وہ اقرار کر گئی کبھی کبھی انکار کر گئی
دیکھا کہ ایک ہی جلوہ اپنے حسن کا طلبگار کر گئی
تھا یقین ہے چاہت اس کے دل میں میرے لئے بھی لیکن
چرا کے نظریں میرے جسم سے نفرت کا اظہار کر گئی
کیا یہی لکھا ہے مقدر میں یہی ہے شاید قسمت میری
الفت جتانے گیا تھا اس سے وہ آگے تکرار کر گئی
دیکھ کے بدلا رویہ دل بیزار ہوا اس سے
الٹ کے نقاب کیوں میرے سوئے جذبات بیدار کر گئی
زبان پہ تیری شکوے مگر دل میرا ہے آئینہ خلیل
میں نہ سمجھا مگر وہ شکوؤں میں پیار کی باتیں ہزار کر گئی
(خلیل احمد ملک، شیدانی شریف)

غزل

فرق صرف اتنا سا ہے
تیری ڈولی اٹھے گی
میری میت اٹھے گی
پھول تجھ پر بھی ہوں گے
پھول مجھ پر ہوں گے
فرق صرف اتنا سا ہے
تو ج کے گئی
مجھے سجایا گیا
تو بھی گھر کو چلی
میں بھی گھر کو چلا
تیرا گھر تھا بڑا
میرا گھر تھا چھوٹا
تو اٹھ کر گئی
مجھے اٹھایا گیا
فرق صرف اتنا ہے
سکھیاں تیری بھی تھیں
دوست میرے بھی تھے
محفل وہاں پر بھی گی
لوگ یہاں پر بھی تھے
ان کا ہنسنا وہاں
ان کا رونا یہاں
قاضی ادھر بھی تھا
مولوی ادھر بھی تھا
فرق صرف اتنا سا تھا
دو بول تیرے پڑے
دو بول میرے پڑھے
تیرا نکاح پڑھایا
میرا جنازہ پڑھایا
تجھے اپنایا گیا
مجھے دفنایا گیا
(ملک فضل الرحمٰن، رحیم آباد)

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

اپنی یاد کو روک پیا

--- تحریر: مس فوزیہ کنول۔ کنگن پور۔

شہزادہ بھائی۔
آج پھر میں ایک کہانی کے ساتھ حاضر ہو رہی ہوں امید ہے کہ آپ میری حوصلہ افزائی کریں گے اگر آپ نے ایسا کیا تو میں مزید لکھنے کی کوشش کروں گی اور میں تمام قارئین کی شکر گزار ہوں کہ وہ میری تحریروں کو پسند کرتے ہیں اور مجھے لکھنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ میں نے اپنی اس کہانی کا عنوان۔ اپنی یاد کو روک پیا رکھا ہے اگر آپ چاہیں تو اس کو تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔ یہ ایسے دو چاہنے والوں کی کہانی ہے جنہوں نے ایک دوسرے کو بہت چاہت سے دیکھا ایک دوسرے سے محبت کی لیکن ان کا ملاپ نہ ہو سکا میں اس کو لکھنے میں کہاں تک کامیاب ہوئی ہوں یہ آپ پر چھوڑتی ہوں۔
ادارہ جواب عرض کی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے اس کہانی میں شامل تمام کرداروں مقامات کے نام تبدیل کر دیئے ہیں تاکہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور مطابقت محض اتفاقیہ ہوگی جس کا ادارہ یا رائٹر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اس کہانی میں کیا کچھ ہے یہ تو آپ کو پڑھنے کے بعد ہی پتہ چلے گا۔

آج آج جو کہانی میں آپ کی خدمت میں پیش کرنے جا رہی ہوں وہ ایک ایسی معصوم اور پیاری لڑکی کی ہے جس کو دیکھ کر کوئی بھی یہ کہے گا کہ اس معصوم چہرے پر اداسی نہیں بلکہ خوشیاں اچھی لگتیں ہے اور ان خوبصورت آنکھوں میں آنسو نہیں بلکہ ہنسی اچھی لگتی ہے۔

وہ حقیقت میں ایک گول گلابی خوبصورت چہرا رکھنے والی معصوم سی لڑکی تھی

اس کی بڑی بڑی گول نشیلی آنکھوں نے اسکے چہرے کی خوبصورت اور بھی بڑھا دی تھی اور اس کا گورا رنگ دراز قد خوبصورت جسم اس کے حسن میں اور بھی اضافہ کرتا تھا اور اس کی معصوم پائل تو کسی کو بھی دیوانا کر دیتی ہے میں سائرہ کی کہانی سن کر حیران رہ گی کہ کیسے پتھر دل ہوتے ہیں

وہ لوگ جو ایسے لوگوں کو دھوکا دے دیتے ہے ایسے معصوم اور پیار کرنے والوں کا دل توڑ دیتے ہے کتنی آسانی سے انکے جذبات کا گلا گھونٹ دیتے ہے سائرہ کی درد بھری کہانی سن کر میری تو آنکھیں اشک بار ہو گئیں۔

قارئین آیئے آپ بھی سنیے سائرہ کی درد بھر کہانی سائرہ کی زبانی

اپنی یاد کو روک پیا آنکھ لگی ہے ابھی ابھی
بجھا کر اس دل کا دیا آنکھ لگی ہے ابھی ابھی
تیری یاد میں جاگ کر ہم نے اکثر راتیں کاٹی ہیں
رتجگوں کو خواب میں لا کر آنکھ لگی ہے ابھی ابھی
ہم کیا جانیں کون کس کے خواب میں کھویا ہے
دل میں تیرے خواب سجا کر آنکھ لگی ہے ابھی ابھی

میں سکول سے گھر آئی تو سارے گھر ایک ہی آواز گونج رہی تھی دادی جان مسلسل کہے جا رہی تھی کہ میرے ساتھ جائے گی تو صرف سائرہ ورنہ کوئی نہیں جائیگا دادی چلوں کہ ہم ضلع اوکاڑہ کے قریب ایک گاؤں میں رہتے تھے

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہی نظروں میں کہا
اگر تمہیں میری چاہت کا علم ہو جائے
چھلک پڑیں تیرے آنسو گھر سمندر ہو جائے
میں نے اپنی نگاہیں جھکا لیں اور ہم چل پڑے جب ہم گھر آ گئے تو چاند کے گھر والوں نے فون کیا کہ آپ لوگ خیریت سے پہنچ گئے۔ ہم نے کہا۔
جی پہنچ گئے پھر دو تین دن بعد چاند کا فون آیا چاند کہنے لگا۔
میں آپ سے کچھ بات کرنا چاہتا ہوں۔
میں نے کہا میں بات نہیں کر سکتی چاند کی بہت ضد اور بار بار sms کرنے پر مجھے بات کرنا پڑی میں نے پوچھا کیا بات ہے۔
چاند بولا کچھ نہیں بس ویسے ہی حال پوچھنا تھا کیسی ہو کیا کرتی رہتی ہو زندگی کیسی گزر رہی ہے بس ادھر ادھر کی باتیں کر کے فون بند کر دیا اگلے دن پھر کبھی میسج کبھی کال کرنے لگا۔
اسی طرح ہماری روز بات ہونے لگی۔ اب مجھے بھی اس بات کر کے سکون ملتا تھا اک انجانی سی خوشی محسوس ہوتی اسی طرح ایک مہینہ گزر گیا
اب تو مجھے چاند کی عادت ہونے لگی تھی اس کی کا انتظار لگا رہتا تھا اگر وہ کال نہ کرتا تو میں اسے میسج کر دیتی شاید مجھے اس سے لگاؤ ہونے لگا تھا وہ باتیں بہت اچھی کرتا تھا ہر وقت ہنسی مذاق اس ایک عادت جو مجھے پسند تھی وہ تھی کہ وہ ہمیشہ سچ بولتے تھے کبھی جھوٹ کا سہارا نہ لیتے تھے مجھے اچانک پڑھتے پڑھتے چکر سے آنے لگے میرے گھر والے کہنے لگے کہ ہوسکتا ہے کہ نظر کا مسلہ ہو آپ نظر چیک کروا آئیں مجھے بہت خوشی ہوئی کہ چلو لاہور تو جائیں
اس بہانے چاند سے ملاقات ہو جائے گی میں نے چاند کو بتایا تو وہ بھی بہت خوش ہو ہم سیدھا جنرل ہاسپٹل گئے وہاں جا کر میں نے چاند کو بتایا وہ بھی آ گیا مجھے چشمہ لگ گیا جو کہ چاند کی اس کے بعد ہم نے بہت سی باتیں کیں۔
ہم ایک دوسرے سے جدا ہوتے وقت اظہار محبت کرتے کرتے رہ گئے نہ چاند ہمت کر سکا نہ میں ہمت جتا سکی ہمارے فون کا گھر والوں کو پتہ چل گیا
چاند رات گئے تک مجھ سے بات کرتا رہتا ہمارے گھر والے نہائت ہی اچھے تھے اپنے بچوں کے جذبات کو سمجھنے والے تھے ابو۔ امی ۔دادا۔ دادی نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر چاند اور سائرہ کی خوشی اسی میں ہے تو ہم ان کا رشتہ کر دیں گے یہ خبر میں نے سنی تو پھولے نہ سمائی
یہ بات میں نے چاند کو ابھی بتانا مناسب نہ سمجھی چند دن گزرے تو چاند کے نانا کی death ہو گئی جو رشتے میں میرے دادا لگتے تھے ہم سب وہاں گئے بہت پریشانی کا عالم تھا تیسرے دن ان کی فیملی اور ہماری فیملی کے درمیان کھانے کی وجہ سے لڑائی ہو گئی جس کی وجہ سے ہم واپس گھر آ گئے
ہمارا ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا بند ہو گیا مگر ہم بچے پھر بھی آتے جاتے رہے اور فون پہ بھی بات ہوتی رہتی فون بات کرنا میرے چاچو کو بالکل اچھا نہ لگتا تھا چاند کے گھر والوں کو بھی ہماری محبت کا پتہ چل گیا دونوں فیملیوں ہمارے رشتے کی باتیں ہونے لگیں
سب کہنے لگے کہ لڑائی جھگڑے اپنی جگہ مگر بچوں کی زندگی کا سوال ہے لڑائی سے ہمیں کیا لینا دینا۔ ایک دوسرے کو دیکھتے ہوئے ایک سال گزر گیا
عیدالفطر قریب آ رہی تھی چاند کہنے لگا۔
سائرہ میں تمہیں دیکھنا چاہتا ہوں عید پر میں آ رہا ہوں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہمارا گھرانہ ایک مذہبی گھرانہ تھا سب نماز کے پابند ہے ایک بہت بڑی حویلی تھی جس میں میرے چاچو چاچیاں دادی اور ہم سب مل کر رہتے تھے رات ہوگئی ہم سو گئے۔

اگلی صبح میری پھوپھو کا دادی جان بار بار یہی بات دہرائے جارہی تھی کہ میرے ساتھ بس سائرہ جائے گی کیوں کہ دادی جان مجھ بہت پیار کرتی تھی میں نے بستہ رکھا دادی جان کے پاس گئی اور پوچھا کیا کہہ رہی ہیں کون جائے گا کدھر جائے گا کس نے کہاں جانا ہے تو دادی کہنے لگی۔

سائرہ بیٹا کل ہم لاہور جائیں گے

تم جانے کی تیاری کرو دادی جان کا کہنا تھا میں تیاری کرنے لگی۔

اگلی صبح ہم لاہور پھوپھو کے گھر تھے وہ لوگ ہمیں دیکھ کر بہت خوش ہوئے کیوں کہ ہم کافی دیر بعد وہاں گئے تھے۔

اس سے پہلے جب میں وہاں گئی تو بہت چھوٹی تھی مگر اب میری عمر پندرہ سال تھی اور آٹھویں جماعت تھی میری پھوپھو کا بیٹا جو میرا ہم عمر تھا اور وہ نہم جماعت میں پڑھتا تھا میں نے چاند کو کافی دیر بعد دیکھا تھا رات ہوگئی ہم سو گئے

اگلی صبح میری پھوپھو کے بیٹے چاند کے بھائی کی منگنی تھی سب اپنی اپنی تیاری میں مصروف مگر میں نے محسوس کیا کہ کوئی نظر چوری چھپکے میرا پیچھا کر رہی ہے

کوئی چپکے چپکے مجھے دیکھ رہا ہے خیر میں اپنی تیاری میں مصروف رہی جب میں تیار ہو کر باہر آئی تو دروازے میں مجھے پھوپھو مل گئی پھوپھو دیکھ کر کہنے لگی کہ سائرہ تمہارے ایک ہاتھ میں چوڑیاں ہیں ایک میں نہیں میں نے کہا۔

پھوپھو بس یونہی پاس ہی چاند کھڑا تھا کہنے لگا کہ یہ کون سی بات ہے

میں ابھی چوڑیاں لے آتا ہوں چاند فوراً بازار گیا اور چوڑیاں لے آیا جن کا رنگ بلیک تھا جو بہت ہی پیاری تھیں میں بہت خوش ہوئی

مگر میں یہ نا جانتی تھی کہ میرا اتنا خیال کیوں رکھا جارہا ہے مجھے ایک انجانی سی خوشی محسوس ہونے لگی نجانے کیوں اچھا لگنے لگا۔ میں سمجھ نہیں پارہی تھی یہ کون سا جذبہ ہے یہ کون سی نئی چیز ہے جو میرے اندر جنم لے رہی ہے مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے میری آنکھوں میں کوئی سمانے لگا ہو منگنی بڑی دھوم دھام سے ہوئی رات ہوگئی دن بھر کی تھکن سے میرا سر چکرانے لگا تھا چاند کے ابو ایک مشہور حکیم تھے

اور میرے چاچو ان کے پاس حکمت سیکھتے تھے جو ان کے پاس ہی رہتے تھے میں رات کو اپنے چاچو کے پاس سوگئی میں نے چاچو سے کہا۔

چاچو میرا سر درد کر رہا ہے زرا میرا سر دبا دیں پاس ہی چاند کھڑا تھا چاچو نے چاند سے کہا کہ چاند سائرہ کا سر دبا دو چاند میرا سر دبانے لگا

اس نے جلتی ہوئی پیشانی پہ ہاتھ رکھا جب روح تک پھیل گئی تاثیر مسیحائی کی

جس وقت چاند نے میرے ماتھے پہ ہاتھ رکھا تو مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ کب نیند نے مجھے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور میں سو گئی جب صبح ہوئی تو ہم گھر آنے کی تیاری لگے مگر چاند بار بار محبت بھری نگاہوں سے مجھے دیکھے جا رہا تھا۔

مگر کچھ کہہ نہ سکا جب ہم آنے لگے تو سبھی پریشان تھے مگر چاند کی آنکھوں میں آنسو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی مجھ سے بچھڑنے کا غم اس کی آنکھوں میں صاف دکھائی دے رہا تھا اندر ہی اندر سے تو میں بھی اسے چاہنے لگی تھی ایک انجانی سی تڑپ مجھے بھی محسوس ہو رہی تھی اس سے دور جانے کو تو دل میرا ابھی نہیں کر رہا تھا میں نے نظروں

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں نے کہا کہ چاند کہیں ایسا نہ ہو کہ گھر والے ناراض ہو جائیں
مگر چاند کہنے لگا چاہے جو بھی ہو میں ضرور آؤں گا تمہیں دیکھنے کو میرا جی چاہ رہا ہے نجانے تم کیسی ہو گئی ہو گی ٹھیک سات دن بعد عید تھی دل ہی دل میں تو میں چاند کا wait کر رہی تھی
مگر اندر ہی اندر میں ڈر بھی رہی تھی آخر کار وہ دن بھی آ گیا کہ میرا انتظار ختم ہوا اور وہ رات بھی آ گئی جو چاند رات تھی لیکن مجھے تو اپنے چاند کا انتظار تھا میں نے تو اپنے چاند کے آمد کی بہت سی تیاری کر رکھی تھی اس کی راہوں میں پلکیں بچھائے اسکا بے چینی سے انتظار کر رہی تھی
مجھے کسی کی کوئی خبر نہ تھی آخر میرے انتظار کے لمحات کو مات دیکر وہ گھڑی بھی آ گئی کہ چاند میری آنکھوں کے سامنے تھا مجھے اپنی آنکھوں پہ یقین نہیں ہو رہا تھا
دنیا جہان کی روشنیاں میرے چاند کے آگے ماند پڑ گئی ہیں اور آسماں کا چاند تو میرے چاند کے آگے کچھ بھی نہیں اس کی چاندنی میرے چاند کا مقابلہ نہیں کر سکتی
میرے دل میں رہنے والی اک انجانی سی خواہش بولی
تجھ کو دیکھا تو پھر اس کو نہ دیکھا ہم نے
چاند کہتا ہی رہا میں چاند ہوں میں چاند ہوں
چاند آگے بڑا۔
سائرہ کیسی ہو مین نے کہا جی میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں میں بھی ٹھیک ہوں ہمارے گھر والوں نے میری امیدوں سے بڑھ کر چاند اور اس کے بھائیوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا بہت مزا آیا
ہم نے بہت سی باتیں کی چاند اور اس کے بھائی ہمارے پاس ایک دن رکے اگلے دن وہ واپس جانے لگے تو میرا جی نہ چاہا کہ چاند مجھ سے دور جائے میرا دل چاہتا تھا کہ چاند ہمیشہ کے لیے ہی رک جائے اور میرے سوا یہ چہرا کوئی نہ دیکھے بس چاند میرا ہی میرا ہو اس طرح کبھی ملنا کبھی بچھڑنا ہماری محبت کو تین سال بیت گئے۔
چاند میٹرک کر کے اپنے ابو کے ساتھ حکمت سیکھنے کے لیے جانے لگا اور میں فسٹ ائیر کے پیپر دینے کے لیے پھوپھو کے پاس آئی تھی
میں نے چاند کو فون کر کے بتایا تو چاند پھوپھو کے گھر آیا ہم نے بہت سی باتیں کی
چاند کی کچھ عادتیں جو کہ مجھے بہت پسند تھیں
وہ ذہن کا بہت اچھا تھا اسکے ذہن میں کبھی برائی نہ آئی تھی ہمیشہ سچ بولنا اسکی عادت تھی شائد چاند کی یہی عادت میرے گھر والوں کو بھی بھا گئی تھیں

پیپروں کے بعد میں گھر واپس آ گئی گھر واپس آنے کے بعد ہم فون پر ہر روز باتیں کرتے مگر چاند مجھے ہمیشہ شکوہ کرتا رہتا کہ سائرہ تم مجھے ٹائم نہیں دیتی
ہر وقت پڑھتی رہتی ہو کیا کرو گی اتنا پڑھکر تمہارے پاس میرے لیے وقت ہی نہیں ہے مگر میں سوری کر لیتی قارئین بتاتی چلوں کہ چاند اکثر مجھے پیار سے سونو کہتا تھا۔
ایک دن چاند مجھے کہنے لگا۔
سونو میں تم سے ایک مشورہ لینا چاہتا ہوں۔
میں کہا کہ بولیں کیا مشورہ لینا چاہتے ہے تو چاند بولا۔
سونو ابو مجھے لاہور میڈیکل سٹور بنا کر دیدیا گیا ہمارے دن ہنسی خوشی گزر رہے تھے راتیں تو ختم ہو جاتی مگر باتیں ختم نہ ہوتیں میرا دل چاہتا کہ مجھ سے میرا کوئی بس چاند کی باتیں کرے یا چاند کی گفتگو کرے

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

مئی کی ایک گرم رات تھی مئی کی انتیس تاریخ تھی رات دس بجے کا وقت تھا جب میں اور چاند آپس میں پیار بھری باتیں کررہے تھے کہ اچانک چاند کہنے لگا

سونو میں تمہیں ایک بات بتاؤں۔

میں نے کہا جی بتائیں۔

چاند کہنے لگا۔ میری لاہور میں ایک دوست بنی ہے مجھے اپنے کانوں پر یقین نہ آیا۔

میں پھر پوچھا تو۔

چاند نے کہا کہ ہاں میری لاہور میں ایک نئی دوست بنی ہے جس کا نام شبنم ہے میں نے کچھ بھی جواب دیئے بغیر طنزیہ لہجے میں کہا۔

دیکھنا چاند آج تمہاری دوست ہے کل تمہاری جان اور پرسو تمہاری زندگی کا حصہ نہ بن جائے

مگر چاند کہنے لگا پگلی کیا کہہ رہی ہو تم تو میری زندگی ہو اور تمہاری جگہ کون لے سکتا ہے وہ صرف ایک اچھی دوست ہے میں نے پوچا۔

وہ تمہاری دوست کیسے بنی۔

ایک دن وہ میرے میڈیکل سٹور پر آئی میڈیسن ختم تھیں تو شبنم کہنے لگی۔

مجھے اپنا نمبر دے دو میں کال کر کے پوچھ لونگی اور پھر لے جاؤں گی

پھر اس نے کچھ دنوں بعد کال کی اور پوچھا کہ میڈیسن آگئی ہے۔

میں نے کہا جی آگئی ہیں وہ آئی اور میڈیسن لے گئی پھر کچھ دن بعد اس نے مجھے میسج کیا۔

آپ مجھ سے دوستی کروگے۔

مگر میں نے انکار کردیا لیکن سائرہ شبنم نے مجھے اپنے بارے میں سب کچھ بتایا تو مجھے اس پر ہمدردی ہونے لگی اس نے بتایا۔

میرے ماں باپ سوتیلے ہیں اور وہ ایک ذہنی مریض ہے اسکے گھر والے اس پر بہت ظلم وستم کرتے ہیں مجھے شبنم پر ترس آنے لگا میں نے شبنم سے دوستی کرلی سائرہ تم ناراض تو نہیں

مجھے دکھ تو بہت ہوا مگر میں نے چاند کو محسوس نہ ہونے دیا اور کہا۔

کوئی بات نہیں مگر اتنا خیال رکھنا کہ دوستی صرف دوستی ہی رہے۔

چاند بولا کیسی باتیں کرتی ہو تمہارے علاوہ میں کسی اور کا سوچ بھی نہیں سکتا اور اور پھر ہم تو بنے ہی اک دوسرے کے لیے ہیں شبنم صرف میری ایک اچھی دوست ہے اور میں شبنم کو تمہارے بارے میں سب کچھ بتایا ہے

اور مجھے امید ہے کہ شبنم ایسا سوچے گی بھی نہیں مجھے چاند کی باتوں پر پورا اعتماد تھا کیوں کہ چاند کبھی جھوٹ نہیں بولتا تھا اگر اس کے دل میں کچھ ہوتا تو وہ مجھے یہ سب بتاتا کیوں یہ سوچ کر میں خاموش ہوگئی۔

کبھی کبھی میں اکیلی بیٹھتی تو مجھے ابلیس اکی باتوں پر ہمیشہ اکساتا کہ تمہارا پیار کوئی چھین رہا ہے کوئی تمہیں اس سے دور لے جارہا ہے اور تم اسے چپ چاپ دیکھ رہی ہو بلکہ اسکا حوصلہ افزائی کررہی ہو اور دشمن کو اپنی منزل کا پتہ دے رہی ہو روکو اپنے چاند کو کہ اس لڑکی سے بات نہ کرے وہ لڑکی خطرناک ہے

نجانے مجھے ایسا کیوں لگتا ہے کہ شبنم مجھے نقصان دے گی وہ مجھ سے میرا چاند چھین لے گی لیکن ایک طرف مجھے اپنے چاند پہ اعتماد تھا اور میں ہمیشہ اپنے شیطانی خیالات کو جھٹک دیتی لیکن چاند جب بھی کال کرتا شبنم کا ہی ذکر کرتا کہتا۔

سونو شبنم بیمار ہے وہ بہت پریشان رہتی ہے وہ روز مجھے کال کرتی ہے پلیز اس کے لیے دوا کیا کرو میں اندر ہی اندر تو ریزہ ریزہ ہوجاتی مگر چاند سے مسکرا کر کہتی کہ ٹھیک ہے مگر مجھے چاند کی باتوں میں

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

شبنم کا یوں ذکر واذ کار اچھا نہ لگتا
مجھے تیرے خلاف چلنے کا کوئی شوق نہیں ہے
مگر تیرے ساتھ کوئی اور چلے مجھے اچھا نہیں لگتا
چاند کی باتوں میں روز شبنم کا ذکر کا اضافہ ہوتا جا رہا تھا جب بھی چاند شبنم کی بات چھیڑ لیتا تو میرا دل بجھ سا جاتا مگر چاند شبنم کی باتیں کر کے بہت خوشی محسوس کرتا اس لیئے میں چپ رہتی میں چاند کی باتیں
نوٹ کرتی
رہتی چاند جب بھی کال کرتا شبنم کا ہی ذکر کرتا اب تو مجھے چاند پر بھی شک ہونے لگا تھا کیوں کہ مجھے چاند کی باتوں سے شبنم کے پیار کی خوشبوں آنے لگی تھی میں چاند کو تو کچھ نہ کہتی مگر یہ بات ہمیشہ میرے دماغ میں گھومتی رہتی کہ شبنم کیسی ہوگی خوب صورت ہوگی کوئی جنت کی شہزادی ہوگی کوئی آسماں کی پری ہوگی یا پھر مقدر پہ راج کرنے والی کئی خوبصورت شہزادی جس نے چار مہینوں میں ہی اپنا بنا لیا ہے جب کے ہم تو چار سالوں میں اسے نہ جیت سکے
برسوں سجاتے رہے ہم کردار کو مگر
کچھ لوگ بازی جیت گے صورت سنوار کے
تمنا دید کی کرے موسیٰ اور جل جائے طور
عجب دشوار الفت ہے کرے کوئی بھرے کوئی
میں اپنے دل پے پتھر رکھ کر چاند کی باتوں کا جواب رہی اور کبھی کبھی تو چاند کی باتیں سن کر میری آنکھیں اشکبار ہو جاتیں اور چاند کے پوچھنے پر مسکرا دیتی اس دوران مجھ پر دکھوں کے بہت سے پہاڑ ٹوٹے ایک دن ہم بات کر رہے تھے کہ شبنم کی کال آ گئی تو چاند کہنے لگا سونو شبنم کی کال آ رہی ہے میں بعد میں کال کرتا ہوں چاند نے یہ کہہ کر میری کال کاٹ دی مجھے بہت افسوس ہوا کہ میری اہمیت کم ہوگئی ہے اور شبنم کی زیادہ مگر پھر میں نے یہ سوچ کر اپنے دل کو سمجھا لیا کہ اس میں چاند کی خوشی ہے اور جس میں چاند کی خوشی ہے اس میں میری خوشی ہے شبنم سے بات کر کے فری ہو تو مجھے کال کی اور کہا کہ سونو شبنم بہت پریشان ہے اور اس کی وجہ سے میں بھی پریشان ہوں میں نے یہ نہ سوچا کہ چاند کیوں پریشان ہے بلکہ میں خود بھی پریشان ہو گئی اور دعائیں کرنے لگی کہ ائے اللہ اس لڑکی کو صحت عطا فرما اگر وہ ٹھیک ہو گئی تو میرا چاند خوش ہوگا اور اگر میرا چاند خوش ہوگا تو میں خوش ہوں گی اب تو ہر وقت چاند بس شبنم کی باتیں کرتا شبنم کی تعریف کرتا میں ان کی خوشی کے لیے ہاں میں ہاں ملاتی رہتی ایک دن مجھے چاند کہنے لگا کہ سائرہ مجھے شبنم کہتی ہے مجھے تم اچھے لگتے ہو تم سے مجھے پیار ہونے لگا ہے مجھ سے رہا نہ گیا میں نے کہا کہ چاند تم یہ کیا کہہ رہے ہوں میں رونے لگی مگر چاند کہنے لگا کہ پگلی تم کیوں رو رہی ہو تم نے کیا سمجھ لیا کہ اگر شبنم کو مجھ سے محبت ہو گئی ہے تو کیا مجھے بھی اس سے محبت ہو گئی ہے وہ چاہے لاکھ محبت کرے مجھ سے مگر میں تو صرف تمہی کو چاہتا ہوں ناں
تم ہی میری زندگی ہو تمہارے سوا میرا کوئی نہیں آ سکتا سونو چاند صرف تمہارا ہے چاند کی باتوں نے اور پیار بھری تسلیوں نے میری ہمت بڑھا دی اور شبنم کی تمام باتیں بھلا دیں لیکن مجھے کیا پتہ تھا کہ میں دشمن کو کمزور سمجھ رہی ہوں چاند کہنے لگا کہ جانو فکر نہ کرو اب ہم بہت جلد ہی ایک ہو جائیں گے میں پگلی یہ بات چاند کے منہ سے پھولے نہ سمائی مگر مجھے کیا پتہ تھا کہ اس کی ہنسی پیچھے آنسو کا کتنا بڑا ایک طوفان چھپا ہے یہ ہنسی مجھے مہنگی پڑے گی آہستہ آہستہ شبنم چاند کے قریب آتی گئی اور میں دور ہوتی گئی پہلے تو مجھے چاند کی باتوں سے شبنم کی خوشبو آتی لیکن مگر اب چاند کی باتوں سے بیوفائی کی خوشبو آنے لگی تھی میں چاند کی ہاں میں ہاں ملاتی گئی چاند کئی بار روٹھ جاتا تو میں اسے منا لیتی مجھے چند کی ایک بات اچھی لگتی کہ وہ اپنی غلطی ضرور مان لیتا تھا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور سوری بھی کر لیتا چلو جو بھی ہے وہ ہے تو میرا
لوٹ تو آتا ہے

وہ جہاں بھی گیا لوٹا تو میرے پاس آیا
بس ایک یہی بات اچھی ہے میرے ہرجائی کی

اک دن بیٹھے بیٹھے چاند کا فون آ گیا میں نے
بہت خوشی سے فون اٹینڈ کیا تو چاند بڑے غصے میں
تھا کہ تم نے شبنم کو کس سے کال کروائی کہ چاند کی
زندگی سے نکل جاؤ تمہارے سوا یہ کام کون کر سکتا
ہے یہ سن کر میری آواز حلق میں اٹک گئی مگر میں
بڑی ہمت اور حوصلے سے بات کی میں نے کہا کہ
چاند دیکھ پہلی بات تو میرے پاس اس کا نمبر ہی نہیں
دوسری بات مجھے کیا ضرورت تھی یہ سب کرنے کی
میں نے چاند کو سمجھانے کی بہت کوشش کی مگر وہ کسی
طرح نہ مانا اور فون بند کر دیا میں بہت روئی آج
مجھے چاند کی باتیں بیگانی سی لگیں لیکن اس بات سے
میں اتنا تو سمجھ گئی کہ شبنم کوئی عام لڑکی نہیں ہے وہ
چاند کو مجھ سے دور کر رہی ہے میں بہت پریشان تھی
مگر کچھ نہ کر سکی کیوں کہ چاند ہمیشہ شبنم کی ہی باتیں
کرتا تھا کیوں کہ وہ جب بھی کال کرتا اس کا سارا
دھیان شبنم کی طرف تھا شبنم کی کال یا ایس ایم ایس
آ جاتا تو چاند میری کال کاٹ دیتا مجھے چاند کی کچھ
سمجھ نہ آ رہی تھی کہ چاند شبنم کو کیا سمجھتا ہے دوست یا
کچھ اور کہیں وہ چاند کی زندگی کا حصہ تو نہیں بن چکی
کہیں چاند مجھے دھوکا تو نہیں دے رہا مگر پھر میں
سوچتی ہوں پگلی تم نے ایسا سوچ بھی کیسے لیا میں
نہیں جانتی کہ چاند کیا کر رہا ہے ہمیشہ اسی کشمکش میں
رہتی کہ چاند کس کا ہے اگر میرا ہے تو شبنم کے ایسا
کیوں اگر شبنم کا ہے تو مجھ سے اور میرے دھوکا
کیوں مگر مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا

کبھی اس کا کبھی اس کا کبھی میرا ہوا وہ شخص
اس نے حسن گنوا دیا تھا تجارت کرتے کرتے

کچھ ہی دنوں بعد مجھے خبر ملی کہ ایک کزن کی
شادی ہے جس میں چاند کی فیملی بھی شرکت کر رہی
تھی میں نے چاند سے کہا کہ آپ ضرور آنا مجھے
بہت خوشی ہوئی کہ شادی پر چاند اکیلا ہی آیا مگر ہم
سب ہی گئے تھے

سب گھر والوں نے چاند کو بڑے اچھے
طریقے سے دیکھا تو مجھے بہت اچھا لگا ایک طرف تو
مجھے اپنے محبوب سے ملنے کی خوشی تھی اور دوسری
طرف اپنے چاند کے چھن جانے کا غم بھی تھا لیکن
اپنے چاند کو سامنے دیکھ کر میں زمانے کے غم بھول
گئی میرے چار سو بہاریں لگیں پنچھی گنگنانے لگے
مجھے اپنے دل کے موسم کے سب موسم دل فریب
لگنے لگے اس کے دیدار کا اثر تھا کہ میرا دل اس قدر
مسرور ہو گیا میرے چہرے پر ہمیشہ رہنے والی
سنجیدگی رخصت ہو گئی اور اس کی جگہ مسکراہٹ نے
لے لی لیکن میں کیا جانتی تھی کہ میری محبت پر زوال
آنے والا ہے کس قدر عجیب ہوتے ہیں یہ محبت کے
لمحات بھی کچھ دیر بعد چاند میرے پاس آیا اور کہنے
لگا

کیسی ہو سائرہ میں نے کہا میں ٹھیک ہوں
آپ کیسے ہیں میں بھی ٹھیک ہوں ہم سب مل کر بیٹھ
گئے اور باتیں کرنے لگے شام کو چاند نے ہمارے
ساتھ ہی ہمارے گھر آنا تھا ہم بائیک پر بیٹھنے لگے تو
چاند کہنے لگا سائرہ ذرا یہ موبائل میں نے ابھی
موبائل پکڑا ہی تھا کہ شبنم کا میسج آ گیا کہ میری بہن
کہتی ہے تم تو اتنی موٹی اور تمہارا رانجھا تو بہت
سمارٹ ہے میں میسج پڑھ کر حیران رہ گئی میں نے
اس کے بعد اس کے کئی میسج آتے رہے میں اوپن
نہیں کیئے گھر پہنچ کر میں نے چاند سے کہا کہ آپ
کی ہیر کے میسج آ رہے ہیں میں نے موبائل چاند کو
دیا اور خود کمرے میں جا کر دروازہ بند کر دیا اور
رونے لگی مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ چاند میرے
ساتھ ایسا کر سکتا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

جس شخص کی میں نے روح سے عبادت کی
جس کو میں نے محبت کا دیوتا بنا کر پوجا کی وہ مجھے دھوکا دینے کی سوچ بھی کیسے سکتا ہے کیا چاند ایسا کر سکتا ہے سب کچھ میری آنکھوں کے سامنے ہو رہا تھا لیکن مجھے اپنی محبت پر پورا بھروسہ تھا

اپنی محبت پہ فقط اتنا بھروسہ ہے مجھے
میری وفائیں اسے کسی اور کا ہونے نہیں دیتی

تھوڑی دیر بعد چاند میرے کمرے میں آیا اور کہنے لگا سائرہ تم نے شبنم کے بھی میسج پڑھ لئے میں نے کہا تم نے تو کہا تھا شبنم صرف میری دوست ہے

بولا سائرہ ایسی کوئی بات نہیں ہے بس کرو چاند کب تک کرو ایسا کب تک دو گے مجھے دھوکا کب تک بناؤ گے مجھے بیوقوف میں زور زور سے رونے لگی نجانے چاند کے دل میں کیا آیا بہت پریشان ہوا اور ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا سائرہ مجھے معاف کر دو

چاند کا میرے آگے ہاتھ جوڑنا میں اپنی محبت کی توہین میں ایک لمحے کے لئے بھی برداشت نہ کر سکی میں نے سوچے سمجھے بغیر چاند کے ہاتھ تھام لئے میرے آنسو بے اختیار نکلے جا رہے تھے چاند نے میرے آنسو صاف کئے اور کہنے لگا کہ سونو تم میری پہلی اور آخری محبت ہو میری ندگی ہو اگر میں چاند ہوں تو تم کرن ہو اگر میں پھول ہوں تو تم خوشبو ہو اگر میں دل ہوں تو تم اس میں دھڑکنے والی دھڑکن ہو تمہارے بغیر میری زندگی بالکل ادھوری ہے بے ذائقہ ہے سونو ہم بہت جلد ایک ہو جائیں گے

مجھے چاند کی باتیں سن کر شبنم کا دیا ہوا ہر دکھ بھول گیا ٹھیک ہے چاند اب تم سو جاؤ اگلی صبح چاند نے واپس گھر جانا تھا ہم صبح باتیں کر رہے تھے چاند کہنے لگا سونو میں تمہیں اک سرپرائز دینا چاہتا ہوں اپنی آنکھیں بند کرو میرے الفاظ چاند کے کانوں تک جا پہنچے شبنم کی تصویر دیکھا تا وہ بولا تمہیں کیسے پتہ مجھے میرے دل نے بتایا اس پر چاند مسکرا دیا

اور کہنے لگا سائرہ میں تمہیں وہ اس پر چاند مسکرا دیا چاند کہنے سائرہ میں تمہیں وہ پیار نہیں دے پایا جو دینا چاہئے تھا اور سائرہ کبھی کبھی مجھے ایسا لگتا ہے جیسے مجھ سے زیادہ تو مجھے جانتی ہے میں خاموش رہی چاند نے مجھے شبنم کی تصویر دکھائی شبنم ایک خوبصورت لڑکی تھی چاند نے پوچھا کہ کیسی ہے میں نے کہا بہت اچھی آپ کو اچھی لگتی ہے تو مجھے بھی اچھی لگی میں خاموش ہو کر اندر چلی گئی

چاند خاموش ہو کر بیٹھ گیا مگر اس نے میرے اندر بھڑکنے والی آگ اٹھنے والا طوفان اور بہنے والے نہ دیکھے میں بہت کوشش کی مگر یہ نا سمجھ آنکھیں کب سمجھتی ہیں

کسی نے ہم سے کہا تیری آنکھیں بہت خوبصورت ہیں
ہم نے کہا تیز بارش کے بعد موسم پیارا ہو ہی جاتا ہے

شام کو چاند نے واپس گھر جانا تھا چاند کا میرے بھائی سے ملتے وقت بھائی نے مذاق میں کہا دیکھ میری بہن کو رولانا مت اسکو کبھی دکھ نہ دینا وہ مجھے بہت پیاری ہے اگر تم نے اسے دکھ دیا تو میں تمہاری جان لے لوں گا یہ بات سن کر میری آنکھوں میں آنسو آ گئے اے کاش میری زندگی بھی میرے بھائی کو لگ جائے

کس قدر خیال ہے اس کو میری خوشیوں کا خیال تو میرا ابھی کرتے ہیں لیکن چاند نے میرے بھائی کی بات کو مذاق سمجھا ایک بھائی نے تو اپنا فرض نبھا دیا لیکن جب پیار کی باری آئی تو چاند اپنی تیاری میں لگ گیا میں نے چاند کو بالکل محسوس نہ کروایا کہ میں چاند سے خفا ہوں کیوں کہ میں نہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

چاہتی تھی کہ چاند یہاں سے پریشان ہو کر جائے
چاند رخصت ہونے لگا تو میری آنکھوں سے آنسوؤں کی برسات چھڑ گئی ایک وہ دن تھا جب ہم لاہور سے آ رہے تھے تو چاند کی آنکھوں میں آنسو تھے چاند کو مجھ سے بچھڑنے کا غم تھا
آج اس کی جدائی کا غم مجھے اندر ہی اندر کھائے جا رہا تھا میرا دل چاہتا کہ چاند میری آنکھوں سے دور نہ ہو مگر چاند کو مجھ سے بچھڑنے کا ذرہ بھی غم نہ تھا یہ اس کے چہرے کے تاثرات بتا رہے تھے چاند ہمارے گھر سے رخصت ہو گیا وہاں جا کر چاند نے مجھے کال کی اگلے دن پھر کی پھر وہی سلسلہ شروع ہو گیا
ہر روز شبنم کی باتیں چاند باتوں ہی باتوں میں ایسی بات کر جاتا کہ میں ٹوٹ کر رہ جاتی مگر برداشت کرتی چاند کو محسوس نہ ہونے دیتی اور کبھی کبھی اپنے موبائل پہ دکھی دکھی سونگ لگا کر سنتے سنتے سو جاتی یہ دو گانے جو میں اکثر چاند کی یاد میں سنا کرتی

ا۔ چنا دور ہوندا ہوندا یویں دور ای نہ ہو جاویں

۲۔ تنا اک ہی ہو سکدے نہ دکھ ہی رہ سکدے
کتھے سانوں تیرا انکار لے کہ آ گیا
کیہو جئے موڑ اُتے پیار لیکے آ گیا

ایک رات میں سونے ہی والی تھی کہ چاند کی کال آ گئی رات کے دس بج چکے تھے سائرہ میں مشورہ لینا چاہتا ہوں میں نے کہا۔
جی بولیں کیا بات ہے میں کیا جانتی تھی کہ یہ میرے خوابوں میری خواہشوں میرے جذبات کا سودا کرے گا میری محبت کی آزمائش تھی میرے پیار کا امتحان تھا چاند کے لب کھلے تو بولا سائرہ میں شبنم کو اپنانا چاہتا ہوں
مجھے ا[illegible] ایسا لگنے لگا کہ جیسے میرے اندر کچھ ٹوٹ گیا ہو جس کی کرچیاں میری آنکھوں میں گھٹا بنکر چھانے لگیں چاند کا عکس میری آنکھوں میں دھندلانے لگا
مجھے اپنے کانوں پر یقین نہیں ہو رہا تھا میں نے چاند سے کہا کیا تمہیں بھی شبنم سی محبت ہو گئی ہے تو چاند کہنے لگا ہاں سائرہ شبنم مجھے اچھی لگتی ہے مجھے اس سے ہمدردی ہے میں اسے اپنانا چاہتا ہوں میں نے کہا چاند جو وعدے ہم نے مل کر کیئے ہیں جو کسمیں ملکر کھائی ہیں جو محبت تم نے مجھ سے کی تھی چاند بولا وہ میری بھول تھی میرا دل چاہا میں دھاڑیں مار مار کر روؤں مجھے ایسا لگ رہا تھا کہ یہ چاند نہیں اسکے اندر کوئی اور بول رہا ہو اور وہ شبنم کی محبت تھی
اس سے پہلے چاند کچھ اور کہتا میں نے فون کاٹ دیا مگر میرے کانوں میں مسلسل ایک آواز گونجے جا رہی تھی
کہ چاند میرا چاند میرا ہے مگر کب تک مجھے شبنم کی محبت جیتتی ہوئی نظر آ رہی تھی اور اسکی قسمت بھی شاید جیت گئی میں حیران تھی کہ میں چاند کو اتنا پیار دینے کے بعد بھی جیت نہ پائی اور شبنم نے کچھ ہی دنوں میں چاند کو پا لیا

ہم سے ساری عمر ہی غلطیاں ہوتی رہیں
دھول چہرے پہ تھی اور ہم آئینہ صاف کرتے رہے

میں ہمیشہ سوچتی کہ شبنم نے ایسا کون سا جادو چاند پر کیا ہے جو چاند اسی کے گیت گاتا ہے
میں سوچنے لگی کہ اگر چاند کی نظر میں میری محبت میرا پیار اسکی بھول تھی تو میں کیوں کر اس سے بات کرتی ہوں دوبارہ جب چاند کا فون آیا تو میں نے کہا اگر تیری نظر میں میرا پیار بھول ہے تو کیوں کرتے ہو مجھے کال کیوں بیتے لمحے یاد دلاتے ہو
کیوں میرے دل کے زخموں کو ہوا دیتے ہو

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

دوبارہ رابطہ نہ کرنا پلیز میں بھی کوشش کروں گی کہ تمہیں بھول جاؤں

میں اسے بھول جانے کی کوشش کروں گی
وعدہ نہیں کرتی مسکرانے کی کوشش کروں گی
اسکا ذکر ہو محفل میں اور آنکھ نم نہ ہو
رک نہ سکیں گے آنسو مگر روک پانے کی کوشش کرو گی
اے آنکھ چلو خوابوں کی دنیا میں چلیں
میں سو تو نہیں سکتی مگر سو جانے کی کوشش کروں گی
یہ میرے بس کی بات نہیں کہ اسے بھول جاؤں
کنول پھر بھی خود کو آزمانے کی کوشش کروں گی

میں نے چاند سے بات کرنا چھوڑ دی پورا ایک مہینہ گزر گیا اس دوران چاند کی کئی بار کال آئی مگر میں ریسیو نہ کرتی وہی آواز جسے سنے بغیر مجھے چین نہیں آتا تھا راتوں کو نیند نہ آتی آج مجھے اس آواز سے نفرت سی ہو گئی تھی

میں سوچتی کہ وہ چاند جس سے میں نے اتنی محبت کی اپنے دل میں اپنے لئے بھی محبت نہ چھوڑی اس نے یہ صلہ دیا میری محبتوں کا یہ سوچ سوچ کر میرے دل سے بس ایک ہی آواز نکلتی

وہ کتنا مہربان تھا کہ ہزاروں غم دے گیا
ہم کتنے خود غرض تھے جو کچھ نہ دے سکے محبت کے سوا

چاند اب مجھ سے بالکل بیگانہ ہو چکا تھا میں نے اب بھی اس کی کال ریسیو نہ کی تھی

میرا دل تو چاہتا تھا کہ چاند سے بات کروں مگر میں اپنے دل کو روک لیتی رو رو کر اپنا سارا غبار نکال لیتی اور یہی سوچ کر اپنے دل کو تسلی دیتی کہ شاید چاند میرے ہاتھوں کی لکیروں میں نہیں شائد چاند میرا مقدر نہیں اور اپنے دل کو سمجھاتی کہ اے دل ہر خواب تعبیر نہیں پاتے کچھ خواب آنکھ کھلتے ہی ٹوٹ بھی جایا کرتے ہیں

نہ رو میرے دل ہر خواب تعبیر نہیں پاتا
جسے ملنے کو دل چاہے وہ ملنے نہیں آتا
دل کو کھلونا سمجھ کر توڑ دیتے ہیں
دل توڑنے والوں کو کوئی نہیں سمجھاتا
تمہارا چاند سا چہرہ مجھے بھول نہیں پاتا
تمہیں دیکھے بن دل کو چین نہیں آتا
زخم دل اتنے گہرے ہیں گہرے ہیں کہ بھرتے نہیں
جیسے تو نے خنجر چلائے کوئی چلا نہیں سکتا
تم سے محبت کی تمہیں اپنا بنانے کے لیے
تم نے تنہا چھوڑ دیا غم اٹھانے کے لیے

ہر وقت سنجیدہ سا رہنا میری عادت سی بن گئی کوئی کچھ پوچھے تو جوب دینا ورنہ خاموش رہنا اس دوران ہمارے گھر میں اچھے اچھے رشتے بھی آئے مگر میرے گھر والے یہ سوچ کر انکار کر دیتے کہ یہ چاند کو پسند کرتی ہیاور میں شادی سے انکار کر دو نگی لیکن مجھ سے کسی نے مشورہ لینے کی زحمت ہی نہ کی اگر کوئی مجھ سے پوچھتا تو میں پھوٹ پھوٹ کر رو دیتی

پتھر تراشتے تراشتے کٹ گئیں انگلیاں میری
جب مجسمہ یار بنا تو خریدار آ گئے

میری آنکھوں میں آنسو کا طوفان چھپا رہتا میں اس انتظار میں رہتی کہ کوئی چاند کی بات چھیڑے اور کب میری پلکوں کا بوجھ ہلکا ہو کب میرے دل کے اندر اٹھنے والے طوفان تھمیں مگر مجھ سے کسی نہ پوچھا اور میری اتنی ہمت نہ ہوئی کہ کسی کے سامنے اپنے لب کھول سکوں میں نے کئی بار کوشش کی

کتنا آسان ہے کسی کو اپنا کہنا اے دوست
جب تقدیر فیصلے سناتی ہے رویا بھی نہیں جاتا

میں نے کئی بار سوچا کہ ماں سے کہہ دوں کہ ماں میری محبت کی کشتی تو ساحل پر پہنچنے سے پہلے ہی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ڈوب گئی ہے ماں میں نے اپنی منزل کھو دی ان پاگل آنکھوں سے کئی بار کہا کہ ماں کے سامنے برس جاؤ مگر یہ اندر ہی اندر آنسوؤں کا طوفان لئے بیٹھی ہیں کئی بار ان بیکار حسرتوں سے کہا کہ نکل جاؤ اب بھر چکا ہے میرا دل

ان حسرتوں سے کہ دو کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ نہیں ہے دل داغدار میں

میرا یہ پاگل دل ہمیشہ کہتا یہ نقش مٹائے نہیں جاتے کئی بار اس پگلی آنکھوں سمجھا اس کے خوابوں کو چھوڑ دے مگر میں چاند کو بھولنے میں ناکام تھی۔

پندرہ نومبر کی اک منحوس شام تھی کہ مجھے خبر ملی کہ چاند کی منگنی شبنم سے ہوگئی میرے گھر والوں کو یقین نہ آیا وہ حیران رہ گئے کیوں سب جانتے تھے کہ چاند میرا ہے مگر میں تو جانتی تھی کہ وہ کب کا کس کے لبوں کی مسکراہٹ بن چکا ہے کس کی حنا کا رنگ بن چکا ہے سب حیران تھے مگر مجھے یقین تھا کہ میرا چاند خاش ہے میرا جی چاہا کہ آج اتنا روؤں کہ میرے دل کا سارا غبار دھل جائے۔

میں وقت کی دہلیز پہ اک کھٹ پتلی کی طرح کھڑی ہوئی تھی زندگی کا تماشا دیکھتی رہی میں پاگل دنیا سے بیگانی تھی مجھے کچھ خبر نہ تھی کون آیا کون گیا آج خودکشی حرام نہ ہوتی تو میں چاند اور شبنم کی زندگی سے کب کی دور جا چکی ہوتی میرے گھر والوں نے مجھے سنبھالے رکھا میرا بہت خیال رکھا مگر میں چاند کو اک پل کے لیے بھی نہ بھولا تھی

جس طرف بھی دیکھوں تیرا عکس میسر ہے آنکھوں کو
یہ ہر کوئی تم جیسا ہے یا سارا جہان تم ہو

کچھ ہی دن گزرے تھے کہ چاند کی کال آئی کہتا کہ تم لوگ کیوں شبنم کو کالز کر کر کے تانگ کرتے ہو یہ کام تم لوگوں میں سے کوئی کر سکتا ہے یہ سن کر میرے پاؤں کے نیچے سے زمین سرکنے لگی

چاند یہ تم کیا کہہ رہے ہو میں نہیں جانتی کون کرتا ہے مگر چاند کسی طرح نہ مانا کہتا۔

تمہاری فیملی میں سے کرتا ہوگا کوئی یہ بات سن کر مجھے بہت غصہ آیا میں نے کہا۔

دیکھو چاند تم نے اور شبنم نے مجھے بہت دکھ دیے ہیں میں نے برداشت کیے مگر میں اپنی فیملی کے متعلق اک لفظ بھی نہیں سن سکتی اگر میں ایسا کرنا ہوتا تو بہت پہلے کر چکی ہوتی تمہیں تمہاری شبنم مبارک ہو اور دوبارہ بھی کال نہ کرنا یا میسج کر کے یہ احساس مت دلانا کہ کوئی چاند میری زندگی میں آیا تھا یہ کہہ کر میں نے فون تو بند کر دیا میرا دل اشکوں کا سمندر ہوگیا

جن میں چمکتے تھے کبھی وفا کے موتی
یقین مانو وہ آنکھیں بے وفا نکلیں

اس کے بعد چاند نے تو کبھی کال نہ کی مگر میں چاند کی جدائی میں دن رات سلگتی رہی تڑپتی رہی میں کبھی کبھی دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر چاند کو میسج بھی کر دیتی مگر وہ کوئی جواب نہ دیتا آج میں نے ایف اے کرلیا اور چھوٹے چھوٹے بچوں کو گھر میں ٹیوشن پڑھاتی ہوں ان کے ساتھ دل لگا ہوا ہے اگر چاند اور شبنم میرے سامنے آئیں تو میرا ان سے ایک ہی سوال ہوگا کہ شبنم تم بھی ایک لڑکی ہو تمہارے سینے میں دل ہے اگر تمہاری زندگی میں کوئی ایسا شخص آئے جس کی تم نے روح سے عبادت کی ہو جس سے تم نے دل سے محبت کی ہو بچپن سے کفالت کی ہو اور جب وہ جوان ہو جائے تو کوئی تم سے اسے چھین لے تو تم پر کیا گزرے گی شبنم مجھے جواب ضرور دینا اور چاند سے میرا یہی سوال ہوگا کہ چاند میری میں کون سی کمی تھی جو تم نے مجھے آنسوؤں کے سمندر میں انجان لہروں کے حوالے کر دیا لیکن چاند میری پھر بھی ایک ہی دعا

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہے کہ تم صدا خوش رہو اپنی شبنم کے ساتھ صدا مسکراتے رہو

جانے وہ کون سی مجبوریوں قیدی تھا
وہ چھوڑ گیا تنہا تو اسے بیوفا نہ کہو

قارئین یہ تو تھی میری درد بھری داستاں آج چاند اپنی زندگی میں بہت خوش ہے لیکن چاند کی یادیں مجھے ایک پل کے لیے بھی اکیلا نہیں ہونے دیتی میرے لبوں پر ایک ہی صدا گونجتی ہے کہ

اپنی یاد کو روک پیا۔ اپنی یاد کو روک پیا

اتنا کچھ ہونے کے باوجود بھی میں چاند کو نہیں بھلا سکی وہ ہر وقت میرے آس پاس ہوتا ہے

قارئین دوعا کیجئے گا کہ میں چاند کو بھولنے میں کامیاب ہو جاؤں

میں کیسے مان لوں کہ میری آنکھوں میں کوئی عکس نہیں
میں جب بھی روتی ہوں تو کسی کے ہنسنے آواز آتی ہے

قارئین یہ تو تھی تحریر معصوم سائرہ کی آپ نے سنی قصور کس کا تھا غلطی کس کی تھی شبنم کی جس نے سب کچھ جاننے کے باوجود بھی چاند کو پیار کی دعوت دی۔ یا چاند کی جس نے شبنم اور سائرہ دونوں کو دھوکے میں رکھا۔ یا پھر سائرہ کی جس نے چاند پر اندھا اعتماد کیا اور بے پناہ محبت کی جس کے بدلے میں اسے بیوفائی تحفے میں آنسو آہیں اور یادوں کی سوغات ملی

آپ کی رائے کا بے چینی سے انتظار رہے گا

جھلسے ہیں کبھی سپنے آسماں سے پوچھ لو تم
سب چھوڑ گئے اپنے اس جہاں سے پوچھ لو تم
مرجھائے ہیں قسمت کے گلشن کے کبھی پودے
نہیں شکوہ بہاروں سے بوستاں سے پوچھ لو تم
مشکل ہے میرا جینا ہر سانس اٹکتی ہے
مجھ میں میرا کچھ بھی نہیں بت بیجاں نے پوچھ لو تم
جس نے بدلی دنیا میرا جیون بدل دیا
ان سارے سوالوں کو مہرباں سے پوچھ لو تم

کشور کرن۔ پتوکی۔

اپنے چہرے کو اپنے ہی اشکوں سے دھو لیتے ہیں
ہو جائے دیر تو منزل کو کھو دیتے ہیں
اپنے جیون میں نہیں پایا کبھی کوئی سایا
ہر بار آس کے پودے کو بو دیتے ہیں
آج تک کچھ نا دیا مجھ کو ان عزیزوں نے
جو مانگوں ملتا نہیں جو نہ مانگوں تو دیتے ہیں
اب تو حیران ہوں میں جیون کے نرالے کھیلوں پہ
کہیں جھکایا کہیں گرا وہ دیتے ہیں
کرن بھلاؤں میں کیسے گزرے ماضی کو
یاد آتے ہیں وہ لمحے تو رو دیتے ہیں

کشور کرن۔ پتوکی۔

جس کے جی میں آئے وہی روشنی پائے
ہم نے تو دل جلا کر سر عام رکھ دیا۔

سفیان۔ پتوکی

ان اونچی عمارتوں نے میرے گھر کو چھپا لیا
لوگ میرے حصہ کا سورج بھی کھا گئے

شاہد پتوکی

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ماں سے پیار کا اظہار

❁ ...... میری امی جان بہت اچھی ہے اور مجھے ان سے بہت زیادہ پیار ہے خدا ان کو ہمارے سر پر سلامت رکھے۔ (عبارت علی، ڈی آئی خان)

❁ ...... میری ماں دنیائے عظیم کی بہترین ماؤں میں سے ایک ہے میرا سب کچھ ہے میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میں پردیس میں رہ کر اپنی ماں کو بہت یاد کرتا ہوں۔ (عبدالرشید صارم اوڈ، سعودی عرب)

❁ ...... ماں ایک جنت کا دروازہ ہے اگر کوئی دروازے کو راضی کر لے جنت خود بخود آواز دے گی۔ (اللہ دتہ، مری کینٹ)

❁ ...... ماں ایک ایسی ہستی ہے کہ دنیا کے تمام قلم کاغذ لے کر تعریف لکھی جائے کم پڑ جائے گی۔ (ڈاکٹر سجاد، پشاور)

❁ ...... ماں سے تو پیار کا اظہار کرنا بہت مشکل ہے خدا کی سب سے بڑی دی ہوئی دولت ہے اور بیٹوں کا سہارا ہے ماں۔ (ثوبیہ حسین، کہوٹہ)

❁ ...... ماں تو ماں ہوتی ہے۔ (محمد نعیم گروڑہ، شانگلہ)

❁ ...... ماں کے بارے میں جتنا بھی لکھوں کم ہے کیونکہ ماں جیسی ہستی کوئی نہیں ہے ماں تجھے سلام او ماں۔ (نوید ملک، گولارچی)

❁ ...... مجھے اپنی ماں سے دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر پیار ہے کیونکہ ماں کا رشتہ سب رشتوں سے پیارا رشتہ ہے۔ (مولانا عبدالغفور نقشبندی، حافظ آباد)

❁ ...... ماں جیسی ہستی اس دنیا میں کہاں مجھے اپنی ماں سے بہت پیار ہے میں اپنی ماں سے جدا ہوں تو وہ مجھے شدت سے یاد آتی ہے۔ (رخسانہ صادق، بستی جلیل)

❁ ...... ماں میں ساری عمر بھی اگر آپ کی خدمت کرتا رہا ہوں آپ کا احسان نہیں اتر سکتا ماں جی۔ (جبرائیل آفریدی، ناصر آباد)

❁ ...... ماں کی مثال ایک پھول جیسی ہے جس کی خوشبو سارے گھر کو مسحور کر دیتی ہے میری ماں بھی پھول ہے میں اپنی ماں سے بہت پیار کرتا ہوں۔ (عمر دراز آکاش، جڑانوالہ)

❁ ...... ماں ایک عظیم ہستی ہے جو دسمبر کی سرد راتوں اور جون کے سخت گرم دنوں میں اپنی اولاد کے لیے جان نچھاور کرتی ہے اور انہیں سکون فراہم کرتی ہے۔ (عمر دراز آکاش، جڑانوالہ)

❁ ...... میری ماں بہت اچھی ہے ماں جب گھر میں نہیں ہوتی تو گھر ویران سا ہوتا ہے ماں تو دل کی دھڑکن ہے میری دعا میری ماں سدا خوش رہے۔ (کومل آفریدی، سرگودھا)

❁ ...... میں اپنی ماں سے بہت پیار کرتا ہوں۔ ماں دنیا کا سب سے حسین پھول ہے۔ جس کی خوشبو پورے گھر میں مہکتی ہے۔ (ایم عقیل عامر جٹ، ساہیوال)

❁ ...... ماں وہ عظیم شخصیت ہے جو اپنی اولاد سے بغیر کسی لالچ کے پیار کرتی ہے اللہ تعالیٰ سب کی ماؤں کو ہمیشہ سلامت رکھے۔ (رانا

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

نذیر عباس زخمی، منڈی بہاؤالدین)

❁...... تو ہی تو جنت میری تو ہی میرے دل کا قرار ماں میرا جہاں ماں میرا پیار میری ماں جنت کا پھول ہے۔ (شہزادسلطان کیف، بھمبرAK)

❁...... کی اپنی ماں اور باپ کو دنیا کی سب سے بڑی ہستی سمجھتا ہوں اللہ کے بعد میرے لیے وہ ہی میرا آسرا ہیں، وہ ہی سب کچھ۔ (محمد قاسم لاشار بلوچ، گنداواہ)

❁...... اے میری پیاری امی جان بے شک تجھ سے دور ہوں لیکن جسم میں دوڑتا خون کا اک اک قطرہ تیرے لیے ہے یہ جان تجھ پر نثار ہے، سدا مسکراتی رہو۔ ماں جی۔ (مجید احمد جائی، ملتان)

❁...... ماں ایک پھول ہے۔ جس کی خوشبو ہر وقت محسوس ہوتی ہے۔ (نامعلوم)

❁...... دعا کرنا میری ماں کو اللہ تعالیٰ جنت میں جگہ عطا فرمائے میرے دوستو میری ماں دنیا میں نہیں اور میں نے آخری بار ان کا چہرہ بھی نہیں دیکھا آئی مس یو ماں۔ (حسین ہاشمی)

❁...... میں اپنی ماں سے بے حد پیار کرتا ہوں لیکن میری ماں اس دنیا میں نہیں ہے۔ (ایس دکھی، دوکوٹہ)

❁...... میں لکھ ہی نہیں سکتا کہ ماں سے کتنا پیار کرتا ہوں۔ (ایم عاصم، چوک متیلا)

❁...... جواب عرض کے دوستوں سے گزارش ہے کہ ماں کی زندگی میں ماں سے پیار کریں تاکہ ماں کے مرنے کے بعد افسوس نہ ہو۔ (فنکار شیر زمان پشاوری، پشاور)

❁...... اے ماں تیرے ہی دم سے میں ہوں میری کل کائنات میری ماں ہے میں جب تنہا ہوئی تو ماں کی محبت نے آغوش میں لے لیا۔ (عشقیا، اٹک)

❁...... میں اپنی والدہ سے والہانہ محبت کرتا ہوں۔ میری ماں نے بیماری کی حالت میں بھی ہم بچوں یعنی بہن بھائیوں کی خاطر محنت کی۔ (بشیر احمد بھٹی، بہاولپور)

❁...... میری پیاری ماں آج نیا سال 2013ء لگا آپ کو ہم سے بچھڑے ہوئے ایک اور سال بھی گزر گیا کاش ماں آپ ہمارے ساتھ ہوتیں۔ (سونیا آفریدی، گجرات)

❁...... ماں سے پیار کا اظہار کیلئے انسان ساری عمر لکھتا تو بھی کم ہے اس کام میں اظہار کر سکتا ہے کوئی ہم دعا کر سکتے ہیں ماں کیلئے۔ (عبدالرحمن گجر، نین رانجھا)

❁...... ماں کا پیار سمندر کی گہرائی سے بھی زیادہ ہے ماں گھر میں نہ ہو تو گھر ویران لگتا ہے۔ (ڈاکٹر سجاد، پشاور)

❁...... میری ماں میری کامیابی کا ذریعہ ہے میری ماں کی دعاؤں سے میں آج بہت خوش زندگی بسر کر رہا ہوں اللہ میری ماں کو ہمیشہ تندرست رکھے۔ (منظور اکبر تبسم، جھنگ)

❁...... ماں کے بارے میں کیا لکھوں جتنی بھی تعریف کروں وہ کم ہے اس لیے خدا نے ماں کے قدموں میں جنت کا نام دیا ہے۔ (مدثر احمد ولد بشیر احمد، نیلم نگدر)

❁...... میری ماں اور سب دوستوں کی ماں آپ سب کو سلام ماں جنت کی ہوا میری قلم میں طاقت نہیں ہے ماں تو ماں ہے آئی مس یو ماں۔ (ولی اعوان گولڑوی، لاہور)

❁...... ماں محبت کا وہ پیکر ہے جس کی ہم ساری زندگی بھی خدمت کرتے رہیں تو پھر بھی اس کی محبت کا احسان نہیں دے سکتے۔ (عثمان غنی، قبولہ شریف)

❁...... ماں نہ ہوتی۔ دنیا میں پیار نہ ہوتا، شفقت نہ ہوتی، چھاؤں نہ ہوتی، قدم نہ ہوتے اور ان قدموں تلے جنت نہ ہوتی۔ (بشیر احمد بھٹی، بہاولپور)

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

مجھے شکوہ ہے

مجھے شکوہ ہے اپنے دوست حماد ظفر سے جو میرے کلاس فیلو ہیں میں کلاس میں ان کو اپنا جو شعر سناتا ہوں وہ پسند نہیں کرتے ہادی بھائی خدا کیلئے میرے جذبات سمجھا کریں۔ (رانا نند عباس زخمی۔ (منڈی بہاؤالدین)

مجھے شکوہ ہے انور ساجد سے کہ وہ میرا کام نہیں کرتے مجھے آپ کی اشد ضرورت ہے خدا کیلئے میرا کام جلدی جلدی کر دیں۔ (انعم نذیر چاند، وہاڑی)

مجھے شکوہ ہے رانی سے رانی تم نے کیوں مجھے بھلا دیا تم تو کہتی تھی کہ عامر تم ہی میری زندگی ہو پھر کیوں بے وفائی کی۔ (ایم وکیل عامر جٹ، ساہیوال)

مجھے شکوہ ہے میرے خان جی سے جو مجھے بات بات پر ستاتا ہے اور میرے ساتھ بات بہت کم کرتا ہے خان جی ایسا کرو گے تو تمہاری سویٹی مر جائے گی آئی لو یو۔ (کومل آفریدی، سرگودھا)

مجھے شکوہ ہے گردش ایام سے تقدیر سے اپنے قصور سے جس نے مجھے چھوٹی سی عمر میں اپنی تمام تر تلخیوں سے آشنا کر دیا۔ (مظہر نظیر، مانسہرہ)

مجھے شکوہ ہے ان لوگوں سے جو موبائل پر گندے گندے ایس ایم ایس لکھتے ہیں نماز نہیں پڑھتے، والدین کی نافرمانی کرتے ہیں۔ (ایس انمول، بھابھڑہ)

مجھے شکوہ ہے مجھے کسی سے کوئی شکوہ نہیں اور نہ ہی کسی سے شکوہ کرنا چاہیے حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے گزر بسر کرنی چاہیے۔ (مٹھو محمد رشید تنہا، چنیوٹ)

مجھے شکوہ ہے کبھی کبھی اپنے آپ سے کیوں اپنے سے گلے کرتا رہا اب جو نصیب میں تھا مل گیا ہے اب شکر اس ذات کا۔ (شہزاد سلطان کیف، بھمبر AK)

مجھے شکوہ ہے میں کسی سے بھی شکوہ نہیں کرتا اگر آپ کو مجھ سے کوئی بھی شکوہ ہے تو آپ کر سکتے ہو میرا کیا ہے میں تو شکوہ نہیں کرتا آپ کو اجازت ہے۔ (محمد لقمان اعوان، شیخوپورہ)

مجھے شکوہ ہے شکوہ کسی سے نہیں جو انسان شکوے کرتا ہے وہ میرے خیال میں زندہ دل نہیں ہے۔ (ڈاکٹر سجاد، پشاور)

مجھے شکوہ ہے ان لوگوں سے جو کسی سے پیار کے وعدے کر کے بھول جاتے ہیں۔ (اشفاق دکھی، 139)

مجھے شکوہ ہے مجھے شکوہ ہے ان لوگوں سے جو محبت کے نام پر کسی کی زندگی برباد کرتے ہیں۔ (ایم عاصم، چوک متیلا)

مجھے شکوہ ہے ان دوستوں سے جو اپنے دوستوں کو دھوکہ دیتے ہیں۔ پلیز دھوکہ نہ کریں۔ (فنکار شیر زمان پشاوری، پشاور)

مجھے شکوہ ہے مجھے شکوہ ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM

مجھے شکوہ ہے محمد فیاض غوری سے جس نے فوجی بستی سے سبزی کا کام چھوڑ کے اسلامی کالونی میں نئی سٹال پر کام شروع کر دیا ہے۔ (بشیر احمد بھٹی، بہاولپور)

مجھے شکوہ ہے ثناء مانا والا والی سے جو چار دن دوستی کر کے اب اپنا نمبر بند کر دیا ہے خدا را اپنا نمبر کھولو اگر دوسرا نمبر ہے تو وہ دے دو۔ (محمد قاسم لاشار بلوچ، گنداواہ)

مجھے شکوہ ہے ان لڑکوں سے جو خدا سے شکوہ کرتے ہیں پلیز خدا سے شکوہ نہ کیا کریں خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔ (پرنس عبدالرحمٰن، نمین رانجھا)

مجھے شکوہ ہے ان دوستوں سے جو وقت برباد کرتے ہیں اور آوارگی بے ہودگی میں لگے رہتے ہیں ہوس پرستی کو محبت کا نام دیتے ہیں اور معصوم کلیوں کو مرجھا کر بدنامی کا طوق پہناتے ہیں۔ (مجید احمد جائی، ملتان)

مجھے شکوہ ہے انکل جی آپ میرے کام میں دیر کر رہے ہو آپ کی بیٹی کو آپ کی بہت زیادہ ضرورت ہے میرا کام جلدی کریں دیر ناں لگائیں آپ کی بیٹی کو اس وقت آپ کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ (انجم نذیر چاند، وہاڑی)

مجھے شکوہ ہے اپنے دوستوں سے جو میرے بتانے پر بھی میری سالگرہ پر نہ آئے کیوں غزالہ جبرائیل فرح عمر دراز، آمنہ آکاش ناراض ہیں۔ (سونیا آفریدی، گجرات)

مجھے شکوہ ہے ایسے لوگوں سے جو کسی کے سچے جذبات کی قدر نہیں کرتے آخر کیوں ایسا کرتے ہیں کیا ان کے سینے میں دل نہیں ہوتا۔ (عثمان غنی، قبولہ شریف)

مجھے شکوہ ہے ارمان سنگم سے جس نے مجھ سے رابطہ ختم کر دیا ہے پلیز میری زندگی میں لوٹ آؤ میں نے کبھی کسی سے آپ کا گلہ نہیں کیا دنیا فریبی ہے۔ (منظور اکبر تبسم، جھنگ)

مجھے شکوہ ہے پیار میں بیوفائی کرنے والوں سے اور جو بوڑھے ماں باپ کی خدمت نہیں کرتے۔ (ولی اعوان گولڑوی، لاہور)

مجھے شکوہ ہے ان لوگوں سے جو کتابوں کے درمیان سے صفحے پھاڑ کر کتابوں کو نامکمل کر کے پڑھنے والوں کا مزہ قرقرہ کر دیتے ہیں۔ (بشیر احمد بھٹی، بہاولپور)

مجھے شکوہ ہے ان رائٹرز سے جو میری مجبوری نہیں سمجھ رہے دوستو اگر میں پاکستان ہوتا تو آپ دوستوں کی ہر خواہش پوری کرتا میرے ادنیٰ سے انعام کو اعزاز سمجھو۔ (عبدالرشید صارم اوڈ، سعودی عرب)

مجھے شکوہ ہے مجھے کسی سے کوئی شکوہ نہیں دوست ہی نہیں تو شکوہ کیسا۔ (ثوبیہ حسین، کہوٹہ)

مجھے شکوہ ہے ان دوستوں سے جو محبت کا دعویٰ کر کے چھوڑ جاتے ہیں اپنے دوستوں کو پریشان اور غمگین کرتے ہیں۔ (مولانا عبدالغفور نقشبندی، حافظ آباد)

مجھے شکوہ ہے آمنہ لاہور، راحیلہ فرح حنا، سونیا آفریدی، چندہ نازیہ سے جو رات بھر تنگ کرتی ہیں۔ (جبرائیل آفریدی، ناصر آباد)

مجھے شکوہ ہے صدف ناز سے پتہ نہیں کہاں غائب رہتی ہے۔ (محمد نعیم کروڑہ، شانگلہ)

مجھے شکوہ ہے اے سے کہ وہ میری باتوں پر یقین نہیں کرتا اور ایک بات کو اپنی انا کا مسئلہ بنا کے مجھے بھولاتا جا رہا ہے اے ایسا مت کرو وقت آنے پہ سب ٹھیک ہو جائے گا انشاءاللہ ابھی وقت نہیں ہے۔ (انجم نذیر چاند، وہاڑی)

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

آپ کا بہترین دوست کون ہے؟

← ...... میرا بہترین دوست غلام مصطفیٰ ہے مگر آجکل رابطہ ذرا کم ہے وہ اور میں دس سال ایک ساتھ پڑھتے رہے۔ وہ اچھی ذہانت کا مالک ہے ایم فل کیمسٹری کر چکا ہے۔ (عبدالسلام آرائیں بہاؤلنگر)

← ...... میرا دل ہے میں اسے جو سمجھاتا ہوں یہ سمجھ لیتا ہے جہاں سے روکتا ہوں رک جاتا ہے میرا کہنا مان لیتا ہے مجھے رسوا نہیں کرتا اسی وجہ سے میرا دل میرا بہترین دوست ہے۔ اے دل سانول تجھے سلام۔ (آصف سانول، بہاؤلنگر)

← ...... میرا سب کچھ مدھو جی ہے جب سے ان سے ملاقات ہوئی ہے کسی اور سے بات کرنے کو دل نہیں کرتا مجھے ناز ہے اپنی جان پر سدا خوش رہو آمین۔ (ایم وائی سچا، جدہ)

← ...... میرا بہترین دوست جواب عرض ہے کیونکہ اس کی وجہ سے نہ صرف میرے علم میں اضافہ ہوا ہے بلکہ اس کی وجہ سے مجھے کافی اچھے دوست ملے ہیں۔ (ایم اکرم، حسن پیر بلوچستان)

← ...... میری بہترین دوست ایس وریام ہے اس نے بہت زیادہ مجھ کو خوشی دی بہت اچھی دوست ہے اس کی آواز بہت اچھی ہے اس سے بات کرتے بہت اچھا لگتا ہے ایک بار اس سے ملاقات بھی ہوئی تھی۔ (عبدالرحمٰن گجر، نین رانجھا)

← ...... میرا بہترین دوست کوئی بھی نہیں ہے سب مطلب کے دوست ہوتے ہیں کام کوئی نہیں آتا۔ (ثوبیہ حسین، کھوٹہ)

← ...... کئی دوست ایسے بھی ہوتے ہیں جو صرف دولت کے لیے دوستی کرتے ہیں اپنے آپ کو وہ بہترین دوست کہتے ہیں مگر جب پیسے نہ ملیں وہی دوستی جس پر ناز کیا جاتا ہے صرف پیسے کی وجہ سے ختم ہو جاتی ہے۔ (محمد آفتاب شاد، کوٹ ملکہ دوکوٹہ)

← ...... میرا بہترین دوست محمد اعجاز گوندل ہے جو بہت اچھا اور نیک ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر کسی کو بہترین دوست دے آمین۔ (عمریز بشیر گوندل، گوجرہ)

← ...... میرا بہترین دوست عمر دراز فیصل آباد والے ہیں جو بہت اچھے دوست ہیں اور ان کی دوستی پر مجھے فخر ہے اللہ سب کو ایسے دوست دے اور میرے دوست کو ہمیشہ خوش رکھے۔ آمین۔ (عمران بلوچ، حب ڈیم)

← ...... میرا بہترین دوست میری جان مدھو ہے وہ اس لیے اچھی ہے کسی کی باتوں میں نہیں آتی اور بہت پیاری ہے بولتے ہوئے اور بھی اچھی لگتی ہے اس جیسی کوئی نہیں۔ (نامعلوم)

← ...... میرا بہترین دوست قادر تھا لیکن وہ مجھ سے بچھڑ گیا آخر کیوں اچھے دوست جلدی چلے جاتے ہیں اس کی یاد مجھے بہت آتی ہے مگر وہ اب لوٹ کر نہیں آ سکتا۔ (رانا بابر علی ناز، لاہور)

← ...... میرے بہت سے دوست ہیں میں دوستی میں ہر وعدہ پورا کرتا ہوں مگر میرے ساتھ سب دوست وفا نہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرتے آج کل صرف پیسہ ہیں اور پیسے سے دوست بھی خریدے جا سکتے ہیں۔ (ایگل محسن علی جٹ، ساہیوال)

←......میرا بہترین دوست مجید ہے جو مجھے کبھی تنہا نہیں چھوڑتا اور میں جان دے کر بھی اس کی حفاظت کرتا ہوں آج تک اس نے جو بھی مانگا میں اسے دیا اور وہ مجھے اپنا بڑا بھائی سمجھتا ہے۔ (رانا بابر علی ناز، لاہور)

←......میرا بہترین دوست لیاقت علی دتو ہے کیونکہ ہم بچپن سے اکٹھے پڑھتے رہے ہیں اس کا کردار بہت اچھا ہے اور بہت ذہین لڑکا ہے۔ (عبدالسلام چوہدری، بہاولنگر)

←......میرا بہترین دوست منظور اکبر تبسم ہے جو کہ اس کا عمر ابھی عشق کرنے کا نہیں بلکہ کرکٹ کھیلنے کا ہے پلیز پڑھیے یا کرکٹ میں چھکے چوکے لگائیں۔ (پرنس مظفر شاہ، پشاور)

←......میرا بہترین دوست صرف ایک ہی حاجی نصیر تھا جس نے مشکل وقت میں میرا ساتھ دیا اللہ تعالیٰ اسے آباد رکھے آمین۔ (محمد صفدر دکھی، کراچی)

←......میرا بہترین دوست ثاقب پنڈی وال ہے اس لیے کہ میرے اور اس کے خیالات بہت ملتے جلتے ہیں اور وہ پورے خلوص سے دوستی نبھانا جانتا ہے۔ (مظہر نظیر، کیوائی)

←......میری بہترین دوست کتابیں ہیں کیونکہ کتابیں ہمیں علم سکھاتی ہیں اور علم ہی کی وجہ سے ہمیں اچھے اور برے کام کا پتہ چلتا ہے۔ (ایس انمول، بھابڑا شریف)

←......میرا بہترین دوست میری ماں تھیں خداوند ان کو جنت نصیب کرے جس کی بے لوث محبت اور شفقت سے آج میں محروم ہوں تنہا ہوں سب رشتے ناطے مطلب کے ہو سکتے ہیں مگر ماں کی دوستی محبت جیسا کچھ نہیں۔ (شازیہ چوہدری، شیخوپورہ)

←......جی دوستو تو کہتے ہیں کہ آپ اچھے دوست ہو خاص کر سحر کہتی اس آپ وہ بہت اچھے ہو اور وہ میری سب سے اچھی دوست ہے اس سے کال پر بات کرتے بہت اچھا لگتا ہے جس دن بات نہ ہو دن بہت بور گزرتا ہے۔ (پرنس عبدالرحمٰن گجر، گاؤں نین رانجھا)

←......میرا بہترین دوست جواب عرض ہے کیونکہ اس دور میں جواب عرض جیسا دوست ملنا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے اس لیے میں نے جواب عرض کو ہی اپنا بہترین دوست بنالیا ہے آئی لو یو جواب عرض۔ (جبرائیل آفریدی، کمرشانی ناصر آباد)

←......میرا بہترین دوست وہ ہے جس کے دل میں قوت برداشت زیادہ ہو اس لیے کہ وہ زندگی میں شکست نہیں کھاتا اور زندگی میں پریشانیوں سے بچ جاتا ہے اور اسی وجہ سے وہ اپنے گھر کے لیے اور پورے معاشرے کے لیے اچھا انسان بن جاتا ہے اور ایسی وجہ سے میرا بھی پسند ہوتا ہے۔ (فنکار شیر زمان پشاوری، پشاور)

←......میرا بہترین دوست میری کتاب ہے جو نہ ناراض ہوتی ہے نہ مجھ سے کوئی گلہ شکوہ بس اب تو ایک میں ہوں اور میری کتاب ہے میرے ساتھ میرے دوستو! (امداد علی عرف ندیم عباس تنہا، میر پور خاص)

←......میرا بہترین دوست میرے دل میں ہے۔ (نعیم احمد دکھی، کروڑا شانگلہ)

←......میرا بہترین دوست وہ ہے جو اچھا انسان بن جاتا ہے اس لیے وہ گھر میں بھی خوش ہوتا ہے اور اسی وجہ سے وہ ہمارے معاشرے کے لیے ایک اچھا انسان بن جاتا ہے اور اسی وجہ سے میرا بھی بہترین دوست بن جاتا ہے۔ (فنکار شیر زمان

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

غلام مصطفیٰ عرف موجو

عمر: 24 سال
تعلیم:
مشغلے: قلمی دوستی کرنا جواب عرض پڑھنا
پتہ: کورنگی قیوم آباد، گلی مکان 168 کراچی

ریاض احمد

عمر: 18 سال
تعلیم:
مشغلے: ماں کی تلاش کوئی ماں ہے جو مجھ کو بیٹا کہہ کر پکارے
پتہ: ضلع رحیم یار خان تحصیل صادق آباد، ڈاک خانہ رحیم آباد بستی محمد ابراہیم بلوچ۔

غلام فرید جاوید

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: وفا کرنا اور دھو کے کھانا
پتہ: چونیاں روڈ حجرہ شاہ مقیم

ایم یعقوب

عمر: 17 سال
مشغلے: سچے دوستوں سے سچی دوستی کرنا
پتہ: تحصیل کوٹ چھوٹہ ضلع ڈیرہ غازی خاں چوٹی روڈ جامپور چوک پیر اتگ)

عبدالغفار تبسم

مشغلے: ہمسفر کی تلاش ہے
پتہ: فلیٹ نمبر 229 سی این بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور

شہزاد سلطان کیف

عمر: 30 سال
تعلیم:
مشغلے: شاعری، سیر و تفریح
پتہ: الکویت، (بھمبر آزاد کشمیر)

عاشق حسین طاہر

عمر: 35 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا دکھی لوگوں کی خدمت کرنا
پتہ: منڈی نونانوالی، تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

عثمان غنی

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض میں لکھنا
پتہ: ڈاک خانہ الجامعہ اسلامیہ تحصیل عارفوالہ ضلع پاکپتن، قبولہ شریف)

ایم وائی سچا

عمر:
تعلیم:

مشغلے: ہر وقت مدھو کومس کرنا اس کے لیے عائیں کرنا اللہ قبول کرے آمین۔
پتہ: ص ب 690 جدہ السعودیہ

سردار اقبال خان مستوئی

عمر: 29 سال
تعلیم:
مشغلے: اچھے لوگوں سے دوستی کرنا
پتہ: ڈاک خانہ خاص سردار گڑھ تحصیل و ضلع رحیم یار خان

تمریز اعوان ارمانی

عمر: 27 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا، کسی کو یاد کرنا
پتہ: ضلع و تحصیل ہری پور ہزارہ، ڈاک خانہ کھیری گاؤں ماڑی ہزارہ

مجید احمد جائی ملتانی

عمر: 25 سال
تعلیم:
مشغلے: باوفا مخلص لوگوں سے دوستی اور لکھنا پڑھنا
پتہ: ریکٹ بینکرز 37 کلومیٹر ملتان روڈ نزد مانگا منڈی لاہور

رفاقت علی

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

عمر:30 سال
تعلیم:
مشغلے:با وفا لوگوں سے قلمی دوستی کرنا
پتہ:بمقام گاؤں بمب کی ملیاں ڈاک خانہ خاص منوں پور تحصیل و ضلع شیخوپورہ

محمد عبداللہ

عمر:19 سال
تعلیم:
مشغلے:لڑکوں سے دوستی کرنا
پتہ:مرحبا ریسٹورنٹ عبدالحکیم کبیر والا خانیوال

آصف سانول

عمر:22 سال
تعلیم:
مشغلے:فوک شاعر اینڈ رائٹر
پتہ:کھر کالونی مین حاصلپور روڈ تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر

اللہ دتہ بے درد

عمر:
تعلیم:
مشغلے:صرف جواب عرض میں لکھنا
پتہ:CMH مری کینٹ NCB اللہ دتہ

محمد صفدر دکھی

عمر:
تعلیم:
مشغلے:اچھے اور خلص دوستوں کی تلاش

پتہ:معرفت غرناطہ مسلم اسکول نزد مدینہ مسجد خالد بن ولید روڈ گلستان کالونی کراچی نمبر53

محمد قاسم لاشار بلوچ

عمر:20 سال
تعلیم:
مشغلے:قلمی دوستی کرنا اور ملک کی خدمت کرنا
پتہ:شہر گنداواہ تحصیل و ڈاک خانہ گنداواہ ضلع جھل مگسی بلوچستان

عمران فنا

عمر:20 سال
تعلیم:
مشغلے: SMS کرنا جواب عرض پڑھنا
پتہ:شاہ نورانی روڈ تحصیل حب ڈاکخانہ حب ضلع لسبیلہ بلوچستان

راشد لطیف صبرے والا

عمر:32 سال
تعلیم:
مشغلے:کام کرنا اور جواب عرض پڑھنا
پتہ:ضلع ملتان تحصیل جلال پور پیروالا بستی صبرے والا

بشیر احمد بھٹی

عمر:51 سال
تعلیم:
مشغلے:جواب عرض پڑھنا قلمی دوستی،مطالعہ
پتہ:مکان نمبر CD52 نزد جامع مسجد غوثیہ فوجی بستی غربی بہاولپور

فنکار شیر زمان پشاوری

عمر:30 سال
تعلیم:
مشغلے:جواب عرض پڑھنا، پاکستانی فلمیں دیکھنا
پتہ:توحید کالونی نمبر 1 گلی نمبر 4 شاہین مسلم ٹاؤن نزد توحید ماڈل پھندو روڈ پشاور

محمد لقمان اعوان

عمر:21 سال
تعلیم:
مشغلے:جواب عرض میں لکھنا پڑھنا
پتہ:گاؤں سریانوالہ پوسٹ آفس بکس مالووال تحصیل و ضلع شیخوپورہ

ایگل محسن علی جٹ

عمر:21 سال
تعلیم:
مشغلے:بندہ بندی سے دوستی کرنا کہانیاں پڑھنا لکھنا
پتہ:فرید ٹاؤن ساہیوال

ممریز بشیر گوندل

عمر:23 سال
تعلیم:
مشغلے:ایس کو یاد کرنا
پتہ:ضلع منڈی بہاؤالدین تحصیل ملکوال شہر گوجرہ

حسین ہاشمی

عمر:26 سال
تعلیم:

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

مشغلے: اچھے لوگوں سے پیار کرنا
پتہ: سنٹرل جیل گوجرانوالہ بیرک نمبر 2 ضلع حافظ آباد تھانہ ونیکے تارڑ
اشفاق دکھی

عمر: 22 سال
تعلیم:
مشغلے: اچھے لوگوں کی عزت کرنا
پتہ: تحصیل میلسی ضلع وہاڑی ڈوکوٹہ 139/WB
ایم عاصم بوٹا دکھی

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: مخلص دوستوں کی تلاش
پتہ: چوک متیلا ڈاک خانہ خاص تحصیل میلسی ضلع وہاڑی
محمد رمضان چانڈیو

عمر: 17 سال
تعلیم:
مشغلے: موٹر مکینک اور کرکٹ کھیلنا
پتہ: بستی کالیوالی پل موضع نور احمد آباد، تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان
ملک ولی اعوان

عمر: 16 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا اور لکھنا
پتہ: طفیل روڈ صدر کینٹ لاہور
عبدالسلام

عمر: 25
تعلیم:

مشغلے: مطالعہ کرنا
پتہ: پوسٹ آفس لالیکا موضع پنڈی لالیکا تحصیل و ضلع بہاولنگر
ایم مظہر نظیر

عمر: 17 سال
تعلیم:
مشغلے: شاعری و مصوری اور مطالعہ کرنا
پتہ: تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ ڈاک خانہ کیوائی
جبرائیل آفریدی

عمر: 22 سال
تعلیم:
مشغلے: حسین لوگوں سے دوستی
پتہ: کمر مشانی ناصر آباد
محمد سلیم

عمر: 23 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا اور لکھنا
پتہ: گاؤں محمد رفیق پردہس دیدہ 107 میر پور خاص
رانا ظفر عباس زخمی

عمر: 18 سال
تعلیم:
مشغلے: نئے دوست بنانا جواب عرض پڑھنا
پتہ: چک نمبر 26 ڈاک خانہ خاص تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین
عمر دراز آکاش خیالی

عمر: 19 سال
تعلیم:
مشغلے: افسانے پڑھنا اور تنہا رہنا
پتہ: چک نمبر 377 گ ب پوسٹ آفس 376 گ ب گورنمنٹ پرائمری سکول تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد
وسیم سلطان صابر خٹک

عمر: 24 سال
تعلیم:
مشغلے: دکھی لوگوں کا مدد کرنا
پتہ: ضلع و تحصیل کرک ڈاک خانہ کرک گاؤں دوڑ خیل
ایم وکیل عامر جٹ

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: سب کی مدد کرنا اور مطالعہ کرنا
پتہ: چک نمبر 152/9-L تحصیل و ضلع ساہیوال
رانا نذر عباس زخمی

عمر: 18 سال
تعلیم:
مشغلے: شعر پڑھنا اور شاعری کرنا
پتہ: چک نمبر 26 ڈاک خانہ خاص تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین
محمد قدیر

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: دکھی لوگوں کے کام آنا محبت

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

کرنا
پتہ: ضلع وتحصیل ہری پور ڈاک خانہ خان پور بمقام مڈل سکول کھوئی میرا

ایم افضل کھرل

عمر: 24 سال
تعلیم:
مشغلے: مخلص دوستوں کی تلاش میں
پتہ: گاؤں عظیم والا ڈاک خانہ واربرٹن تحصیل وضلع ننکانہ صاحب

شکیل تنہا

عمر: 22 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا کرکٹ کھیلنا
پتہ: گاؤں ڈاک خانہ مسلم آباد ضلع کوہاٹ

نوید ملک

عمر: 21 سال
تعلیم: FA
مشغلے: جواب عرض پڑھنا دوستی کرنا
پتہ: چک نمبر 26 تحصیل گولارچی ضلع بدین

مٹھو محمد رشید تنہا

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا اور لکھنا ایس ایم ایس کرنا
پتہ: تحصیل وضلع چنیوٹ محلہ فیروز کالونی نزد الیاس کریانہ سٹور

ساجد عدیل

عمر: 25 سال
تعلیم:
مشغلے: گلوکاری کرنا، شاعری فلمی دوستی
پتہ: ساجد عدیل سائیل میوزیکل گروپ البدر بلڈنگ گوجرانوالہ

محمد افضل اعوان

عمر: 24 سال
تعلیم:
مشغلے: کراٹے کھیلنا
پتہ: محلہ طارق آباد گلی نمبر 5 مکان نمبر P450 پسترہ روڈ گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

مدثر احمد

عمر: 18 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض پڑھنا اور بے وفاؤں سے وفا کرنا
پتہ: ضلع نیلم تحصیل آٹھ مقام ڈاک خانہ پائین لوات خاص مقام نگدر کناری نکہ

وقاص عامر

عمر: 22 سال
تعلیم:
مشغلے: کرکٹ کھیلنا اور H کو یاد کرنا
پتہ: ضلع وتحصیل چکوال ڈاک خانہ ڈھڈیال بمقام جھاملے

مولانا عبدالغفور نقشبندی

عمر: 44 سال
تعلیم:
مشغلے: اچھے اور باوفا لوگوں سے دوستی کرنا
پتہ: خطیب جامع مسجد اعظم گارڈن محلہ ڈی پی ایس سکول نزد مدہریانوالہ بائی پاس حافظ آباد

رائے اطہر مسعود آکاش

عمر: 17 سال
تعلیم:
مشغلے: جواب عرض لکھنا اور پڑھنا
پتہ: چک نمبر 214/9R ڈاک خانہ 227/9 تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر

سید عبارت کاظمی

عمر: 20 سال
تعلیم:
مشغلے: اچھے دوست بنانا
پتہ: سید مرید عباس ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آفس جی پی او ڈی آئی خان

محمد سہیل جگر راجپوت بھٹی

عمر: 18 سال
تعلیم:
مشغلے:
پتہ: چک نمبر 387 گ تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد

منیر احمد

عمر: 22 سال
تعلیم: B.ED
مشغلے: لطائف اور جمپنگ کرنا
پتہ: بدوکی گوسائیاں ضلع گوجرانوالہ تحصیل وزیرآباد

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

میری زندگی کی ڈائری

میری زندگی کی ڈائری

شاعری یوں ہے جیسے کوزے میں دریا کو بند کرنا بعض اوقات پورا مضمون شعر کے ایک مصرعے میں سمو جاتا ہے اور کبھی پورا ناول شعر کی کیفیات کو رقم کرتا ہے اور کبھی افسانے کی بنیاد محض ایک شعر ٹھہرتا ہے۔
بہت کم لوگ واقف ہیں سخن آثار لمحوں سے
کہ جو محسوس ہوتا ہے وہی لکھا نہیں جاتا
مگر یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ شاعری ہر کسی کا پورا سچ ہے ہو سکتا ہے کہ کسی کا پورا سچ کسی دوسرے کا آدھا سچ ہو۔ مثنوی مولانا روم میں شاعری کی تعریف:
جز ویست از پیغمبری قرار دی گئی ہے
اقبالؒ شاعری کے بارے میں کچھ یوں عرض کرتے ہیں۔
فلسفہ و شعر کی اور حقیقت ہے کیا
حرف تمنا جسے کہہ نہ سکیں روبرو
وہ بہار کی اولیں صبح ہو یا محبوب سے جدائی کی پہلی شام کرب ذات کا کوئی جاں شکن لمحہ ہو یا شعور حیات کا دل کشش منظر، علم و آگہی کا کوئی لمحہ ہو یا ضبط آرزو کی کوئی نازک گھڑی سبھی لمحے تخلیق شعر کے لمحے ہو سکتے ہیں شاعری اک سچ ہے، سچ بولتی ہے اور سچ تخلیق کرتی ہے۔
(ایم مظہر نظیر منتظر، بالاکوٹ)

پرنس کی زندگی کی ڈائری

میں اپنی ڈائری S ور یام کے نام کرتا ہوں آپ نے میری زندگی بدل دی جب سے آپ سے رابطہ ہوا ہول میں میں نہیں رہا تم ہو گیا ہول آپ کی آواز بہت خوبصورت ہے آپ نعت بہت اچھی پڑھتی ہو آپ آجکل کی لڑکیوں سے ایک ہو یہ ادا آپ کی مجھ کو بہت اچھی لگی ہے آج کل آپ سے رابطہ نہیں ہو رہا ہے امید ہے جلدی آپ رابطہ کرو کہ آپ سے ملاقات ہمیشہ یاد رہے کہ جس میں صرف ایک دوسرے کو دیکھا بات کرنے کا موقعہ نہیں ملا چلو فون پر تو بات ہو جاتی ہیں پلیز خوش رہا کرو اپنا خیل رکھا کرو خدا کیلئے آپ کی نظر سے یہ تحریر گزرے تو رابطہ ضرور کرنا میں بہت اداس ہوں روز دعا کرتا ہوں آپ کی کال کا نمبر دیکھتا ہوں جو کہ بند ہوتا میں بہر حال ہوتا رہی ہے جو منظور خدا ہوتا ہے پلیز آپ کے رابطے کا انتظار رہے گا میری دعا آپ کے ساتھ ہے جہاں رہو خوش رہو اللہ آپ کو ہر خوشی دے کوئی غم نہ ملے تم کو۔
(پرنس عبدالرحمٰن گجر، نین رانجھا)

میری زندگی کی ڈائری

میری زندگی کی ڈائری میں تو صرف اس بے وفا کی یادیں محفوظ ہیں جنہیں چاہ کر بھی میں بھلا نہیں سکتی بہت کوشش کے باوجود بھی میں اسے اپنی زندگی سے الگ نہیں کر پاتی زندگی میں صرف اس کو چاہا اور سب سے بڑھ کر چاہا لیکن افسوس اتنے مشکل وقت میں وہ میرا ساتھ نہیں دے سکا میرے لیے کچھ بھی نہ کر سکا اور یوں ہی میں اپنوں کے ہاتھوں کسی اور کا مقدر بن گئی شاید یہی تھی میری قسمت ہاں یہی ہوتی ہے ہم لڑکیوں کی قسمت جسے ہم اپنی قسمت کا لکھا سمجھ کر قبول کر لیتی ہیں وہ اصل میں ہمارے اپنوں کی ہم پر زیادتیاں ہوتی ہیں جنہیں ہم بخوشی قبول کر لیتی ہیں اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں ہوتا اور شاید یہی ہمارے حق میں ٹھیک فیصلہ ہوتا ہے لیکن زندگی دوبارہ سے جنم لیتی ہے کسی اجنبی کا ہاتھ ہمارے ہاتھ میں دے کر اسے ہمارا اپنا دیا جاتا ہے چاہے ہم سے سلوک اچھا کرے یا نہ کرے کیسی ہوتی ہے۔ ہم بیٹیوں کی قسمت۔
(عابدہ رانی، گوجرانوالہ)

افضل اعوان گوجرہ کی ڈائری

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اگر دوستوں کے ایک دوسرے سے خفا ہونے کی وجوہات پر کامیاب ریسرچ کی ہے اب پتا نہیں وہ کس حد تک کارآمد ہے اور کس کی سمجھ میں حصار پیدا کرتی ہے۔ باقی قارئین کی رائے اس مرحلے میں فیصلہ کن ثابت ہو گی اور میں امید کروں گا جلد میرے انتظار پر نزع کا عالم ہوگا اور شہزادہ صاحب سے امید کروں گا کہ وہ نوکری کی دلدل سے نکال کر قابل اشاعت بنائیں گے سو فیصد بات ہے کہ انسان زندگی میں خود کو تلاش کرتا ہے مگر ناکام رہتا ہے مطلب واضح کر دوں کہ اپنے مطابق انسان اپنے ذہن کے مطابق اپنی سوچ کے مطابق اس کو کوئی ایسا نہیں ملتا جو اسے مطابقت ہو۔ اکثر یہ فقرات ہماری سماعت سے ٹکراتے رہے کہ اس کا ذہن مجھ سے نہیں ملتا، اس کا ہم نے کامیاب حل نکالا ہے کہ انسان کو اپنے اندر سے ایک پہلو کو ختم کرنا ہوگا منفی یا مثبت بہتر تو ہے کہ منفی پہلو کو ختم اور مثبت کو اجاگر کر کے ثابت قدمی رکھیں پھر مجھے بتائیں کہ ذہن ملا یا نہیں۔ امید ہے مل جائے گا۔ مگر اگر کوئی منفی اور مثبت کو ملانا چاہیے تو یہ ناممکن ہے۔ یہ شعر اگر گہرائی میں جا کر پڑھا جائے تو اسی بات کا تعریف ہے۔

یا اپنا کسی کو کر لو، یا خود کسی کے ہو جاؤ

(محمد افضل اعوان، گوجرہ)

ایم جبرائیل آفریدی کی ڈائری

یادوں کے کچھ جگنو ایسے ہوتے ہیں جو کھلی ہتھیلیوں سے بھی نہیں اڑتے کچھ تتلیوں کے رنگ انگلیوں کو بار بار جھٹکنے پر بھی نہیں چھوٹتے اور کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو داستان ہوتے ہوئے امر ہو جاتے ہیں ایسے لوگ جو ذہنوں پر نقش ہو جاتے ہیں ان کی آواز لوگوں کو ہمیشہ اپنے اردگرد گونجتی محسوس ہوتی ہے ان ہی لوگوں میں میری سویٹی کا بھی شمار ہوتا ہے۔ یہ غزل جو میری ڈائری میں سویٹی کے نام سے درج ہے۔

میں اپنی ہر سانس تیرے نام کرتا ہوں
اپنا دل اور اپنی جان تیرے نام کرتا ہوں
بس میری جان تم خوش رہو سویٹی
میں اپنی سب محبت تجھ پر قربان کرتا ہوں

(ایم جبرائیل آفریدی، ناصر آباد)

آفریدی کی ڈائری

آج بڑے دنوں بعد اس نے مجھے اس نے مجھے کال کی میں نے سوچا بھی نہیں تھا میں آج بھی اسے یاد ہوں میرے بغیر اس کا ایک لمحہ سکون سے نہیں گزرا ہے پھول سا چہرہ مرجھا گیا ہے یہ کہتے ہوئے اچانک خاموشی سی ہو گئی خاموشی چھائی ہی میں نے موبائل کو دیکھا تو کال کٹ گئی تھی جب بھی میری یاد اس کے دل کو گھائل کرے وہ میرا نمبر ڈائل کرے۔ مجھے پھر سے اپنی طرف مائل کرے، یہ سوچ کر میرا نمبر ڈائل کرے۔

(ایم جبرائیل آفریدی، ناصر آباد)

بادشاہ کی ڈائری

بادشاہ کی ڈائری میں کیا ہے کچھ نہیں۔ بادشاہ کے دل کی سلطنت تو کافی وسیع ہے لیکن اس میں کوئی ابھی تھا حکومت نہیں کر سکا۔ بادشاہ کی سلطنت میں دکھوں، آنسوؤں، مصائب اور تنہائیوں کا ہر سال بجٹ ہوتا ہے اور ہر سال یہ اک شدت کی شرح سے بڑھتا ہے بادشاہ کی حکومت اچھے اضافے کی باوجود بہت دشواریوں سے لاچار ہے۔ آنسوؤں کی بے انتہا بارش بہت زیادہ نقصانات کی ذمہ دار بن رہی ہے۔ بادشاہ کو کسی ایسے وزیر کی تلاش ہے جو حکومتی امور سے نبٹنے کے لیے اچھا اور پائیدار ساتھ فراہم کر سکے۔ اک شعر آپ کی نظر۔

حالات زندگی ایسے تو نہ تھے بادشاہ
اپنوں نے نظرانداز کر کے خاک میں ملا دیا

(ایم عمر دراز آکاش، جڑانوالہ)

رائے اطہر کی ڈائری سے

اکثر یہ کہتی تھی محبت کچھ نہیں ہوتی
ہجر کا خوف بے مطلب وصل کے خواب بے معنی
کوئی صورت نگاہوں میں کہاں دن

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

رات رہتی ہے
اسے کیوں خاموش کہیے کہ جس میں بات رہتی ہے
یہ آنسو بے زباں آنسو بھلا کیا بول سکتے ہیں
کہاں دل میں کسی کی یاد سے طوفان اٹھتے ہیں
کہاں پلوں کے سائے میں نمی دن رات رہتی ہے
کہاں ہوتیں ہیں وہ آنکھیں جہاں برسات رہتی ہے۔ مجھے اکثر یہ کہتی تھی محبت کچھ نہیں ہوتی
مگر جب آج برسوں بعد میں نے اس کو دیکھا ہے
کہ اس کی جھیل سی آنکھوں میں ہجر کا خوف رہتا ہے
وصل کے خواب رہتے ہیں وہاں برسات رہتی ہے
یوں لگتا ہے کئی راتوں سے وہ سوئی نہیں شاید
یوں لگتا ہے کسی یاد اب دن رات رہتی ہے
اور اس کی نرم پلکوں کے حسین سائے بھی گیلے ہیں
اور اس خامشی ایسی کہ جس میں بات رہتی ہے
مجھے اب وہ نہیں کہتی محبت کچھ نہیں ہوتی
کہ اب شاید محبت کی وہ سب رمزیں سمجھتی ہیں
(اطہر مسعود آ، 214-19R)

زندگی کی ڈائری

سانول کی ڈائری کا ایک ورق

چاندنی رات تھی اور میں خوش ہونے کے بجائے افسردہ تھا کس بات سے بات دراصل یہ ہے کہ لوگ خوشیاں مناتے ہیں اپنوں کے ساتھ اپنے پیاروں کے ساتھ لیکن میری ذات میں تو کوئی ایسا شخص تھا ہی نہیں جو مجھے خوشیاں کی طرف لاتا میں افسردگی کی حالت میں بیٹھا بیٹھا ماضی کے جھروکوں میں چلا گیا میں کتنا خوش رہتا تھا اسم الفت سے جب نا آشنا تھا کتنی خوشیاں ملتی تھیں عید کے موقع پر پھر آہستہ آہستہ جب الفت کی دنیا میں قدم رکھا تو بہت مشکل لگا لیکن پھر دل عادی ہو گیا میں تو سمجھا تھا کہ الفت کی ایسی خوشگوارگیاں صدا رہیں گی لیکن نہیں وہ تو صرف عارضی تھیں ایک شخص آیا تھا میری زندگی میں کتنی خوشیاں دی اس نے کتنا سکول ملتا تھا اس کی آغوش میں عجیب شخص تھا وہ کیسے کیسے سپنے دکھایا کرتا تھا کبھی نہ چھوڑنے کی قسمیں کھاتا تھا کتنی سنجیدہ باتیں کرتا تھا لیکن اس کے دل میں شاید کچھ اور تھا وہ سوچتا کچھ اور تھا بتاتا کچھ اور تھا اور تھا میں کتنا دیوانہ ہوا تھا اس کی الفت میں اور وہ بھی کتنا شاطر تھا اس نے پوری طرح مجھے پیار کے جال میں پھنسا کر ایسا بھٹکایا ایسا بھٹکایا کہ میں آج منزل تک نہیں پہنچ پایا اور نہ ہی پہنچ پاؤں گا میں کتنا مصروف سا شخص ہوں لوگ مجھ سے بات کرنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں جہاں میرا نام بولا جاتا ہے وہاں شوقین کی ایک کثیر تعداد جمع ہو جاتی ہے کیونکہ میں کوئی عام شخص نہ ہوتا میں ایک پنجابی شاعر ہوں اور عوامی سنگروں کو گیت لکھ کر دینا میرا مشغلہ ہے جو لوگ آپ آڈیو ویڈیو میں دیکھتے ہوں ان گیتوں کا لکھاری آج آپ کے گوش گزار رہا ہے اپنی داستان حیات اے میرے دوستوں کبھی بھی کسی سے پیار نہ کرنا میری طرف دیکھو مجھے کسی کے ہجر فراق نے کیسا جلا کر رکھ دیا ہے میری کیا حالت بنا دی اس عشق نے کیا خوب لکھا ہے گلفام حسن نے۔

ہوش نہیں رہتا دھیان نہیں رہتا
محبت میں انسان انسان نہیں رہتا
(آصف سانول، بہاولنگر)

سدا خوش رکھنا میرے خدا اس کو
تیرے فرشتے بھی دیں دعا اس کو
دنیا اس کو اس کی چاہت سے زیادہ
مانگے قطرہ تو ملے دریا اس کو
☆ ——— منیر عباس۔کراچی

ہمیں تم سے پیار ہے کتنا یہ ہم نہیں جانتے
مگر جی نہیں سکتے تمہارے بنا
☆ ——— قاضی ایوب خان۔گاؤں بابیہ

کتنا ویران ہو چکا ہے میری ہستی کا جمال
فراز کس کے ستم کا گلہ کریں کس سے
تجھ سے بچھڑا ہوں تو آج آیا مجھے اپنا خیال
کہ بے نیاز ہوئی خلق بھی خدا کی طرح
☆ ——— عمران بٹ۔سوموک ڈل

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

گلدستہ

اقوال زریں

☆ خوددار بن کر جیو گے تو کبھی بھی آنکھ میں آنسو نہ پاؤ گے۔

☆ کوئی اچھا نہیں کرتا تو جوانی میں مرجاؤ تاکہ لوگ تمہاری لاش کو دیکھ کر رو پڑیں اور کہیں بیچارہ اسی عمر میں مرگیا۔

☆ دنیا میں انسانوں کی نہیں انسانیت کی کمی ہے۔

☆ خلوص کی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔

☆ بدنصیب ہے وہ جس کا کوئی دوست نہیں۔

☆ دوست بننا بہت آسان ہے مگر دوستی نبھانا بہت ہی مشکل ہے۔

☆ شرافت سے جھکا ہوا سر ندامت سے جھکے ہوئے سر سے بہت بہتر ہے۔

محمد ریاض خان۔ میانوالی

اچھی باتیں

☆ موت کو ہمیشہ یاد رکھو مگر موت کی آرزو مت کرو۔

☆ ہر مسکراتا ہوا چہرہ اندر سے خوش نہیں ہوتا۔

☆ جو درخت پھل نہ دے سکے وہ سایہ ضرور دیتا ہے۔

☆ عقل جیسی کوئی دولت نہیں اور جہالت جیسی کوئی غربت نہیں۔

☆ اپنی زندگی کو آنسو سے مت گنو بلکہ مسکراہٹوں سے گنو۔

☆ ذلت کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے۔

☆ جو امانت دار نہیں اس میں ایمان نہیں۔

☆ اگر کسی کو حد سے چاہو تو وہ مغرور ہوجاتا ہے۔

☆ دل ایک ایسا آئینہ ہے اگر بدی سے پاک ہو تو اس میں خدا بھی نظر آتا ہے۔

☆ دوست کو اتنا مت آزماؤ کہ وہ تمہیں آزمائش میں ڈال دے۔

محمد ریاض خان۔ میانوالی

ہلاکت کا خطرہ کب؟

ترجمہ، ام المومنین حضرت زینب بنت جحشؓ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ سے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ کیا ہم ایسی حالت میں بھی ہلاک ہو سکتے ہیں جب کہ ہمارے درمیان نیک لوگ موجود ہوں گے؟ فرمایا، ہاں جب (گناہوں) کی گندگی زیادہ ہو جائے گی (صحیح بخاری ج ۲ ص)۔

مکر و فریب کا دور دورہ اور نااہلوں کی نمائندگی۔ ترجمہ، لوگوں پر بہت سے سال ایسے آئیں گے جن میں دھوکا ہی دھوکا اس وقت جھوٹے کو سچا سمجھا جائے گا اور سچے کو جھوٹا، بدیانت کو امانت دار تصور کیا جائے گا اور امانت دار کو بددیانت اور رویبضہ (گرے پڑے نااہل لوگ) قوم کی طرف سے نمائندگی کریں گے۔ عرض کیا گیا رویبضہ سے کیا مراد ہے فرمایا: وہ نااہل اور بے قیمت آدمی جو جمہور کے اہم معاملات میں رائے زنی کرے (ابن ماجہ باب شدہ الزمان ص ۲۹۲)۔

ارشد منیر نکیانہ۔ عبدالحکیم

ارشاد نبوی ﷺ

ایک مرتبہ رسول مقبولؐ نے چند عورتوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ اور سبحان الملک القدوس پڑھتی رہا کرو اور انگلیوں پر پڑھا کرو کیونکہ انگلیوں سے پوچھا جائے گا اور ان کو زبان دی جائے گی اور غافل مت ہو جاؤ ورنہ رحمت سے بھلا دی جاؤ گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

ارشد منیر۔ عبدالحکیم

نفس

ابراہیم خواصؒ فرماتے ہیں کہ میں لسکام پہاڑ پر تھا وہاں انار دیکھ کر دل میں کھانے کی خواہش پیدا ہوئی۔ میں نے ایک انار توڑ کر چکھا تو وہ ترش نکلا میں اسے پھینک کر چل دیا۔ چند قدم آگے جا کر دیکھا کہ ایک شخص زمین پر لیٹا ہوا ہے اور اس سے بھڑیں چمٹی ہوئی ہیں میں نے اسے سلام کیا اور اس نے میرا نام لے کر سلام کا جواب دیا۔ میں نے حیرانی سے پوچھا، مجھے کیسے جانتے ہیں؟ اس نے جواب کہا جو اللہ کو جانتا ہے پھر اس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہتی۔ میں نے کہا تمہارا تو بہت مقام ہے تم بارگاہ رب العزت میں ان بھڑوں کے دور کئے جانے کے لئے دعا کیوں نہیں کرتے؟ اس نے جواب دیا، میں جانتا ہوں کہ اللہ کے ہاں تمہارا بھی بہت مقام ہے پھر تم نے یہ خواہش کیوں نہ کی کہ انار نہ ہوتے۔ بھڑوں کی دنیاوی تکلیف ترش انار کھانے کی آخرت کی تکلیف سے بہتر ہے۔ بھیڑیں تو جسم ڈستی ہیں مگر خواہش انسان کے دل کو ڈس لیتی ہیں۔

ارشد منیر چاند۔ عبدالحکیم

زندگی

زندگی ایک طویل اکتا دینے والی کہانی ہے اس کو وہی شخص کامیابی کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔ جس کی توجہ ہمیشہ کہانی کے اگلے پیراگراف پر لگی رہے۔ اکثر لوگ زندگی کی کتاب پڑھنا شروع کر دیتے ہیں بغیر اس کے کہ انہوں نے زندگی کی زبان سیکھی ہو۔ اجتماعی زندگی کا سب سے کم اہم لفظ میں اور زیادہ اہم آپ ہے۔ زندگی کے ایسے موڑ بھی آتے ہیں جب انسان کو اپنے جذبات کو روند کر دوسروں کے جذبات کا احترام کرنا پڑتا ہے یہی وہ منزل ہے جہاں انسانیت تکمیل پاتی ہے۔

فیضان انصاری۔ چونیاں

اقوال زریں

☆ اگر تم کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو اسے غم بھی نہ دو۔
☆ محبت میں یادیں صرف سہارا بن کر رہ جاتی ہیں۔
☆ محبت ان کو ملتی ہے جن کے جذبے پاک صاف اور سچے ہوتے ہیں۔
☆ محبت میں خوشیاں کم اور غم زیادہ ملتے ہیں۔
☆ اپنے لئے سہارا مت ڈھونڈ بلکہ دوسروں کا سہارا بن جاؤ۔
☆ نصیحت کے لئے موت کافی ہے۔
☆ خلوص میں اتنی طاقت ہے کہ دشمن کو بھی زیر کر دیتا ہے۔

راشد محمود چوہدری

محبت کیا ہے

محبت کرنے والے تو عمر بھر روتے ہیں
